علّامہ ارشد القادری

"مثلِ فارس زلزلے ہوں نجد میں"

حضور پُرنور صلی اللہ علیہ وسلّم کے علمِ غیب پر ایک مختصر کتاب

ازالہ

(از)

علّامہ ارشد القادری مدیر جامِ نُور، جمشید پور

(باھتمام)

حضرت الحاج پیر میر احمد شاہ صاحب بخاری نقشبندی سید شاہی

مکتبۂ نبویّہ گنج بخش روڈ ◎ لاہور

marfat.com

نام کتاب ——— زلزلہ

موضوع ——— علمِ غیب

مصنّف ——— علامہ ارشد القادری مدیر جام نور

حرفِ آغاز ——— پیر میر احمد شاہ صاحب بخاری

طابع ——— قومی پریس 50- لوئر مال لاہور

ناشر ——— مکتبہ نبویہ لاہور

کاتب ——— محمد شریف گِل

طباعت ——— آفسٹ

قیمت ——— 60 روپے

marfat.com

فہرست

حرفِ آغاز۔ ابوالمظہر پر سید میر احمد شاہ ۵
سببِ تالیف ۹
تصویر کا پہلا رُخ ۱۱
تصویر کا دوسرا رُخ ۱۸
پہلا باب مولوی محمد قاسم صاحب ۲۱
سلسلہ واقعات ۲۱
وفات کے بعد مولوی قاسم نانوتوی کا جسم ظاہر کے ساتھ دیوبند میں آنا ۲۱
مولوی نانوتوی صاحب کا خدائی تصرف ۲۲
ایک اور حیرت انگیز واقعہ ۲۳
اپنے ہی ہاتھوں اپنے مذہب کا خون ۲۷
اعتقاد و عمل کے درمیان شرمناک تصادم ۲۹
اپنی تکذیب کی ایک شرمناک مثال ۳۰
ایک اور عبرت ناک کہانی ۳۲
علم مافی الارحام کا ایک عجیب واقعہ ۳۴
ایک اور ایمان شکن روایت ۳۶
غیب کا ایک اور مشاہدہ ۳۸
نانوتوی صاحب کے ایک خادم کی قوت انکشاف ۳۸
دارالعلوم دیوبند میں الحاد و نصرانیت کا ایک مکاشفہ ۴۰
انگریزوں کے خلاف افسانۂ جہاد کی حقیقت ۴۰
غیبی ادراک کے سمندر میں تلاطم ۴۵
غیبی قوت اور اس کے تصرف کا ایک عجیب و غریب واقعہ ۴۷
دیوبندی مکتبہ فکر کی بنیاد ہلا دینے والی ایک کہانی ۴۹
عقیدۂ توحید کے ساتھ تصادم کا ایک واقعہ ۵۲
اپنے بزرگوں کیلئے ایک شرمناک دعویٰ ۵۳

دوسرا باب رشید احمد گنگوہی کے بیان میں ۵۹
غیب دانی اور دلوں کے خطرات پر مطلع ہونے کے واقعات ۵۹
چند اور عبرت انگیز کہانیاں ۶۸
گنگوہی صاحب کی غیبی قوت ادراک کا ایک واقعہ ۷۴
اس بات کا علم کہ کون کب مرے گا ۷۷
غیبی قوتِ ادراک کا ایک عجیب و غریب قصہ ۸۱
عقیدۂ توحید سے انحراف کا ایک واقعہ ۸۲
گنگوہی صاحب کے ایک مرید پر مغیبات کا انکشاف ۸۴
گزشتہ واقعات کا علم ۸۸
آئندہ واقعات کا علم ۸۹
پہلا واقعہ ″
دوسرا واقعہ ۹۰
تیسرا واقعہ ۹۱
چوتھا واقعہ ۹۱

تیسرا باب دیوبندی جماعت کے پیشوا مولوی اشرف علی تھانوی کے بیان میں ۹۳
سلسلۂ واقعات ″
بیک وقت متعدد مقامات پر تھانوی صاحب کی موجودگی کا ایک حیرت انگیز واقعہ ۹۵
ایک اور عبرت انگیز کہانی ۹۷
اللہ اکبر ۹۸
ایک اور ایمان شکن واقعہ ۹۹
خود بینی کی ایک شرمناک کہانی ۱۰۱
ایک اور لطیفہ ۱۰۲

marfat.com

نیازمندوں میں اشرف علی کی غیب دانی کے عقیدے کا چرچا ۱۰۴
ایک اور ایمان شکن کہانی ۱۰۵
چھوٹے میاں کا قصہ ۱۰۸
چوتھا باب مولوی حسین احمد کے بیان میں ۱۰۹
غیبی علم اور روحانی تصرف کی ایک کہانی 〃
اپنی وفات کا علم ۱۱۰
اس علم کا ایک قصہ کہ بارش کب ہوگی؟ ۱۱۱
مقدرت الٰہی میں اثر و رسوخ کا ایک عجیب واقعہ ۱۱۳
ایک اور حیرت انگیز تماشا ۱۱۴
دل کے خطرے پر مطلع ہونیکا ایک عجیب قصہ ۱۱۵
غیبی قوتِ ادراک اور باطنی تصرف کا ایمان شکن واقعہ ۱۱۶
پہلا سوال دوسرا واقعہ ۱۱۷
ایک اور تہلکہ خیز کہانی ۱۱۸
وفات کے بعد لحد سے نکل کر دوست کے گھر آنا ۱۱۹
بھاگل پور سے ایک مرید کا بذریعہ مراقبہ جبار میں شریک ہونا ۱۲۰
غیب دانی کے چند عجیب واقعات ۱۲۱
پانچواں باب امداد اللہ تھانوی کے بیان میں ۱۲۶
خبر رسانی کا ایک نیا ذریعہ 〃
ایک مذہب شکن واقعہ ۱۲۷
روئے زمین کے علم محیط کا ایک عجیب واقعہ ۱۲۹
عقیدہ توحید سے ایک خونریز تصادم ۱۳۱
چھٹا باب متفرقات کے بیان میں ۱۳۴
کشف و غیب دانی کی ایک طویل داستان 〃
حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کے قصے ۱۳۸

شکمِ مادر سے غیبی ادراک ۱۳۸
حضرت شاہ عبدالرحیم صاحب کا قصہ ۱۳۹
زمین کی وسعتیں احاطۂ نظر میں ۱۳۹
حضرت شاہ عبدالقادر صاحب کا قصہ ۱۴۰
کشف و غیب دانی کا ایک حیرت انگیز واقعہ 〃
غیبی قوت ادراک کی ایک اور حیرت انگیز کہانی ۱۴۱
کشف ہی کشف ۱۴۲
حافظ محمد ضامن صاحب تھانوی کا قصہ ۱۴۳
قبر میں دل لگی بازی کا ایک واقعہ 〃
سید احمد صاحب بریلوی کا قصہ ۱۴۴
سید احمد بریلوی کو نیند سے جگانا 〃
ایک نہایت لرزہ خیز کہانی ۱۴۵
مولوی اسمٰعیل دہلوی کا قصہ ۱۴۷
غیب دانی اور شفا بخشی کا دعویٰ 〃
مولوی محمود الحسن صاحب کا قصہ ۱۴۹
مذہب سے انحراف کی ایک شرمناک کہانی 〃
دیوبندی جماعت کے تین نئے بزرگوں کا اضافہ ۱۵۶
مولوی عبدالغفار صاحب سرحدی کے واقعات ۱۵۷
مولوی خیرالدین صاحب کے واقعات ۱۶۲
مولانا بشارت کریم صاحب کے واقعات ۱۶۹
'زلزلہ' پر مولانا عامر عثمانی کا تبصرہ ۱۸۲
جواب تبصرہ ۱۹۴
نقل مراسلہ حکومت امریکہ بابت 'زلزلہ' ۲۰۵

★

marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حرفِ آغاز

حضور پر نور شافع یوم النشور خلاصۂ عالمیاں عالمِ کون ومکان جناب رسالت مآب حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (فداہ امی وابی) کے کروڑوں علوم میں سے ایک علم ماکان ومایکون ہے۔ اس بات کو علمائے اہل سنت اپنے عقیدے کا جزوِ لاینفک سمجھتے ہیں اور متقدمین اور متاخرین نے اس موضوع پر سیکڑوں کتابیں لکھی ہیں۔

سرکارِ دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کے مجلس نشین صحابہ تو اپنی ساری زندگی میں ہر چیز کے متعلق "واللہ اعلم ورسولہ" کہہ کر اپنے اس عقیدے کا اظہار کرتے تھے۔ دنیائے اسلام اپنی اعتقادی اساس پر قائم رہی مگر فلسفیانہ دور کے آغاز میں جب یونانی علوم دنیائے اسلام پر اثرانداز ہوئے تو یہودی علما کے ایک طبقہ نے حضور پُرنور کے علومِ لامتناہیہ پر گفتگو کا سلسلہ شروع کر دیا اور عوام الناس کے ذہن وفکر کو متاثر کرتے رہے۔ چونکہ وہ "امّی" کے مقامات علمی سے ناواقف تھے، عالم ماکان ومایکون کی وسعتوں سے ناآشنا تھے اور دانا کے جزوکل کے اسرار ورموز سے بے خبر تھے اس لیے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے علوم کے متعلق سوال اٹھاتے رہے۔ اہل ایمان اور اہل بصیرت مسلمان تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو جان ایمان جانتے اور آپ کے علمِ غیب کو حاصل عقیدہ سمجھتے تھے وہ اسی عقیدے پر قائم رہے مگر بعض ناآشنائے حقیقت لوگ یہودیوں کی اس سازش کا شکار ہوئے بغیر نہ رہ سکے۔ پہلے تو انہوں نے اللہ تعالیٰ کے علوم ذاتیہ کا حضورؐ کے علوم سے موازنہ کیا پھر حضورؐ کے علوم کے حدود متعین کرتے رہے اور حضورؐ کے ذہن وفکر کی نارسائی پر (معاذ اللہ) قیل وقال شروع کر دی اور کہا بعض باتیں تو حضورؐ کے علم میں آسکتی ہیں مگر کچھ باتیں آپؐ کے علوم کی رسائی سے باہر ہیں۔ یہ لوگ آگے بڑھتے گئے اور ہر دور میں ان کا فکری انتشار اب

marfat.com

مختلف صورتیں اختیار کرتا گیا۔ دراصل وہ مسموم دل و دماغ سے کام لیتے تھے اور ان کی بے علمی کی ٹھوکریں اہل ایمان کی عقیدت و محبت پر بڑی گراں گزرتیں۔ موجودہ صدی میں مسلمان علماء کا ایک طبقہ یہاں تک سوال اٹھانے لگا کہ آیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو علم کلی ہے یا جزئی؛ ذاتی ہے یا عطائی؛ اگر کلی ہے تو یہ بجز خداوند قدوس کے دوسروں کے لیے ماننا محال ہے اور اگر جزئی ہے تو ایسا علم ہر ایک چھوٹے بڑے، زید و بکر کو ہو سکتا ہے۔ اس میں حضورؐ کی کیا تخصیص۔ ایسے قضیئے قائم کرنے سے ہم بخوبی نتیجہ اخذ کر سکتے ہیں کہ یہ لوگ کیا چاہتے تھے۔ بہرحال ان کے اِن سوالات کا جواب اہل حق نے بھرپور طریقہ پر دیا اور اُمتِ مسلمہ کی بڑی پامردی سے رہنمائی کی، کتابیں لکھیں، مناظرے کیے، اپنی تقریروں میں وضاحت کی۔ اس کا فائدہ یہ ہوا کہ مسلمانوں کی اعتقادی عمارت کی دیوار مضبوط سے مضبوط تر ہوتی گئی۔

برصغیر پاک و ہند میں بھی علماء کا ایک طبقہ حضورؐ کے علم کو جزئی و کلی کی بحث کا شکار بنانے پر اڑا رہا اور حضور پُر نور اور دیگر خاصانِ خدا کے علوم پر طرح طرح کے سوالات اٹھاتا رہا مگر انہی لوگوں کے عقیدت مند جب اپنے عام "بزرگوں" کے محاسن بیان کرتے تو مکان و لامکان کے تمام علوم ان میں جمع کر کے پیش کرتے۔ جو چیزیں حضور رسالتمآبؐ یا صحابہ کرامؓ اور پھر اولیائے کرام کے لیے شرک و جہالت قرار دی جاتی تھیں وہی باتیں اپنے خانہ ساز بزرگوں کے حق میں بیان کی جانے لگیں۔ ہمارے فاضل نوجوان حضرت علامہ ارشد القادری مدیر جامِ نور، جمشید پور بہار (بھارت) نے ان لوگوں کے اس دوغلے پن کا محاسبہ کیا اور اپنے قلم کے تیز نشتر سے ان تمام تحریروں کا اپریشن کر دیا۔ جنھیں یہ لوگ اپنی کتابوں کے سیاہ صفحات میں چھپائے پھرتے تھے فاضل موصوف نے اس محاسبہ اور محاکمہ میں اپنے علماء کی ایک کتاب کو بھی بطور حوالہ پیش نہیں کیا بلکہ انہی لوگوں کی قلم کے دو ہرے کردار کو عوام کی عدالت میں پیش کر دیا تاکہ لوگ فیصلہ خود کریں کہ سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے علمِ غیب کی نفی کرنے والے کس کٹہرے میں کھڑے ہیں۔ مصنف نے اپنے موضوع کو دلچسپ بنانے کے لیے زبان کی سلاست دلائل کا زور، اور پھر واقعات

marfat.com

وکرامات کا تسلسل قائم رکھ کر قاری کو اصل موضوع ذہن نشین کرانے میں آسانی پیدا کر دی ہے۔

فاضل مصنف کی شہرت قبل ازیں اس کی شہرہ آفاق تصانیف "تبلیغی جماعت حقائق و معلومات کے اُجالے میں" "جماعت اسلامی" اور پھر اپنے ماہنامہ "جام نور" کے مکالمات کی روشنی میں دنیائے اسلام میں پھیلی ہُوئی تھی۔ زیرِ نظر تصنیف "زلزلہ" پچھلے سال ہی ہندوستان میں زیورِ طبع سے آراستہ ہو کر اہلِ علم کے ہاتھوں پہنچی۔ ہندوستان میں اس کتاب نے اعتقادی اور نظریاتی دنیا میں زلزلہ برپا کر دیا۔ صنم کدۂ دیوبند میں بھونچال آگیا۔ بد اعتقادی اور ہٹ دھرمی کے سارے بت مُنہ کے بل گرنے لگے۔ یہ کتاب دراصل ان کی اپنی تحریروں کی شعاعوں سے انہیں عریاں کرتی گئی۔ وہ محسوس کرنے لگے کہ وہ حضورؐ کے علمِ غیب کو شرک قرار دے کر کتنے اندھیرے میں ہیں۔

چونکہ چند سالوں سے ہندو پاک کے درمیان سلسلۂ خط و کتابت رُک گیا ہے یہ کتاب پاکستان میں براہِ راست نہ پہنچ سکی۔ فاضل مصنف اس سال حجِ بیت اللہ کے لیے گئے پاکستان کے علماءِ کرام سے ملاقات ہُوئی اور یہ کتاب "پئے دوستاں ارمغانے برم" ثابت ہُوئی۔ علماء حرمین الشریفین جو سرزمینِ حبیبؐ پر علمائے عجم کے میزبان ہیں کی مجلس میں یہ کتاب دکھائی گئی۔ کتاب دیکھ کر انہوں نے بڑے فخر کا اظہار کیا اور مصنف کی کاوش پر نیک دُعائیں دیں ؎

لیتے جاؤ حاجیو اِس کو حضورِ شاہ سے
ہمسرِ عرش علماء باب رسول اللہؐ سے

ہمارے فاضل عالمِ دین جناب محمد منشاء تابش قصوری صاحب خطیب جامع مسجد مرید کے بھی اسی سال حج پر گئے تھے انہیں کتاب کا ایک نسخہ ملا، جسے وہ فاضل مصنف کی اجازتِ اشاعت کے ساتھ پاکستان میں لائے اور پھر اسے اپنے ہاتھ سے نقل کیا اور مکتبہ مظہر فیض رضا کی درخواست پر سارا مسودہ عطا فرمایا تاکہ ہم اسے اسی انداز میں زیورِ اشاعت سے آراستہ کریں جس طرح فاضل مولف کی پہلی کتاب "تبلیغی جماعت

marfat.com

حقائق و معلومات کے اُجالے میں" چھپ کر عوام تک پہنچ چکی ہے، ہم جناب تالش قصوری کے سپاس گزار ہیں کہ اُنھوں نے دیارِ حبیبؐ سے وہ کتاب لاکر دی جو حضورؐ کے علمِ غیب پر بحث کرنے والوں کو ساکت کرنے کے لیے کافی ہے۔ اس کتاب کی مقبولیت کا یہ عالم ہے کہ کتاب کے چھپنے سے پہلے ہی سیکڑوں علماؑ نے اسے اپنے مطالعہ کے لیے منتخب فرمایا ہے اور آرڈر بک کرا کے اپنے لیے ایک ایک نسخہ محفوظ کرا لیا۔ بعض علماؑ نے اس کتاب کی افادیت کے پیشِ نظر پچاس پچاس نسخے بک کرا کے اپنے علاقوں میں تقسیم کرنے کا پروگرام بنایا ہے۔

ہم مولٰنا باغ علی نسیم صاحب مالک مکتبہ نبویہ، لاہور اور پیرزادہ علامہ اقبال احمد فاردقی صاحب (جو راقم کے برادر زادہ ہیں) کے ذاتی طور پر ممنون ہیں جنہوں نے اپنی گوناگوں مصروفیتوں کے باوجود اپنی نگرانی میں کتاب کی کتابت، طباعت اور پھر تزئین کے فرائض سرانجام دیئے۔

ہم اس کتاب پر انصاف پسند علمی طبقے کے تاثرات جمع کر رہے ہیں اور ہم اپنے قارئین سے یہ بھی گزارش کریں گے کہ وہ کتاب پڑھنے کے بعد اپنے تاثرات ہمیں لکھیں تاکہ ہم دوسری اشاعت میں اسے شریکِ طباعت کر سکیں۔

ابوالمظہر فقیر سید میر احمد شاہ
سید شاہی چوراہی

مکتبہ مظہر فیض رضا
برج منڈی، ضلع لائلپور

marfat.com

سببِ تالیف

میری یہ کتاب کسی خاص عنوان پر کوئی فنی تصنیف نہیں ہے بلکہ یہ ایک استغاثہ ہے جسے میں نے قوم کی عدالت میں پیش کیا ہے۔ استغاثہ کا مضمون یہ ہے کہ ہند و پاک میں مسلمانوں کی عظیم اکثریت انبیاء و اولیا کے بارے میں یہ عقیدہ رکھتی ہے کہ خدا نے ان نفوس قدسیہ کو غیبی علم و ادراک کی مخصوص قوت عطا کی ہے جس کے ذریعہ انہیں مخفی امور اور چھپے ہوئے احوال کا انکشاف ہوتا ہے۔

یونہی خدائے قدیر نے انہیں کاربارِ ہستی میں تصرف کا بھی اختیار مرحمت فرمایا جس کے ذریعہ وہ مصیبت زدوں کی دستگیری اور مخلوق کی حاجت روائی فرماتے ہیں۔

اب اس سلسلے میں علمائے دیوبند کا کہنا ہے کہ انبیا و اولیا کے حق میں اس طرح کا عقیدہ رکھنا شرک اور کفر ہے۔ خدا نے نہ انہیں علمِ غیب عطا کیا ہے اور نہ تصرف کا کوئی اختیار بخشا ہے وہ معاذ اللہ بالکل ہماری طرح مجبور، بے خبر اور ناداں بندے ہیں خدا کی چھوٹی یا بڑی کسی مخلوق میں بھی جو اس طرح کی کوئی قوت تسلیم کرتا ہے وہ خدا کی صفات میں اسے شریک ٹھہراتا ہے۔ ایسا شخص توحید کا مخالف، اسلام کا منکر اور قرآن و حدیث کا باغی ہے۔

استغاثہ پیش کرنے کا موجب یہ امر ہے کہ علمائے دیوبند کا یہ مسلک اگر قرآن و حدیث پر مبنی ہے تو انہیں ہر حال میں اس پر قائم رہنا چاہیے تھا۔ یعنی جن عقیدوں کو انہوں نے انبیاء و اولیا کے حق میں شرک سمجھا تھا انہیں ساری مخلوق کے حق میں شرک سمجھنا چاہیے تھا لیکن یہ کیسا اندھیر ہے اور عقیدہ توحید کے خلاف یہ کتنی شرمناک سازش ہے کہ ایک طرف وہ جن باتوں کو قرآن و حدیث کے حوالے سے انبیاء و اولیاء کے حق میں شرک اور مخالفِ توحید

marfat.com

قرار دیتے ہیں۔ دُوسری طرف وہ انہی باتوں کو اپنے گھر کے بزرگوں کے حق میں عین اسلام سمجھتے ہیں۔

اس کتاب کے مندرجات کے ذریعہ میں مسلمانوں کی عدالت سے صرف اس بات کا فیصلہ چاہتا ہوں کہ جن باتوں کو علمائے دیوبند انبیاء و اولیاء کے حق میں شرک قرار دیتے ہیں اگر قرآن و حدیث کی رُو سے واقعۃً شرک ہیں تو پھر انہوں نے اپنے گھر کے بزرگوں کے حق میں کیوں جائز ٹھہرا لیا ہے اور اگر قرآن و حدیث کی رُو سے وہ شرک نہیں ہیں تو انبیاء و اولیاء کے حق میں انہوں نے کیوں شرک قرار دیا ہے؟

تصویر کے پہلے رُخ میں دیوبندی لٹریچر کے حوالے سے یہ ثابت کیا گیا ہے کہ دیوبندی حضرات انبیاء و اولیاء کے حق میں علم غیب اور قدرت و تصرف کا عقیدہ شرک اور منافی توحید سمجھتے ہیں اور تصویر کے دُوسرے رُخ میں انہی کی کتابوں کے حوالے سے یہ ثابت کیا گیا ہے کہ علمائے دیوبند اپنے گھر کے بزرگوں کے حق میں علم غیب اور قدرت و تصرف کا عقیدہ شرک اور منافی توحید سمجھتے نہیں۔

(نوٹ) تصویر کے دونوں رُخوں میں دیوبندی کتابوں کے جتنے حوالے دیئے گئے ہیں ان میں سے ایک حوالہ بھی غلط ثابت کرنے پر دس ہزار روپے انعام کا اعلان کیا جاتا ہے۔

ارشد القادری

marfat.com

تصویر کا پہلا رُخ

● دیوبندی جماعت کے امام اوّل مولوی اسمٰعیل صاحب لکھتے ہیں :

۱۔ جو کوئی بات کہے کہ پیغمبرِ خدا یا کوئی امام یا بزرگ غیب کی بات جانتے تھے اور شریعت کے ادب سے منہ سے نہ کہتے تھے سو وہ بڑا جھوٹا ہے بلکہ غیب کی بات اللہ کے سوا کوئی جانتا ہی نہیں (تقویۃ الایمان ص ۲۷)

۲۔ کسی انبیاء، اولیاء یا امام و شہیدوں کی جناب میں ہرگز یہ عقیدہ نہ رکھے کہ وُہ غیب کی بات جانتے ہیں بلکہ حضرت پیغمبر کی جناب میں بھی یہ عقیدہ نہ رکھے نہ اُن کی تعریف میں ایسی بات کہے (تقویۃ الایمان ص ۲۶)

۳۔ جو کوئی یہ دعویٰ کرے کہ میرے پاس ایسا کچھ علم ہے کہ جب میں چاہوں اس سے غیب کی بات معلوم کر لوں اور آئندہ باتوں کو معلوم کر لینا میرے قابو میں ہے سو وُہ بڑا جھوٹا ہے کہ دعویٰ خدائی کا کرتا ہے اور جو کوئی کسی نبی، ولی یا جن و فرشتہ کو امام یا امام زادے یا پیر و شہید، نجومی و رمال یا جفار کو یا فال دیکھنے والے کو یا برہمن رشی کو یا بھوت و پری کو ایسا جانے اور اس کے حق میں یہ عقیدہ رکھے سو وہ مشرک ہو جاتا ہے (تقویۃ الایمان ص ۲۱)

۴۔ اور اس بات میں (یعنی غیب کی بات جاننے میں) اولیاء، انبیاء اور جن و شیطان اور بھوت و پری میں کچھ فرق نہیں۔ (تقویۃ الایمان ص ۸)

۵۔ جو کوئی کسی کام کا نام اُٹھتے بیٹھتے لیا کرے اور دور و نزدیک سے پکارا کرے ..... یا اس کی صورت کا خیال باندھے اور یوں سمجھے کہ جب میں اس کا نام لیتا ہوں، زبان سے یا دل سے یا اس کی صورت کا یا اس کی قبر کا خیال باندھتا ہوں تو وہیں اس کو خبر ہو جاتی ہے اور اس سے میری بات چھپی نہیں رہ سکتی اور جو مجھ پر احوال گزرتے ہیں

marfat.com

جیسے بیماری و تندرستی و کشائش و تنگی، مرنا، جینا، غم و خوشی سب کی ہر وقت اسے خبر رہتی ہے اور جو بات میرے منہ سے نکلتی ہے وہ سب سُن لیتا ہے اور جو خیال و وہم میرے دل میں گزرتا ہے وہ سب سے واقف ہے سو ان باتوں سے مشرک ہو جاتا ہے اور اس قسم کی باتیں سب شرک ہیں ..... خواہ یہ عقیدہ انبیاء و اولیاء سے رکھے خواہ پیر و شہید سے خواہ امام و امام زادے سے خواہ بھوت و پری سے پھر خواہ یوں سمجھے کہ یہ بات ان کو اپنی ذات سے خواہ اللہ کے دیئے سے، غرض اس عقیدے سے ہر طرح شرک ثابت ہوگا۔" (تقویۃ الایمان ملخصاً ص ۱۰)

۶۔ "کچھ اس بات میں بھی ان کو بڑائی نہیں ہے کہ اللہ صاحب نے غیب دانی اختیار میں دے دی ہو کہ جس کے دل میں احوال جب چاہیں معلوم کر لیں یا جس غیب کا جب چاہیں معلوم کر لیں کہ وہ جیتا ہے یا مر گیا یا کس شہر میں ہے یا جس آئندہ بات کو جب ارادہ کر لیں دریافت کر لیں کہ فلاں کے یہاں اولاد ہوگی یا نہ ہوگی یا اس سوداگری میں اس کو فائدہ ہوگا یا نہ ہوگا یا اس لڑائی میں فتح پاوے گا یا شکست، کہ ان سب باتوں میں بھی سب بندے بڑے ہوں یا چھوٹے یکساں بیخبر ہیں اور نادان ہیں"۔ (تقویۃ الایمان ص ۲۰)

۷۔ "اللہ صاحب نے پیغمبر صلعم کو فرمایا کہ لوگوں سے کہہ دیں کہ غیب کی بات سوائے اللہ کے کوئی نہیں جانتا، نہ فرشتہ، نہ آدمی نہ جن نہ کوئی چیز یعنی غیب کی بات کو جان لینا کسی کے اختیار میں نہیں"۔ (تقویۃ الایمان ص ۲۲)

۸۔ "سو انہوں نے (یعنی رسولِ خدا نے) بیان کر دیا کہ مجھ کو نہ کچھ قدرت ہے نہ کچھ غیب دانی میری قدرت کا حال تو یہ ہے کہ اپنی جان و مال کے بھی نفع و نقصان کا مالک نہیں تو دوسرے کا تو کیا کر سکوں؛ اور غیب دانی اگر میرے قابو میں ہوتی تو پہلے ہر کام کا انجام معلوم کر لیتا اگر بھلا ہوتا تو اس میں ہاتھ ڈالتا اگر بُرا معلوم ہوتا تو کاہے کو اس میں قدم رکھتا غرض کہ قدرت اور غیب دانی مجھ میں نہیں اور کچھ خدائی کا دعویٰ نہیں رکھتا فقط پیغمبری کا مجھ کو دعویٰ ہے"۔ (تقویۃ الایمان ص ۲۴)

marfat.com

۹۔ "جو اللہ کی شان ہے اس میں کسی مخلوق کو دخل نہیں سو اس میں اللہ کے ساتھ کسی مخلوق کو نہ ملاؤ گے کتنا بڑا ہو اور کیسا ہی مقرب مثلاً یوں نہ بولے کہ اللہ و رسول چاہے گا تو فلانا کام ہو جائے گا کہ سارا کاروبار جہاں کا اللہ ہی کے چاہنے سے ہوتا ہے رسول کے چاہنے سے کچھ نہیں ہوتا یا کوئی شخص کسی سے کہے کہ فلان کی شادی کب ہو گی یا فلاں درخت میں کتنے پتے ہیں یا آسمان میں کتنے ستارے ہیں تو اس کے جواب میں یہ نہ کہے کہ اللہ و رسول ہی جانے کیوں کہ غیب کی بات اللہ ہی جانتا ہے رسول کو کیا خبر؟" (تقویۃ الایمان ص ۵۸)

● "دیوبندی جماعت کے دینی پیشوا مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی لکھتے ہیں:

۱۰۔ جو شخص اللہ جل شانہٗ کے سوا علم غیب کسی دوسرے کو ثابت کرے .... وہ بیشک کافر ہے۔ اس کی امامت اور اس سے میل جول محبت و مودت سب حرام ہے۔"

(فتاویٰ رشیدیہ ج ۱ ص ۲۰)

"

۱۱۔ علم غیب خاصۂ حق جل شانہٗ ہے"۔ (فتاویٰ رشیدیہ ج ۱ ص ۲۰)

۱۲۔ "اور عقیدہ رکھنا کہ آپ (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) کو علم غیب تھا صریح شرک ہے"۔

(فتاویٰ رشیدیہ ج ۲ ص ۱۱۴)

۱۳۔ "اثبات علم غیب غیر حق تعالیٰ کو شرک صریح ہے"۔ (فتاویٰ رشیدیہ ج ۳ ص ۱۷)

۱۴۔ جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عالم الغیب ہونے کا معتقد ہے وہ سادات حنفیہ (یعنی ائمہ احناف) کے نزدیک قطعاً مشرک و کافر ہے"۔

(فتاویٰ رشیدیہ ج ۳ ص ۴۲)

۱۵۔ "علم غیب خاصہ حق تعالیٰ کا ہے اس لفظ کو کسی تاویل سے دوسرے پر اطلاع کرنا ایہام شرک سے خالی نہیں"۔ (فتاویٰ رشیدیہ ج ۳ ص ۴۳)

۱۶۔ "جو شخص رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو علم غیب جو خاصۂ حق تعالیٰ ہے ثابت کرے اس کے پیچھے نماز نادرست (لانہ کفر کیونکہ یہ کفر ہے)"۔ (فتاویٰ رشیدیہ ج ۳ ص ۱۴۵)

۱۷۔ "جب انبیاء علیہ السلام کو بھی علم غیب نہیں ہوتا تو یا رسول اللہ کہنا بھی ناجائز ہو گا"۔

(فتاویٰ رشیدیہ ص ۳)

marfat.com

● دیوبندی جماعت کے دینی پیشوا مولوی اشرف علی تھانوی لکھتے ہیں:

۱۸۔ "کسی بزرگ یا پیر کے ساتھ یہ عقیدہ رکھنا کہ ہمارے سب حال کی اس کو ہر وقت خبر رہتی ہے (کفر و شرک ہے)"۔ (بہشتی زیور ج ۱ ص ۳۷)

۱۹۔ "کسی کو دور سے پکارنا اور یہ سمجھنا کہ اس کو خبر ہو گئی (کفر و شرک ہے)"

(بہشتی زیور ج ۱ ص ۳۷)

۲۰۔ "بہت امور میں آپ کا (یعنی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا) خاص اہتمام سے توجہ فرمانا اور فکر و پریشانی میں واقع ہونا اور باوجود اس کے پھر مخفی رہنا ثابت ہے قصۂ افک میں آپ کی تفتیش و استکشاف بالغ وجوہ صحاح میں مذکور ہے مگر صرف توجہ سے انکشاف نہیں ہوا"۔ (حفظ الایمان ص ۷)

۲۱۔ "یا شیخ عبدالقادر یا شیخ سلیمان کا وظیفہ پڑھنا جیسا عوام کا عقیدہ ہے ان کے مرتکب ہونے سے بالکل اسلام سے خارج ہو جاتا ہے مشرک بن جاتا ہے"۔

(فتاویٰ امدادیہ ج ۴ ص ۵۶)

● دیوبندی جماعت کے دینی پیشوا مولوی عبدالشکور صاحب لکھتے ہیں:

۲۲۔ "فقہ حنفی کی معتبر کتابوں میں سوائے خدا کے کسی کو غیب دان جاننا اور کہنا ناجائز لکھا ہے بلکہ اس عقیدے کو کفر قرار دیا ہے"۔ (تحفۂ لاثانی ص ۳۷)

۲۳۔ "حنفیہ نے اپنی فقہ کی کتابوں میں اس شخص کو کافر لکھا ہے جو یہ عقیدہ رکھے کہ نبی غیب جانتے تھے"۔ (تحفۂ لاثانی ص ۳۸)

۲۴۔ "رسولِ خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ذات والا میں صفت علم غیب ہم نہیں مانتے اور جو مانے اس کو منع کرتے ہیں"۔ (نصرتِ آسمانی ص ۲۷)

۲۵۔ "ہم یہ نہیں کہتے کہ حضور غیب جانتے تھے یا غیب دان تھے بلکہ یہ کہتے ہیں کہ حضور کو غیب کی باتوں پر اطلاع دی گئی۔ فقہائے حنفیہ کفر کا اطلاق اسی غیب دان پر کرتے ہیں نہ اطلاع یابی پر"۔ (فتح حقانی ص ۲۵)

marfat.com

● دیوبندی جماعت کے دینی پیشوا فاری طیب صاحب مہتمم دارالعلوم دیوبند لکھتے ہیں :

۲۶۔ "رسول اور امت رسول اس حد تک مشترک ہیں کہ دونوں کو علم غیب نہیں"۔
(فاران کا توحید نمبر ص ۱۱۴)

۲۷۔ "حضرت سید الاولین والآخرین کے لیے علم غیب کا دعویٰ اور وہ بھی علم کلی اور علم ماکان ومایکون کی قید کے ساتھ نہ صرف بے دلیل اور بے سند ہے بلکہ مخالف دلیل، معارض قرآن اور اس توحیدی شریعت کے مزاج کے خلاف ہونے کی وجہ سے ناقابلِ التفات ہے"۔ (توحید نمبر ص ۱۱۷)

۲۸۔ "علم ماکان ومایکون خاصۂ خداوندی ہے جس میں کوئی بھی غیر اللہ اس کا شریک نہیں ہو سکتا"۔ (توحید نمبر ص ۱۲۹)

۲۹۔ "کتاب وسنت کو سامنے رکھ کر علم کی تقسیم یوں نہ ہوگی کہ اللہ کا ذاتی علم، رسولوں کے علم عطائی، یعنی نوعی فرق کے ساتھ دونوں برابر ہے گویا ایک حقیقی خدا ایک مجازی خدا"۔ (توحید نمبر ص ۱۲۱)

۳۰۔ "یہ آیت تا قیامت یہی اعلان کرتی رہے گی کہ آپ کو علم غیب نہ تھا اس کے معنی یہ ہیں کہ قیامت تک آپ کو علم غیب نہ ہوگا"۔ (توحید نمبر ص ۱۲۶)

● دیوبندی جماعت کے دینی پیشوا مولوی منظور نعمانی لکھتے ہیں :

۳۱۔ "جس طرح محبت عیسوی کے پودے میں الوہیت مسیح کے عقیدہ نے نشو ونما پائی اور جیسے کہ حب اہلِ بیت کے نام پر رفض کو ترقی ہوئی اسی طرح حبِ نبوی اور عشق رسالت کا رنگ دے کر مسئلہ علم غیب کو بھی فروغ دیا جا رہا ہے اور بیچارے عوام محبت کا ظاہری عنوان دیکھ کر برابر اس پر ایمان لا رہے ہیں"۔
(الفرقان شمارہ ۵ ج ۶ ص ۱۱)

۳۲۔ "چونکہ عقیدہ علم غیب کا یہ زہر محبت کے دودھ میں ملا کر امت کے حلقوں میں سے پلایا جا رہا ہے اس لیے یہ ان تمام گمراہانہ اعتقادات سے زیادہ خطرناک اور

marfat.com

توجہ کا محتاج ہے جن پر محبت اور عقیدت کا ملمع نہیں کیا گیا ہے۔"

(الفرقان شمارہ ۵ جلد ۶ صفحہ ۱۲)

۳۴۔ صحیح بخاری شریف میں حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ مفاتح الغیب جن کو خدا کے سوا کوئی نہیں جانتا وہ پانچ ہیں جو سورۂ لقمان کی آخری آیت میں مذکور ہیں یعنی قیامت کا وقت مخصوص، بارش کا ٹھیک وقت کہ کب نازل ہوگی، مافی الارحام یعنی عورت کے پیٹ میں کیا ہے بچہ یا بچی۔ مستقبل کے واقعات، موت کا صحیح مقام۔"

(فتح بریلی کا دلکش نظارہ ص۵)

● دیوبندی جماعت کے دینی پیشوا مولوی خلیل احمد صاحب انبیٹھوی کہتے ہیں:

۳۵۔ "ملک الموت سے افضل ہونے کی وجہ سے یہ لازم نہیں آتا کہ آپ کا علم ان امور (یعنی روئے زمین) کے بارے میں ملک الموت کے برابر بھی ہو چہ جائیکہ زیادہ۔" (براہین قاطعہ صفحہ ۵۲)

۳۶۔ "شیخ عبدالحق روایت کرتے ہیں کہ مجھ کو (یعنی رسول خدا کو) دیوار کے پیچھے کا بھی علم نہیں ہے۔" (براہین قاطعہ صفحہ ۵۱)

۳۷۔ "بحر رائق، عالمگیری، درمختار وغیرہ میں ہے کہ اگر کوئی نکاح کرے یہ شہادت حق تعالیٰ و فخر عالم علیہ السلام کے تو کافر ہو جاتا ہے بہ سبب اعتقاد علم غیب کے فخر عالم کی نسبت"۔ (براہین قاطعہ صفحہ ۴۲)

● دیوبندی جماعت کے متفرق حضرات کی عبارتیں:

۳۸۔ "ان لوگوں کو اپنے دماغ کی مرمت کرانی چاہیے جو یہ لغو ترین اور احمقانہ دعوے کرتے ہیں کہ رسول اللہ کو علم غیب تھا۔" (عامر عثمانی تجلی دیوبند بابت دسمبر ۱۹۶۰ء)

۳۹۔ "الوہیت اور علم غیب کے درمیان ایک ایسا گہرا تعلق ہے کہ قدیم ترین زمانے سے انسان نے جس ہستی میں بھی خدائی کے کسی شائبے کا گمان کیا ہے اس کے متعلق یہ خیال ضرور کیا ہے کہ اس پر سب کچھ روشن ہے اور کوئی چیز اس سے پوشیدہ نہیں۔"

(مولانا مودودی الحسنات [illegible] پور)

marfat.com

۱۰۔ "حضرت یعقوب علیہ السلام اللہ کے برگزیدہ پیغمبر تھے مگر برسوں تک اپنے پیارے اور چہیتے بیٹے یوسف کی خبر نہ معلوم کر سکے کہ اُن کا نورِ نظر کہاں ہے اور کس حال میں ہے۔" (ماہر القادری فاران کا توحید نمبر صفحہ ۱۲)

۱۱۔ "اگر حضور عالم الغیب ہوتے تو (حدیبیہ میں حضرت عثمان کی شہادت کی) افواہ سنتے ہی فرما دیتے کہ یہ خبر غلط ہے عثمان مکہ میں زندہ ہیں صحابہ کرام کی اتنی بڑی جماعت تک کو اصل واقعہ کا کشف نہیں ہوتا؟" (ماہر القادری فاران کا توحید نمبر صفحہ ۱۴)

---

marfat.com

تصویر کا دُوسرا رُخ

اگر کسی طرح بدگمانی کو راہ نہ دی جائے تو تصویر کے پہلے رُخ میں مسئلہ علم غیب اور قدرت وتصرف پر دیوبندی علماء کی جو عبارتیں نقل کی گئی ہیں انہیں پڑھنے کے بعد ایک خالی الذہن آدمی قطعاً یہ محسوس کیے بغیر نہ رہ سکے گا کہ رسول مجتبیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور دیگر انبیاء واولیاء کے حق میں علم غیب اور قدرت وتصرف کا عقیدہ یقیناً توحید کے منافی اور کھلا ہوا کفر ہے اور لازماً اسے علمائے دیوبند کے ساتھ یہ خوش عقیدگی ہوگی کہ وہ مذہب توحید کے سچے علمبردار اور کفروشرک کے معتقدات کے خلاف وقت کے سب سے بڑے مجاہد ہیں۔

لیکن آہ! میں کن لفظوں میں اس سربستہ راز کو بے نقاب کروں کہ اس خاموش سطح کے نیچے ایک نہایت خوفناک طوفان چھپا ہُوا ہے۔ تصویر کے اس رُخ کی دل کشی اسی وقت تک باقی ہے جب تک کہ دُوسرا رخ نگاہوں سے اوجھل ہے یقین کرتا ہُوں کہ پردہ اُٹھ جانے کے بعد توحید پرستی کی ساری گرم جوشیوں کا ایک آن میں بھرم کھل جائے گا۔

قبل اس کے کہ میں اصل حقیقت کے چہرے سے نقاب اٹھاؤں آپ کے دھڑکتے ہوئے دل پر ہاتھ رکھ کر ایک سوال پُوچھنا چاہتا ہوں۔

فرض کیجئے! اگر آپ کو یہ بات معلوم ہو جائے کہ علمِ غیب سے لے کر تصرف و اختیار تک جن جن باتوں کے اعتقاد کو دیوبندی جماعت کے ان پیشواؤں نے رسول مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور دیگر انبیاء واولیاء کے حق میں کفروشرک اور منافیِ توحید قرار دیا ہے۔ انہی ساری باتوں کو وُہ اپنے گھر کے بزرگوں کے حق میں جائز بلکہ واقع تسلیم کرتے ہیں تو آپ کے ذہنی واردات کی کیا کیفیت ہوگی؟

marfat.com

کیا اس صورت حال کو آپ مذہبی تاریخ کا سب سے بڑا فریب نہیں قرار دیں گے اور اس سنسنی خیز انکشاف کے بعد آپ کے ذہن کی سطح پر ان حضرات کی جو تصویر اُبھرے گی کیا وہ رہگزر کے ان ٹھگوں سے کچھ مختلف ہوگی جو آنکھوں میں دھول جھونک کر مسافروں کو لُوٹ لیا کرتے ہیں۔

اگر حالات کا یہ ردّ عمل فطرت کے عین مطابق ہے تو سُن لیجئے جو صورت حال آپ نے فرض کی تھی وہ مفروضہ نہیں بلکہ امر واقعہ ہے ہمارے اس پیش لفظ پر آپ اعتماد نہ کر سکیں تو ذہنی طور پر ایک حیرت انگیز تبدیلی کے لیے تیار ہو کر ورق اُلٹیے اور دیوبندی جماعت کے پیشواؤں کے وہ واقعات پڑھیے جن میں عقیدۂ توحید اور اسلام و ایمان کی سلامتی کے سوا سب کچھ ہے۔

غیب دانی کا اعتقاد، دلوں کے خطرات پر اطلاع، سیکڑوں میل کی مسافت سے مخفیات کا علم، ماں کے پیٹ میں کیا ہے؟ بارش کب ہوگی، کل آئندہ کیا پیش آئے گا، کون کب مرے گا، کس کی وفات کہاں ہوگی، دیوار کے پیچھے کا علم کیا ہے، اپنے ارادۂ تصرف سے مارنا، شفا بخشنا، بارش روک دینا، بارش برسانا، امداد و دستگیری کے لیے آن واحد میں اپنی اپنی قبروں سے نکل کر دُور دُور پہنچ جانا، تصور کرتے ہی سامنے موجود ہونا سارے جہان کا ایک نظر میں احاطہ کر لینا، مصیبت کے وقت غائب کو اپنی مدد کیلئے پکارنا، گزشتہ اور آئندہ کی خبریں دینا، یہ سمجھنا کہ ہر وقت ہمارے دل کے احوال کی خبر رکھتے ہیں۔ یہ سمجھنا کہ تصوّر کرتے ہی باخبر ہو جاتے ہیں وغیرہ وغیرہ۔ یہ وہی ساری باتیں جنھیں علمائے دیوبند کی مذکورۃ الصدر کتابوں میں صرف خدا کا حق تسلیم کیا گیا ہے اور غیر خدا یہاں تک کہ رسولِ مجتبیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حق میں بھی اس طرح اعتقادات کو کفر و شرک قرار دیا گیا ہے۔

لیکن کمال حیرت کے ساتھ یہ خبر وحشت اثر سُنیئے کہ یہی خدائی کا منصب۔ یہی کھلا ہوا کفر و شرک اور یہی توحید کے منافی اعتقادات علمائے دیوبند نے اپنے گھر کے بزرگوں کے حق میں بے چُون و چرا تسلیم کر لئے ہیں۔

marfat.com

یہ کتاب چھ ابواب پر مشتمل ہے اور الگ الگ ہر باب میں دیو بندی جماعت کے بزرگوں کے وہ واقعات وحالات جمع کئے گئے ہیں جنہیں پڑھنے کے بعد آپ کے دماغ کا تار جھنجھنا اُٹھے گا اور ان حضرات کی توحید پرستی کا سارا بھرم کُھل جائے گا: ؎

ہم نہ کہتے تھے اے داغ تو زلفوں کو نہ چھیڑ
اب وہ برہم ہے تو ہے تجھ کو قلق یا ہم کو

marfat.com

پہلا باب

بانی دارالعلوم دیوبند جناب مولوی محمد قاسم صاحب نانوتوی کے بیان میں

اس باب میں دیوبندی لٹریچر سے مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی سے متعلق وہ واقعات وحالات جمع کیے گئے ہیں جن میں عقیدۂ توحید سے تصادم، اپنے مذہب سے انحراف اور اپنے گھر کے بزرگوں کے حق میں منہ بولے کفر و شرک کو اسلام و ایمان بنا لینے کے حیرت انگیز نمونے ورق ورق بکھرے ہوئے ہیں۔ انہیں پڑھیے اور مذہبی تاریخ میں پہلی بار ایک عجیب طلسم فریب کا تماشا دیکھیے!

سلسلۂ واقعات

وفات کے بعد مولوی قاسم نانوتوی کا جسم ظاہر کے ساتھ مدرسۂ دیوبند میں آنا

قاری طیب صاحب مہتمم دارالعلوم دیوبند بیان کرتے ہیں کہ جس زمانے میں مولوی رفیع الدین صاحب مدرسہ کے مہتمم تھے، دارالعلوم کے صدر مدرسین کے درمیان آپس میں کچھ نزاع چھڑ گئی آگے چل کر مدرسہ کے صدر مدرس مولوی محمود الحسن صاحب بھی اس ہنگامے میں شریک ہو گئے اور جھگڑا طول پکڑ گیا۔ اب اس کے بعد کا واقعہ قاری طیب صاحب ہی کی زبانی سنیے۔ موصوف لکھتے ہیں:

"اسی دوران میں ایک دن علی الصبح بعد نماز فجر مولانا رفیع الدین صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے مولانا محمود الحسن صاحب کو اپنے حجرہ میں بلایا (جو دارالعلوم

marfat.com

دیوبند میں ہے) مولانا حاضر ہوئے اور بند حجرہ کے کواڑ کھول کر اندر داخل ہوئے۔

مولانا رفیع الدین صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ پہلے یہ میرا روئی کا لبادہ دیکھ لو۔ مولانا نے لبادہ دیکھا تو تر تھا اور خوب بھیگ رہا تھا فرمایا کہ واقعہ یہ ہے کہ ابھی ابھی مولانا نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ جسد عنصری (جسم ظاہری) کے ساتھ میرے پاس تشریف لائے تھے جس سے میں ایک دم پسینہ پسینہ ہو گیا اور میرا لبادہ تربتر ہو گیا اور یہ فرمایا کہ محمود حسن کو کہہ دو کہ وہ اس جھگڑے میں نہ پڑے بس میں نے یہ کہنے کے لیے بلایا ہے۔ مولانا محمود حسن صاحب نے عرض کیا کہ حضرت میں آپ کے ہاتھ پر توبہ کرتا ہوں کہ اس کے بعد میں اس قصے میں کچھ نہ بولوں گا۔" (ارواحِ ثلثہ ص ۲۴۲)

مولوی نانوتوی صاحب کا خدائی تصرّف

اب ایک نیا تماشہ اور ملاحظہ فرمائیے۔ قاری صاحب کی اس روایت پر دیوبندی مذہب کے پیشوا مولوی اشرف علی صاحب تھانوی نے اپنا ایک نیا حاشیہ چڑھایا ہے جس میں بیان کردہ واقعہ کی توثیق کرتے ہوئے موصوف نے تحریر کیا ہے:

یہ واقعہ رُوح کا تمثل تھا اور اس کی دو صورتیں ہو سکتی ہیں ایک یہ کہ جسد مثالی تھا مگر مشابہ جسدِ عنصری کے۔ دوسری صورت یہ کہ رُوح نے خود عناصر میں تصرف کر کے جسدِ عنصری تیار کر لیا ہو۔ (ارواح ثلثہ ص ۲۴۳)

لا الٰہ الا اللہ! دیکھ رہے ہیں آپ؟ اس واقعہ کے ساتھ کتنے مشرکانہ عقیدے لپٹے ہوئے ہیں۔ پہلا عقیدہ تو مولوی قاسم صاحب نانوتوی کے حق میں علم غیب کا ہے کیونکہ ان حضرات کے تئیں اگر انھیں علم غیب نہیں تھا تو عالمِ برزخ میں انھیں کیونکر خبر ہو گئی کہ مدرسہ دیوبند میں مدرسین کے درمیان سخت ہنگامہ ہو گیا ہے۔ یہاں تک کہ مدرسہ کے صدر مدرس مولوی محمود الحسن صاحب بھی اس میں شامل ہو گئے ہیں چل کر انھیں منع کر دیا جائے۔

marfat.com

اور پھر اُن کی رُوح کی قوتِ تصرف کا کیا کہنا کہ تھانوی صاحب کے ارشاد کے مطابق اس جہانِ خاکی میں دوبارہ آنے کے لیے اس نے خود ہی آگ، پانی اور ہوا، مٹی کا ایک انسانی جسم تیار کیا اور خود ہی اس میں داخل ہو کر زندگی کے آثار اور نقل و حرکت کی قوتِ ارادی سے مسلح ہُوئی اور لحد سے نکل کر سیدھے دیوبند کے مدرسہ میں چلی آئی۔

سوچنے کی بات یہ ہے کہ مولوی قاسم صاحب نانوتوی کی رُوح کے لیے یہ خدائی اختیارات کو بلا چُون وچرا مولوی رفیع الدین صاحب نے بھی تسلیم کر لیا مولوی محمود الحسن صاحب بھی اس پر آنکھ بند کر کے ایمان لے آئے اور تھانوی صاحب کا کیا کہنا کہ انہوں نے تو جسم انسانی کا خالق ہی اسے ٹھہرا دیا اور اب قاری طیب صاحب اس کی تشہیر فرما رہے ہیں۔

ان حالات میں ایک صحیح الدماغ آدمی یہ سوچے بغیر نہیں رہ سکتا کہ رُوح کے جو تصرفات و اختیارات اور غیبی علم و ادراک کی جو قوتیں سرورِ کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور ان کے مقربین کے حق میں تسلیم کرنا یہ حضرات کفر و شرک سمجھتے ہیں وہی "اپنے مولانا" کے حق کیونکر اسلام و ایمان بن گیا ہے؟

کیا یہ صورت حال اس حقیقت کو واضح نہیں کرتی کہ ان حضرات کے یہاں کفر و شرک کی یہ تمام بحثیں صرف اس لیے ہیں کہ انبیاء و اولیاء کی حرمتوں کے خلاف جنگ کرنے کیلئے انھیں ہتھیار کے طور پر استعمال کیا جائے ورنہ خالص عقیدۂ توحید کا جذبہ اس کے پس منظر میں کارفرما ہوتا تو شرک کے سوال پر اپنے اور بیگانے کے درمیان قطعاً کوئی تفریق روا نہ رکھی جاتی۔

(۲)

ایک اور حیرت انگیز واقعہ

دیوبندی جماعت کے مشہور فاضل مولوی مناظر احسن گیلانی نے سوانح قاسمی کے نام سے مولوی قاسم صاحب نانوتوی کی ایک ضخیم سوانح حیات لکھی ہے جسے دارالعلوم دیوبند نے خود اپنے اہتمام سے شائع کیا ہے۔

اپنی اس کتاب میں مولوی محمد الحسن صاحب کے حوالہ سے انہوں نے کسی "واعظ مولانا"

marfat.com

کے ساتھ ایک دیوبندی طالب علم کا ایک بڑا ہی عجیب وغریب مناظرہ نقل کیا ہے۔ اس دیوبندی طالب علم کے متعلق موصوف کے بیان کا یہ قصہ خاص طور پر پڑھنے کے قابل ہے — لکھتے ہیں کہ:

"وہ پنجاب کی طرف کسی علاقے میں چلا گیا اور کسی قصبہ کی مسجد میں لوگوں نے ان کو امام کی جگہ دے دی۔ قصبہ والے ان سے کافی مانوس ہو گئے اور اچھی گزر بسر ہونے لگی۔ اسی عرصہ میں کوئی مولوی صاحب گشت کرتے ہوئے اس قصبہ میں بھی آدھمکے۔ وعظ وتقریر کا سلسلہ شروع کیا۔ لوگ اُن کے کچھ معتقد ہوئے۔ اُنہوں نے دریافت کیا کہ یہاں کی مسجد کا امام کون ہے؟ کہا گیا کہ دیوبند کے پڑھے ہوئے ایک مولوی صاحب ہیں۔

دیوبندی کا نام سُننا تھا کہ واعظ مولانا صاحب آگ بگولہ ہو گئے اور فتویٰ دے دیا کہ اس عرصہ میں جتنی نمازیں اس دیوبندی کے پیچھے تم لوگوں نے پڑھی ہیں وہ سرے سے ادا ہی نہیں ہوئیں! اور جیسا کہ دستور ہے دیوبندی یہ ہیں، وہ ہیں، یہ کہتے ہیں، وہ کہتے ہیں، اسلام کے دشمن ہیں، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عداوت رکھتے ہیں وغیرہ وغیرہ۔

قصباتی مسلمان بیچارے سخت حیران ہوئے کہ مفت میں اس مولوی پر روپے بھی برباد ہوئے اور نمازیں بھی برباد ہوئیں۔ ایک وفد اس غریب دیوبندی امام کے پاس پہنچا اور مستدعی ہوا کہ مولانا واعظ صاحب جو ہمارے قصبہ میں آئے ہیں ان کے جو الزامات ہیں، ان کا جواب دیجیے یا پھر بتائیے کہ ہم لوگ آپ کے ساتھ کیا کریں۔ جان بھی غریب کی خطرے میں آگئی اور نوکری ووکری کا قصہ تو ختم شدہ ہی معلوم ہونے لگا چونکہ علمی مواد بھی ان کا معمولی تھا، خوفزدہ ہوئے کہ خدا جانے یہ واعظ مولانا صاحب کس پائے کے عالم ہیں؟ منطق وفلسفہ بگھاریں گے اور میں غریب اپنا سیدھا سادھا مُلّا ہوں۔ ان سے بازی لے بھی جا سکتا۔ ہوں یا نہیں؟ تاہم ناچارہ کار اس کے سوا اور کیا تھا

marfat.com

مناظرہ کا وعدہ ڈرتے ڈرتے کر لیا تاریخ و محل و مقام سب کا مسئلہ طے ہو گیا۔

"واعظ مولانا صاحب" بڑا زبردست عمامہ طویلہ و عریضہ سر پر لپیٹے ہوئے کتابوں کے پشتارے کے ساتھ مجلس میں اپنے حواریوں کے ساتھ جلوہ فرما ہوئے۔

ادھر یہ غریب دیوبندی امام، منحنی و ضعیف، مسکین شکل، مسکین آواز، خوفزدہ، لرزاں و ترساں بھی اللہ اللہ کرتے ہوئے سامنے آیا۔

سُننے کی بات یہی ہے جو اس کے بعد اس دیوبندی امام مولوی نے مشاہدہ کے بعد بیان کی، کہتے تھے کہ مولانا واعظ صاحب کے سامنے میں بھی بیٹھ گیا ابھی گفتگو شروع نہیں ہوئی تھی کہ اچانک اپنے بازو میں مجھے محسوس ہوا کہ ایک شخص اور، جسے میں نہیں پہچانتا تھا وہ بھی آکر بیٹھ گیا اور مجھ سے وہ اجنبی اچانک نمودار ہونیوالی شخصیت کہتی ہے گفتگو شروع کرو اور ہرگز نہ ڈرو۔ دل میں غیر معمولی قوت اس سے پیدا ہوئی۔

اس کے بعد کیا ہوا؟ دیوبندی امام صاحب کا بیان ہے کہ میری زبان سے کچھ فقرے نکل رہے تھے اور اس طور پر نکل رہے تھے کہ میں خود نہیں جانتا تھا کہ کیا کہہ رہا ہوں جس کا جواب مولانا واعظ صاحب نے ابتداء میں تو دیا لیکن سوال و جواب کا سلسلہ ابھی زیادہ دراز بھی نہیں ہوا تھا کہ ایک دفعہ مولانا واعظ صاحب کو دیکھتا ہوں کہ اُٹھ کھڑے ہوئے میرے قدموں پر سر ڈالے ہوئے رو رہے ہیں۔ پگڑی بکھری ہوئی ہے اور کہتے جاتے ہیں میں نہیں جانتا تھا آپ اتنے بڑے عالم ہیں۔ للہ معاف کیجیے! آپ جو کچھ فرما رہے ہیں یہی صحیح اور درست ہے میں ہی غلطی پر تھا۔

یہ منظر ہی ایسا تھا کہ مجمع دم بخود تھا کیا سوچ کر آیا تھا اور کیا دیکھ رہا تھا دیوبندی امام صاحب نے کہا کہ اچانک نمودار ہونے والی شخصیت، میری نظر سے اس کے بعد اوجھل، اور کچھ نہیں معلوم کہ وہ کون تھے اور یہ قصہ کیا تھا۔"

(سوانح قاسمی ج ۱ ص ۳۳۰، ۳۳۱)

marfat.com

یہاں تک اصل قصہ بیان کر چکنے کے بعد اب مولوی مناظر احسن گیلانی ایک نہایت پُراسرار اور حیرت انگیز واقعہ کی نقاب کشائی فرماتے ہیں دراصل ان کے بیان کا یہی حصہ ہماری بحث کا مرکزی نقطہ ہے، اس کے بعد لکھتے ہیں:

حضرت شیخ الہند (یعنی مولانا مولوی محمود الحسن صاحب) فرماتے تھے میں نے ان مولوی صاحب سے دریافت کیا کہ اچانک نمودار ہونے والی شخصیت کا حُلیہ کیا تھا۔ حلیہ جو بیان کیا فرماتے تھے کہ سُنتا جاتا تھا اور حضرت الاستاذ (یعنی مولوی قاسم نانوتوی) کا ایک خال وخط نظر کے سامنے آتا چلا جا رہا تھا جب وہ بیان کر چکے تو میں نے اُن سے کہا کہ یہ تو حضرت الاستاذ رحمۃ اللہ علیہ تھے جو تمہاری امداد کے لیے حق تعالیٰ کی طرف سے ظاہر ہوئے۔

(سوانح قاسمی ج ۱ ص ۲۳۲)

ملاحظہ فرمائیے! قصہ آرائی سے قطع نظر اس ایک واقعہ کے اندر مولوی قاسم صاحب نانوتوی کے حق میں کتنے مشرکانہ عقائد کا برملا اعتراف کیا گیا ہے۔

اوّلاً یہ کہ نہایت فراخدلی کے ساتھ اُن کے اندر غیب دانی کی قوت بھی مان لی گئی جس کے ذریعہ انہیں عالمِ برزخ ہی میں معلوم ہو گیا کہ ایک دیوبندی امام فلاں مقام پر میدان مناظرہ میں یکہ و تنہا بے بسی کی حالت میں دم توڑ رہا ہے چل کر اس کی مدد کی جائے۔

دُوسرے یہ کہ ان کے حق میں یہ قوت تصرف بھی تسلیم کر لی گئی کہ وُہ اپنے جسم ظاہری کے ساتھ اپنی لحد سے نکل کر جہاں چاہیں بے روک ٹوک جا سکتے ہیں۔

تیسرے یہ کہ مرنے کے بعد زندوں کی مدد کرنے کا اختیار چاہے دیوبندی حضرات کے تئیں انبیاء و اولیاء کے لیے بھی ثابت نہ ہو لیکن اپنے مولانا کے لیے ضرور ثابت ہے۔

اب آپ ہی انصاف کیجئے کہ یہ صورت حال کیا ہے اس یقین کو تقویت نہیں پہنچاتی کہ ان حضرات کے یہاں کفر و شرک کی یہ تمام بحثیں صرف اس لیے ہیں کہ انھیں انبیاء و اولیاء کی متوں کے خلاف ہتھیار کے طور پر استعمال کیا جائے ورنہ خاص عقیدہ توحید کا جذبہ کے پس منظر میں کارفرما ہوتا تو شرک کے سوال پر اپنے اور بیگانے کی تفریق روا نہ رکھی جاتی۔

marfat.com

اپنے ہی ہاتھوں اپنے مذہب کا خون

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ قصہ بیان کر چکنے کے بعد مولوی احسن گیلانی کو اچانک یاد آیا کہ ہمارے یہاں تو ارواح انبیاء تک کے لیے بھی زندوں کی مدد کرنے کا کوئی تصور نہیں ہے بلکہ اپنے مشرب میں ہم اس طرح کے تصورات کو "مشرکانہ عقائد" سے تعبیر کرتے آرہے ہیں پھر اتنے واضح، مسلسل اور متواتر انکار کے بعد اپنے مولانا کے ذریعہ غیبی امداد کا یہ قصہ کیوں بنا یا جا سکے گا؟

یہ سوچ کر بجائے اس کے کہ اپنے مسلک کو بچانے کے لیے موصوف اس مصنوعی قصے کا انکار کرتے، انہوں نے اپنے مولانا کا "خدائی اختیار" ثابت کرنے کے لیے اپنے اصل مذہب ہی کا انکار کر دیا۔

میں یقین کرتا ہوں کہ مذہبی انحراف کی ایسی شرمناک مثال کسی فرقے کی تاریخ میں شاید ہی مل سکے گی۔ واقعہ بیان کر چکنے کے بعد کتاب کے حاشیہ میں موصوف ارشاد فرماتے ہیں۔ حیرت میں ڈوب کر" یہ" ان کہی پڑھیے اور علم و دیانت کا ایک تازہ خون اور ملاحظہ فرمائیے، لکھتے ہیں کہ:

"وفات یافتہ بزرگوں کی روحوں سے امداد کے مسئلے میں علمائے دیوبند کا خیال بھی وہی ہے جو عام اہلسنت والجماعت کا ہے۔ آخر جب ملائکہ جیسی روحانی ہستیوں سے خود قرآن ہی میں ہے کہ حق تعالیٰ اپنے بندوں کی امداد کراتے ہیں۔

صحیح حدیثوں میں ہے کہ واقعۂ معراج میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حضرت موسیٰ علیہ السلام سے تخفیف صلوٰۃ کے مسئلے میں امداد ملی۔ اور دوسرے انبیاء کرام علیہم السلام سے ملاقاتیں ہوئیں، بشارتیں ملیں تو اس قسم کی ارواح طیبہ سے کسی مصیبت زدہ مومن کی امداد کا کام قدرت اگر لے تو قرآن کی کس آیت یا کس حدیث سے اس کی تردید ہوتی ہے"؟

(حاشیہ سوانح قاسمی ج ۱ ص ۳۳۲)

اے سبحان اللہ! ذرا غلبۂ حق کی شان تو دیکھیے کہ وفات یافتہ بزرگوں کی روحوں سے

marfat.com

امداد کے مسئلے میں کل تک جو سوال ہم ان سے کرتے تھے آج وہی سوال وہ اپنے آپ سے کر رہے ہیں۔ اب اس سوال کا جواب تو انہی لوگوں کے ذمہ ہے جنہوں نے ایک خالص اسلامی عقیدے کو کفر و شرک کا نام دے کر اصل حقیقت کا چہرہ مسخ کیا ہے اور جس کے کئی صفحات پر پھیلے ہوئے نمونے آپ "تصویر کے پہلے رُخ" میں پڑھ چکے ہیں۔

"تاہم گیلانی صاحب کے اس حاشیے سے اتنی بات ضرور صاف ہوگئی کہ جو لوگ وفات یافتہ بزرگوں کی رُوح سے امداد کے قائل ہیں وہی فی الحقیقۃ اہل سنت والجماعت ہیں اب انھیں بدعتی کہہ کر پکارنا نہ صرف یہ کہ اپنے آپ کو جھٹلانا ہے بلکہ اخلاقی رذائل سے اپنی زبان و قلم کی آلودگی کا مظاہرہ بھی کرنا ہے۔ حاشیے کی عبارت کا یہ حصہ بھی دیدۂ حیرت سے پڑھنے کے قابل ہے، ارشاد فرماتے ہیں:

"اور سچ تو یہ ہے کہ آدمی کو عام طور پر جو امداد بھی مل رہی ہے حق تعالیٰ اپنی مخلوقات ہی سے تو یہ امدادیں پہنچا رہے ہیں۔ روشنی آفتاب سے ملتی ہے دودھ ہمیں گائے اور بھینس سے ملتا ہے یہ تو ایک واقعہ ہے بھلا یہ بھی انکار کرنے کی کوئی چیز ہو سکتی ہے"۔ (حاشیہ سوانح قاسمی ج ۱ ص ۳۳۲)

انکار کی کیا بات پوچھتے ہیں کہ آپ کے یہاں تو اس ایک مورچے پر نصف صدی سے جنگ لڑی جا رہی ہے معرکہ کارزار میں حقائق کی تڑپتی ہوئی لاشیں آپ نہیں دیکھ پاتے تو اپنے ہی قلم کی تلوار سے لہو کی ٹپکتی ہوئی بوند ملاحظہ فرمالیجئے۔

حاشیہ کی عبارت جس حصے پر تمام ہوئی ہے اس میں اعترافِ حق کا مطالبہ اس قدر بے قابو ہو گیا ہے کہ تحریر کے نقوش سے آواز آ رہی ہے۔ اہل حق کو بغیر کسی شکر کشی کے اپنے مسلک کی یہ فتح مبین مبارک ہو۔ ارشاد فرماتے ہیں:

"پس بزرگوں کی ارواح سے مدد لینے کے ہم منکر نہیں ہیں"۔ (حاشیہ سوانح قاسمی ج ۱ ص ۳۳۲)

اللہ اکبر! دیکھ رہے ہیں آپ؟ قصد آرائی کو واقعہ بنانے کے لیے یہاں کتنی بے دردی کے ساتھ مولانا نے اپنے مذہب کا خون کیا ہے۔ جو عقیدہ نصف صدی سے

marfat.com

پوری جماعت کے ایوانِ فکر کا سنگِ بنیاد رہا ہے اسے ڈھا دینے میں موصوف کو ذرا بھی تامل نہیں ہوا۔

اعتقاد و عمل کے درمیان شرمناک تصادم

سر بہ گریباں ہو کر علم و دیانت کی پامالی کا ذرا یہ تماشا ملاحظہ فرمائیے کہ سوانح قاسمی نامی کتاب خاص دارالعلوم دیوبند کے زیر اہتمام شائع ہوئی ہے، قاری طیب صاحب مہتمم بذاتِ خود اس کے پبلشر ہیں اپنے حلقہ اثر میں کتاب کی ثقاہت کسی رُخ سے بھی مشکوک نہیں کہی جا سکتی لیکن حیرت ہے کہ نانوتوی صاحب کو مافوق البشر ثابت کرنے کے لیے دیوبندی جماعت کے ان مشاہیر نے ایک ایسی کھلی ہوئی حقیقت کا انکار کر دیا ہے جسے اب وہ چھپانا بھی چاہیں تو نہیں چھپا سکتے۔

مثال کے طور پر وفات یافتہ بزرگوں کی روحوں سے امداد کے مسئلے میں دیوبندی حضرات کا اصل مذہب کیا ہے؟ اسے معلوم کرنے کے لیے دیوبندی مذہب کی بنیادی کتاب "تقویۃ الایمان" کی یہ عبارت پڑھیے:

"مرادیں پوری کرنا، حاجتیں بر لانی، بلائیں ٹالنی، مشکل میں دستگیری کرنی، بُرے وقت میں پہنچنا یہ سب اللہ ہی کی شان ہے اور کسی انبیاء و اولیاء کی، پیر و شہید کی، بھوت و پری کی یہ شان نہیں جو کسی کو ایسا ثابت کرے اور اس سے مرادیں مانگے اور اس توقع پر نذر و نیاز کرے اور اس کی منتیں مانے اور مصیبت کے وقت اس کو پکارے سو وہ مشرک ہو جاتا ہے ..... پھر خواہ یوں سمجھے کہ ان کاموں کی طاقت ان کو خود بخود ہے خواہ یوں سمجھے کہ اللہ (تعالیٰ) نے ان کو ایسی قدرت بخشی ہے ہر طرح شرک ثابت ہوتا ہے۔" (تقویۃ الایمان ص ۱۰)

یہ ہے عقیدہ کہ مردہ و زندہ نبی اور ولی کسی کے اندر بھی مراد پوری کرنے، حاجت بر لانے، بلا ٹالنے، مشکل میں دستگیری کرنے اور بُرے وقت میں پہنچنے کی کوئی طاقت و قدرت نہیں ہے نہ ذاتی نہ عطائی۔

marfat.com

اور وہ ہے عمل کہ نانوتوی صاحب وفات کے بعد حاجت بھی برلائے، بلا بھی ٹال دی اور بُرے وقت میں اس شان سے پہنچے کہ سارے جہاں میں ڈنکا بج گیا۔

ایک ہی بات جو ہر جگہ شرک تھی سب کے لیے شرک تھی ہر حال میں شرک تھی، جب "اپنے مولانا" کی بات آگئی اچانک اسلام بن گئی، ایمان بن گئی اور امر واقعہ بن گئی۔

اور پھر دلوں کا ایک ہی عقیدہ جب تک اس کا تعلق نبی اور ولی سے تھا تو سارا قرآن اس کے خلاف، ساری احادیث اس سے مزاحم اور سارا اسلام اس کی بیخ کنی میں تسلیم کر لیا گیا۔ لیکن صرف تعلق بدل گیا اور نبی و ولی کی جگہ "اپنے مولانا" کی بات آگئی تو آپ دیکھ رہے ہیں کہ اب سارا قرآن اس کی حمایت میں، ساری احادیث اس کی تائید میں اور سارا اسلام اس کی پشت پناہی میں ہے ؎

تمہاری زلف میں پہنچی تو حُسن کہلائی ۔۔۔ وہ تیرگی جو میرے نامۂ سیاہ میں ہے

اپنی تکذیب کی ایک شرمناک مثال

بات درمیان میں آگئی ہے تو وفات یافتہ بزرگوں کی روحوں سے امداد کے مسئلے میں دیوبندی جماعت کے مشہور مناظر مولوی منظور نعمانی کا ایک اداریہ پڑھیے جسے انہوں نے ماہنامہ "الفرقان" لکھنؤ میں سپردِ قلم کیا ہے تاکہ اس مسئلے میں دیوبندی جماعت کا اصل ذہن آپ پر واضح ہو جائے۔ موصوف لکھتے ہیں:

"جن بندوں کو اللہ نے کوئی ایسی قابلیت دے دی ہے جس سے وہ دوسروں کو بھی کوئی نفع یا امداد پہنچا سکتے ہیں جیسے حکیم، ڈاکٹر، وکیل وغیرہ تو اُن کے متعلق ہر ایک یہ سمجھتا ہے کہ ان میں کوئی غیبی طاقت نہیں اور ان کے اپنے قبضہ میں کچھ بھی نہیں ہے اور یہ بھی ہماری ہی طرح اللہ کے محتاج بندے ہیں بس اتنی سی بات ہے کہ اللہ نے انھیں عالم اسباب میں اس قابل بنا دیا ہے کہ ہم ان سے فلاں کام میں مدد لے سکتے ہیں۔

اس بنا پر ان سے کام لینے اور اعانت حاصل کرنے میں شرک کا

marfat.com

کوئی سوال نہیں پیدا ہوتا ہے شرک جب ہوتا ہے جب کسی ہستی کو اللہ کے قائم کیے ہُوئے اس ظاہری سلسلۂ اسباب سے الگ غیبی طور پر اپنے ارادۂ اختیار سے کارفرما اور متصرف سمجھا جائے اور اس اعتقاد کی بنا پر اپنی حاجتوں میں مدد مانگی جائے۔" (الفرقان جمادی الاول ۱۳۷۳ھ صفحہ ۲۵)

واضح رہے کہ دارالعلوم دیوبند کے "واقعہ نزاع" اور قصۂ مناظرہ میں نانوتوی صاحب کے متعلق جو روائتیں نقل کی گئی ہیں ان تمام واقعات میں ظاہری سلسلہ اسباب سے الگ غیبی طور پر ہی ان کی امداد و تصرف کا عقیدہ ظاہر کیا گیا ہے اب تو اس کے شرک ہونے میں کوئی دقیقہ باقی نہیں رہ جاتا۔

اداریہ کی عبارت جس حصے پر تمام ہُوئی ہے وُہ بھی خاص توجہ سے پڑھنے کے قابل ہے قلم کی نوک سے روشنائی کی جگہ زہر ٹپک رہا ہے، تحریر فرماتے ہیں:

"آپ مسلمان کہلانے والے قبوریوں اور تعزیہ پرستوں کو دیکھ لیجئے، شیطان نے ان مشرکانہ اعمال کو ان کے دلوں میں ایسا اتار دیا ہے کہ وُہ اس سلسلے میں قرآن و حدیث کی کوئی بات سننے کے روادار نہیں۔

میں تو انہی لوگوں کو دیکھ کر اگلی اُمتوں کے شرک کو سمجھتا ہوں۔ اگر مسلمانوں میں یہ لوگ نہ ہوتے تو واقعہ یہ ہے کہ میرے لیے اگلی امتوں کے شرک کو سمجھنا بڑا مشکل ہوتا۔" (الفرقان صفحہ ۳۰)

توحید پرستی کا ذرا یہ غرہ ملاحظہ فرمائیے کہ موصوف کو مسلمانوں کا چھپا ہُوا شرک تو نظر آگیا لیکن اپنے گھر کا "عریاں شرک" نظر نہیں آتا کتنی معصومیت کے ساتھ آپ فرماتے ہیں کہ "اگر مسلمانوں میں یہ لوگ نہ ہوتے تو میرے لیے اگلی امتوں کے شرک کو سمجھنا مشکل تھا"۔ میں کہتا ہوں مشکل کیوں ہوتا؟ شرک کو سمجھنے کے لیے گھر ہی میں کس بات کی کمی تھی خدا کا دیا ہُوا سب کچھ تھا۔

سچ پُوچھیے تو اسی طرح کی خود فریبیوں کا جادو توڑنے کے لیے میرے ذہن میں زیرِ نظر کتاب کی ترتیب کا خیال پیدا ہُوا کہ اصحابِ عقل و انصاف واضح طور پر محسوس کرلیں کہ جو

marfat.com

لوگ دوسروں پر شرک کا الزام عائد کرتے ہیں۔ اپنے نامۂ اعمال کے آئینے میں وُہ خود کتنے بڑے مشرک ہیں۔

ایک اور عبرت ناک کہانی

بحث کے خاتمے پر اس سلسلے کی ایک اور عبرتناک کہانی سُن لیجئے تاکہ حُسنِ ظن کی حجت بھی تمام ہو جائے۔

ہندوستان کے اندر وفات یافتہ بزرگوں میں سلطان الاولیاء حضرت خواجہ غریب نواز رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی عظمت خداداد اور ان کی رُوحانیت کا فیضانِ عام آٹھ سو برس کی تاریخ کا ایک جانا پہچانا واقعہ ہے لیکن جذبۂ دل کی ستم ظریفی ملاحظہ فرمائیے کہ دیوبندی جماعت کے مذہبی پیشوا مولوی اشرف علی تھانوی نے سرکار خواجہ کے سنگِ در کا رشتہ بت خانے کی دہلیز کے ساتھ جوڑ دیا ہے جیسا کہ تھانوی صاحب کے ملفوظات کا مرتب ان کی ایک مجلس کا حال بیان کرتے ہوئے خود ان کا یہ مُنہ بولا بیان نقل کرتا ہے کہ:

> ایک انگریز نے لکھا ہے کہ ہندوستان میں سب سے زیادہ حیرت انگیز بات میں نے یہ دیکھی کہ اجمیر میں ایک مُردہ کو دیکھا کہ اجمیر میں پڑا ہُوا سارے ہندوستان پر سلطنت کر رہا ہے۔ (کمالات اشرفیہ صفحہ ۲۵۲)

انگریز کا یہ قول نقل کرنے کے بعد تھانوی صاحب نے ارشاد فرمایا:

> واقعی خواجہ صاحب کے ساتھ لوگوں کو بالخصوص ریاست کے امراء کو بہت ہی عقیدت ہے (اس پر) خواجہ عزیز الحسن نے عرض کیا کہ جب فائدہ ہوتا ہوگا تبھی عقیدت ہے (تھانوی صاحب نے) فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ جیسا حُسنِ ظن ہو ویسا ہی معاملہ فرماتے ہیں۔ اس طرح تو بُت پرستوں کو بُت پرستی میں بھی فائدہ ہوتا ہے یہ کوئی دلیل تھوڑا ہی ہے، دلیل ہے شریعت! (کمالات اشرفیہ صفحہ ۲۵۲)

بُت پرستی کے فوائد کی تفصیل تو تھانوی صاحب ہی بتا سکتے ہیں کہ سب سے پہلے اس نکتے سے وہی روشناس ہُوئے ہیں۔ لیکن غیرت سے ڈوب مرنے کی بات تو یہ ہے کہ "ایک منکر اسلام دشمن" اور "ایک کلمہ گو دوست" کی نگاہوں کا فرق ذرا ملاحظہ فرمائیے۔

marfat.com

دشمن کی نظر میں سرکار خواجہ کشور ہند کے سلطان کی طرح جگمگا رہے ہیں جب کہ دوست کی نگاہ انھیں پتھر کے صنم سے زیادہ حیثیت نہیں دیتی۔

اس مقام پر مجھے اتنی بات کہنی ہے کہ ایمان کی آنکھوں کا چراغ اگر گل نہیں ہوگیا ہے تو ایک طرف دیوبندی مشاہیر کے ذہن میں نانوتوی صاحب کا وہ سراپا دیکھئے! کتنا کارساز، کتنا بااختیار اور کبریائی قدرتوں سے کتنا مسلح نظر آتا ہے کہ دستگیری اور چارہ گری کیلئے وہ نیازمندوں کو اپنے مرقد تک بھی آنے کی زحمت نہیں دیتے۔

جہاں ذرا سی آنچ محسوس ہوئی خود ہی عالم برزخ سے دوڑے چلے آتے ہیں اور اپنی کارسازی کا جلوہ دکھا کر واپس لوٹ جاتے ہیں اور آتے بھی ہیں تو اپنے اسی پیکرِ مانوس میں کہ دیکھنے والے انھیں ماتھے کی آنکھوں سے دیکھیں اور پہچان لیں۔

لیکن وائے رے دلِ حرماں نصیب کی ناہنجاری کہ دوسری طرف اسی زمین میں خواجۂ ہند کا جو تصور ابھرتا ہے اس میں ان کے روحانی اقتدار کے اعتراف کے لیے قطعاً کوئی گنجائش نہیں ہے جسم ظاہری کی محسوس شوکتوں، طلعتوں اور عطر بیز نکہتوں کے ساتھ غم نصیب تک پہنچنے کی بات تو بڑی ہے کہ یہ حضرات تو ان کے متعلق اتنی بات بھی تسلیم کرنے کے روادار نہیں ہیں کہ ان کے کاکل و رخ کی جلوہ گاہی میں پہنچ کر بھی کوئی فیضیاب ہوسکتا ہے!

اور جسارت ناروا کی انتہا تو یہ ہے کہ ان حضرات کے یہاں عطائے رسول کی تربت اور ایک بت خانے کے درمیان کوئی جوہری فرق نہیں ہے۔ نفع رساں اور فیض بخشی کے سلسلے میں دونوں جگہ محرومی کا ایک ہی داغ ہے۔

خدا مہلت دے تو تھوڑی دیر ایمان و عقیدت کے سایے میں بیٹھ کر سوچیے گا، کیا سچ مچ یہی تصویر ہے اس خسروئے زمانہ کی، جسے رسول الثقلین نے کشور ہند میں اپنا نائب السلطنت بنا کر بھیجا ہے۔

اور جواب ملنے کی توقع نہ ہو تو اپنے ضمیر سے اتنا ضرور دریافت کیجئے گا کہ قلم کی وہ روشنائی جو نانوتوی صاحب کی "حسمد" میں گنگ و جمن کی طرح بہہ رہی تھی وہی خواجۂ اجمیر کی حقیقت کے سوال پر اچانک کیوں خشک ہوگئی؟

marfat.com

اتنی تفصیلات کے بعد اب یہ بتانے کی ضرورت ہے کہ وفات یافتہ بزرگوں سے امداد کے مسئلے میں دیوبندی حضرات کا اصل مذہب کیا ہے؟ البتہ الزام کا جواب ہمارے ذمہ نہیں ہے کہ ایک ہی اعتقاد جو رسول و ولی کے حق میں شرک ہے وہی گھر کے بزرگوں کے حق میں اسلام و ایمان کیونکر بن گیا ہے؟

اب آپ ہی فیصلہ کیجئے کہ کیا یہ صورتِ حال اس یقین کو تقویت نہیں پہنچاتی کہ ان حضرات کے یہاں کفر و شرک کی یہ ساری بحثیں صرف اس لیے ہیں کہ انبیاء و اولیاء کی حرمتوں کو گھائل کرنے کے لیے انہیں ہتھیار کے طور پر استعمال کیا جائے ورنہ خالص عقیدہ توحید کا جذبہ اس کے پس منظر میں کارفرما ہوتا تو شرک کے سوال پر اپنے بیگانے کے درمیان تفریق روا نہ رکھی جاتی۔

ضمنی طور پر یہ بحث نکل آئی ورنہ سلسلہ چل رہا تھا علمائے دیوبند کی غیب دانی اور خدائی اختیارات سے متعلق تصنیف کردہ واقعات کا۔ اب پھر اسی سلسلہ کے ساتھ اپنے ذہن کا رشتہ جوڑ لیجئے۔

(۳)

علم ما فی الارحام کا ایک عجیب واقعہ

مفتی عتیق الرحمٰن صاحب دہلوی جو دیوبندی جماعت کے مذہبی پیشوا اور اہم رکن ہیں انہوں نے ماہنامہ "برہان" دہلی کے مدیر مولوی احمد سعید اکبر آبادی فاضل دیوبند کے والد کی وفات پر جریدۂ برہان میں ایک تعزیتی شذرہ لکھا ہے جو متوفی کی زندگی کے حالات پر مشتمل ہے۔ واقعات کے راوی خود مولوی احمد سعید ہیں۔ قلم مفتی عتیق الرحمٰن صاحب کا ہے۔ اپنی پیدائش سے متعلق مولوی احمد سعید کا یہ پہلا "میلاد نامہ" خاص طور پر پڑھنے کے قابل ہے۔ موصوف بیان کرتے ہیں:

"مجھ سے پہلے ابا کے ایک لڑکا اور ایک لڑکی پیدا ہوئے تھے جن کا نوعمری ہی میں انتقال ہو گیا تھا اس کے بعد مسلسل سترہ سال تک ان کے کوئی اولاد نہیں ہوئی یہاں تک کہ انہوں نے ترک ملازمت اور ہجرت کا قصد کر لیا

marfat.com

(اس وقت وہ آگرہ لوہا منڈی کے سرکاری شفاخانے میں ملازم تھے)
مگر جب قاضی (عبدالغنی) صاحب مرحوم (والد کے پیرومرشد) کو اسکی اطلاع ہوئی تو انہوں نے منع لکھ بھیجا اور ساتھ ہی خوشخبری دی کہ ان کے ہاں لڑکا ہوگا۔ چنانچہ اس بشارت کے چند سال بعد ۸۰ھ کے رمضان کی ۷ تاریخ کو صبح صادق کے وقت میں پیدا ہوا تو ولادت سے دو گھنٹے قبل ابا نے حضرت مولانا گنگوہی اور حضرت مولانا نانوتوی کو خواب میں دیکھا کہ لوہا منڈی کے شفاخانے میں تشریف لائے ہیں اور فرماتے ہیں، "ڈاکٹر !! لڑکا مبارک !! اس کا سعید نام رکھنا۔

چنانچہ ابا نے اس ارشاد کی تعمیل کی اور اسی وقت فیصلہ کر لیا کہ میں بچہ کو دیوبند بھیج کر عالم بناؤں گا۔ (ماہنامہ برہان دہلی اگست ۵۲ء صفحہ ۶۸)

ذرا خالی الذہن ہو کر ایک لمحہ کے لیے سوچیے کہ مولوی احمد سعید صاحب کے والد کے پیر قاضی عبدالغنی صاحب نے موصوف کی پیدائش سے چند سال قبل ہی یہ معلوم کر لیا تھا کہ "فرزند" تشریف لا رہے ہیں جس کی انہوں نے بشارت بھی دے دی اور بشارت کے مطابق ۷ رمضان المبارک کو مولوی احمد سعید اس سرائے فانی میں تشریف بھی لے آئے۔

سوچنے کی بات یہ ہے کہ ایام حمل میں اگر انہوں نے خبر دی ہوتی تو کہا جا سکتا تھا کہ طبی ذرائع سے انہیں اس کا ظن غالب ہو گیا ہوگا لیکن سالوں پیشتر یہ معلوم کر لینے کا ذریعہ سوائے اس کے اور کیا ہو سکتا ہے کہ انہیں "علم غیب" تھا۔

اور پھر مولوی قاسم صاحب نانوتوی اور مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی کی "غیب دانی" کا کیا کہنا کہ وہ حضرات تو عین ولادت سے دو گھنٹے پیشتر ہی اپنی اپنی قبروں سے نکل کر سیدھے مولوی احمد سعید کے والد کے گھر پہنچ گئے اور انہیں بیٹے کی آمد پر پیشگی مبارکباد دی اور نام تک تجویز فرما دیا اور موصوف نے بھی اس خواب کا بالکل امر واقعہ کی طرح یقین کر لیا۔

انصاف کیجئے! ایک طرف تو گھر کے بزرگوں کے حق میں دلوں کا اعتقاد یہ ہے اور

marfat.com

دُوسرے طرف رسول مجتبیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علم غیب کے انکار میں بخاری شریف کی یہ حدیث دیوبندی علماء کی زبان و قلم کی نوک سے ہمیشہ لگی رہتی ہے۔

"صحیح بخاری شریف میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ مفاتیح الغیب جن کو خدا کے سوا کوئی نہیں جانتا وُہ پانچ چیزیں ہیں جو سورۂ لقمان کی آخری آیت میں مذکور ہیں یعنی قیامت کا وقت مخصوص، بارش کا ٹھیک وقت کہ کب نازل ہوگی۔ مافی الارحام یعنی عورت کے پیٹ میں کیا ہے؟ بچہ ہے یا بچی؟ مستقبل کے واقعات، موت کا صحیح مقام؟"

(فتح بریلی کا دلکش نظارہ صفحہ ۸۵)

قرآن کی آیت بھی برحق اور حدیث بھی واجب التسلیم لیکن اتنا عرض کرنے کی اجازت چاہوں گا کہ مذکورہ بالا آیت و حدیث اگر رسول مجتبیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حق میں مافی الارحام (یہ علم کہ ماں کے پیٹ میں کیا ہے) کے انکار کی دلیل بن سکتی ہے تو علم و دیانت کے حضور میں اس سوال کا جواب دیا جائے کہ یہی آیت اور یہی حدیث دیوبندی علماء کے تئیں قاضی عبدالغنی، مولوی قاسم صاحب نانوتوی اور رشید احمد گنگوہی کے حق میں علم مافی الارحام کے اعتقاد سے کیوں نہیں مانع ہُوئی؟

اور اگر اپنے بزرگوں کے حق میں مذکورۂ بالا آیت و حدیث کی کوئی تاویل تلاش کر لی گئی تو پھر وہی تاویل رسول مجتبیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حق میں کیوں نہیں رکھی گئی ایک ہی مسئلے میں ذہن کے دو رُخ کی وجہ سوائے اس کے اور کیا ہو سکتی ہے کہ جسے اپنا سمجھا گیا اس کے کمالات کے اظہار کے لیے کوئی گنجائش نہیں بھی تھی تو نکال لی گئی اور جس کے لیے دل کے اندر کوئی نرم گوشہ تک موجود نہیں تھا اس کے فضائل واقعی کے اعتراف میں بھی دل کا بخل چھپایا نہیں جا سکا۔

ایک اور ایمان شکن روایت

علم مافی الارحام کی بات چل پڑی ہے تو لگے ہاتھوں عقیدۂ توحید کا ایک اور خون ملاحظہ فرمائیے

marfat.com

یہی مولوی قاسم نانوتوی صاحب اپنی جماعت کے ایک "شیخ" کا تذکرہ کرتے ہوئے بیان کرتے ہیں کہ :

"شاہ عبدالرحیم صاحب ولایتی کے ایک مرید تھے جن کا نام عبداللہ خاں تھا اور قوم کے راجپوت تھے اور یہ حضرت کے خاص مریدوں میں تھے ان کی حالت یہ تھی کہ اگر کسی کے گھر میں حمل ہوتا اور تعویذ لینے آتا تو آپ فرمادیا کرتے تھے کہ تیرے گھر میں لڑکی ہوگی یا لڑکا، اور جو آپ بتلا دیتے تھے وہی ہوتا تھا۔"

(ارواحِ ثلٰثہ صفحہ ۱۶۳)

یہاں حسنِ اتفاق کا بھی معاملہ نہیں ہے اور ایسا بھی نہیں ہے کہ خواب کی بات ہو بلکہ پوری صراحت ہے اس امر کی کہ ان کے اندر ما فی الارحام کے علم و انکشاف کی ایک ایسی قوت ہی بیدار ہوگئی تھی کہ وہ ہر وقت ایک شفاف آئینہ کی طرح پیٹ کے اندر کی چیز دیکھ لیا کرتے تھے، بالکل اسی طرح کی قوت جیسے ہماری آنکھوں میں دیکھنے اور کانوں میں سننے کی ہے۔ نہ جبریل کا انتظار اور نہ الہام کی احتیاج!

لیکن وائے رے دیوبندی ذہن کی بوالعجبی کہ علم و انکشاف کی جو معنوی قوت ایک ادنیٰ امتی کے لیے وہ بے تکلف تسلیم کر لیتے ہیں وہی پیغمبر کے حق میں تسلیم کرتے ہوئے انہیں خدا کے ساتھ شرک کی قباحت نظر آنے لگتی ہے۔

ان "موحدین" کے طلسم فریب کا مزید تماشا دیکھنا چاہتے ہو تو ایک طرف عبداللہ خاں راجپوت کے متعلق نانوتوی صاحب کی بیان کردہ یہ روایت پڑھیے اور دوسری طرف دیوبندی مذہب کی بنیادی کتاب 'تقویۃ الایمان' کا یہ فرمان ملاحظہ فرمائیے کہ :

"اسی طرح جو کچھ مادہ کے پیٹ میں ہے اس کو بھی (خدا کے سوا) کوئی نہیں جان سکتا کہ ایک ہے یا دو، نر ہے یا مادہ، کامل ہے یا ناقص، خوبصورت ہے یا بدصورت۔" (تقویۃ الایمان صفحہ ۲۲)

یہ ہے عقیدہ، وہ ہے واقعہ، اور دونوں ایک دوسرے کو جھٹلا رہے ہیں۔ اگر دونوں صحیح ہیں تو ماننا پڑے گا کہ عبداللہ خاں راجپوت خدائی منصب پر ہیں اور اگر انہیں

marfat.com

خدا نہیں فرض کر سکتے تو کیسے واقعہ غلط ہے۔ تاویل وجواب کا جو رُخ بھی اختیار کیجیے مذہبی دیانت کا ایک خون ضروری ہے۔

اب آپ ہی انصاف کیجئے کہ بصورت حال کیا اس یقین کو تقویت نہیں پہنچاتی کہ ان حضرات کے یہاں کفر و شرک کی بحثیں صرف اس لیے ہیں کہ انبیاء و اولیاء کی حُرمتوں کو گھائل کرنے کے لیے انہیں ہتھیار کے طور پر استعمال کیا جائے ورنہ خالص عقیدۂ توحید کا جذبہ اس کے پس منظر میں کارفرما ہوتا تو شرک کے سوال پر اپنے اور بیگانے کی تفریق روا نہ رکھی جاتی۔

(۴)

غیب کا ایک اور مشاہدہ

ارواحِ ثلثہ میں لکھا ہے کہ یہی مولوی قاسم نانوتوی جب حج کے لیے جانے لگے تو انہی عبداللہ خاں راجپوت کی خدمت میں حاضر ہوئے اور وقتِ رخصت اُن سے دعا کی درخواست کی۔ اس کے جواب میں خان صاحب نے فرمایا:

"بھائی میں تمہارے لیے کیا دُعا کروں میں نے تو اپنی آنکھوں سے تمہیں دو جہاں کے بادشاہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے بخاری پڑھتے ہوئے دیکھا ہے۔" (ارواحِ ثلثہ ص ۲۵۴)

دیوبندی جماعت کے ایک نومسلم خان کی آنکھوں کی ذرا قوت بینائی ملاحظہ فرمائیے کہ عالمِ غیب تک پہنچنے کے لیے اس پر درمیان میں کوئی حجاب حائل نہیں ہوا۔ لیکن رسولِ انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حق میں دیوبندی حضرات کا یہ عقیدہ اب نشانِ مذہب قرار پا چکا ہے کہ معاذ اللہ! وہ پس دیوار بھی نہیں دیکھ سکتے۔ (حوالہ کے لیے دیکھیے براہینِ قاطعہ صفحہ ۱۵ مولوی خلیل احمد انبٹھوی)

نانوتوی صاحب کے ایک خادم کی قوتِ انکشاف

بات آگئی ہے تو اسی پسِ دیوار کے

marfat.com

علم وانکشاف سے متعلق ایک دلچسپ خبر اور سُنیئے۔

دیوان جی نامی ایک صاحب کے متعلق مولوی مناظر احسن گیلانی نے اپنی کتاب سوانح قاسمی میں ایک نہایت حیرت انگیز واقعہ نقل کیا ہے۔ موصوف لکھتے ہیں:

"مولانا محمد طیب صاحبؒ نے یہ اطلاع دی ہے کہ یٰسین نام کے دو صاحبوں کا خصوصی تعلق سیدنا الامام الکبیر (مولوی قاسم صاحب نانوتوی) سے تھا جن میں سے ایک تو یہی دیوان جی دیوبند کے رہنے والے تھے اور بقول مولانا طیب صاحب دیوبند میں حضرت والا کی خانگی اور ذاتی دور کا تعلق انہی سے تھا۔

لکھا ہے کہ صاحب نسبت بزرگ تھے اپنے زنانہ مکان کے حجرے میں ذکر کرتے۔ مولانا حبیب الرحمٰن صاحب سابق مہتمم دارالعلوم دیوبند فرمایا کرتے تھے کہ اس زمانے میں کشفی حالت دیوان جی کی اتنی بڑھی ہوئی تھی کہ باہر سڑک پر آنے جانے والے نظر آتے رہتے تھے درودیوار کا حجاب ان کے درمیان ذکر کے وقت باقی نہیں رہتا تھا۔" (حاشیہ سوانح قاسمی ج ۲ ص ۳۷)

"لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہ! دیکھ رہے ہیں آپ! مولوی قاسم صاحب نانوتوی کے ایک خانگی خادم کی یہ کشفی حالت! کہ مٹی کی دیواریں شفاف آئینہ کی طرح ان پر روشن رہا کرتی تھیں لیکن فہم واعتقاد کی اس گمراہی پر سر پیٹ لینے کو جی چاہتا ہے کہ ان حضرات کے یہاں مٹی کی دیواریں سرکار رسالتمآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نگاہ پر حجاب بن کر حائل رہتی تھیں۔

جیسا کہ دیوبندی جماعت کے معتمد وکیل مولوی منظور صاحب نعمانی تحریر فرماتے ہیں اگر حضور کو دیوار کے پیچھے کی سب باتیں معلوم ہو جایا کرتی تھیں تو حضرت بلال سے (دروازہ پر کھڑی ہونے والی عورتوں کا نام لے کر) دریافت کرنے کی کیا ضرورت تھی"۔

(فیصلہ کن مناظرہ صفحہ ۱۳۶)

آپ ہی انصاف کیجیے کہ اپنے رسول کے حق میں کیا اس سے زیادہ بھی جذبۂ رد کی بیگانگی کا کوئی تصور کیا جاتا ہے۔

marfat.com

دارالعلوم دیوبند میں الحاد و نصرانیت کا ایک مکاشفہ

لگے ہاتھوں انہی دیوان جی کا ایک کشف اور ملاحظہ فرمائیے۔ مولوی مناظر احسن گیلانی اپنے اسی حاشیہ میں یہ روایت نقل کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

"ان ہی دیوان جی کے مکاشفہ کا تعلق دارالعلوم دیوبند سے بھی نقل کیا جاتا ہے۔ لکھتے ہیں کہ مثالی عالم میں ان پر منکشف ہوا کہ دارالعلوم کے چاروں طرف ایک سرخ ڈورا تنا ہوا ہے۔

اپنے اس کشفی مشاہدہ کی تعبیر خود یہ کیا کرتے تھے کہ نصرانیت اور تجدد و کنادی کے آثار ایسا معلوم ہوتا ہے کہ دارالعلوم میں نمایاں ہوں گے۔" (ج ۲ ص ۳۷)

مجھے اس مقام پر سوا اس کے اور کچھ نہیں کہنا ہے کہ جو لوگ اپنا عیب چھپانے کے لیے دوسروں پر انگریزوں کی کاسہ لیسی اور سازباز کا الزام عائد کرتے ہیں وہ گریبان میں منہ ڈال کر ذرا اپنے گھر کا یہ کشف نامہ ملاحظہ فرمالیں۔ کتاب کے مصنفین کو اس کشف پر اگر اعتماد نہ ہوتا تو وہ ہرگز اسے شائع نہ کرتے۔

اور بات کشف ہی تک نہیں ہے تاریخی دستاویزات بھی اس امر واقعہ کی تائید میں ہیں کہ انگریزوں کے ساتھ نیازمندانہ تعلقات اور رازدارانہ سازباز، دارالعلوم دیوبند اور منتظمین و عمائدین کا ایسا نمایاں کارنامہ ہے جسے انہوں نے فخر کے ساتھ بیان کیا ہے۔

اور یہ بات میں از راہ الزام نہیں کہہ رہا ہوں بلکہ دیوبندی لٹریچر سے جو تاریخی شہادتیں مجھے موصول ہوئی ہیں ان کی روشنی میں اس کے سوا اور کچھ کہا ہی نہیں جا سکتا۔ نمونے کے طور پر چند تاریخی حوالے ذیل میں ملاحظہ فرمائیے:

انگریزوں کے خلاف افسانۂ جہاد کی حقیقت

ایک دیوبندی فاضل نے "مولانا محمد احسن نانوتوی" کے نام سے موصوف کی سوانح حیات لکھی ہے جسے مکتبۂ عثمانیہ کراچی پاکستان نے شائع کیا ہے۔ اپنی کتاب میں مصنف نے اخبار "انجمن" پنجاب لاہور مجریہ ۱۹ فروری ۱۸۷۵ء

marfat.com

کے حوالہ سے لکھا ہے کہ ۱۳ جنوری ۱۸۷۵ء بروز یک شنبہ لفٹننٹ گورنر کے ایک خفیہ معتمد انگریز مسمّٰی پامر نے مدرسۂ دیوبند کا معائنہ کیا۔ معائنہ کی جو عبارت موصوف نے اپنی کتاب میں نقل کی ہے اس کی یہ چند سطریں خاص طور سے پڑھنے کے قابل ہیں۔

جو کام بڑے بڑے کالجوں میں ہزاروں روپیہ کے صرف سے ہوتا ہے وہ یہاں کوڑیوں میں ہو رہا ہے۔ جو کام پرنسپل ہزاروں روپیہ میں ماہانہ تنخواہ لے کر کرتا ہے، وہ یہاں ایک مولوی چالیس روپیہ ماہانہ پر کر رہا ہے۔

"یہ مدرسہ خلاف سرکار نہیں بلکہ موافق سرکار ممد و معاون سرکار ہے"۔

(مولانا محمد احسن نانوتوی ص ۲۱۷)

ع مدعی لاکھ پہ بھاری ہے گواہی تیری

خود انگریز کی یہ شہادت ہے کہ "یہ مدرسہ خلاف سرکار نہیں بلکہ موافق سرکار ممد و معاون سرکار ہے۔

اب آپ ہی انصاف کیجئے کہ اس بیان کے سامنے اب اس افسانے کی کیا حقیقت ہے جس کا ڈھنڈورا پیٹا جاتا ہے کہ مدرسۂ دیوبند انگریزی سامراج کے خلاف سیاسی سرگرمیوں کا بہت بڑا اڈہ تھا۔

مدرسہ دیوبند کے قدیم کارکنوں کا انگریزوں کے ساتھ کس درجہ خیر خواہانہ اور نیازمندانہ تعلق تھا اس کا اندازہ لگانے کے لیے خود قاری طیب صاحب مہتمم دارالعلوم دیوبند کا تہلکہ آمیز بیان پڑھیے، فرماتے ہیں:

"(مدرسہ دیوبند کے کارکنوں میں اکثریت) ایسے بزرگوں کی تھی جو گورنمنٹ کے قدیم ملازم اور حال پنشنر تھے جن کے بارہ میں گورنمنٹ کو شک و شبہ کرنے کی کوئی گنجائش ہی نہ تھی۔" (حاشیہ سوانح قاسمی ج ۲ ص ۲۴۷)

آگے چل کر انہی "بزرگوں" کے متعلق لکھا ہے کہ مدرسۂ دیوبند میں ایک موقعہ پر جب انکوائری آئی تو اس وقت یہی حضرات آگے بڑھے اور اپنے سرکاری اعتماد کو سامنے رکھ کر مدرسہ کی طرف سے صفائی پیش کی جو کارگر ہوئی"۔ (حاشیہ سوانح قاسمی

marfat.com

گھر کا رازدار ہونے کی حیثیت سے قاری طیب صاحب کا بیان جتنا باوزن ہو سکتا ہے وہ محتاجِ بیان نہیں ہے۔

اب آپ ہی فیصلہ کیجئے کہ جس مدرسہ کے چلانیوالے انگریزوں کے وفا پیشہ نمک خوار ہوں اسے باغیانہ سرگرمیوں کا اڈہ کہنا آنکھوں میں دھول جھونکنے کے مترادف ہے یا نہیں؟

اب انگریز کے خلاف دیوبندی اکابر افسانۂ جہاد و بغاوت کی پوری رپورٹ اگلنے والی ایک سنسنی خیز کہانی سنیے۔

سوانح قاسمی میں مولوی قاسم صاحب نانوتوی کے ایک حاضر باش مولوی منصور علی خاں کی زبانی یہ قصہ بیان کیا گیا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ "ایک دن مولانا نانوتوی کے ہمراہ میں نانوتہ جا رہا تھا کہ اثنائے راہ میں مولانا کا جام افشاں و خیزاں آتا ہوا ملا اور اس نے خبر دی کہ نانوتہ کے تھانیدار نے ایک عورت کے بھگانے کے الزام میں میرا چالان کر دیا ہے۔ خدارا مجھے بچائیے۔"

مولوی منصور علی خاں کا بیان ہے کہ نانوتہ پہنچتے ہی مولانا نے اپنے مخصوص کارندہ منشی محمد سلیمان کو طلب کیا اور پُر جلال آواز میں فرمایا:

"اس غریب کو تھانیدار نے بے قصور پکڑا ہے تم اس سے کہہ دو کہ یہ (حجام) ہمارا آدمی ہے اس کو چھوڑ دو ورنہ تم بھی نہ بچو گے۔ اس کے ہاتھ ہتھکڑی ڈالو گے تو تمہارے ہاتھ میں بھی ہتھکڑی پڑے گی۔" (سوانح قاسمی ج ۱ ص ۳۲۱، ۳۲۲)

لکھا ہے کہ منشی محمد سلیمان نے مولانا نانوتوی کا حکم ہُو بہو تھانیدار تک پہنچا دیا۔ تھانیدار نے جواب دیا کہ اب کیا ہو سکتا ہے روزنامچہ میں اس کا نام لکھ دیا گیا۔

مولانا نانوتوی نے اس کے جواب پر حکم دیا کہ تھانیدار سے جا کر کہہ دو کہ اس کا نام روزنامچہ سے کاٹ دو۔ منصور علی خاں کا بیان ہے کہ مولانا کا یہ حکم پا کر سراسیمگی کی حالت میں تھانیدار خود ان کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا:

"حضرت نام نکالنا بڑا جُرم ہے۔ اگر نام اس کا نکالا تو میری نوکری جاتی رہے گی۔

marfat.com

فرمایا، اس کا نام (روزنامچہ سے) کاٹ دو، تمہاری نوکری نہیں جائے گی۔"

(سوانح قاسمی ص ۳۲۳)

واقعہ کا راوی کہتا ہے کہ "مولانا کے حکم کے مطابق تھانیدار نے حجام کو چھوڑ دیا اور تھانیدار تھانیدار ہی رہا۔"

مجھے اس واقعہ پر بجز اس کے اور کوئی تبصرہ نہیں کرنا ہے کہ مولوی قاسم صاحب نانوتوی اگر انگریزی حکومت کے باغیوں میں تھے تو پولیس کا محکمہ اس قدر ان کے تابع فرمان کیوں تھا؟ اور تھانیدار کو یہ دھمکی کہ "اسے چھوڑ دو ورنہ تم بھی نہ بچو گے۔ وہی دے سکتا ہے جس کا ساز باز اوپر کے مرکزی حکام سے ہو۔

انگریزی قوم کی بارگاہ میں نیاز مندانہ ذہن کا ایک رُخ اور ملاحظہ فرمائیے۔ اس سلسلے میں سوانح قاسمی کے مصنف کی ایک عجیب وغریب روایت سُنیئے، فرماتے ہیں کہ:

"انگریزوں کے مقابلے میں جو لوگ لڑ رہے تھے ان میں حضرت مولانا شاہ فضل الرحمٰن گنج مراد آبادی رحمۃ اللہ علیہ بھی تھے اچانک ایک دن مولانا کو دیکھا گیا کہ خود بھاگے جا رہے ہیں اور کسی چودھری کا نام لے کر جو باغیوں کی فوج کی افسری کر رہے تھے کہتے جاتے تھے کہ لڑنے کا کیا فائدہ؟ خضر کو تو میں انگریزوں کی صف میں پا رہا ہوں"۔ (حاشیہ سوانح قاسمی ج ۲ ص ۳۴۳)

انگریزوں کی صف میں حضرت خضر کی موجودگی اتفاقاً نہیں پیش کی گئی بلکہ وہ "نصرتِ حق" کی علامت بن کر انگریزی فوج کے ساتھ ایک بار اور دیکھے گئے تھے جیسا کہ فرماتے ہیں:

"غدر کے بعد جب گنج مراد آباد کی ویران مسجد میں حضرت مولانا (شاہ فضل الرحمٰن صاحب) مقیم ہوئے تو اتفاقاً اُسی راستے سے جس کے کنارے مسجد ہے کسی وجہ سے انگریزی فوج گزر رہی تھی مولانا مسجد سے دیکھ رہے تھے۔ اچانک مسجد کی سیڑھیوں سے اُتر کر دیکھا گیا کہ انگریزی فوج کے ایک سائیس سے جو باگ ڈور، کھونٹے وغیرہ گھوڑے کے لیے ہوئے تھا اس سے باتیں کر کے مسجد واپس آ گئے۔

اب یاد نہیں رہا کہ پوچھنے پر یا خود بخود فرمانے لگے سائیس جس سے میں نے گفتگو کی یہ خضر تھے۔ میں نے پوچھا یہ کیا حال ہے تو جواب میں کہا کہ حکم یہی

marfat.com

ہوا ہے۔" (حاشیہ سوانح قاسمی ص ۱۰۳)

یہاں تک تو روایت تھی اب اس روایت کی توثیق و تشریح ملاحظہ فرمائیے، لکھتے ہیں:

"باقی خود خضر کا مطلب کیا ہے؟ نصرت حق کی مثالی شکل تھی جو اس نام سے ظاہر ہوئی، تفصیل کے لیے شاہ ولی اللہ وغیرہ کی کتابیں پڑھیے گویا جو کچھ دیکھا جا رہا تھا اسی کے باطنی پہلو کا یہ مکاشفہ تھا۔" (حاشیہ سوانح قاسمی)

بات ختم ہو گئی لیکن یہ سوال سر پر چڑھ کے آواز دے رہا ہے کہ جب حضرت خضر کی صورت میں نصرتِ حق انگریزی فوج کے ساتھ تھی تو ان باغیوں کے لیے کیا حکم ہے جو حضرت خضر کے معاملے میں لڑنے آئے تھے؟ کیا اب بھی انہیں غازی اور مجاہد کہا جا سکتا ہے؟

اپنے موضوع سے ہٹ کر ہم بہت دور نکل آئے لیکن آپ کی نگاہ پر بار نہ ہو تو اس بحث کے خاتمے پر اکابر دیوبند کی ایک دلچسپ دستاویز اور ملاحظہ فرمائیے۔

دیوبندی حلقے کے ممتاز مصنف مولوی عاشق الٰہی میرٹھی اپنی کتاب تذکرۃ الرشید میں انگریزی حکومت کے ساتھ مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی کے نیاز مندانہ جذبات کی تصویر کھینچتے ہوئے ایک جگہ لکھتے ہیں:

"آپ (سمجھے ہوئے تھے کہ میں جب حقیقت میں سرکار کا فرماں بردار ہوں تو جھوٹے الزام سے میرا بال بیکا نہ ہوگا اور اگر مارا بھی گیا تو سرکار مالک ہے اسے اختیار ہے جو چاہے کرے۔" (تذکرۃ الرشید ج ۱ ص ۸۰)

کچھ سمجھا آپ نے؟ کس الزام کو یہ جھوٹا کہہ رہے ہیں۔ یہی کہ انگریزوں کے خلاف انہوں نے علمِ جہاد بلند کیا تھا۔ میں کہتا ہوں کہ گنگوہی صاحب کی یہ پُرخلوص صفائی کوئی مانے یا نہ مانے لیکن کم از کم ان کے معتقدین کو تو ضرور ماننا چاہیے لیکن غضب خدا کا کہ اتنی شد و مد کے ساتھ صفائی کے باوجود بھی ان کے ماننے والے یہ الزام ان پر آج تک دھرا رہے ہیں کہ انہوں نے انگریزوں کے خلاف علمِ جہاد بلند کیا تھا۔ دنیا کی تاریخ میں

marfat.com

اس کی مثال مشکل ہی سے ملے گی کہ کسی فرقے کے افراد نے اپنے پیشوا کی اس طرح تکذیب کی ہو۔

اور "سرکار مالک ہے سرکار کو اختیار ہے" یہ جُملے اسی کی زبان سے نکل سکتے ہیں جو "تن" سے لے کر "من" تک پُوری طرح کسی کے جذبۂ غلامی میں بھیگ چکا ہو۔

آہ! دلوں کی بدبختی اور روحوں کی شقاوت کا حال بھی کتنا عبرت انگیز ہوتا ہے۔ سوچتا ہوں تو دماغ پھٹنے لگتا ہے کہ خدا کے باغیوں کے لیے جذبۂ عقیدت کا اعتراف یہ ہے کہ وہ مالک بھی ہیں اور مختار بھی! لیکن احمد مجتبےٰ اور محبوبِ کبریا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی جناب میں اُن حضرات کے عقیدے کی زبان یہ ہے:

"جس کا نام محمد یا علی ہے وُہ کسی چیز کا مختار (مالک) نہیں"۔

(تقویۃ الایمان)

بیشک! یہ بتانے کا حق مملوک ہی کو ہے کہ اس کا مالک کون ہے، کون نہیں ہے۔ جو مالک تھا اس کے لیے اعتراف کی زبان کھلنی تھی کھل گئی اور جو مالک نہیں تھا اس کا انکار ضروری تھا ہو گیا اب یہ بحث بالکل عبث ہے کہ کس کا مقدر کس مالک کے ساتھ وابستہ ہو۔

یہاں پہنچ کر ہمیں کچھ نہیں کہنا ہے۔ تصویر کے دونوں رُخ آپ کے سامنے ہیں۔ مادی منفعت کی کوئی مصلحت مانع نہ ہو تو اب آپ ہی فیصلہ کیجئے کہ دلوں کی اقلیم پر کس کی بادشاہت کا جھنڈا گڑا ہُوا ہے۔ سلطان الانبیاء کا یا تاج برطانیہ کا؟

بات چلی تھی گھر کے مکاشفہ سے اور گھر ہی کی دستاویز پر ختم ہو گئی۔ اب پھر کتاب کے اصل موضوع کی طرف پلٹتا ہوں اور آپ بھی اپنے ذہن کا رشتہ واقعات کے سلسلے سے منسلک کر لیجئے۔

غیبی ادراک کے سمندر میں تلاطم

مولوی مناظر احسن گیلانی نے اپنی کتاب سوانح قاسمی میں ارواح ثلاثہ کے حوالہ سے ایک نہایت حیرت انگیز واقعہ نقل کیا ہے۔ لکھتے ہیں کہ چھتہ کی مسجد واقع دیوبند میں

marfat.com

کچھ لوگ جمع تھے۔ اس مجمع میں ایک دن مولوی یعقوب صاحب نانوتوی مہتمم مدرسہ دیوبند فرمانے لگے:

"بھائی آج صبح کی نماز میں ہم مرجاتے بس کچھ ہی کسر رہ گئی لوگ حیرت سے پوچھنے لگے آخر کیا حادثہ پیش آیا۔ سُننے کی بات یہی ہے جواب میں فرما رہے تھے کہ آج صبح میں سورہ مزمّل پڑھ رہا تھا کہ اچانک علوم کا اتنا عظیم الشان دریا میرے قلب کے اُوپر گزرا کہ میں تحمل نہ کرسکا اور قریب تھا کہ میری رُوح پرواز کرجائے۔ کہتے تھے کہ وُہ تو خیر گزری کہ وُہ دریا جیسا کہ ایک دم آیا ویسا ہی نکلا چلا گیا اس لیے میں بچ گیا۔ کہتے تھے کہ علوم کا یہ دریا جو اچانک چڑھتا ہُوا اُن کے قلب پر سے گزر گیا یہ کیا تھا؛ خود ہی اس کی تشریح بھی انہی سے بایں الفاظ اسی کتاب میں پائی جاتی ہے کہ نماز کے بعد میں نے غور کیا کہ یہ کیا معاملہ تھا تو منکشف ہوا کہ حضرت مولانا نانوتوی ان ساعتوں میں میری طرف میرٹھ میں متوجہ ہوئے تھے یہ ان کی توجہ کا اثر ہے کہ علوم کے دریا دُوسروں کے قلوب پر موجیں مارنے لگے اور تحمل دشوار ہوجائے۔"

(سوانح قاسمی ج ۱ ص ۳۴۵)

اصل واقعہ نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں:

"خود ہی بتائیے کہ فکری و دماغی علوم والے بھلا اس کا کیا مطلب سمجھ سکتے ہیں؛ کہاں میرٹھ اور کہاں چھتہ کی مسجد! میرٹھ سے دیوبند تک کا مکانی فاصلہ درمیان میں حائل نہ ہوا۔"

سوانح قاسمی ج ۱ ص ۳۴۵)

بتائیے! اب اس ان کہی کو کیا کہا جائے یہ معمہ تو گیلانی صاحب اور ان کی جماعت کے علماء ہی حل کرسکتے ہیں کہ جو فاصلۂ مکانی ان حضرات کے تئیں انبیاء اور سیدالانبیاء تک پر حائل رہتا ہے وہ نانوتوی صاحب پر کیوں نہیں حائل ہُوا۔

اور مولوی یعقوب صاحب کی غیبی قوتِ ادراک کا کیا کہنا کہ انہوں نے دیوبند میں بیٹھے بیٹھے مولوی قاسم صاحب نانوتوی کی وُہ غیبی توجہ تک معلوم کرلی جو انہوں نے میرٹھ سے ان کی طرف مبذول کی تھی اور وہ بھی اتنا جھٹ پٹ کہ نماز کے بعد غور کیا اور سارا معاملہ اسی لمحے منکشف ہوگیا۔ دنوں، ہفتوں اور مہینوں کی بات تو الگ رہی گھنٹے آدھ گھنٹے کا بھی

marfat.com

وقفہ گزرا۔ لیکن شرم سے سر جھکا لیجیے کہ گھر کے بزرگوں کا تو یہ حال بیان کیا جاتا ہے اور رسول مجتبیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حق میں پوری جماعت کا عقیدہ یہ ہے۔

بہت سے امور میں آپ کا خاص اہتمام سے توجہ فرمانا بلکہ فکر و پریشانی میں واقع ہونا اور باوجود اس کے پھر مخفی رہنا ثابت۔ قصۂ زفک میں آپ کی تفتیش و استکشاف بابلغ وجوہ، صحاح میں مذکور ہے مگر صرف توجہ سے انکشاف نہیں ہوا۔ بعد ایک ماہ وحی کے ذریعہ اطمینان ہوا۔ (حفظ الایمان ص ۷، مولوی اشرف علی صاحب تھانوی)

اب اس بے وفائی کا انصاف تو رسولِ عربی کی وفادار امت ہی کرے گی کہ خود تو یہ حضرات آنِ واحد میں سیکڑوں میل کی مسافت سے دلوں کے مخفیات پر مطلع ہو جاتے ہیں لیکن رسول انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے ایک ماہ کی طویل مدت میں بھی کسی مخفی امر کے انکشاف کی قوت تسلیم نہیں کرتے۔

کیا اتنی کھلی ہوئی شہادتوں کے بعد بھی حق و باطل کی راہوں کا امتیاز محسوس کرنے کیلئے مزید کس نشانی کی ضرورت باقی رہ گئی؛ محشر کی تپتی ہوئی سرزمین پر رسول عربی کی شفاعت کے امیدوارو! جواب دو؟؟

۵

غیبی قوت اور اس کے تصرف کا ایک عجیب و غریب واقعہ

ارواح ثلثہ میں مولوی قاسم علی صاحب نانوتوی کے ایک شاگرد رشید مولوی منصور علی خاں کی زبانی یہ دلچسپ اور پُر اسرار حصہ سنیے۔ بیان کرتے ہیں کہ:

"مجھے ایک لڑکے سے عشق ہو گیا اور اس قدر اس کی محبت نے طبیعت پر غلبہ پایا کہ رات دن کے تصور میں رہنے لگے۔ میری عجیب حالت ہو گئی تمام کاموں میں اختلال ہونے لگا۔ حضرت (مولانا نانوتوی) کی فراست نے بھانپ لیا لیکن سبحان اللہ تربیت و نگرانی اسے کہتے ہیں کہ نہایت بے تکلفی کے ساتھ حضرت نے میرے ساتھ دوستانہ

marfat.com

برتاؤ شروع کر دیا اور اسے اس قدر بڑھایا کہ جیسے دو بار آپس میں بے تکلف دل لگی کرتے ہیں۔

یہاں تک کہ خود ہی اس محبت کا ذکر چھیڑا فرمایا ہاں بھائی وہ تمہارے پاس آتے بھی ہیں یا نہیں؟ میں شرم و حجاب سے چُپ رہ گیا تو فرمایا نہیں بھائی یہ حالات تو انسان پر ہی آتے ہیں اس میں چھپانے کی کیا بات ہے۔ غرض اس طریق سے مجھ سے گفتگو کی کہ میری ہی زبان سے اس کی محبت کا اقرار کر لیا اور کوئی خفگی اور ناراضگی نہیں ظاہر کی بلکہ دلجوئی فرمائی۔" (ارواحِ ثلثہ ص ۲۴۶)

اس کے بعد جب میری بے چینی بہت زیادہ بڑھ گئی اور عشق کے ہاتھوں میں بالکل تنگ آ گیا تو ناچار ایک دن مولانا نانوتوی کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا:

"حضرت باللہ میری اعانت فرمایئے میں تنگ آ گیا ہوں اور عاجز ہو چکا ہوں۔ ایسی دعا فرما دیجئے کہ اس لڑکے کا خیال تک میرے قلب سے محو ہو جائے تو ہنس کر فرمایا کہ بس مولوی صاحب کیا تھک گئے بس جوش ختم ہو گیا؟ میں نے عرض کیا کہ حضرت! میں سارے کاموں سے بیکار ہو گیا، نکما ہو گیا۔ اب مجھ سے یہ برداشت نہیں ہو سکتا۔ خدا کے لیے میری امداد فرمایئے۔ فرمایا بہت اچھا! بعد مغرب جب میں نماز سے فارغ ہوں تو آپ موجود رہیں۔" (ارواحِ ثلثہ ص ۲۴۷)

آپ کے نماز کے بعد کا واقعہ سُنیئے، "مبتلائے غمِ جاناں" بیان کرتا ہے کہ

"میں مغرب کی نماز پڑھ کر چھتہ کی مسجد میں بیٹھا رہا جب حضرت صلوٰۃ الاوابین سے فارغ ہوئے تو آواز دی مولوی صاحب! میں نے عرض کیا حضرت حاضر ہوں میں سامنے حاضر ہوا اور بیٹھ گیا۔ فرمایا کہ ہاتھ لاؤ۔ میں نے ہاتھ بڑھایا میرا ہاتھ اپنے بائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر رکھ کر میری ہتھیلی کو اپنی ہتھیلی سے اس طرح رگڑا جیسے بان بٹے جاتے ہیں۔ خدا کی قسم میں نے بالکل عیاناً (کھلی آنکھوں سے) دیکھا کہ میں عرش کے نیچے ہوں اور ہر چہار طرف نور اور روشنی نے میرا احاطہ کر لیا ہے گویا میں دربارِ الٰہی میں حاضر ہوں۔"

(ارواحِ ثلثہ ص ۲۴۷)

marfat.com

عالم غیب کی نقاب کشائی کی ذرا یہ شان ملاحظہ فرمائیے کہ پارس پتھر کی طرح ہتھیلی پر ہتھیلی رگڑتے ہی آنکھیں روشن ہوگئیں اور عرش تک کے سارے حجابات آن واحد میں اُٹھ گئے اور صرف اُٹھ ہی نہیں گئے بلکہ اپنے "رنگین مزاج" شاگرد کو پلک جھپکتے وہاں پہنچا دیا جہاں بجز سیّد الانبیا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عالم گیتی کا کوئی انسان اب تک نہیں پہنچ سکا۔

عالم غیب پر اپنے اقتدار کے تسلط کا تو یہ حال بیان کیا جاتا ہے کہ جسے چاہا غیب دان بنا دیا لیکن محبوب کبریا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حق میں بیک زبان سب متفق ہیں کہ کسی اور کو حرم سرائے غیب کا محرم بنایا تو بڑی بات ہے وہ خود غیب کی بات نہیں جانتے اور عرش کا تو پوچھنا ہی کیا ہے کہ فرش بھی ان کی نگاہ سے اوجھل۔

آپ ہی منصفی سے کہئے کہ کیا یہی شیوۂ اسلام اور تقاضائے کلمہ گوئی ہے؟

(۶)

دیوبندی مکتبۂ فکر کی بنیاد ہلا دینے والی ایک کہانی

مولوی مناظر احسن گیلانی نے ان ہی مولوی قاسم صاحب نانوتوی کے متعلق اپنی کتاب سوانح قاسمی میں اچنبھے میں ڈال دینے والی ایک حکایت بیان کی ہے۔

لکھتے ہیں کہ ایک بار مولانا موصوف کا کسی ایسے گاؤں میں گزر ہوا جہاں شیعوں کی کثیر آبادی تھی۔ سنّیوں کو جب اُن کی آمد کی خبر ہوئی تو موقع غنیمت جانا اور اُن کے وعظ کا اعلان کر دیا۔ اعلان سُنتے ہی شیعوں میں ایک کھلبلی مچ گئی۔ انہوں نے جلسۂ وعظ کو ناکام بنانے کے لیے لکھنؤ سے چار مجتہد بلوائے اور پروگرام یہ طے پایا کہ مجلس وعظ میں چاروں کونوں پر یہ چاروں مجتہد بیٹھ جائیں اور چالیس اعتراض منتخب کر کے دس دس اعتراض چاروں پر بانٹ دیئے گئے کہ اثنائے وعظ میں ہر ایک مجتہد الگ الگ اعتراض کرے اور اس طرح جلسۂ وعظ کو درہم برہم کر دیا جائے اب اس کے

marfat.com

واقعہ خود سوانح نگار کے الفاظ میں سُنیے، لکھتے ہیں کہ

"حضرت والا کی کرامت کا حال سنیے کہ حضرت نے وعظ شروع فرمایا جس میں گاؤں کی تمام شیعہ برادری بھی جمع تھی اور وہ وعظ ایسی ترتیب سے اعتراضوں کے جواب پر مشتمل شروع ہوا جس ترتیب سے اعتراضات لے کر مجتہدین بیٹھے تھے گویا ترتیب کے مطابق جب کوئی مجتہد اعتراض کرنے کے لیے گردن اٹھاتا تو حضرت اسی اعتراض کو خود نقل کر کے جواب دینا شروع فرماتے یہاں تک کہ وعظ پُورے سکون کے ساتھ پُورا ہوا۔"

(حاشیہ سوانح قاسمی ج ۲ ص ۱۱)

اس واقعہ کے بعد جو واقعہ پیش آیا وہ اس سے بھی زیادہ حیرت ناک اور دلچسپ ہے لکھا ہے کہ

مجتہدین اور مقامی شیعہ چودھریوں کی اس میں اپنی انتہائی سبکی اور خفت محسوس ہوئی تو انہوں نے حرکت مذبوحی کے طور پر اس شرمندگی کو مٹانے اور حضرت والا کے اثرات کا ازالہ کرنے کے لیے یہ تدبیر کی کہ ایک نوجوان کا فرضی جنازہ بنایا اور حضرت سے آ کر عرض کیا کہ حضرت نماز جنازہ آپ پڑھا دیں۔

پروگرام یہ تھا کہ جب حضرت دو تکبیر کہہ لیں تو صاحب جنازہ ایک دم اُٹھ کھڑا ہو اور اس پر حضرت کے ساتھ استہزاء اور تمسخر کیا جائے، حضرت والا نے مذمت فرمائی کہ آپ لوگ شیعہ ہیں اور میں سُنّی ہُوں۔ اصول نماز الگ الگ ہیں۔ آپ کے جنازے کی نماز مجھ سے پڑھوانی جائز کب ہوگی؟ شیعوں نے عرض کیا کہ حضرت! بزرگ ہر قوم کا بزرگ ہی ہوتا ہے آپ تو نماز پڑھا ہی دیں۔

حضرت نے ان کے اصرار پر منظور فرما لیا اور جنازے پر پہنچ گئے۔ مجمع تھا، حضرت ایک طرف کھڑے ہُوئے تھے کہ چہرے پر غصّے کے آثار دیکھے گئے۔ آنکھیں سُرخ تھیں اور انقباض چہرے سے ظاہر تھا۔ نماز کے لیے کہا گیا تو آگے بڑھے اور نماز شروع کر دی۔ دو تکبیر کہنے پر جب طے شدہ پروگرام کے مطابق جنازے میں حرکت نہ ہُوئی تو پیچھے سے کسی نے "ہونہہ" کے ساتھ سسکاری دی مگر وہ نہ اُٹھا۔

marfat.com

"حضرت نے تکبیرات اربعہ پوری کر کے اسی غصّے کے لہجے میں فرمایا کہ اب یہ قیامت کی صبح سے پہلے نہیں اُٹھ سکتا۔ دیکھا گیا تو مُردہ تھا۔ شیعوں میں رونا پیٹنا پڑ گیا۔"

(حاشیہ سوانح قاسمی ج ۲ ص ۱)

قسم ہے آپ کو جلالتِ خداوندی کی جس کی ہیبت سے مومن کا کلیجہ لرزتا رہتا ہے کہ حق کے ساتھ انصاف کرنے میں کسی کی پاسداری نہ کیجیے گا۔

یہ دونوں واقعے آپ کے سامنے ہیں۔ پہلے واقعہ میں نانوتوی صاحب کے لیے غیبی علم و ادراک کی وُہ عظیم قوّت ثابت کی گئی ہے جس کے ذریعہ انہوں نے الگ الگ مجتہد کے دل میں چھپے اعتراض کو اسی ترتیب کے ساتھ معلوم کر لیا جس ترتیب کے ساتھ وُہ اپنے اپنے دلوں میں چھپا کر لائے تھے۔

گھر کے بزرگ کے لیے تو جذبۂ اعتراف کی یہ فراوانی ہے کہ دلوں کے چھُپے ہُوئے خطرات آئینے کی طرح اُن کے پیشِ نظر ہیں۔

اپنے مولانا اس غیبی قوت ادراک کا اعتراف کرتے ہُوئے نہ شرک کا کوئی قانون دامنگیر ہوا اور نہ مشربِ توحید سے کوئی انحراف نظر آیا۔ لیکن انبیاء و اولیاء کے حق میں اس غیبی قوتِ ادراک کے سوال پر ان حضرات کے عقیدے کی زبان یہ ہے۔

"کچھ اس بات میں بھی ان کو بڑائی نہیں ہے کہ اللہ نے غیب دانی اختیار میں دے دی ہو کہ جس کے دل کے احوال جب چاہیں معلوم کر لیں یا جس غائب کا احوال جب چاہیں معلوم کر لیں کہ وُہ جیتا ہے یا مر گیا یا کس شہر میں ہے۔" (تقویۃ الایمان ص ۲۵)

انصاف و دیانت کی روشنی میں چلنے کی تمنا کرنے والو! حق و باطل کی راہوں کا امتیاز محسوس کرنے کے لیے اب بھی کسی مزید نشانی کی ضرورت ہے۔

ایک واقعہ پر تبصرہ ختم ہوا اب دُوسرے واقعہ پر اپنی توجہ مبذول فرمائیے۔ واقعہ کی یہ تفصیل تو اپنی جگہ پر ہے کہ نمازِ جنازہ کے لیے کھڑے ہُوئے تو فرطِ غضب سے آنکھیں سُرخ تھیں جس کا مطلب یہ ہے کہ موصوف کو اپنی غیبی قوتِ ادراک کے ذریعہ پہلے ہی یہ معلوم ہو گیا تھا کہ تابوت کے اندر جنازہ مُردہ نہیں بلکہ زندہ ہے اور صرف از راہِ تمسخر انہیں

marfat.com

نماز جنازہ پڑھانے کے لیے کہا گیا ہے۔

لیکن کہانی کا نقطۂ عروج یہ ہے کہ انہوں نے تکبیرات اربعہ پوری کرنے کے بعد اسی غصّے کے لہجے میں فرمایا کہ "اب یہ قیامت کی صبح سے پہلے نہیں اُٹھ سکتا" اس فقرے کا مدعا سوا اس کے اور کیا ہو سکتا ہے کہ موصوف کی قوتِ تصرف سے اچانک اس کی موت واقع ہو گئی اور معاً اس کا علم بھی انہیں ہو گیا۔

اب ٹھیک اس روایت کی دُوسری سمت میں دیوبند مذہب کی بنیادی کتاب تقویۃ الایمان کی یہ عبارت پڑھیے اور دریائے حیرت میں غوطہ لگائیے۔

"عالم میں ارادہ سے تصرف کرنا اور اپنا حکم جاری کرنا اور اپنی خواہش سے مارنا اور جلانا یہ سب اللہ ہی کی شان اور کسی انبیاء و اولیاء کی پیر و مرشد کی، بھوت و پری کی یہ شان نہیں۔ جو کوئی کسی کو ایسا تصرف ثابت کرے سو وُہ مشرک ہو جاتا ہے۔"

(تقویۃ الایمان صفحہ ۱۰)

ایک طرف دیوبند مذہب کا یہ عقیدہ پڑھیے۔ صاف عیاں ہو جائے گا کہ ان حضرات کے یہاں شرک کی ساری بحثیں صرف انبیاء و اولیاء کی حُرمتوں سے کھیلنے کے لیے ہیں ورنہ ہر شرک اپنے گھر کے بزرگوں کے حق میں عین اسلام ہے۔

عقیدۂ توحید کے ساتھ تصادم کا ایک واقعہ

بات چل پڑی ہے تو عقیدۂ توحید کے ساتھ تصادم کا اب اس سے بھی زیادہ خونریز واقعہ ملاحظہ فرمائیے۔ مولوی اشرف علی صاحب تھانوی کے سوانح نگار خواجہ عزیز الحسن نے اپنی کتاب میں تھانوی صاحب کے احباب کا تذکرہ کرتے ہُوئے یہ واقعہ نقل کیا ہے موصوف لکھتے ہیں کہ

"حضرت حافظ احمد حسین صاحب شاہجہانپوری جو باوجود شاہجہانپور کے بڑے رئیس ہونے کے صاحب سلسلۂ بزرگ بھی تھے ایک بار کسی کے لیے بددُعا کی تو وُہ شخص دفعۃً مر گیا۔ بجائے اس کے کہ اپنی اس کرامت سے خوش ہوتے ڈرتے اور بذریعہ تحریر حضرت والا (تھانوی صاحب) سے مسئلہ

marfat.com

پُوچھا کہ مجھے قتل کا گناہ تو نہیں ہُوا؟" (اشرف السوانح ج ۱ ص ۱۲۵)

تھانوی صاحب کا یہ ایمان شکن جواب دیدۂ حیرت سے پڑھنے کے قابل ہے، تحریر فرمایا کہ

" اگر آپ میں قوتِ تصرف ہے اور بددعا کرنے کے وقت آپ نے اس قوت سے کام لیا تھا یعنی یہ خیال قصد اور قوت کے ساتھ کیا تھا کہ یہ شخص مرجائے تب تو قتل کا گناہ ہوا۔ اور چونکہ یہ قتل شبہ عمد اس لیے دیت اور کفارہ واجب ہوگا۔" (اشرف السوانح ج ۱ ص ۱۲۵)

اب اسی کے ساتھ دیوبندی مذہب کی بنیادی کتاب تقویۃ الایمان کی یہ عبارت پڑھیے۔ انبیاء و اولیاء کی قوتِ تصرف پر بحث کرتے ہُوئے لکھتے ہیں:

" اور اس بات کی ان میں کچھ بڑائی نہیں کہ اللہ نے ان کو عالم میں تصرف کرنے کی کچھ قدرت دی ہو کہ جس کو چاہیں مار ڈالیں"۔

(تقویۃ الایمان ص ۲۵)

دیکھ رہے ہیں آپ؛ تصرف کی یہی قوت انبیاؑ و اولیاؑ کے لیے تسلیم کرنا دیوبندی مذہب میں شرک ہے! اور ان کے تئیں یہ شان صرف اللہ کی ہے جو کوئی کسی کو ایسا تصرف ثابت کرے سو وُہ مشرک ہو جاتا ہے لیکن یہ کیسی قیامت ہے کہ اسی شرک کو اپنے گلے کا ہار بنا لینے کے باوجود تھانوی صاحب اور ان کے متبعین رُوئے زمین کے سب سے بڑے توحید پرست کہلانے کے مدعی ہیں۔

اپنے بزرگوں کے لیے ایک شرمناک دعویٰ

مولوی انوار الحسن ہاشمی مبلغ دار العلوم دیوبند نے "مبشرات دار العلوم" کے نام سے ایک کتاب لکھی جو دار العلوم کے محکمۂ نشر و اشاعت کی طرف سے شائع کی گئی ہے کتاب کے پیش لفظ کا یہ حصہ خاص طور پر پڑھنے کے قابل ہے لکھتے ہیں کہ:

"بعض کامل الایمان بزرگوں کو جن کی عمر کا بیشتر حصہ تزکیۂ نفس اور رُوحانی

marfat.com

تربیت میں گزرتا ہے باطنی اور روحانی حیثیت سے ان کو منجانب اللہ ایسا ملکۂ راسخہ حاصل ہوجاتا ہے کہ خواب یا بیداری میں ان پر وہ امور خود بخود منکشف ہوجاتے ہیں جو دوسروں کی نظروں سے پوشیدہ ہیں۔"

(مبشرات دار العلوم ص ۱۲)

لیکن غیرت اسلامی کو آواز دیجئے کہ کشف کا یہی ملکۂ راسخہ جو دیوبند کے کامل ایمان بزرگوں کو تزکیۂ نفس کی بدولت حاصل ہوجایا کرتا ہے۔

وہ رسولِ اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حق میں یہ حضرات تسلیم نہیں کرتے۔ جب ان سے کہا جاتا ہے کہ تصوف کی مستند کتابوں میں جب اُمت کے بعض اولیاء کے کشف کا ثبوت ملتا ہے تو روئے زمین کے علم کے سلسلے میں اگر سردارانِ انبیاء و اولیاء حضور اکرم صلی اللہ عالیٰ علیہ وسلم کے لیے بھی کشف مان لیا جائے تو کیا قیامت لازم آتی ہے؛ تو اس کا جواب یوں عنایت فرماتے ہیں:

"ان اولیاء کو حق تعالیٰ نے کشف کر دیا کہ ان کو یہ حضور علم حاصل ہوگیا اگر اپنے فخرِ عالم علیہ السلام کو بھی لاکھ گونہ اس سے زیادہ عطا فرمادے ممکن ہے۔ مگر ثبوت فعلی اس کا کہ عطا کیا کس نص (نص) دلیل سے ثابت ہے کہ اس پر عقیدہ کیا جائے۔" (براہین قاطعہ ص ۵۲)

گروہی پاسداری کے جذبہ سے بالاتر ہوکر فیصلہ کیجئے کہ رسول الثقلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا کشف تو اللہ کی عطا پر موقوف رکھا گیا ہے لیکن دیوبند کے کامل الایمان بزرگوں کو ریاضت اور تزکیۂ نفس کے بل پر یہ کشف خود بخود حاصل ہوجاتا ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ حصولِ کشف کا ذریعہ اگر تزکیۂ نفس اور ریاضت ہی ہے جیسا کہ اُوپر گزرا تو اس تفریق کی وجہ سوائے اس کے اور کیا ہوسکتی ہے کہ یہ حضرات اپنے بزرگوں کو ریاضت اور تزکیۂ نفس میں معاذ اللہ رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے بھی افضل و برتر سمجھتے ہیں۔

پھر مذکورۂ بالا دونوں عبارتوں کو ایک ساتھ نظر میں رکھنے کے بعد ایک تیسرا سوال یہ بھی پیدا ہوتا ہے کہ اپنے بزرگوں کے حق میں ملکۂ راسخہ کے نام سے کشف کی

marfat.com

ایک ایسی دائمی اور ہمہ وقتی قوت مان لی گئی جس کے بعد اب فرداً فرداً ایک مخفی شے کے علم کے ثبوت کی احتیاج ہی باقی نہیں رہ جاتی بلکہ تنہا یہی قوت سارے مخفیات کے انکشاف کیلئے کافی ہو جاتی ہے لیکن بُرا ہو تنگیِ دل کا کہ علم و انکشاف کا یہی ملکہ راسخہ رسولِ مجتبیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حق میں تسلیم کرتے ہُوئے ان حضرات کو شرک کا آزار ستانے لگتا ہے یہاں فرداً فرداً ایک ایک شے کے علم کے بارے میں دلیل خاص کا مطالبہ کرتے ہیں کہ خدا نے عطا کیا ہو تو اس کا ثبوت پیش کیجئے۔

"ذات نبوی کو منشا علم تسلیم کرنے سے انکار کرتے ہُوئے قاری طیب صاحب لکھتے ہیں:

یہ صورت نہ تھی کہ آپ کو نبوت کے مقام رفیع پر پہنچا کر بیکدم اور اچانک ذات پاک نبوی کو منشا علم بنا دیا گیا ہو اور ضرورتوں اور حوادث کے وقت خود بخود آپ کے اندر سے علم اُبھر آتا ہو"۔ (فاران کراچی۔ توحید نمبر ص ۱۱۳)

یہ خود بخود گھر کے بزرگوں کے لیے بھی تھا اور خود بخود یہاں بھی ہے لیکن وہاں علمی رتبہ بڑھانے کے لیے تھا یہاں گھٹانے کے لیے۔

اب آپ ہی انصاف سے کہیے کہ زاویۂ نگاہ کا یہ فرق کیا اس غبارِ خاطر کا پتہ نہیں دیتا جو کسی دل میں کسی کی طرف سے پیدا ہو جانے کے بعد اعترافِ حقیقت کی راہ میں دیوار بن کر حائل ہو جاتا ہے۔

لگاتار غیبی مشاہدات

اب ذیل میں دار العلوم دیوبند کے کامل الایمان بزرگوں کی غیب دانی سے متعلق وہ واقعات ملاحظہ فرمائیے جن کی تشہیر کے لیے کتاب لکھی گئی ہے۔

دار العلوم دیوبند کی ایک عمارت کے متعلق مولوی رفیع الدین صاحب سابق مہتمم کا یہ کشف بیان کیا گیا ہے کہ

"حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب مہتمم دار العلوم دیوبند نے اپنے کشف سے معلوم کر کے ارشاد فرمایا کہ نور کے کی وسطی درس گاہ سے عرش معلّٰی تک میں نے نور کا ایک سلسلہ دیکھا ہے"۔ (بشرات ص ۳۱)

marfat.com

اب دیوبند کے قبرستان کے متعلق ایک دوسرا کشف ملاحظہ فرمائیے:

"خطیرۂ قدسیہ یا خطۂ صالحین یعنی جس قبرستان میں حضرت مولانا نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ شیخ الہند حضرت مولانا محمود الحسن صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ، فخر الہند حضرت مولانا حبیب الرحمٰن صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ، مفتی اعظم ہند حضرت مولانا عزیز الرحمٰن صاحب رحمۃ اللہ علیہ اور سیکڑوں علماء و طلبہ مدفون ہیں اس حصہ کے متعلق حضرت مولانا شاہ رفیع الدین صاحب کا کشف تھا کہ اس حصے میں مدفون ہونے والا انشاء اللہ مغفور ہے۔" (بشرات ص ۳۱)

واضح رہے کہ "انشاء اللہ" کی یہ قید محض سخن نکتہ کے طور پر ہے ورنہ انشاء اللہ کی قید کے ساتھ تو ہر قبرستان کا مدفون مغفرت یافتہ ہے پھر دیوبند کے قبرستان کے متعلق کشف کی خصوصیت کیا کر رہی ہے؟

مدینے کی جنت البقیع کے ساتھ ہمسری کا یہ دعویٰ جس کشف کے ذریعہ کیا گیا ہے وہ بہترین کاروباری ذہانت کا آئینہ دار ہے۔ اب اخیر میں مولوی قاسم نانوتوی صاحب کی قبر کے متعلق ایک عجیب و غریب کشف ملاحظہ فرمائیے۔

"حضرت مولانا رفیع الدین صاحب مجددی نقشبندی سابق مہتمم دار العلوم کا مکاشفہ ہے کہ حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی بانیِ دار العلوم دیوبند کی قبر عین کسی نبی کی قبر میں ہے۔" (بشرات ص ۳۶)

سمجھ میں نہیں آتا کہ اس کشف سے موصوف کی کیا مراد ہے۔ کیا دیوبند میں کسی نبی کی قبر پہلے موجود تھی جسے خالی کرایا گیا اور نانوتوی صاحب کو وہاں دفن کیا گیا۔ اگر ایسا ہے تو اس نبی کی قبر کی نشان دہی کس نے کی؟ اور اگر ایسا نہیں ہے تو پھر اس کشف سے موصوف کی کیا مراد ہے؟

اگر لفظوں کے اُلٹ پھیر سے صَرف نظر کر لیا جائے تو ہو سکتا ہے غیر واضح الفاظ میں وہ ظاہر کرنا چاہتے ہیں کہ نانوتوی صاحب کی قبر عین کسی نبی کی قبر ہے اور یہی زیادہ قرینِ قیاس بھی معلوم ہوتا ہے کیونکہ نانوتوی صاحب کے حق میں اگرچہ کھل کر نبوت کا دعویٰ

marfat.com

نہیں کیا گیا لیکن دبی زبان سے روایت ضرور نقل کی گئی ہے کہ ان پر کبھی کبھی نزولِ وحی کی کیفیت طاری ہوتی تھی۔ جیسا کہ گیلانی صاحب نے اپنی کتاب سوانح قاسمی میں لکھا ہے کہ ایک دن مولانا نانوتوی نے اپنے پیر و مرشد حضرت حاجی امداد اللہ صاحب سے شکایت کی کہ:

"جہاں تسبیح لے کر بیٹھا بس ایک مصیبت ہوتی ہے۔ اس قدر گرانی کہ جیسے سو سو من کے پتھر کسی نے رکھ دیئے ہوں زبان و قلب سب بستہ ہو جاتے ہیں۔" (سوانح قاسمی ج ۱ ص ۲۵۸)

اس شکایت کا جواب حاجی صاحب کی زبانی یہ نقل کیا گیا ہے:

یہ نبوت کا آپ کے قلب پر فیضان ہوتا ہے اور یہ وہ ثقل (گرانی) ہے جو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو وحی کے وقت محسوس ہوتا تھا تم سے حق تعالیٰ کو وہ کام لینا ہے جو نبیوں سے لیا جاتا ہے۔"

(سوانح قاسمی ج ۱ ص ۲۵۹)

نبوت کا فیضان، وحی کی گرانی اور کارِ انبیاء کی سپردگی، ان سارے لوازمات کے بعد نہ بھی صریح لفظوں میں ادعائے نبوت کیا جائے جب بھی اصل مدعا اپنی جگہ پر ہے۔

اس کتاب کا پہلا باب جو بانی دار العلوم دیوبند مولوی قاسم صاحب نانوتوی کے واقعات و حالات پر مشتمل تھا یہاں پہنچ کر تمام ہو گیا۔

جس تصویر کا پہلا رُخ کتاب کے ابتدائی حصے میں آپ کی نظر سے گزر چکا ہے یہ اس کا دوسرا رُخ تھا۔ اب چند لمحے کی فرصت نکال کر ذرا دونوں رُخوں کا موازنہ کیجیے اور انصاف و دیانت کے ساتھ فیصلہ دیجیے کہ تصویر کے پہلے رُخ میں جن عقائد و مسائل کو ان حضرات نے شرک قرار دیا تھا جب انہیں عقائد و مسائل کو تصویر کے دُوسرے رُخ میں انہوں نے سینے سے لگا لیا اب کس منہ سے وُہ اپنے آپ کو موحد اور دوسروں کو مشرک قرار دیتے ہیں۔

دنیا کی تاریخ میں دُوسروں کو جھٹلانے کی ایک سے ایک مثال ملتی ہے لیکن

marfat.com

اپنے آپ کو جھٹلانے کی اس سے زیادہ شرمناک مثال اور کہیں نہ مل سکے گی۔

طرفہ تماشا یہ ہے کہ عقیدۂ توحید کے ساتھ تصادم کے یہ واقعات صرف مولوی قاسم صاحب نانوتوی ہی تک محدود نہیں ہیں کہ اسے حسنِ اتفاق پر محمول کر لیا جائے بلکہ دیوبندی جماعت کے جتنے بھی مشاہیر ہیں کم و بیش سبھی اس الزام میں ملوث نظر آئے ہیں جیسا کہ آئندہ اوراق میں آپ پڑھ کر حیران و ششدر رہ جائیں گے۔

---

marfat.com

دُوسرا باب

دیوبندی جماعت کے مذہبی پیشوا جناب مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی کے بیان میں

اس باب میں پیشوائے دیوبند مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی سے متعلق دیوبندی لٹریچر سے ایسے واقعات وحقائق جمع کیے گئے ہیں جن میں عقیدۂ توحید سے تصادم، اصولوں سے انحراف، مذہبی خودکشی اور مُنہ بولے شرک کو اپنے حق میں ایمان واسلام بنا لینے کی حیرت انگیز مثالیں ورق ورق پر بکھری ہُوئی ملیں گی۔

انہیں چشمِ حیرت سے پڑھیے اور ضمیر کا فیصلہ سُننے کے لیے گوش بر آواز رہیے۔

سلسلۂ واقعات

غیب دانی اور دلوں کے خطرات پر مطلع ہونے کے واقعات

دیوبندی مذہب کے سرگرم حامی مولوی عاشق الٰہی میرٹھی نے تذکرۃ الرشید کے نام سے دو جلدوں میں مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی کی سوانح حیات لکھی ہے ذیل کے اکثر واقعات ان ہی کی کتاب سے اخذ کیے گئے ہیں۔

دلوں کے خطرات پر مطلع ہونے اور مخفی امور کے مشاہدات سے متعلق اب ذیل میں واقعات کا سلسلہ ملاحظہ فرمائیے:

پہلا واقعہ

دلی محمد نام کا ایک طالب علم جو مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی کی خانقاہ میں پڑھتا تھا اس کے متعلق تذکرۃ الرشید کے مصنف یہ

marfat.com

واقعہ بیان کرتے ہیں کہ:

"ایک بار مکان سے خرچ آنے میں دیر ہوئی اور اُن کو ایک یا دو فاقہ کی نوبت آپہنچی۔ مگر نہ انہوں نے کسی سے ذکر کیا نہ کسی صورت یہ حال کسی پر ظاہر ہوا اسی حالت میں صبح کے وقت بغل میں کتاب دبائے پڑھنے کے واسطے حضرت کی خدمت میں آرہے تھے کہ راستہ میں حلوائی کی دوکان پر گرم گرم حلوا پک رہا تھا۔ یہ کچھ دیر وہاں کھڑے رہے کہ کچھ پاس ہو تو کھائیں مگر پیسہ بھی نہ تھا اس لیے صبر کرکے چل دیئے اور خانقاہ میں پہنچے۔ حضرت گویا اُن کے منتظر ہی تھے سلام کا جواب دیتے ہی فرمایا مولوی ولی محمد آج تو حلوہ کھانے کو ہمارا جی چاہتا ہے لو یہ چار آنے لے جاؤ اور جس دوکان سے تم کو پسند ہے وہیں سے لاؤ غرض ولی محمد اس دوکان سے حلوا خرید کر لائے اور حضرت کے سامنے رکھ دیا۔ حضرت نے ارشاد فرمایا میاں ولی محمد! میری خوشی ہے کہ اس حلوہ کو تمہیں کھالو۔" (تذکرہ ج ۲ ص ۲۲۷)

یہاں تک تو واقعہ تھا جس میں حسنِ اتفاق کو بھی دخل ہو سکتا ہے لیکن گنگوہی صاحب ہر وقتی غیب دانی کے متعلق ذرا اسی طالب علم کے یہ تاثرات ملاحظہ فرمائیے:

مولوی ولی محمد اس قصہ کے بعد فرمایا کرتے تھے کہ حضرت کے سامنے جاتے مجھے ڈر معلوم ہوتا ہے کیونکہ قلب کے وساوس (وسوسے) اختیار میں نہیں اور حضرت ان پر مطلع ہو جاتے ہیں۔ (ص ۲۲۷)

مقصود یہ ظاہر کرنا ہے کہ دلوں کے خطرات سے باخبر ہونے کی یہ کیفیت اتفاقی نہیں بلکہ دائمی تھی یعنی حواس پنجگانہ کی طرح وہ ہر وقت اس قوت سے کام لینے پر قادر تھے۔

اپنے گھر کے بزرگوں کی غیب دانی کا تو یہ حال بیان کیا جاتا ہے لیکن انبیاء و اولیاء کی جناب میں ان میں ان حضرات کے عقیدے کی عام زبان یہ ہے:

"جو کوئی کسی کے متعلق یہ سمجھے کہ) جو بات میرے منہ سے نکلتی ہے وہ سب سن لیتا ہے اور جو خیال و وہم اس کے دل میں گزرتا ہے وہ سب سے

marfat.com

واقف ہے سو ان باتوں سے مشرک ہو جاتا ہے اور اس قسم کی باتیں سب مشرک ہیں"۔ (تقویۃ الایمان ص ۱۰)

اب اس بے انصافی کا شکوہ اس سے کیا جائے کہ ایک ہی عقیدہ جو انبیاء و اولیاء کے بارے میں شرک ہے لیکن وہی گھر کے بزرگوں کے حق میں اسلام و ایمان بن گیا ہے۔

کیا اب بھی حق و باطل کی راہوں کا امتیاز محسوس کرنے کے لیے مزید کسی نشانی کی ضرورت باقی رہ جاتی ہے؟ اپنے ضمیر کی آواز پر فیصلہ کیجئے۔

دوسرا واقعہ

دلوں کے خطرات پر مطلع ہونے کا ایک اور واقعہ سُنیئے۔ لکھتے ہیں کہ:

"ایک مرتبہ استاذی مولانا عبدالمومن صاحب حاضرِ خدمت تھے، دل میں وسوسہ گزرا کہ بزرگوں کے حالات میں زہد اور فقر و تنگدستی غالب دیکھی گئی ہے اور حضرت کے جسم مبارک پر جو لباس ہے وہ مباح و مشروع ہے مگر بیش قیمت ہے۔

حضرت امام ربانی (مولانا گنگوہی) اس وقت کسی سے باتیں کر رہے تھے دفعۃً ادھر متوجہ ہو کر فرمایا کہ عرصہ ہوا مجھے کپڑے بنانے کا اتفاق نہیں ہوتا، لوگ خود بنا بنا کر بھیج دیتے ہیں اور اصرار کرتے ہیں کہ تو ہی پہننا، اُن کی خاطر سے پہنتا ہوں، چنانچہ جتنے کپڑے ہیں سب دوسروں کے ہیں"۔ (تذکرہ ج ۲ ص ۱۷۳)

اس واقعہ کا رُخ خاص طور پر محسوس کرنے کے قابل ہے کہ دل کے اس خطرے پر مطلع ہونے کے لیے انہیں کسی خاص توجہ کی بھی ضرورت نہیں پیش آئی۔ دوسرے شخص کے ساتھ گفتگو میں مشغول ہوتے ہوئے بھی وہ مولوی عبدالمومن صاحب کے دل کے وسوسے سے باخبر ہو گئے۔ اس واقعہ سے اُن کی ہمہ جہتی آگہی کا پتہ چلتا ہے اور میرا خیال اگر غلط نہیں ہے تو یہ شان صرف خدا کی ہے کیونکہ انسان کے بارے میں تو ہمیشہ یہی تصور رہا ہے کہ اس کی قوتِ ادراک ایک ایک وقت میں ایک ہی طرف متوجہ

marfat.com

ہوسکتی ہے۔

اب چشمِ عبرت سے لہو ٹپکنے کی بات یہ ہے کہ دیوبندی حضرات کے امام ربانی تو بغیر کسی خاص توجہ کے بھی فی الفور دل کے مخفی حال پر مطلع ہوگئے ہیں لیکن امام الانبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے متعلق ان حضرات کے عقیدے کی زبان یہ ہے:

"بہت سے امور میں آپ کا خاص اہتمام سے توجہ فرمانا بلکہ فکر و پریشانی میں واقع ہونا اور باوجود اس کے پھر مخفی رہنا ثابت ہے۔"

(حفظ الایمان ص ۷)

اب آپ ہی فیصلہ کیجئے! یہ سر پیٹ لینے کی بات ہے یا نہیں کہ غیبی ادراک کی جو قوت ان حضرات کے نزدیک ایک ادنیٰ اُمتی کے لیے ثابت ہے وہ خدا کے محبوب پیغمبر اور امام الانبیاءؐ کے لیے ثابت نہیں ہے (فاعتبروا یا اولی الابصار)۔

تیسرا واقعہ لکھتے ہیں:

"مولوی نظر محمد خاں صاحب فرماتے ہیں کہ میری اہلیہ جس وقت آپ سے بیعت ہوئیں تو چونکہ مجھے طبعی طور پر غیرت زیادہ تھی اس لیے عورت کو باہر آنا یا کسی اجنبی مرد کو آواز سنانا بھی گوارا نہ تھا اس وقت بھی یہ وسوسہ ذہن میں آیا کہ حضرت میری اہلیہ کی آواز سنیں گے مگر یہ حضرت کی کرامت تھی کہ کشف سے میرے دل کا وسوسہ دریافت کر لیا اور یوں فرمایا کہ اچھا! مکان کے اندر بٹھلا کر کواڑ بند کر دو۔"

(تذکرۃ الرشید ج ۲ ص ۵۹)

اس واقعہ کے اندر بالکل صراحت ہے اس امر کی کہ گنگوہی صاحب ان کے دل کا یہ وسوسہ الہام خداوندی کے ذریعہ نہیں بلکہ اپنی کشف کے ذریعہ دریافت فرمایا لیکن صد حیف یہی قوتِ کشف پیغمبر اعظم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حق میں تسلیم کرتے ہوئے ان حضرات کو شرک کا آزار ستانے لگتا ہے۔

marfat.com

چوتھا واقعہ مولوی رضا علی صاحب حضرت کے شاگرد ہیں، فرماتے ہیں زمانۂ طالبعلمی میں مجھے ایسا مرض لاحق ہُوا کہ وضو قائم نہ رہتا تھا بعض نماز کے لیے تو کئی کئی بار وضو کرنا پڑتا تھا۔

"ایک مرتبہ ایسا اتفاق ہُوا کہ فجر کی نماز کو بندہ مسجد میں سویرے آگیا۔ سردی کا موسم تھا اور اس دن اتفاق سے جاڑہ بھی زیادہ تھا بار بار وضو کرنے میں بہت تکلیف ہوتی تھی۔ جی چاہتا تھا کہ کسی طرح جلد نماز سے فراغت ہوجائے تقدیری بات کہ امام ربانی نے اس دن معمول سے بھی کچھ زیادہ دیر لگائی۔ میں کئی مرتبہ سخت سردی میں وضو کرنے سے بہت پریشان ہُوا اور وسوسہ گزرا کہ ایسی بھی کیا حنفیت ہے؟

حضرت ابھی استغفار ہی کے منتظر ہیں اور ہم وضو کرتے کرتے مرتے جاتے ہیں۔ لحظہ در لحظہ کے بعد حضرت تشریف لائے اور جماعت کھڑی ہوگئی فراغت کے بعد حسبِ معمول دیگر اشخاص کے ہمراہ میں بھی حضرت کے پیچھے پیچھے حجرہ شریفہ تک گیا۔ جب سب لوگ لوٹ گئے اور حضرت نے دروازہ بند کرنا چاہا تو مجھے پاس بُلا کر ارشاد فرمایا! یہاں کے لوگ نمازِ فجر کے واسطے تاخیر کر کے آتے ہیں اس وجہ سے میں بھی دیر کرتا ہُوں۔ یہ فرما کر حضرت حجرہ میں تشریف لے گئے اور میں ندامت سے پسینہ پسینہ ہوگیا۔"

(تذکرۃ الرشید ج ۲ ص ۲۴۴)

اس لیے غیب دان شخص پر دل کی چوری کھُل گئی ورنہ آپ ہی بتائیے کہ دل کے وسوسہ کے سوا شیخ کی بارگاہ کا اور کوئی دوسرا جرم ہی کیا تھا۔

پانچواں واقعہ "ایک مرتبہ مولوی (ولایت حسین) صاحب کو وسوسہ ہوا کہ حضرت مجدد صاحب اپنے بعض مکتوبات میں ذکر جہر کو بدعت فرماتے ہیں حضرت کی خدمت میں حاضر ہُوئے تو ان کو مخاطب بنا کر حضرت نے ارشاد فرمایا، ذکر جہر کی اجازت بعض وقت حضرات نقشبندیہ

marfat.com

بھی دے دیتے ہیں۔" (تذکرہ ج ۲ ص ۲۲۹)

دیکھ رہے ہیں آپ! لگا تار دل کے وسوسوں پر مطلع ہونے کی یہ شان! ادھر خیال گزرا ادھر باخبر۔ لیکن ان حضرات کی بنیادی کتاب "تقویۃ الایمان" کے حوالے سے بھی آپ پڑھ چکے ہیں کہ یہ شان صرف خدا کی ہے جو غیر خدا کے لیے اس طرح کی باتیں ثابت کرتا ہے وہ مشرک ہو جاتا ہے۔

اب اس الزام کا جواب ہمارے سر نہیں ہے کہ ایک ہی عقیدہ جو غیر خدا کے حق میں شرک تھا وہ گھر کے بزرگوں کے حق میں اسلام کیونکر بن گیا؟

چھٹا واقعہ

یہاں تک تو دلوں کے خطرات پر مطلع ہونے کی بات تھی اب عام طور پر غیب دانی کی شان ملاحظہ فرمائیے۔ لکھتے ہیں کہ:

"ایک مرتبہ دو شخص اجنبی آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور سلام و مصافحہ کے بعد بیعت کی تمنا ظاہر کی۔ آپ نے فرمایا: دو رکعت نماز پڑھو۔ حضرت کے اس ارشاد پر تھوڑی دیر دونوں گردن جھکائے بیٹھے رہے پھر چپکے ہی سے اٹھ کر چل دیئے۔

جب دروازہ سے باہر ہوئے تب حضرت نے فرمایا: دونوں شیعہ تھے میرا امتحان لینے آئے تھے حاضرین میں سے بعض آدمی ان کی تحقیق کو گئے کے پیچھے آ گئے اور معلوم کیا تو وہ واقعی رافضی تھے۔"

(تذکرۃ الرشید ج ۲ ص ۲۲۷)

ساتواں واقعہ

ارواحِ ثلثہ کے مصنف امیر شاہ خان اپنی کتاب میں مولوی رشید احمد گنگوہی کے متعلق یہ واقعہ بیان کرتے ہیں کہ:

"حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ نے مولوی محمد یحییٰ صاحب کاندھلوی سے فرمایا کہ فلاں مسئلہ شامی میں دیکھو۔ مولوی صاحب نے عرض کیا کہ حضرت وہ مسئلہ شامی میں تو ہے نہیں۔ فرمایا: یہ کیسے ہو سکتا ہے؟ لاؤ، شامی اٹھا لاؤ۔ شامی لائی گئی حضرت اس وقت آنکھوں سے معذور ہو چکے تھے

marfat.com

شامی کے دو ثلث (دو تہائی) اوراق دائیں جانب کر کے اور ایک ثلث (ایک تہائی) بائیں جانب کر کے اندر سے ایک کتاب کھولی اور فرمایا کہ بائیں طرف کے صفحہ پر نیچے کی جانب دیکھو۔ دیکھا تو وہ مسئلہ اسی صفحے میں موجود تھا سب کو حیرت ہوئی۔ حضرت نے فرمایا کہ حق تعالیٰ نے مجھ سے وعدہ فرمایا ہے کہ میری زبان سے غلط نہیں نکلوائے گا۔" (ارواح ثلثہ ص ۲۹۲)

اب اس واقعہ پر جناب مولوی اشرف علی صاحب تھانوی کا ایک حاشیہ پڑھیے، لکھتے ہیں:

"وہی مقام نکل آنا گو اتفاقاً بھی ہو سکتا ہے مگر قرائن سے یہ باب کشف سے معلوم ہوتا ہے۔ ورنہ جزم کے ساتھ نہ فرماتے کہ فلاں موقعہ پر دیکھو۔"
(حاشیہ ارواح ثلثہ)

ذرا غور فرمائیے! یہ واقعہ کوئی چیستان تو تھا نہیں جس کے حل کے لیے حاشیہ چڑھانے کی ضرورت تھی مگر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ تھانوی صاحب نے خیال کیا ہوگا کہ لوگ کہیں اسے حسنِ اتفاق ہی پر محمول نہ کریں اس لیے "باب کشف" سے کہہ کر لوگوں کی توجہ ان کی 'غیب دانی' کی طرف مبذول کرادی۔

اس واقعہ میں گنگوہی صاحب کے اس جملے پر کہ "حق تعالیٰ نے مجھ سے وعدہ فرمایا ہے کہ میری زبان سے غلط نہیں نکلوائے گا" کئی سوالات پیدا ہوتے ہیں۔ پہلا سوال تو یہ ہے کہ خدا کے ساتھ انہیں ہم کلامی کا شرف کب اور کہاں حاصل ہوا کہ اس نے ان سے وعدہ فرما لیا؟

دوسرا سوال یہ ہے کہ کیا جزم و یقین کے ساتھ یہ دعویٰ کیا جا سکتا ہے کہ گنگوہی صاحب کی زبان و قلم سے ساری عمر کوئی غلط بات نہیں نکلی؟ ایک نبی کے بارے میں تو البتہ ایسا سوچنا صحیح ہے لیکن میں یقین کرتا ہوں کہ بڑے سے بڑا امتی بھی زبان و قلم کی لغزشوں سے معصوم نہیں قرار دیا جا سکتا۔

پس ایسی حالت میں کیا با لفاظِ دیگر وہ خدائے قدوس کی طرف یہ الزام نہیں منسوب

marfat.com

کر رہے ہیں کہ اس نے معاذ اللہ اپنے وعدے کی خلاف ورزی کی۔

تیسرا سوال یہ ہے کہ اس اعلان سے آخر گنگوہی صاحب کا مدعا کیا ہے؟ کافی غور و فکر کے بعد میں اس نتیجے پر پہنچا ہوں کہ اُنہوں نے عام لوگوں کو یہ تاثر دینے کی کوشش کی ہے کہ خدا کے یہاں اُن کا مقام 'بشریت' کی سطح سے بھی اُونچا ہے کیونکہ نبی بھی اگرچہ بشر ہی ہوتے ہیں لیکن دیوبندی حضرات کے نبیوں اُن سے بھی غلطی واقع ہو سکتی ہے جیسا کہ تھانوی صاحب اپنے فتاوٰی میں ارشاد فرماتے ہیں:

"تحقیق کی غلطی ولایت بلکہ نبوت کے ساتھ بھی جمع ہو سکتی ہے۔"

(فتاوٰی امدادیہ ص ۶۲ ج ۲)

اب اس مقام پر میں آپ کو ایک سخت قسم کے امتحان میں مبتلا کر کے آگے بڑھتا ہوں یہ فیصلہ کرنا اب آپ کی غیرتِ ایمانی کا فریضہ ہے کہ اپنے پیغمبر کے ساتھ وفاداری کا شیوہ کیا ہے؟ خدا کرے فیصلہ کرتے وقت آپ کا دل کسی جذبۂ پاسداری کا شکار نہ ہو۔

آٹھواں واقعہ

"یہی ارواحِ ثلثہ کے مصنف امیر شاہ خاں گنگوہی صاحب کے متعلق اس واقعہ کے بھی راوی ہیں۔ بیان کرتے ہیں کہ:

ایک دفعہ حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ جوش میں تھے اور تصورِ شیخ کا مسئلہ درپیش تھا فرمایا: کہہ دوں؟ عرض کیا گیا کہ فرمائیے۔ پھر فرمایا: کہہ دوں؟ عرض کیا گیا کہ فرمائیے۔ پھر فرمایا: کہہ دوں؟ عرض کیا گیا: فرمائیے۔ تو فرمایا: تین سال کامل حضرت امداد کا چہرہ میرے قلب میں رہا ہے اور میں نے اُن سے پوچھے بغیر کوئی کام نہیں کیا۔ پھر اور جوش آیا، فرمایا، کہہ دوں؟ عرض کیا گیا کہ حضرت ضرور فرمائیے۔

فرمایا کہ اتنے سال حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میرے قلب میں رہے اور میں نے کوئی بات بغیر آپ کے پوچھے نہیں کی۔ یہ کہہ کر اور جوش ہوا۔ فرمایا کہہ دوں؟ عرض کیا گیا کہ فرمائیے! مگر خاموش ہو گئے۔ لوگوں نے اصرار کیا تو فرمایا کہ بس رہنے دو۔" (ارواحِ ثلثہ ص ۲۹۱)

marfat.com

یعنی معاذ اللہ اب خدا کا چہرہ بھی دل میں تھا۔

واضح رہے کہ یہاں بات مجاز و استعارہ کی زبان میں نہیں ہے، جو کچھ کہا گیا ہے وہ قطعاً اپنے ظاہر پر محمول ہے اس لیے کہنے دیا جائے کہ یہاں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مراد حضور اکرم کا نور نہیں ہے بلکہ حضور سے خود حضور ہی مراد ہیں کیونکہ نور ایک جوہر لطیف کا نام ہے۔ اس کے ساتھ تو ہمکلام ہونے کے کوئی معنی ہی نہیں ہیں۔

اب اہلِ نظر کے لیے یہاں قابلِ غور نکتہ یہ ہے کہ بات اپنی فضیلت و بزرگی کی آگئی ہے تو سارے محالات ممکن ہی نہیں بلکہ واقع ہو گئے ہیں۔

اب یہاں کسی طرف سے یہ سوال نہیں اٹھتا کہ معاذ اللہ جتنے دنوں تک حضور آپ کے دل میں مقیم رہے اتنے دنوں تک، وہ اپنی تربت پاک میں موجود تھے یا نہیں؟ اگر نہیں تھے تو کیا اتنے دنوں تک تربت پاک خالی پڑی رہی؟ اور اگر موجود تھے تو پھر تھانوی صاحب کے اس سوال کا کیا جواب ہوگا جو انہوں نے محافل میلاد میں حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تشریف آوری کے سوال پر اٹھایا ہے کہ:

"اگر ایک وقت میں کئی جگہ محفل میلاد منعقد ہو تو آیا سب جگہ آپ تشریف لے جاویں گے یا نہیں؟ یہ ترجیح بلا مرجح ہے کہ کہیں جاویں کہیں نہ جاویں اور اگر سب جگہ جاویں تو وجود آپ کا واحد ہے، ہزار جگہ کس طور پر جا سکتے ہیں"۔

(فتاویٰ امدادیہ ج ۴ ص ۵۸)

زاویۂ نگاہ کا یہ فرق کسی حال میں بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا کہ اپنی روحانی برتری اور غیبی قوتِ ادراک کے سوال پر ذہن کے بھرپور اعتراف کے ساتھ سب خاموش رہے اور بات محبوبِ کردگار کی آگئی تو عقل فتنہ پرور نے ایسی ایسی بال کی کھال نکالی کہ آدمی کا یقین و اعتماد گھائل ہو کے رہ گیا۔ اگر انصاف کا جذبہ شریک نظر رہا تو دیوبندی حضرات کا یہ مخصوص اندازِ فکر آپ اس کتاب میں جگہ جگہ محسوس کریں گے۔

اور گنگوہی صاحب کے اس واقعہ کا ایک رُخ تو اتنا اشتعال انگیز ہے کہ سوچتا ہوں تو آنکھوں سے خون ٹپکنے لگتا ہے یہ کہہ کر کوئی کام انہوں نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

marfat.com

سے پُوچھے بغیر نہیں کیا۔ دُوسرے لفظوں میں اپنے جسم وجوارح اور زبان وقلم کی ساری تقصیرات کو انہوں نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف منسوب کر دیا ہے کیونکہ یہ دعویٰ ہرگز ثابت نہیں کیا جا سکتا کہ ان ایّام میں اُن سے کوئی خلافِ شرع کام صادر نہیں ہوا اور جب ہُوا تو انہی کے بیان کے مطابق ماننا پڑے گا کہ معاذ اللہ وہ خلافِ شرع کام بھی انہوں نے حضور ہی کے ریمارک سے کیا۔

چند اور عبرت انگیز کہانیاں

آپ کی نگاہوں پر بار نہ ہو تو تذکرۃ الرشید میں گنگوہی صاحب سے متعلق مشرکانہ اختیارات اور پیغمبرانہ تعدّیوں کی جو کہانیاں نقل کی گئی ہیں ان میں سے دو چار کہانیاں نمونے کے طور پر ملاحظہ فرمائیں:

پہلی کہانی "تذکرۃ الرشید کے مصنف بیان کرتے ہیں کہ بارہا آپ کو اپنی زبان فیض ترجمان سے یہ کہتے ہوئے سُنا گیا:

سُن لو حق وُہی ہے جو رشید احمد کی زبان سے نکلتا ہے اور بہ قسم کہتا ہُوں کہ میں کچھ نہیں ہوں مگر اس زمانے میں ہدایت ونجات موقوف ہے میرے اتباع پر۔ (تذکرۃ الرشید ج ۲ ص ۱۰)

پاسداری کے جذبے سے الگ ہو کر صرف ایک لمحے کے لیے سوچیے؛ وہ یہ نہیں کہہ رہے ہیں کہ رشید احمد کی زبان سے جو کچھ نکلتا ہے وُہ حق ہے بلکہ اُن کے جملے کا مفہوم یہ ہے کہ حق صرف رشید احمد ہی کی زبان سے نکلتا ہے۔ دونوں کا فرق یُوں محسوس کیجیے کہ پہلے جُملے کو صرف خلافِ واقعہ کہا جا سکتا ہے لیکن دُوسرا جملہ تو خلاف واقعہ ہونے کے ساتھ ساتھ اس دور کے تمام پیشوایان اسلام کی حق گوئی کو ایک کُھلا ہُوا چیلنج بھی ہے یعنی مطلب یہ ہے کہ اس زمانے میں مولوی رشید احمد صاحب کے علاوہ کسی کی زبان بھی کلمۂ حق سے آشنا نہیں ہُوئی۔

افسوس کہ گنگوہی صاحب کے اس دعویٰ کو مشتہر کرتے ہوئے دیوبندی علمائے

marfat.com

قطعاً یہ محسوس نہیں کیا کہ اس میں دوسرے حق پرست علماء کی کتنی صریح توہین موجود ہے۔

اور اخیر کا یہ جملہ کہ "اس زمانے میں ہدایت و نجات موقوف ہے میرے اتباع پر پہلے والے سے بھی زیادہ خطرناک اور گمراہ کن ہے گویا حصولِ نجات کے لیے اب رسولِ عربی فداہ ابی و امی کا اتباع ناکافی ہے اور سوچنے کی بات یہ ہے کہ کسی کے اتباع پر نجات موقوف ہو یہ شان صرف رسول کی ہو سکتی ہے، نائب رسول ہونے کی حیثیت سے علماء کرام کا منصب صرف یہ ہے کہ وہ لوگوں کو اتباعِ رسول کی دعوت دیں اپنے اتباع کی دعوت دینا قطعاً ان کا منصب نہیں ہے لیکن صاف عیاں ہے کہ گنگوہی صاحب اس منصب پر قناعت نہیں کرنا چاہتے۔

پھر ایک طرف تو گنگوہی صاحب اپنے اتباع کی دعوت دے کر لوگوں سے اپنا حکم اور اپنی راہ و رسم منوانا چاہتے ہیں اور دوسری طرف ان کے مذہب کی بنیادی کتاب تقویۃ الایمان کا فرمان یہ ہے:

"کسی کی راہ و رسم کو ماننا اور اس کے کلمہ کو اپنی پسند سمجھنا یہ بھی ان ہی باتوں میں سے ہے کہ خاص اللہ تعالیٰ نے اپنی تعظیم کے واسطے ٹھہرائے ہیں، پھر جو کوئی یہ معاملہ کسی مخلوق سے کرے تو اس پر بھی شرک ثابت ہوتا ہے۔"

(تقویۃ الایمان ص ۴۲)

اب اس الزام کا جواب ہمارے سر نہیں کہ جو معاملہ کسی مخلوق کے ساتھ شرک تھا وہی گنگوہی صاحب کے ساتھ اچانک کیونکر مدارِ نجات بن گیا۔ کہیں نجات کا دروازہ بند اور کہیں اس کے بغیر نجات ہی نہ ہو، آخر یہ معمہ کیا ہے؟

دوسری کہانی تذکرۃ الرشید کے مصنف لکھتے ہیں:

"مولوی عبدالسبحان انسپکٹر پولیس ضلع گوالیار فرماتے ہیں کہ مولوی محمد قاسم صاحب کمشنر بندوبست ریاست گوالیار ایک بار پریشانی میں مبتلا ہوئے اور ریاست کی طرف سے تین لاکھ روپے کا مطالبہ ہوا۔ اُن کے بھائی یہ خبر پاکر حضرت مولانا فضل الرحمٰن صاحب رحمۃ اللہ علیہ

marfat.com

کی خدمت میں گنج مراد آباد پہنچے، حضرت مولانا نے وطن دریافت کیا انہوں نے عرض کیا دیوبند۔ مولانا نے تعجب کے ساتھ فرمایا، گنگوہ حضرت مولانا کی خدمت میں قریب تر کیوں نہ گئے، اتنا دراز سفر کیوں اختیار کیا؟

اُنھوں نے عرض کیا کہ حضرت یہاں مجھے عقیدت لائی ہے۔ مولانا نے ارشاد فرمایا تم گنگوہ ہی جاؤ، تمھاری مشکل کشائی حضرت مولانا رشید احمد صاحب ہی کی دعا پر موقوف ہے میں اور تمام روئے زمین کے اولیا بھی اگر دعا کریں گے تو نفع نہ ہوگا۔ (تذکرۃ الرشید ج ۲ ص ۲۱۵)

بات اپنے شیخ کی فضیلت و برتری کی آگئی ہے تو اب یہاں کوئی سوال نہیں اٹھتا کہ مولانا فضل الرحمٰن صاحب کو پردۂ غیب کا یہ راز کیونکر معلوم ہوگیا کہ مشکل کشائی مولوی رشید احمد صاحب ہی کی دُعا پر موقوف ہے اور کس علم کے ذریعہ انہوں نے تمام روئے زمین کے اولیاء کی دعاؤں کا فرداً فرداً وہ انجام معلوم کر لیا جس کا تعلق صرف خدا کی ذات کے ساتھ ہے اور وہ بھی اتنا جھٹ پٹ کہ اُدھر منہ سے بات نکلی اور ادھر عرش سے لے کر فرش تک غیب و شہود کے سارے احوال منکشف ہوگئے۔

معاذ اللہ اپنے شیخ کی برتری ثابت کرنے کے لیے ایک طرف اپنے عقیدے کا خُون کیا گیا اور دُوسری طرف رُوئے زمین کے جملہ اولیاء اللہ کی عظمتوں کو بھی مجروح کر دیا گیا۔

تیسری کہانی

تذکرۃ الرشید کا مصنف لکھتا ہے کہ

جس زمانے میں مسئلہ امکان کذب پر آپ کے مخالفین نے شور مچایا اور تکفیر کا فتویٰ شائع کیا۔ سائیں توکل شاہ انبالوی کی مجلس میں کسی مولوی نے حضرت امام ربانی قدس سرہ (گنگوہی صاحب) کا ذکر کیا اور کہا کہ امکان کذب باری کے قائل ہیں۔ یہ سن کر سائیں توکل شاہ نے گردن جھکالی اور تھوڑی دیر مراقب رہ کر مُنہ اُوپر اٹھا کر اپنی پنجابی زبان میں یہ الفاظ فرمائے:

لوگو! تم کیا کہتے ہو؟ میں مولوی رشید احمد صاحب کا قلم عرش کے

marfat.com

کے پرے چلتا ہوا دیکھ رہا ہوں"۔ (تذکرۃ الرشید ج ۲ ص ۲۲۲)

کیا سمجھے آپ؟ کہنے کا مطلب یہ نہیں ہے کہ مولوی رشید احمد صاحب کے قلم کی لمبائی عرش کی سرحد کو پار کر گئی تھی بلکہ اس جملے کی تشہیر سے یہ دعویٰ کرنا مقصود ہے کہ تقدیر الٰہی کے نوشتے آپ ہی کے رشحاتِ قلم سے مرتب ہو رہے تھے اور قضاء و قدر کا محکمہ آپ ہی کے قلم کے تابع کر دیا گیا تھا۔

اور سائیں کی نگاہ کی دُور رسی کا کیا کہنا کہ فرش پر بیٹھے اس نے عرش کے اس پار کا نظارہ کر لیا۔

اور اس قصے میں سب سے زیادہ دلچسپ تماشا تو یہ ہے کہ دانشورانِ دیوبند نے ایک دیوانے کی بڑ کو نظر انداز کرنے کی بجائے اسے قبول بھی کر لیا اور قبول ہی نہیں کیا بلکہ اسے اپنا عقیدہ بنا لیا جیسا کہ اس کتاب کا مصنف اس واقعہ کا راوی ہے:

"مولوی ولایت علی صاحب فرماتے ہیں کہ میرے ہمراہ سفر حج میں ایک حکیم صاحب ساکن انبالہ تھے جو اعلیٰ حضرت حاجی (امداد اللہ) کے مرید تھے اسی تعلق سے ان کو حضرت امام ربانی کے ساتھ تعارف بلکہ غایت عقیدت تھی وہ فرمانے لگے، میرا تو یہ عقیدہ ہے کہ مولانا کی زبان سے جو بات نکلتی ہے تقدیر الٰہی کے مطابق ہے۔" (تذکرۃ الرشید ج ۲ ص ۲۱۹)

یہ خبر اگر صحیح ہے تو اس کی صحت کی دو ہی صورتیں ہیں۔ یا تو گنگوہی صاحب جملہ مقدرات پر مطلع تھے کہ زبان اس کے خلاف کھلتی ہی نہیں تھی یا پھر ان کے منہ میں زبان نہیں تھی، بلکہ "کُن" کی کنجی تھی کہ جو بات منہ سے نکلی وہ کائنات کا مقدر بن گئی۔

ان دونوں باتوں میں سے جو بات بھی اختیار کی جائے، دیوبندی مذہب پر دین و دیانت کا ایک خون ضروری ہے۔

چوتھی کہانی

مخلص الرحمٰن نامی گنگوہی صاحب کے ایک مرید تھے ان کے متعلق تذکرۃ الرشید کے مصنف کا یہ بیان پڑھیے، لکھتے ہیں کہ:

"ایک روز خانقاہ میں لیٹے ہوئے اپنے شغل میں مشغول تھے کہ کچھ

marfat.com

سُکر پیدا ہوا اور حضرت شاہ ولی اللہ قدس سرہٗ کو دیکھا کہ سامنے تشریف لیے جا رہے ہیں۔ چلتے چلتے اُن کو مخاطب بنا کر اس طرح امر فرمایا کہ دیکھو! جو چاہو حضرت مولانا رشید احمد صاحب سے چاہنا۔"

(تذکرۃ الرشید ج ۲ ص ۳۰۹)

شاہ ولی اللہ صاحب اور اُن کا گھرانا ہندوستان میں عقیدۂ توحید کا سب سے بڑا محافظ سمجھا جاتا ہے لیکن سخت تعجب ہے کہ انہوں نے خدا کو چھوڑ کر مولوی رشید احمد سے سب کچھ چاہنے کی ہدایت فرمائی۔ شاہ کی طرف اتنا بڑا شرک منسوب کرتے ہوئے واقعہ کے راویوں کو کچھ تو شرم محسوس کرنی چاہیے تھی۔ ایک طرف تو اپنے "مولانا" کو با اختیار اور صاحبِ تصرف ثابت کرنے کے لیے شاہ ولی اللہ صاحب کی زبانی یہ کہلوایا جاتا ہے اور دوسری طرف اپنی توحید پرستی کا ڈھونگ رچانے کے لیے عقیدہ یہ ظاہر کیا جاتا ہے:

"ہر کسی کو چاہیے کہ اپنی حاجت کی چیزیں اپنے رب سے مانگے یہاں تک کہ نُون (نمک) بھی اسی سے مانگے اور جُوتی کا تسمہ جب ٹوٹ جائے وہ بھی اسی سے مانگے"۔ (تقویۃ الایمان ص ۳۲)

اور اس واقعہ میں مرید کا مشاہدۂ غیب بھی کتنے زور کا ہے کہ سر کی آنکھوں سے وہ ایک وفات یافتہ بزرگ کو دیکھ لیتا ہے اور اُن سے ہمکلامی کا شرف بھی حاصل کرتا ہے۔ نہ اس کی نگاہ پر عالم برزخ کا کوئی حجاب حائل ہوتا ہے اور نہ شاہ صاحب کو اپنی لحد سے نکل کر اس کے روبرو ہو جانے سے کوئی چیز مانع ہوتی ہے۔

دیکھ رہے ہیں آپ! توحید کے ان اجارہ داروں نے کتنی طرح کی شریعتیں گھڑ لی ہیں۔ انبیاء و اولیاء کے لیے کچھ اور اپنے گھر کے بزرگوں کے لیے کچھ۔ ہے کوئی انصاف کا خوگر! جو اس جورِ بے اماں کا انصاف کرے!!

پانچویں کہانی

آگرہ کے کوئی منشی امیر احمد تھے۔ تذکرۃ الرشید کے مصنف نے ان کی زبانی ان کا عجیب و غریب خواب نقل کیا ہے۔ موصوف

marfat.com

بیان کرتے ہیں کہ :

"گنگوہ کا ایک شخص شیعہ مذہب مرگیا اور میں نے اسے خواب میں دیکھا فوراً اس کے ہاتھ کے دونوں انگوٹھے میں نے پکڑ لیے، وہ گھبرا گیا اور پریشان ہوکر بولا، جلدی پوچھو جو پوچھنا ہے مجھے تکلیف ہے میں نے کہا: اچھا یہ بتاؤ مرنے کے بعد تم پر کیا گزری اور اب کس حال میں ہو۔ اس نے جواب دیا کہ عذاب الیم میں گرفتار ہوں حالت بیماری میں مولانا رشید احمد صاحب دیکھنے تشریف لائے تھے۔ جسم کے جتنے حصے پر مولوی صاحب کا ہاتھ لگا بس اتنا جسم تو عذاب سے بچا ہے، باقی جسم پر بڑا عذاب ہے۔ اس کے بعد آنکھ کھل گئی۔" (تذکرۃ الرشید ج ۲ ص ۲۲۴)

بات آگئی ہے تو اسی تذکرۃ الرشید کے مصنف نے اسی قسم کا ایک خواب مولوی "اسمٰعیل نامی" دیوبندی بزرگ کے کسی خادم کے متعلق نقل کیا ہے لگے ہاتھوں ذرا اسے بھی پڑھ لیجیے، لکھتے ہیں کہ :

"ایک خادم تھا مولوی اسمٰعیل صاحب کا، جب اس کا انتقال ہوگیا تو کسی نے اس کو خواب میں دیکھا کہ سارے بدن میں آگ لگی ہوئی ہے مگر ہتھیلیاں سالم اور محفوظ ہیں۔ اس نے پوچھا کیوں بھئی کیا حال ہے؟ اس نے کہا کیا کہوں اعمال کی سزا مل رہی ہے سارے بدن کو تکلیف ہے مگر یہ ہاتھ حضرت مولانا کے پاؤں کو لگے تھے اس لیے حکم ہوا کہ ان کو آگ لگائے ہمیں شرم آتی ہے"۔ (تذکرہ ج ۲ ص ۷۲)

دیکھ رہے ہیں آپ! دربار الٰہی میں ان حضرات کی وجاہت و مقبولیت کا عالم؟ عذابِ آخرت سے چھٹکارا دلانے کے لیے زبان ہلانے کی بھی ضرورت نہیں پیش آئی صرف ہاتھ لگا دینا کافی ہوگیا اور شیعہ جیسا باغیِ حق بھی ہاتھوں کی برکت سے محروم نہیں رہا۔

ایک یہ حضرات ہیں کہ عالم اسفل ہی نہیں عالم بالا میں بھی ان کی شرکت و سطوت کے ڈنکے بج رہے ہیں لیکن رسولِ خدا محبوبِ کبریا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے متعلق ان حضرات کے

marfat.com

عقیدے کی زبان یہ ہے :

" اللہ نے اپنے پیغمبر کو حکم کیا کہ لوگوں کو سنا دیویں کہ میں تمہارے نفع و نقصان کا کچھ مالک نہیں اور تم جو مجھ پر ایمان لے آئے اور میری اُمت میں داخل ہُوئے سو اس پر مغرور ہو کر حد سے مت بڑھنا کہ ہمارا پایہ مضبوط ہے اور ہمارا وکیل زبردست ہے اور ہمارا شفیق بڑا محبوب ! سو ہم جو چاہیں سو کریں وُہ ہم کو اللہ کے عتاب سے بچا لے گا کیونکہ یہ بات محض غلط ہے اس واسطے کہ میں آپ ہی ڈرتا ہُوں ، اور اللہ سے ورے کہیں بچاؤ نہیں جانتا سو دُوسرے کو کیا بچا سکوں"۔ (تقویۃ الایمان ص ۴۸)

اس مقام پر میں اس سے زیادہ کچھ نہیں کہنا چاہتا کہ آپ ہی اپنے ایمان کو گواہ بنا کر فیصلہ کیجئے کہ قلم کے اس تیور سے رسولِ عربیؐ کے وفاداروں کی دل آزاری ہوتی ہے یا نہیں ؟

(۲)

ضمنی طور پر درمیان میں یہ بات بھی نکل آئی تھی ، اب پھر اپنے اصل موضوع کی طرف لوٹتا ہوں۔

گنگوہی صاحب کی غیبی قوتِ ادراک کا ایک اور حیرت انگیز واقعہ

حاجی دوست محمد خاں کوئی کوتوال تھے تذکرۃ الرشید کے مصنف ان کے لڑکے کے متعلق یہ واقعہ نقل کرتے ہیں کہ :-

" حاجی دوست محمد کے صاحبزادے عبدالوہاب خاں ایک شخص کے معتقد تھے اور بیعت کا قصد کیا وُہ شخص جس سے بیعت ہونا چاہتے تھے ، محض صورت کے درویش تھے اور واقع میں پکے دنیادار اس لیے دوست محمد خاں کو صاحبزادے کی یہ کجی پسند نہ آئی اور کئی بار منع کیا کہ اس شخص سے مرید نہ ہو۔" (تذکرہ ج ۲ ص ۳۱۵)

marfat.com

ہزار روکنے کے باوجود عبدالوہاب خاں اپنے ارادہ سے باز نہ آیا اور آخر ایک دن مرید ہونے کی نیت سے چل کھڑا ہوا۔ اس کے بعد کا واقعہ سننے کے قابل ہے لکھا ہے کہ:

"آخر حاجی صاحب نے جب بیٹے کا اصرار دیکھا تو باقتضائے محبت دست بدعا ہوئے اور مراقب ہو کر حضرت (گنگوہی) کی جانب متوجہ ہو کر خلوت میں جا بیٹھے۔" (ص ۲۱۵)

ادھر باپ اپنے پیر کو حاضر و ناظر تصور کر کے مصروفِ مناجات تھا۔ اب ادھر بیٹے کا قصہ سنیے، لکھتے ہیں کہ:

"عبدالوہاب اپنے پیر کے پاس آئے اور مودّب دو زانو بیٹھ گئے۔ بے اختیار پیر کی زبان سے نکلا اول باپ سے اجازت لے آؤ۔ اس کے بغیر بیعت مفید نہیں۔ غرض ہاتھ بیعت کے لیے تھام کر چھوڑ دیئے اور انکار فرما دیا۔" (ص ۲۱۶)

اب اس کے بعد سوانح نگار کا یہ تہلکہ خیز بیان چشمِ حیرت سے پڑھنے کے قابل ہے لکھتے ہیں کہ:

"حاجی صاحب فرمایا کرتے تھے کہ جس وقت میں امام ربانی کی طرف متوجہ ہوا تو دیکھا کہ حضرت غایت شفقت کے ساتھ عبدالوہاب کا ہاتھ پکڑ کر میرے ہاتھ میں پکڑاتے اور یوں فرماتے ہیں۔ لو اب یہ اس کا مرید ہوگا۔ یہ وہی وقت تھا کہ انہوں نے عبدالوہاب کا ہاتھ چھوڑا اور یہ کہہ کر بیعت سے انکار کیا کہ باپ سے اجازت لے آؤ۔"

(تذکرۃ الرشید ص ۲۱۶)

لا الٰہ الا اللہ! دیکھ رہے ہیں آپ! اپنے شیخ کے حق میں جذبۂ عقیدت کی فراوانی کا تماشا!! اُدھر حاجی صاحب نے تصور کیا اور اِدھر گنگوہی صاحب کو ساری خبر ہو گئی۔ اور صرف خبر ہی نہیں ہوئی بلکہ وہیں سے بیٹھے بیٹھے بیٹے کا ہاتھ پکڑ کر باپ کے

marfat.com

ہاتھ میں دے بھی دیا اور دوسری طرف پیر کے دل پر بھی تصرف کیا کہ انہوں نے بغیر کسی سبب ظاہری کے رفعتہً مرید کرنے سے انکار کر دیا اور حاجی صاحب کی غیبی قوت ادراک کا کیا کہنا کہ اپنے خلوت کدے ہی سے انہوں نے دیکھ لیا کہ گنگوہی صاحب بیٹے کا ہاتھ پکڑ کر باپ کے ہاتھ میں دے رہے ہیں اور ان کی آواز بھی سُن لی کہ " لو اب یہ اس کا مرید نہیں ہوگا۔" نہ آنکھوں پر درمیان کے حجاب حائل ہوئے اور نہ بُعدِ مسافت کانوں تک آواز پہنچنے میں مانع ہوئی۔

یہ تو رہا دیوبندی حضرات کا اپنے گھر کے بزرگوں کے بارے میں عقیدہ! اب انبیاء و اولیاء کے حق میں ان کا کیا عقیدہ ہے لگے ہاتھوں ذرا اسے بھی پڑھ لیجئے:

" (جو کوئی کسی کی) صورت کا خیال باندھے اور یوں سمجھے کہ جب میں اس کا نام لیتا ہوں زبان سے یا دل سے یا اس کی صورت یا اس کی قبر کا خیال باندھتا ہوں تو وہیں اس کو خبر ہو جاتی ہے ..... سو ان باتوں سے مشرک ہو جاتا ہے اور اس قسم کی باتیں سب شرک ہیں۔ خواہ یہ عقیدہ انبیاء و اولیاء سے رکھے خواہ پیر و شہید سے خواہ امام و امام زادہ سے خواہ بھوت و پری سے پھر خواہ یوں سمجھے کہ یہ بات ان کو اپنی ذات سے ہے خواہ اللہ کے دینے سے غرض اس عقیدہ سے ہر طرح شرک ثابت ہوتا ہے۔"

(تقویۃ الایمان ص ۸)

اور اس سلسلے میں سب سے زیادہ دلچسپ چیز تو خود مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی کا یہ فتویٰ ہے جو فتاویٰ رشیدیہ میں شائع کیا گیا ہے کہ:

" کسی نے یہ سوال دریافت کیا کہ تصور کرنا اولیاء اللہ کا مراقبہ میں کیسا ہے؟ اور یہ جاننا کہ ان کا تصور باندھتے ہیں تو وہ ہمارے پاس موجود ہو جاتے ہیں اور ہم کو معلوم ہو جاتے ہیں۔ ایسا اعتقاد کرنا کیسا ہے؟
الجواب: ایسا تصور درست نہیں اندیشہ شرک کا ہے۔"

(فتاویٰ رشیدیہ ص ۸)

marfat.com

وہ واقعہ تھا یہ عقیدہ۔ اور دونوں کے درمیان جو کھلا ہُوا تضاد ہے وہ محتاج بیان نہیں۔
اب اس کا شکوہ کس سے کیا جائے کہ صحیح و غلط اور درست و نادرست کو ناپنے کے لیے دیوبندی حضرات کے یہاں الگ الگ پیمانے کیوں ہیں؟

(۳)

اس بات کا علم کہ کون کب مرے گا

مولوی عاشق الٰہی میرٹھی نے تذکرۃ الرشید میں کئی ایسے واقعات نقل کیے ہیں جن سے پتہ چلتا ہے کہ گنگوہی صاحب کو اپنی اور دُوسروں کی موت کا بھی علم تھا کہ کون کب مرے گا۔
لکھا ہے کہ ایک بار نواب چھتاری سخت بیمار ہوئے یہاں تک کہ سب لوگ ان کی زیست سے ناامید ہو گئے۔ ہر طرف سے مایوس ہو جانے کے بعد ایک شخص کو گنگوہی صاحب کی خدمت میں بھیجا گیا کہ وُہ نواب صاحب کے لیے دُعا کریں۔ قاصد نے وہاں پہنچ کر اُن سے دُعا کی درخواست کی اب اس کے بعد کا واقعہ خود سوانح نگار کی زبانی سنیے ــــ لکھتے ہیں:

"آپ نے حاضرینِ جلسہ سے فرمایا: بھائی دُعا کرو۔ چونکہ حضرت نے خود دُعا کا وعدہ نہیں فرمایا اس لیے فکر ہوئی اور عرض کیا گیا کہ حضرت آپ دُعا فرما دیں۔ اس وقت آپ نے ارشاد فرمایا، امر مقدر کر دیا گیا ہے اور ان کی زندگی کے چند روز باقی ہیں۔ حضرت کے اس ارشاد پر اب کسی عرض و معروض کی گنجائش نہ رہی اور نواب صاحب کی حیات سے سب کو ناامیدی ہو گئی۔" (تذکرۃ الرشید ج ۲ ص ۲۰۶)

مگر قاصد کو گنگوہی صاحب کے "کُن" پر کتنا اعتماد تھا اس کا اظہار کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"تاہم قاصد نے عرض کیا کہ حضرت یُوں دُعا فرمایئے کہ نواب صاحب کو ہوش آجائے اور وصیت و انتظامِ ریاست کے متعلق جو کچھ کہنا سُننا ہو کہہ سُن لیں۔ آپ نے فرمایا: خیر اس کا مضائقہ نہیں۔ اس کے بعد

marfat.com

دعا فرمائی اور ارشاد فرمایا: انشاء اللہ افاقہ ہو جائے گا۔"

(تذکرۃ الرشید ص ۲۰۹)

اس کے بعد سوانح نگار لکھتا ہے:

" چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ نواب کو دفعۃً ہوش آگیا اور ایسا افاقہ ہوا کہ عافیت و صحت کی خوشخبری دُور دُور تک پہنچ گئی، کسی کو خیال بھی نہ رہا کہ کیا ہونے والا ہے؟ اچانک حالت پھر بگڑی اور مخیّر و دریا دل نیک نفس سخی رئیس نے انتقال بہ عالم آخرت کیا۔" (تذکرہ ص ۲۰۹)

دیکھ رہے ہیں آپ! امر الٰہی میں تصرف و اختیار کا عالم!! جیسے مقدر کے سارے نوشتے پیش نظر ہیں، یہاں تک معلوم ہے کہ کیا ہو سکتا ہے اور کیا نہیں ہو سکتا۔ کس امر میں مضائقہ ہے کس میں نہیں! گویا قضاء و قدر کا محکمہ بالکل اپنے گھر کا کاروبار ہو گیا ہو۔

سوچنے کی بات یہ ہے کہ ایک طرف تو دیوبندی علماء کی نظر میں اپنے گھر کے بزرگوں کا مقام یہ ہے اور دوسری طرف محبوب کبریا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حق میں ان کے عقیدے کی زبان یہ ہے:

" سارا کاروبار جہاں کا اللہ کے چاہنے سے ہوتا ہے رسول کے چاہنے سے کچھ نہیں ہوتا۔" (تقویۃ الایمان ص ۲۲)

اب آپ ہی انصاف کیجئے کہ ایک اُمتی کے لیے یہ ڈوب مرنے کی جا ہے یا نہیں؟

دُوسرا واقعہ مولوی صادق الیقین نام کے کوئی صاحب مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی کے دوستوں میں تھے ان کے متعلق تذکرۃ الرشید کے مصنف مولوی عاشق الٰہی میرٹھی یہ واقعہ نقل کرتے ہیں:

" حضرت مولانا صادق الیقین صاحب رحمۃ اللہ علیہ ایک بار سخت علیل ہوئے۔ واقفین احباب بھی یہ خبر سُن کر پریشان ہو گئے اور حضرت سے عرض کیا: دُعا فرما دیں۔ حضرت خاموش رہے اور بات کو ٹال دیا۔ جب دوبارہ عرض کیا گیا تو آپ نے تسلی دی اور فرمایا: میاں وُہ ابھی نہیں

marfat.com

مریں گے اور اگر مریں گے تو میرے بعد۔

چنانچہ ایسا ہی ہُوا کہ اس مرض سے صحت حاصل ہو گئی اور حضرت کے وصال کے بعد اسی سال بہ ماہِ شوال حج بیت اللہ کے لیے روانہ ہوئے مکہ معظمہ میں بیمار ہوئے، مرض ہی میں عرفات کا سفر کیا یہاں تک کہ شروع محرم میں واصل بحق ہو کر جنت المعلیٰ میں مدفون ہوئے۔"

(تذکرۃ الرشید ج ۲ ص ۲۰۹)

ملاحظہ فرمائیے! صرف اتنا ہی معلوم نہیں تھا کہ وہ ابھی نہیں مریں گے بلکہ یہ بھی معلوم تھا کہ وہ کب مریں گے۔ "وہ میرے بعد مریں گے" اس کے ایک جملے نے دونوں کا حال ظاہر کر دیا، اپنا بھی اور ان کا بھی۔ اسے کہتے ہیں غیب دانی! نہ جبریل کا انتظار نہ خدا کے بتانے کی احتیاج!

تیسرا واقعہ مولوی نظر محمد خاں نامی کوئی شخص تھے جو گنگوہی صاحب کے دربار کے حاضر باش تھے۔ ان کے متعلق تذکرۃ الرشید کے مصنف کا یہ بیان پڑھیے، لکھتے ہیں کہ،

"مولوی نظر محمد خاں نے ایک مرتبہ پریشان ہو کر عرض کیا کہ حضرت فلاں شخص جو والد صاحب سے عداوت رکھتا تھا۔ ان کے انتقال کے بعد اب مجھ سے ناحق عداوت رکھتا ہے۔ بے ساختہ آپ کی زبان سے نکلا: "وہ کب تک رہے گا"۔ چند روز گزرے تھے کہ دفعتہً وہ شخص انتقال کر گیا۔"

(تذکرہ ج ۲ ص ۲۱۴)

یا تو یہ کہا جائے کہ گنگوہی صاحب کو اس کی زندگی کے بچے کھچے دن معلوم ہو گئے تھے اور انہوں نے سوالیہ لہجے میں اسے ظاہر کر دیا تھا یا پھر یہ کہا جائے کہ گنگوہی صاحب کے مُنہ سے نکلتے ہی اس غریب کی موت واجب ہو گئی اور چار و ناچار اسے مرنا ہی پڑا۔ دونوں شقوں میں سے جو شق بھی اختیار کی جائے دیوبندی مذہب پر شرک سے چھٹکارا ممکن نہیں ہے۔

marfat.com

چوتھا واقعہ

اب تک تو دُوسروں کی موت کے علم سے متعلق واقعات بیان ہوئے اب خود مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی کا اپنا واقعہ سُنیئے ان کا سوانح نگار اُن کی موت کی اصل تاریخ یُوں نقل کرتا ہے:

"یہ اختلاف روایت ۸ یا ۹ جمادی الثانیہ مطابق ۱۱ اگست ۱۹۰۵ء کو بہ یوم جمعہ بعد اذان یعنی ساڑھے بارہ بجے آپ نے دنیا کو الوداع کہا۔"

(تذکرہ ص ۳۳۱)

اس کے بعد یہ بیان پڑھیے:

"حضرت امام ربانی قدس سرہٗ کو چھ روز پہلے سے جمعہ کا انتظار تھا بہ یوم شنبہ دریافت فرمایا کہ آج کیا جمعہ کا دن ہے؟ خدام نے عرض کیا کہ حضرت آج تو شنبہ ہے اس کے بعد درمیان میں بھی کئی بار جمعہ کو دریافت کیا حتّٰی کہ جمعہ کے دن جس روز وصال ہُوا صبح کے وقت دریافت فرمایا کہ کیا دن ہے؟ اور جب معلوم ہوا کہ جمعہ کا دن ہے تو فرمایا: انا للہ وانا الیہ راجعون۔" (تذکرہ ج ۲ ص ۳۳۱)

اس بات سے پتہ چلتا ہے کہ چھ دن قبل ہی آپ کو اپنی موت کا علم ہو گیا تھا اور یہ علم اتنا یقینی طور پر تھا کہ جب جمعہ کا دن آیا تو آپ نے کلمہ ترجیع پڑھ لیا۔

ملاحظہ فرمائیے، ایک طرف تو گھر کے بزرگوں کے لیے انتہائی فراخ دلی کے ساتھ یہ جذبۂ اعتراف ہے اور دُوسری طرف اسی موت کے علم سے متعلق انبیاء و اولیاء کے حق میں عقیدے کی زبان یہ ہے:

"اسی طرح جب کوئی اپنا حال نہیں جانتا کہ کل کو کیا کرے گا تو کسی کا کیوں کر جان سکے۔ اور جب اپنے مرنے کی جگہ نہیں جانتا اور کسی کے مرنے کی جگہ یا وقت کیونکر جان سکے۔" (تقویۃ الایمان ص ۲۳)

اب آپ ہی فیصلہ کیجئے کہ مذکورہ بالا واقعات سے کیا یہ حقیقت بالکل بے نقاب نہیں ہو جاتی کہ شرک و انکار کی یہ ساری تعزیرات جو دیوبندی لٹریچر میں پھیلی ہُوئی ہیں صرف

marfat.com

انبیاء و اولیاء کے حق میں ہیں۔ گھر کے بزرگوں پر قطعاً ان کا اطلاق نہیں ہوتا۔

(۴)

غیبی قوتِ ادراک کا ایک عجیب و غریب قصّہ

اب تذکرۃ الرشید کے مصنف کی زبانی عام امورِ غیبیہ کے مشاہدہ خبر سے متعلق گنگوہی صاحب کا ایک حیرت انگیز قصّہ سنیے، مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی کے عقیدت مندوں میں میر واجد علی قنوجی کوئی شخص گزرے ہیں، ان ہی سے یہ روایت نقل کی گئی ہے، لکھا ہے کہ :

" میر واجد علی قنوجی فرماتے ہیں کہ میرے مرشد حضرت مولانا مولوی محمد قاسم صاحب نے مجھ سے بیان فرمایا کہ میں ایک مرتبہ گنگوہ گیا۔ خانقاہ میں ایک کورا بندھنا رکھا ہوا تھا میں نے اس کو اٹھا کر کنویں میں سے پانی کھینچا اور اس میں پانی بھر کر پیا تو پانی کڑوا تھا۔ ظہر کی نماز کے وقت حضرت سے ملا اور یہ قصّہ بھی عرض کیا آپ نے فرمایا کنویں کا پانی تو میٹھا ہے کڑوا نہیں ہے۔ میں نے وہ کورا بندھنا پیش کیا جس میں پانی بھرا تھا۔ حضرت نے بھی پانی چکھا تو بدستور تلخ تھا۔ آپ نے فرمایا : اچھا اس کو رکھ دو، یہ فرما کر ظہر کی نماز میں مشغول ہو گئے۔ سلام پھیرنے کے بعد حضرت نے نمازیوں سے فرمایا کہ کلمہ طیبہ جس قدر جس سے پڑھا جائے پڑھو اور خود بھی حضرت نے پڑھنا شروع کیا۔ تھوڑی دیر کے بعد حضرت نے دُعا کے لیے ہاتھ اٹھائے اور نہایت خشوع و خضوع کے ساتھ دُعا مانگ کر ہاتھ منہ پر پھیر لیے۔ اس کے بعد بندھنا اٹھا کر پانی پیا تو شیریں تھا۔ اس وقت مسجد میں جتنے نمازی تھے سب نے چکھا، کسی قسم کی تلخی اور کڑاہٹ نہ تھی تب حضرت نے فرمایا کہ اس بندھنے کی مٹی اس قبر کی ہے جس پر عذاب ہو رہا تھا۔ الحمدللہ کلمہ کی برکت سے عذاب رفع ہو گیا۔"

(تذکرہ ج ۲ ص ۲۱۲)

marfat.com

دوسرا شرک یہ ہے کہ اُن کے اندر یہ قوتِ تصرف بھی مان لی گئی کہ وفات کے بعد بھی جس کسی کی مدد فرمانا چاہیں فرما سکتے ہیں۔ تیسرا شرک یہ ہے کہ سلام کے بعد اگر گنگوہی صاحب کے دل کی کیفیت ان کے پیشِ نظر نہیں تھی تو انہیں کس طرح معلوم ہوا کہ مولوی رشید احمد صاحب کو حق تعالیٰ نے ایسا علم بخشا ہے کہ آپ سلام کرنے والے کے ارادے سے واقف ہو جاتے ہیں۔ لیکن یہ سارا شرک صرف اس لیے گوارا کر لیا گیا کہ اپنے مولانا کی عظمت و بزرگی کے لیے اس واقعہ کو دستاویز بنانا مقصود تھا ورنہ جہاں ماننے کا تعلق ہے یہ حضرات سرکار غوث الوریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حق میں اس طرح کے غیبی قوت ادراک کے ہرگز قائل نہیں ہیں بلکہ اس کے اثبات کو شرک قرار دیتے ہیں جیسا کہ یہی گنگوہی صاحب ندائے یا شیخ عبد القادر جیلانی شیئا للہ (یعنی اے شیخ عبد القادر جیلانی خدا کے لیے کچھ عطا کیجئے) کے متعلق تحریر فرماتے ہیں:

"اس کلام کا پڑھنا کسی وجہ سے جائز نہیں۔ اگر شیخ قدس سرہٗ کو عالم الغیب و متصرف مستقل جان کر کہتا ہے تو خود شرک محض ہے اور جو یہ عقیدہ نہیں تو ناجائز ہے کیونکہ اس صورت میں یہ ندا شرک نہ ہوا لیکن مشابہ شرک ہے۔" (فتاویٰ رشیدیہ ج ۱ ص ۵)

ذرا ملاحظہ فرمائیے کہ یہاں سرکار غوث اعظم کے روحانی تصرف اور غیبی قوت ادراک کے سوال پر کتنے احتمالات پیدا کر دیئے گئے اور کیسی بال کی کھال نکالی گئی لیکن اپنی عظمت و بزرگی کی بات آگئی تو اب انہی سرکار غوث الوریٰ کے علم و اختیار پر کوئی شبہ وار نہیں کیا گیا۔

(۶)

گنگوہی صاحب کے ایک مرید پر مغیبات کا انکشاف

"تذکرۃ الرشید" کے مصنف گنگوہی صاحب کے ایک مرید کا حال بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ:

"ایک شخص بذریعہ خط آپ سے بیعت ہوئے اور تحریری تعلیم پر

marfat.com

ذکر میں مشغول ہوئے۔ چند روز میں ان پر یہ کیفیت طاری ہوئی کہ اویسائے سلاسل کی ارواح طیبات سے تقاحاصل ہوا اور پھر یکے بعد دیگرے انبیاء علیہم السلام کی پاک روحوں سے ملاقات ہوئے رفتہ رفتہ یوں محسوس ہوتا تھا کہ سر سے لے کر قدم تک رگ رگ بال بال میں ارواح طیبات سے وابستگی ہے۔ اسی حالت میں ایک مدہوشی اور سکر کا عالم پیدا ہوتا ہے جس میں مغیبات کا انکشاف اور مجلس سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی دربانی کا اعزاز حاصل ہوتا۔" (تذکرہ ج ۲ ص ۱۴۳)

اب فکر و دانش کے اس افلاس کا شکوہ کس سے کیا جائے کہ "دربان" کا تو یہ حال ظاہر کیا جاتا ہے کہ عالم غیب کا کوئی پردہ اس کی نگاہ پر حائل نہیں ہے۔ بالکل پڑوس میں رہنے والے دوستوں کی طرح انبیاء و اولیاء کی روحوں سے ملاقات کا سلسلہ جاری ہے برزخ و غیب کے اسرار بیکر محسوس پیش نظر ہیں لیکن "آقا" کے بارے میں عقیدے کی زبان ہے ذرا اسے بھی ملاحظہ فرمائیے:

"کسی انبیاء و اولیاء یا امام و شہید کی جناب میں ہرگز یہ عقیدہ نہ رکھے کہ وہ غیب کی بات جانتے ہیں بلکہ حضرت پیغمبر کی جناب میں بھی یہ عقیدہ نہ رکھے اور نہ اُن کی تعریف میں ایسی بات کہے۔" (تقویۃ الایمان ص ۲)

(۷)

حاجی دوست محمد خاں دہلوی مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی کے ایک نہایت مخلص خادم تھے۔ ایک بار اُن کی اہلیہ کی طبیعت سخت خراب ہوگئی اب اس کے بعد کا واقعہ تذکرۃ الرشید کے مصنف کی زبانی سنیے۔ علالت کی سنگینی کا حال بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ:

"ہاتھ پاؤں کی نبضیں چھوٹ گئیں، غشی طاری ہوگئی اور تمام جسم ٹھنڈا ہوگیا۔ حاجی صاحب کو اہلیہ کے ساتھ محبت زیادہ تھی، بے قرار ہوگئے۔ پاس آکر دیکھا تو حالت غیر تھی، صرف سینہ میں سانس چلتا ہوا محسوس ہوتا تھا۔

marfat.com

زندگی سے مایوس ہوگئے، رونے لگے اور سرہانے بیٹھ کر یٰسین شریف پڑھنی شروع کر دی۔ چند لمحے گزرے تھے کہ دفعتہً مریضہ نے آنکھیں کھول دیں اور ایک لمبا سانس لے کر پھر آنکھ بند کر لی۔ سب نے سمجھ لیا کہ اب وقت اخیر ہے۔ حاجی دوست محمد خاں اس حیرت ناک نگاہ کو دیکھ نہ سکے، بے اختیار وہاں سے اُٹھے اور مراقب ہو کر حضرت امام ربانی کی طرف متوجہ ہوئے کہ وقت آگیا ہو تو خاتمہ بالخیر ہو اور زندگی باقی ہے تو یہ تکلیف جو متواتر تین دن سے ہو رہی ہے رفع ہو جائے۔ مراقبہ کرنا تھا کہ مریضہ نے آنکھیں کھول دیں اور باتیں کرنی شروع کر دیں۔ نبضیں ٹھکانے آ گئیں اور افاقہ ہو گیا، دو تین دن میں قوت بھی آگئی اور بالکل تندرست ہو گئیں۔

(تذکرۃ الرشید ج ۲ ص ۲۲۱)

اس واقعہ کے بعد سوانح نگار کا یہ زلزلہ خیز بیان پڑھیے اور دریائے حیرت میں غوطہ لگائیے۔ لکھتے ہیں کہ:

"حاجی صاحب مرحوم فرماتے تھے کہ جس وقت مراقب ہوا حضرت کو اپنے سامنے پایا اور پھر تو یہ حال ہوا کہ جس طرف نگاہ کرتا ہوں حضرت امام ربانی کو بہ ہیئت اصلیہ موجود دیکھتا ہوں تین شبانہ روز یہی حالت رہی۔" (تذکرہ ج ۲ ص ۲۲۱)

نگاہ پہ بار نہ ہو تو اسی کے ساتھ ذرا گنگوہی صاحب کا فتویٰ بھی پڑھ لیجئے:

"کسی نے سوال کیا کہ تصور کرنا اولیاء اللہ کا مراقبہ میں کیسا ہے؟ اور یہ جاننا کہ جب ہم ان کا تصور باندھتے ہیں تو وہ ہمارے پاس موجود ہو جاتے ہیں اور ہم کو معلوم ہو جاتے ہیں ایسا اعتقاد کرنا کیسا ہے؟

الجواب: ایسا تصور درست نہیں۔ اس میں اندیشہ شرک کا ہے۔"

(فتاویٰ رشیدیہ ج ۱ ص ۸)

اس مقام پر اس سے زیادہ اور ہمیں کچھ نہیں کہنا ہے کہ اولیاء اللہ کے بارے

marfat.com

میں یہ عقیدہ ہے اور اپنے شیخ کے بارے میں وہ واقعہ!

ایک ہی بات، ایک جگہ شرک ہے اور دوسری جگہ قابلِ تحسین واقعہ! زاویہ نگاہ کے اس فرق کی معقول وجہ کیا ہو سکتی ہے اگر انصاف کا جذبہ شریک حال ہو تو خود ہی فیصلہ کر لیجئے

پھر دیوبندی عقیدے کی بنیاد پر یہ سوال بھی اپنی جگہ پر ہے کہ آخر ایک ہی شخص کو ہر طرف بہ ہیئت اصلیہ دیکھنا کیوں کر ممکن ہے؛ لیکن توحید کے اجارہ داروں کو مبارک ہو کہ یہ ناممکن بھی انہوں نے اپنے مولانا کے لیے ممکن ہی نہیں بلکہ امرِ واقعہ بنا لیا۔

اب لگے ہاتھوں اس کے ساتھ انہی گنگوہی صاحب کا واقعہ اور سُن لیجئے۔ یہی تذکرۃ الرشید کے مصنف مولوی عاشق الٰہی میرٹھی قصبہ نگینہ کے مولوی محمود حسن نامی کسی شخص سے روایت کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ:

"مولوی محمود حسن صاحب نگینوی فرماتے ہیں کہ میری خوش دامن صاحبہ جو اپنے والد کے ہمراہ مکہ معظمہ میں بارہ سال تک مقیم رہیں نہایت پارسا اور عابدہ و زاہدہ تھیں، سینکڑوں احادیث بھی ان کو حفظ تھیں۔

انہوں نے مجھ سے فرمایا کہ بیٹا! حضرت (گنگوہی) کے بہت شاگرد مرید ہیں مگر کسی نے حضرت کو نہیں پہچانا۔ جن ایام میں میرا قیام مکہ معظمہ میں تھا روزانہ میں نے صبح کی نماز حضرت کو حرم شریف میں پڑھتے دیکھا اور لوگوں سے سُنا بھی کہ یہ حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی ہیں۔ گنگوہ سے تشریف لایا کرتے ہیں۔" (تذکرہ ج ۲ ص ۲۱۲)

"روزانہ" کا لفظ بتا رہا ہے کہ کسی دن بھی وہ صبح کی نماز حرم شریف میں ناغہ نہیں کرتے تھے اور ان کی مدتِ قیام کے دوران یہ سلسلہ بارہ سال تک جاری رہا۔

اختلاف مطالعہ کی بنیاد پر اگر ہندوستان اور مکہ کے وقت میں چند گھنٹوں کا فرق بھی مان لیا جائے جب بھی ۲۴ گھنٹوں میں سے کسی نہ کسی وقت معین پر حرم شریف میں پہنچنے کے لیے اُن کا گھر سے غائب ہونا از بس ضروری تھا لیکن مشکل یہ ہے کہ انہی مولوی عاشق الٰہی نے اپنی اسی کتاب میں ان کے معمولات شبانہ روز کا جو گوشوارہ

marfat.com

پیش کیا ہے اس میں انھیں چوبیس گھنٹے گنگوہ میں موجود دکھلایا ہے پھر بارہ سال تک روزانہ ایک وقت مقررہ پر اپنے گھر سے غائب ہو جانا اور پھر واپس لوٹ آنا ایسی چیز نہیں تھی جو لوگوں سے چھپی رہ جاتی اور اس کی شہرت نہ ہوتی۔

اس لیے لامحالہ تسلیم کرنا پڑے گا کہ وہ ایک ہی وقت میں مکے میں بھی موجود ہوتے تھے اور گنگوہ میں بھی حاضر رہتے تھے۔ اب حاجی دوست محمد خاں کا مشاہدہ جو ابھی گزرا اور دیوبند کی پارسا خاتون کی یہ روایت دونوں نظر میں رکھیے تو واضح طور پر ثابت ہو جاتا ہے کہ مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی ایک ہی وقت میں متعدد جگہ موجود رہیں لیکن یہ سُن کر آپ ششدر رہ جائیں گے کہ جس وصف کمال کو دیوبندی حضرات اپنے پیرِ مغاں کے لیے واجب مان رہے ہیں اسے رسول انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے ممکن بھی تسلیم نہیں کرتے۔

چنانچہ محافل میلاد میں حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تشریف آوری کے امکان پر بحث کرتے ہوئے دیوبندی مذہب کے پیشوا مولوی اشرف علی تھانوی لکھتے ہیں:

"اگر ایک وقت میں کئی جگہ منعقد ہو تو آیا سب جگہ تشریف لیجاویں گے یا کہیں؟ یہ تو ترجیح بلا مرجح ہے کہ کہیں جاویں کہیں نہ جاویں اور اگر سب جگہ جاویں تو وجود آپ کا واحد ہے ہزار جگہ کس طور جا سکتے ہیں؟"

(فتاویٰ امدادیہ ج ۴ ص ۵۸)

ذہن کی قوت فیصلہ اگر کسی غیر کی مٹھی میں رہن نہیں ہے تو اپنے رسول کے جذبہ عقیدت کے ساتھ انصاف کیجئے اور اسی آئینے میں ان سارے اختلافات کی نوعیت بھی پڑھ لیجئے جو اہل سنت اور دیوبندی حضرات کے درمیان نصف صدی سے جاری ہے۔

(۸)

گزشتہ واقعات کا علم

مولوی عاشق الٰہی میرٹھی نے اس کتاب میں ایسے متعدد واقعات نقل کیے ہیں جن سے پتہ چلتا ہے کہ مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی کو غیبی طور پر بغیر کسی کی اطلاع کے گزرے ہوئے

marfat.com

واقعات کی بھی خبر ہو جاتی تھی چنانچہ نمونے کے طور پر ذیل میں ایک واقعہ ملاحظہ فرمائیے۔
منشی نثار علی اور گوہر خاں نام کے دو شخص انگریزوں کے پلٹن میں ملازم تھے ان کے متعلق یہ واقعہ بیان کرتے ہیں :

"منشی نثار علی اور گوہر خاں ملازم پلٹن نمبر ۷ رخصت لے کر بارادۂ بیعت لکھنؤ سے گنگوہ روانہ ہونے کو تیار ہوئے، رکاب پر سواری تک آ کھڑی ہوئی۔ اتفاق سے کسی حاکم کی آمد کا رآیا اور عین وقت پر ان کو افسر کے حکم سے رکنا پڑا۔ دس دن کے بعد فارغ ہو کر گنگوہ پہنچے تو حضرت نے صاف ارشاد فرمایا کہ تم دونوں صاحب فلاں روز روانہ ہونا چاہتے تھے مگر روک لیے گئے۔

اور جب کھانا دسترخوان پر آیا تو کہنے لگے کہ آپ کے ساتھ دو ٹٹو بھی تو ہیں آخر وہ بھی میرے مہمان ہیں، اول ان کو گھاس دانہ پہنچنا چاہیے۔ حالانکہ دونوں ٹٹوؤں پر سوار ہونے کی اطلاع آپ کو کسی آدمی نے نہیں دی تھی۔" (تذکرہ ج ۲ ص ۲۲۴)

یہ اضافہ کہ حالانکہ دونوں ٹٹوؤں پر سوار ہو کر آنے کی اطلاع آپ کو کسی نے نہیں دی تھی، صرف اس لیے کیا گیا ہے کہ خوب اچھی طرح ظاہر ہو جائے کہ یہ غیب کی خبر تھی اور کسی طرح یہ شبہ نہ کیا جائے کہ اور کسی نے ان کو اطلاع کر دی ہوگی۔

(۹)

آئندہ واقعات کا علم

اب آئندہ یعنی کل اور اس کے بعد کے علم سے متعلق واقعات کا سلسلہ ملاحظہ فرمائیے۔

پہلا واقعہ مولوی صادق الیقین نام کے کوئی صاحب تھے ان کے باپ سنی تھے لیکن وہ دیوبندی علماء کے زیر اثر رہ کر بریلوی ہو گئے تھے جس

marfat.com

سبب سے ان کے باپ اکثر ناراض رہا کرتے تھے جب باپ بیٹے کے درمیان کشیدگی بہت زیادہ بڑھ گئی تو مولوی صادق الیقین گنگوہ چلے گئے اب اس کے بعد کا واقعہ خود مولوی عاشق الٰہی میرٹھی کی زبانی سُنیئے، لکھا ہے کہ:

"(گنگوہ) آنے کو تو آ گئے مگر والد صاحب کی ناراضی کا اکثر خیال آتا تھا ایک دن حضرت کی خدمت میں حاضر تھے یکایک حضرت نے ان سے ارشاد فرمایا کہ میں نے تمہارے والد کی طرف خیال کیا تھا ان کے قلب میں تمہاری محبت جوش مار رہی تھی اور یہ خفگی صرف ظاہری ہے۔ امید ہے کل پرسوں تک تمہارے بُلانے کو ان کا خط بھی آجائے گا۔ چنانچہ دوسرے ہی دن شاہ صاحب کا خط آیا۔" (تذکرہ ج ۲ ص ۲۲۰)

غیب دان کی یہ شان قابل دیدنی ہے کہ کل کی بھی خبر دے دی اور سینکڑوں میل کی مسافت سے دل کے مخفی حال کا بھی مشاہدہ فرما لیا، نہ قرآن کی کوئی آیت اس دعوے پر اثر انداز ہوئی اور نہ عقیدۂ توحید کو کوئی ٹھیس پہنچی۔

دوسرا واقعہ

صوفی کرم حسین نام کے کوئی صاحب تھے جو مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی کی خانقاہ کے حاضر باش تھے ان کے متعلق "تذکرۃ الرشید" کے مصنف یہ واقعہ نقل کرتے ہیں کہ:

"صوفی کرم حسین صاحب ایک مرتبہ بیمار ہوئے اور چند روز کے بعد صحت ہو گئی۔ ان کے مکان سے طلبی کا خط پہنچا تو انہوں نے روانگی کا قصد کیا۔ حضرت سے رخصت ہونے لگے تو خلافِ عادت فرمانے لگے: کرم حسین! کل کو مت جاؤ، تیسرے روز کے بعد جانا۔ ارادہ کا فسخ طبع کو گراں تو ہوا مگر ٹھہر گئے۔ اگلے دن دفعۃً تپ لرزہ آیا وہ بھی اس شدت کے ساتھ کہ عشاء کے وقت تک اٹھ ہی نہ سکے۔ اس وقت خیال ہوا کہ آج راستہ میں ہوتا تو کیا مزہ آتا۔" (تذکرہ ج ۲ ص ۲۲۶)

یعنی گنگوہی صاحب کو معلوم تھا کہ کل بخار آئے گا۔

marfat.com

تیسرا واقعہ تذکرۃ الرشید کے مصنف نے مولوی محمد یٰسین نام کے ایک شخص کے متعلق جو مدرسہ دیوبند میں مدرس تھے لکھا ہے کہ وہ ایک بار گنگوہ حاضر ہوئے، انہیں دیوبند واپس جانا تھا۔ واپسی کی اجازت طلب کرنے کے لیے جب وہ دوپہر کے وقت مولوی رشید احمد کے پاس گئے اور ان سے اجازت طلب کی لیکن بیحد اصرار کے باوجود انہوں نے واپس ہونے کی اجازت نہیں دی۔ جب کوئی عذر کارگر نہ ہوا تو اخیر میں انہوں نے کہا:

"کل کو بندہ کا مدرسہ میں حاضر ہو جانا ضروری ہے۔ حضرت نے فرمایا کہ مدرسے کے حرج کا تو مجھے بھی بہت خیال ہے لیکن تمہاری تکلیف کی وجہ سے کہتا ہوں کہ ناحق راستے میں مارے مارے پھرو گے، سخت تکلیف اُٹھاؤ گے۔ باوجود حضرت کے بار بار اس فرمانے کے ہمیں مطلق خیال نہ ہوا کہ "شیخ ہر چہ گوید دیدہ گوید" (یعنی شیخ جو کچھ کہتا ہے دیکھ کر کہتا ہے) اپنی ہی کہے گئے۔" (تذکرہ ج ۲ ص ۱۲۲)

اس کے بعد انہوں نے اپنی روانگی اور راستے کی پریشانیوں اور رات بھر مارے مارے پھرنے کی تفصیل بیان کی۔

یہاں سوچنے کی بات یہ ہے کہ "شیخ ہر چہ گوید دیدہ گوید" کا جو عقیدہ دیوبندی حضرات اپنے بزرگوں کے لیے روا رکھتے ہیں وہی سید الانبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حق میں شرکِ عظیم سمجھتے ہیں۔

چوتھا واقعہ ارواح ثلثہ نامی کتاب کے واقعات کا ایک راوی امیر شاہ خان نے گنگوہی صاحب کے سفر حج کا ذکر کیا ہے۔ لکھتے ہیں کہ اُن کا جہاز جب جدہ پہنچا تو وہاں کے افسروں نے انہیں اُترنے کی اجازت نہیں دی اور قرنطینہ کے لیے انہیں کامران واپس جانے کا حکم دیا۔ اس کے بعد ان ہی کی زبانی پورا واقعہ سنئے، لکھا ہے کہ:

"تھوڑی دیر میں ایک عرب صاحب تشریف لائے اور انہوں نے

marfat.com

کہا گودی کے افسر رشوت خور ہیں اور وُہ کچھ لینے کے لیے یہ حجت کر رہے ہیں تم جلدی کچھ چندہ کر دو میں انہیں دلا کر راضی کر لوں گا۔

جب یہ خبر مولانا (گنگوہی) کو پہنچی تو آپ نے فرمایا کہ یہ شخص بالکل جھوٹا ہے کوئی اُسے کچھ نہ دے گا ہم کو کامران واپس نہیں ہونا پڑے گا ہم یہیں اُتریں گے۔ چنانچہ دُوسرے روز یہ حکم ہو گیا کہ حاجیوں کو اُتر جانا چاہیئے۔"

(ارواحِ ثلاثہ ص ۲۸۶)

کئی صفحوں پر پھیلا ہوا آپ گنگوہی صاحب کی زبان سے کل کی خبروں کا سلسلہ پڑھ چکے ہیں۔ ان کے متعلق اس غیبی علم کے مظاہرے پر آج تک کوئی معترض نہ ہوا کہ غیر اللہ کے حق میں اس قسم کا اعتقاد قرآن کے خلاف ہے لیکن بُرا ہو تنگیِ دل کا کہ یہی 'کل کے علم و خبر' کا سوال جب محبوبِ کبریا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے پیدا ہوتا ہے تو ہر دیوبندی فاضل کی زبان پر قرآن کی یہ آیت ہوتی ہے وما تدری نفس ماذا تکسب غدًا۔ کوئی متنفس نہیں جانتا کہ وُہ کل کیا کرے گا۔

اس کتاب کا دوسرا باب، جو مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی کے واقعات و حالات پر مشتمل تھا یہاں پہنچ کر تمام ہو گیا۔

جس تصویر کا پہلا رُخ کتاب کے ابتدائی حصہ میں آپ کی نظر سے گزر چکا ہے یہ اس کا دُوسرا رُخ تھا اب چند لمحے کی فرصت نکال کر ذرا دونوں رُخوں کا موازنہ کیجئے اور انصاف و دیانت کے ساتھ فیصلہ کیجئے کہ تصویر کے پہلے رُخ میں جن عقائد و مسائل کو ان حضرات نے شرک قرار دیا تھا جب ان ہی عقائد و مسائل کو انہوں نے اپنے حق میں قبول کر لیا تو اب کس منہ سے وُہ اپنے آپ کو 'موحد' اور دوسروں کو مشرک قرار دیتے ہیں۔

اب کتاب کا ورق الٹئے اور تیسرا باب پڑھیے۔

---

marfat.com

تیسرا باب

دیوبندی جماعت کے مذہبی پیشوا جناب مولوی اشرف علی تھانوی کے بیان میں

اس باب میں جناب مولوی اشرف علی تھانوی کے متعلق دیوبندی لٹریچر سے ایسے واقعات و حقائق پیش کیے گئے جن میں عقیدہ توحید سے تصادم اپنے مذہب سے انحراف اور منہ بولے شرک کو اپنے حق میں اسلام و ایمان مان لینے کی عبرت انگیز مثالیں ورق ورق پر بکھری ہوئی ہیں۔

انھیں چشمِ حیرت سے پڑھیے اور وفا آشنا ضمیر کا فیصلہ سننے کے لیے گوشِ برآواز رہیے۔

سلسلۂ واقعات

(۱)

تھانوی صاحب کے خلیفہ خاص مولوی عبدالماجد صاحب دریابادی نے اپنی کتاب "حکیم الامت" میں اُن کی ایک مجلس کا حال لکھتے ہوئے اپنے جن تاثرات کا اظہار کیا ہے وہ دیوبندی مذہب کی طرف سے حُسنِ ظن رکھنے والوں کو چونکا دینے کے لیے کافی ہے، لکھتے ہیں کہ:

"بعض بزرگوں کے حالات حضرت نے اپنی زبان سے اس طرح ارشاد فرمائے کہ گویا "درحدیث دیگراں" بعینہٖ ہم لوگوں کے جذبات و خیالات کی

marfat.com

ترجمانی ہو رہی ہے ۔ دل نے کہا کہ دیکھو روشن ضمیر ہیں نہ سارے ہمارے مخفیات ان پر آئینہ ہوتے جا رہے ہیں ۔ صاحب کشف و کرامات ان سے بڑھ کر کون ہوگا ۔

(چند سطروں کے بعد) خیر اس وقت تو گہرا اثر اس غیب دانی اور کشفِ صدر لے کر اٹھا ۔ مجلس برخاست ہوئی ۔" (حکیم الامت ص ۲۴)

اخیر کا یہ جملہ دوبارہ پڑھیے ۔ یہاں بات ایک دم کھل کر سامنے آگئی ہے ۔ مجاز و استعارہ کے ابہام سے ہٹ کر بالکل صراحت کے ساتھ تھانوی صاحب کے حق میں "غیب دانی" کا لفظ استعمال کیا گیا ہے حالانکہ یہی وہ لفظ ہے جس پر پچاس برس سے یہ حضرات جنگ کرتے آرہے ہیں کہ اس لفظ کا اطلاق رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ذات پر قطعاً کفر اور شرک ہے جیسا کہ دیوبندی جماعت کے مستند امام مولوی عبدالشکور صاحب کاکوروی اپنی کتاب میں تحریر فرماتے ہیں :

"ہم نہیں کہتے کہ حضور جانتے تھے یا غیب دان تھے بلکہ یہ کہتے ہیں کہ حضور کو غیب کی باتوں پر اطلاع دی گئی ۔ فقہائے حنفیہ کفر کا اطلاق اسی غیب دانی پر کرتے ہیں نہ کہ اطلاع یابی پر ۔" (فتح حقانی ص ۲۵)

دیکھ رہے ہیں آپ ! ان حضرات کے تئیں فقہائے حنفیہ کفر کا اطلاق جس غیب دانی پر کرتے ہیں وہ اقراری کفر اپنے تھانوی صاحب کے حق میں کتنی بشاشت کے ساتھ قبول کر لیا گیا ہے ، تھانوی صاحب کی غیب دانی کے سوال پر نہ اسلام کی کوئی دیوار منہدم ہوئی ہے اور نہ قرآن کے ساتھ کسی طرح کا تصادم لازم آیا ہے ۔

اب یہیں سے سمجھ لیجئے کہ ان حضرات کی کتابوں میں کفر اور شرک کے جو مباحث سینکڑوں صفحات پر پھیلے ہوئے ہیں اس کے پیچھے اصل مدعا کیا ہے ؟ توحید پرستی کا جذبہ اگر خلوص پر مبنی ہوتا تو کفر و شرک کے سوال پر اپنے اور بیگانے کی یہ تفریق ہرگز روا نہ رکھی جاتی ۔

marfat.com

(۲)

بیک وقت متعدد مقامات پر تھانوی صاحب کی موجودگی کا ایک حیرت انگیز واقعہ

خواجہ عزیز الحسن صاحب نے اشرف السوانح کے نام سے تین جلدوں میں تھانوی صاحب کی سوانح حیات لکھی ہے جو خانقاہ امدادیہ تھانہ بھون ضلع مظفر نگر سے شائع کی گئی ہے۔ انہوں نے اپنی کتاب میں تھانوی صاحب کا ایک عجیب و غریب واقعہ نقل کیا ہے، لکھتے ہیں کہ:

"عرصہ دراز ہوا ایک صاحب نے خود احقر سے یہیں خانقاہ میں بایں عنوان اپنا واقعہ بیان کیا کہ گو دیکھنے میں تو حضرت والا یہاں بیٹھے ہوئے ہیں لیکن کیا خبر اس وقت کہاں پر ہوں، کیونکہ میں ایک بار خود حضرت والا کو باوجود کہ تھانہ بھون میں ہونے کے علی گڑھ دیکھ چکا ہوں جبکہ وہاں نمائش تھی اور اس کے اندر سخت آگ لگی ہوئی تھی۔

میں بھی اس نمائش میں اپنی دکان لے گیا تھا جس روز آگ لگنے والی تھی اس روز خلافِ معمول عصر ہی کے وقت سے میرے قلب کے اندر ایک وحشت سی پیدا ہونے لگی تھی جس کا یہ اثر ہوا کہ باوجود اس کے اصل بکری کا وقت وہی تھا لیکن میں نے اپنی دکان کا سارا ساز و سامان قبل از وقت ہی سمیٹ کر بکسوں میں بھرنا شروع کر دیا۔ جب بعد مغرب آگ لگنے کا غل شور ہوا تو چونکہ میں اکیلا ہی تھا اور بکس بھی بھاری تھے، اس لیے میں سخت پریشان ہوا کہ یا اللہ! دکان سے باہر کیونکر لے جاؤں۔

اتنے میں کیا دیکھتا ہوں کہ دفعۃً حضرت والا نمودار ہوئے اور بکسوں میں سے ایک ایک بکس کے پاس تشریف لے جا کر فرمایا کہ جلدی سے اٹھاؤ! چنانچہ ایک طرف سے تو اس بکس کو خود اٹھایا اور دوسری طرف سے میں نے اٹھایا۔ اسی طرح تھوڑی دیر میں ایک ایک کر کے سارے بکس

marfat.com

باہر رکھوا دیئے۔ اس آگ سے اور دکانداروں کا تو بہت نقصان ہوا ، لیکن بفضلہٖ تعالیٰ میرا سب سامان بچ گیا۔

اس واقعہ کو سُن کر احقر (یعنی مصنف کتاب) نے ان سے پوچھا کہ آپ نے حضرت والا سے یہ نہ دریافت کیا آپ یہاں کہاں ؟ اس پر انہوں نے کہا کہ اجی پُوچھنے گچھنے کا مجھ کو اس وقت ہوش ہی کہاں تھا میں تو اپنی پریشانی میں مُبتلا تھا۔" (اشرف السوانح ج ۳ ص ۷۱)

حیران و ششدر نہ رہ گئے ہوں تو یہ قصہ ایک بار اور پڑھ لیجئے۔ شخص واحد کے متعدد جگہ ہونے کا ذکر یہاں بالکل صراحت کے ساتھ کہیں بھی استعارات و کنایات کا کوئی ابہام نہیں ہے۔ یہی وُہ منزل ہے جہاں پھر جی چاہتا ہے کہ محافل میلاد میں حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تشریف آوری کے امکان پر تھانوی صاحب کا یہ سوال دُہرا دوں :

" اگر ایک وقت میں کئی جگہ محفل منعقد ہو تو آیا سب جگہ تشریف لے جاویں گے یا کہیں ؟ یہ تو ترجیح بلا مرجح ہے کہ کہیں جاویں کہیں نہ جاویں اور اگر سب جگہ جاویں تو وجود آپ کا واحد ہے ہزار جگہ کس طور جا سکتے ہیں۔"

(فتاویٰ امدادیہ ج ۲ ص ۵۸)

کس طور جا سکتے ہیں ؟ اب اس سوال کا جواب دینے کی ضرورت باقی نہیں ہے ویسے ہم اس بات کے مدعی بھی نہیں کہ وہ ہر محفل میں تشریف لے جاتے ہیں البتہ کوئی بھی غیر جانبدار شخص تھانوی صاحب کے اس واقعہ کے ضمن میں ان سوالات کا سامنا کیے بغیر نہیں رہ سکتا جو اچانک ذہن کی سطح پر اُبھر آتے ہیں۔

پہلا سوال تو یہی حضرات کے یہاں صحت و غلط کے جانچنے کا پیمانہ الگ الگ کیوں ہے؟ بات اگر غلط ہے تو ہر جگہ غلط ہونی چاہیئے اور اگر صحیح ہے تو دوسروں کے حق میں بھی اس کی صحت کیوں نہیں تسلیم کی جاتی۔ ایسا کیوں ہے کہ ایک ہی بات رسولِ کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حق میں تو کفر ہے ، شرک ہے ، ناممکن ہے لیکن اپنے گھر کے بزرگوں کے حق میں اسلام ہے ، ایمان ہے اور امرِ واقعہ ہے۔

marfat.com

دُوسرا سوال یہ ہے کہ تھانہ بھون میں موجود رہ کر علی گڑھ میں پیش آنے والے حادثہ کو قبل از وقت معلوم کر لینا۔ کیا غیبی ادراک کی یہی قوّت نہیں جس کا پیغمبر اعظم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حق میں دیو بندی حضرات مسلسل انکار کرتے چلے آرہے ہیں اور اسی انکار کی بنیاد پر وُہ اپنی جماعت کو "موحدین" کی جماعت کہتے ہیں۔

تیسرا سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ چشم زدن میں ایک مقام سے دُوسرے مقام پر پہنچ کر کسی مصیبت زدہ کی مدد کرنا کیا دیو بندی مذہب کی زبان میں یہ خدائی اختیارات کی چیز نہیں ہے؟

اور پھر جس قدرت و اختیار اور علم و انکشاف کا وہ سیّد الانبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تک کے حق میں شدت سے انکار کرتے آئے ہیں۔ تعجّب ہے کہ اس کو اپنے حق میں ثابت کرتے ہُوئے انہیں ذرہ بھی عقیدہ توحید کے تقاضوں سے انحراف نظر نہیں آیا۔

ان سوالات کے جوابات کے لیے میں آپ ہی کے ضمیر کا انصاف چاہوں گا۔

(۳)

ایک اور عبرت انگیز کہانی توحید پرستی کے غرور میں خوش عقیدہ مسلمانوں کو بے دریغ مشرک، بدعتی اور قبر پرست کہنے والوں کی ایک اور عبرت خیز کہانی سُنیئے۔

انہی مولوی اشرف علی تھانوی صاحب کا سوانح نگار اشرف السوانح میں تھانوی صاحب کے پردادا محمّد فرید صاحب کی وفات کا تذکرہ کرتے ہُوئے لکھتا ہے کہ:

"کسی بارات میں تشریف لے جا رہے تھے کہ ڈاکوؤں نے آکر بارات پر حملہ کیا ان کے پاس کمان تھی اور تیر تھے انہوں نے ڈاکوؤں پر دلیرانہ تیر برسانا شروع کیے۔ چونکہ ڈاکوؤں کی تعداد کثیر تھی اور ادھر سے بے سروسامانی تھی یہ مقابلہ میں شہید ہو گئے۔"

(اشرف السوانح ج ۱ ص ۱۲)

marfat.com

اس کے بعد کا قصہ چشمِ حیرت سے پڑھنے کے قابل ہے، لکھا ہے کہ:

"شہادت کے بعد ایک عجیب واقعہ ہوا۔ شب کے وقت اپنے گھر مثل زندہ کے تشریف لائے اور اپنے گھر والوں کو مٹھائی لا کر دی اور فرمایا اگر تم کسی سے ظاہر نہ کرو گی تو اس طرح سے روز آیا کریں گے۔ لیکن ان کے گھر کے لوگوں کو یہ اندیشہ ہوا کہ گھر والے جب بچوں کو مٹھائی کھاتے دیکھیں گے تو معلوم نہیں کیا شبہ کریں گے اس لیے ظاہر کر دیا اور آپ تشریف نہیں لائے۔

یہ واقعہ خاندان میں مشہور رہے۔"

(اشرف السوانح ج ۱ ص ۱۲)

اللہ اکبر ہم اگر مرسلین و انبیاء و شہدائے مقربین اور اولیائے کاملین کی صرف روحوں کے بارے میں یہ عقیدہ رکھیں کہ خدائے قدیر نے انہیں عالمِ برزخ میں زندوں کی طرف حیات اور تصرف کی قدرت بخشی ہے تو بدعت و شرک، مُردہ پرستی اور جاہلیت کے طعنوں سے ہمارا جینا دوبھر کر دیا جاتا ہے۔ دارالافتاء بادل کی طرح گرجنے اور برسنے لگتے ہیں۔

لیکن تھانوی صاحب کے "جد مقتول" کے متعلق اس واقعہ کی اشاعت پر کہ وہ زندوں کی طرح گھر پلٹ کر واپس آئے۔ دو بدو باتیں کیں۔ مٹھائی پیش کی اور اسی شان سے ہر روز آنے کا مشروط وعدہ کیا اور جب شرط کی خلاف ورزی کی گئی تو آنا بند کر دیا۔ ان تمام باتوں پر بھی گریباں نہیں تھامتے، کوئی بھی ان چیزوں کو شرک نہیں ٹھہراتا۔ کوئی یہ نہیں پوچھتا کہ اُن کی لحد میں مٹھائی کی دُکان کس نے کھولی اور قرآن و حدیث میں اس طرح اختیارات کی دلیل کہاں سے ہے نیز یہ بات ان تک کیسے پہنچی کہ ان کے گھر والی نے ان کے آنے کا راز فاش کر دیا اور انہوں نے آنا بند کر دیا۔

ہے کوئی دیانت و انصاف کا حامی جو دیوبندی علماء سے جا کر پوچھے کہ جو عقیدہ رسول و نبی، غوث و خواجہ اور مخدوم و قطب کی بابت شرک ہے وہی تھانوی صاحب کے

marfat.com

پردادا کی بابت کیونکر ایمان و اسلام بن گیا ہے۔ آنکھوں میں دُھول جھونک کر توحید پرستی کا یہ سوانگ آخر کب تک رچایا جائے گا؟

ایک اور ایمان شکن واقعہ

اب لگے ہاتھوں اسی طرح کا ایک اور واقعہ ملاحظہ فرمائیے جس کے راوی یہی مولوی اشرف علی تھانوی ہیں، موصوف بیان کرتے ہیں کہ:

"مولانا اسمٰعیل دہلوی کے قافلے میں ایک شخص شہید ہو گئے، جن کا نام بیدار بخت تھا۔ یہ مجاہد دیوبند کے رہنے والے تھے، ان کی شہادت کی خبر آچکی ہے۔ ان کے والد حشمت علی خاں صاحب حسبِ معمول دیوبند میں اپنے گھر میں ایک رات تہجد کی نماز کے لیے اُٹھے تو گھر کے باہر گھوڑے کے ٹاپوں کی آواز آئی۔ انہوں نے دروازہ کھولا تو یہ دیکھ کر حیران ہوئے کہ اُن کے بیٹے بیدار بخت ہیں، بہت حیرانگی بڑھی کہ یہ تو بالاکوٹ میں شہید ہو گئے تھے، یہاں کیسے آ گئے؟

بیدار بخت نے کہا جلدی کوئی دری وغیرہ بچھائیے حضرت مولانا اسمٰعیل صاحب اور سیّد (احمد) صاحب یہاں تشریف لا رہے ہیں۔ حشمت خاں نے فوراً ایک بڑی چٹائی بچھا دی اتنے میں سیّد صاحب اور مولانا شہید اور چند دُوسرے رفقاء بھی آ گئے۔ حشمت خاں صاحب نے محبت پدری کی وجہ سے سوال کیا تمہارے کہاں تلوار لگی تھی؟

بیدار بخت نے سر سے اپنا ڈھانٹا کھولا اور اپنا نصف چہرہ اپنے دونوں ہاتھوں میں تھام کر اپنے باپ کو دکھایا کہ یہاں تلوار لگی تھی۔ حشمت خاں نے کہا یہ ڈھانٹا سر سے باندھ لو، مجھ سے یہ نظارا نہیں دیکھا جاتا۔ تھوڑی دیر بعد یہ تمام حضرات واپس تشریف لے گئے۔

صبح کو حشمت خاں کو شبہ ہوا کہ یہ کہیں خواب تو نہیں تھا مگر چٹائی کو جو غور سے دیکھا تو خون کے قطرے موجود تھے یہ وہ قطرے تھے جو

marfat.com

بیدار بخت کے چہرے سے گرتے ہوئے اس کے والد نے دیکھے تھے،
ان قطروں کو دیکھ کر حشمت خاں سمجھ گئے کہ یہ بیداری کا واقعہ ہے، خواب نہیں۔
اخیر میں چند راویوں کے نام گنا فرمائے ہیں کہ اس حکایت کے اور
بھی بہت سے معتبر راوی ہیں۔" (ملفوظات مولانا اشرف علی تھانوی
صفحہ ۴۰۹ مطبوعہ پاکستان بحوالہ ہفت روزہ "چٹان" ۲۴ دسمبر ۱۹۶۲ء)

اس عجیب و غریب واقعہ پر کوئی تبصرہ کرنے سے پہلے یہ بتا دینا اپنا اخلاقی فرض سمجھتا ہوں کہ دیوبند کے یہ شہید اعظم جنہوں نے کرشمہ سازی میں دنیا کے تمام شہیدوں کو اپنے پیچھے چھوڑ دیا ہے کس طرح کی جنگ میں قتل کیے گئے وہ کوئی جہاد فی سبیل اللہ تھا یا جنگِ آزادی تھی۔ شیخ کا بول بالا اور جھوٹ کا مُنہ کالا ہو کہ یہ بحث بھی شیخ دیوبند جناب مولوی حسین احمد صاحب نے طے کر دی ہے جیسا کہ اپنی خود نوشت سوانح حیات کی دوسری جلد میں تحریر فرماتے ہیں کہ:

"سید صاحب کا اصل مقصد چونکہ ہندوستان سے انگریزی تسلط اور اقتدار کا قلع قمع کرنا تھا جس کے باعث ہندو اور مسلمان دونوں ہی پریشان تھے اس بناء پر آپ نے اپنے ساتھ ہندوؤں کو بھی شرکت کی دعوت دی اور صاف صاف انہیں بتا دیا کہ آپ کا واحد مقصد ملک سے پردیسی لوگوں کا اقتدار ختم کرنا ہے اس کے بعد حکومت کس کی ہوگی اس سے آپ کو غرض نہیں جو لوگ حکومت کے اہل ہوں گے ہندو یا مسلمان یا دونوں وہ حکومت کریں گے۔"

(نقشِ حیات ج ۲ ص ۱۳)

آپ ہی انصاف سے بتائیے کہ مذکورہ بالا حوالہ کی روشنی میں سید صاحب کے اس لشکر کے متعلق سوا اس کے اور کیا رائے قائم کی جا سکتی ہے کہ وہ ٹھیک انڈین نیشنل کانگریس کے رضا کاروں کا ایک دستہ تھا جو ہندوستان میں سیکولر اسٹیٹ (لادینی حکومت) قائم کرنے کے لیے اٹھا تھا۔

ویسے جہاں تک شہیدوں کی حیات اور ان کے روحانی سطوت کا تعلق ہے تو

marfat.com

اس پر قرآن کی بے شمار آیتیں شاہد ہیں لیکن یہ سارے فضائل ان مجاہدین کے حق میں ہیں جو خدا کی زمین پر خدا کے دین کی بادشاہت اور اسلام کا سیاسی اقتدار قائم کرنے کے لیے اپنا خون بہاتے ہیں۔ لادینی حکومت اور "ملی جلی سرکار" بنانے کے لیے جو فوج اکٹھی کی جائے نہ وہ مجاہدین اسلام کی فوج کہلا سکتی ہے اور نہ اس فوج کے مقتول سپاہی کو "اسلامی شہید" قرار دیا جا سکتا ہے۔

لیکن شخصیت پرستی کی یہ ستم ظریفی دیکھئے کہ میں اس قصے میں جنگ آدمی کے ایک سپاہی مقتول کو بدر و احد کے شہیدوں سے بھی آگے بڑھا دیا گیا ہے کیونکہ اسلام کے سارے شہیدوں پر انہیں برتری حاصل ہونے کے باوجود ان کے متعلق بھی ایسی کوئی روایت نہیں ملتی کہ وہ اپنا کٹا ہوا سر لے کر زندوں کی طرح اپنے گھر آئے ہوں اور گھر والوں سے بالمشافہ بات چیت کی ہو۔

دیوبندی ذہن کی یہ بوالعجبی بھی قابل دید ہے کہ قدرت و اختیار کی جو بات وہ اپنے ایک سیاسی مقتول کے لیے بے چون و چرا تسلیم کر لیتے ہیں اسی کو ہم اگر حنین و کربلا کے شہیدوں کے لیے مان لیں تو ہمیں مشرک ٹھہرایا جاتا ہے اور ان کے عقیدۂ توحید کی اجارہ داری میں کوئی فرق نہیں پڑتا۔

(۴)

خود بینی کی ایک شرمناک کہانی

اب ایک اور دلچسپ واقعہ سنیے۔ اسی اشرف السوانح کے مصنف تھانوی صاحب کے متعلق لکھتے ہیں کہ:

"حضرت والا اپنی ایک مریدنی کا واقعہ بیان فرمایا کرتے ہیں کہ اس نے سکرات کے عالم میں میرا نام لے کر کہا کہ وہ اونٹنی لے کر آئے ہیں اور کہتے ہیں کہ اس پر بیٹھ کر چل! پھر اس کے بعد اس کا انتقال ہو گیا۔" (اشرف السوانح ج ۲ ص ۸۶)

اپنی غیب دانی اور قوتِ تصرف کی یہ خاموش تبلیغ ذرا ملاحظہ فرمائیے، کوئی دوسرا

marfat.com

نہیں، خود اپنے متعلق آپ ہی بیان فرما رہے ہیں۔ کوئی بیگانہ سنے تو البتہ اس واقعہ کی صحت پر شک کر سکتا ہے لیکن مرید و معتقدین کس قلب و گوش کے ہوتے ہیں یہ بتانے کی ضرورت نہیں۔ پیر صاحب انکار بھی کر دیں تو وہ اسے تواضع پر محمول کریں گے۔

تھانوی صاحب اس واقعہ کے اظہار سے اپنے حلقہ بگوشوں کو یہ تاثر دینا چاہتے ہیں کہ انھیں اپنی مریدنی کی موت کا وقت معلوم ہو گیا تھا اور وہ اسے لینے کے لیے اونٹ کی سواری لے کر اس کے پاس پہنچ گئے۔

اس واقعہ سے جہاں ان کی غیب دانی پر روشنی پڑتی ہے وہیں ان کی قوت تصرف بھی پورے طور پر نمایاں ہو جاتی ہے کہ اپنے وجود کو متعدد جگہ پہنچا دینا کسی کے لیے ناممکن ہو تو ہو لیکن ان کے لیے امر واقعہ ہے۔

ایک اور لطیفہ

اس واقعہ کے بیان سے کتاب کے مصنف نے اپنا یہ مدعا ظاہر کیا ہے کہ وجودِ انسانی کے ہر مرحلے میں تھانوی صاحب اپنے مریدین و متوسلین کے لیے کارساز و نجات دہندہ ہے۔

چنانچہ اس مدعا کو ثابت کرنے کے لیے صاحبِ کتاب نے متعدد واقعات نقل کیے ہیں۔ نمونے کے طور پر کتاب کے چند اقتباسات ذیل میں ملاحظہ فرمائیے۔ لکھتے ہیں کہ:

"حضرت والا کے متوسلین کے حسن خاتمہ کے بکثرت واقعات ہیں جن سے مقبولیت و برکت کا سلسلہ ظاہر ہوتا ہے چنانچہ خود حضرت والا فرمایا کرتے ہیں کہ حضرت حاجی (یعنی تھانوی صاحب کے پیر) کے سلسلے کی یہ برکت ہے کہ جو بلا واسطہ یا بالواسطہ حضرت سے بیعت ہوا اس کا بفضلہٖ تعالیٰ خاتمہ بہت اچھا ہوتا ہے یہاں تک کہ بعض متوسلین گو مرید ہونے کے بعد دنیا دار ہی رہے مگر ان کا بھی خاتمہ بہ فضلہ تعالیٰ اولیاء اللہ کا سا ہوا۔"

(اشرف السوانح ج ۲ ص ۸۶)

یہاں یہ بات سوچنے کی ہے کہ اولیاء اللہ کی طرح خاتمہ کے لیے اب عبادت و تقویٰ اور اعمال صالح کی قطعاً ضرورت نہیں ہے۔ تھانوی صاحب کے ہاتھ پر صرف مرید ہو جانا

marfat.com

اس بات کی ضمانت ہے کہ اولیاء اللہ کا سا انجام اس کے حق میں مقدر ہو گیا۔

اب اس سے بھی زیادہ ایک عبرت انگیز قصہ سُنیئے۔ کتاب کے مصنف لکھتے ہیں کہ:

"احقر سے میرے متعدد پیر بھائیوں نے بعض اپنی مستورات کے حسن خاتمہ کے عجیب و غریب واقعات بیان کیے ہیں جو حضرت والا سے مرید تھیں۔

احقر کے ایک بہنوئی تھے جو عرصہ دراز ہوا حضرت والا سے کانپور جا کر مرید ہو آئے تھے جب کہ اتفاقاً حضرت والا وہاں تشریف لائے ہوئے تھے، بعد انتقال ایک صالحہ بی بی نے ان کو خواب میں دیکھا کہ کہہ رہے ہیں کہ بہت ہی اچھا ہوا جو میں پہلے سے حضرت مولانا سے کانپور جا کر مرید ہو آیا۔ میں یہاں بڑے آرام سے ہوں۔" (اشرف السوانح ج ۳ ص ۸۶)

ملاحظہ فرمائیے! صرف ہاتھ تھام لینے کی یہ برکت ظاہر ہوئی کہ عالم آخرت کا سارا معاملہ درست ہو گیا۔ اس عالم کے کسی نووارد کا کہنا کہ "بہت اچھا ہُوا جو بعد میں حضرت مولانا سے مرید ہو گیا، بلاوجہ نہیں ہے یقیناً اس نے وہاں اپنے پیر کی نسبت غلامی کا کوئی اعزاز ضرور دیکھا ہو گا۔ اب ایک طرف دربارِ خداوندی میں تھانوی صاحب کے اثر و رسوخ کی یہ شان دیکھیے کہ اُن کا ایک ادنیٰ مرید بھی ان کی نسبت غلامی کے اعزاز سے محروم نہیں رہتا اور دُوسری طرف محبوبِ کبریا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حق میں ان حضرات کے دلوں کا بخل ملاحظہ فرمائیے، آنکھوں سے لہو کی بوند ٹپک پڑے گی۔

"انہوں نے اپنی بیٹی تک کو کھول کر سنا دیا کہ قرابت کا حق ادا کرنا اسی چیز میں ہو سکتا ہے کہ اپنے اختیار کی ہو اور اللہ کے ہاں کا معاملہ میرے اختیار سے باہر ہے وہاں میں کسی کی حمایت نہیں کر سکتا اور کسی کا وکیل نہیں بن سکتا سو وہاں کا معاملہ ہر کوئی اپنا درست کر لے اور دوزخ سے بچنے کی ہر کوئی تدبیر کرے۔" (تقویۃ الایمان مخلصاً ص ۳۸)

marfat.com

نیاز مندوں میں اشرف علی کی غیب دانی کے عقیدے کا چرچا

تھانوی صاحب کی غیب دانی سے متعلق ان کے حاشیہ نشینوں اور مریدوں کا ذہن بھی پڑھنے کی چیز ہے۔ اس سے اس ماحول کا اندازہ ہوگا جس پر کسی بھی مذہبی پیشوا کے مزاج و خیالات کا عکس پڑتا ہے۔ اشرف السوانح کا مصنف لکھتا ہے کہ:

"اس امر کی تصدیق بارہا لوگوں سے سُننے میں آئی اور خود بارہا اس کا تجربہ ہُوا کہ جو بات دل میں لے کر آئے یا جو اشکال قلب میں پیدا ہوا قبل اظہار ہی اس کا جواب حضرت والا کی زبان فیض ترجمان سے ہوگیا! یا باطنی پریشانی کی حالت میں حاضر ہُوئے تو خطاب خاص یا خطاب عام میں کوئی بات ایسی فرمادی جس سے تسلی ہوگئی۔"

(اشرف السوانح ج ۲ ص ۵۹)

اب اسی کے ساتھ لگے ہاتھوں تھانوی صاحب کی غیب دانی کے متعلق اُن کے ایک حلقہ بگوش کا جذبۂ یقین اور تھانوی صاحب کا دلچسپ جواب ملاحظہ فرمالیجئے۔ لکھتے ہیں کہ:

"ایک مشہور فاضل نے جزماً اپنا یہی اعتقاد (کہ آپ غیب دان ہیں) تحریر فرما کر بھیجا تو حضرت والا نے ان کی خیال کی نفی فرمائی اور جب پھر بھی انہوں نے نہ مانا اور اس نفی کو تواضع پر محمول کیا تو حضرت والا نے تحریر فرمایا کہ وہ تاجر بڑا خوش قسمت ہے جو اپنے سودے کا ناقص ہونا ظاہر کر رہا ہے لیکن خریدار پھر بھی یہی کہہ رہا ہے کہ نہیں یہ ناقص نہیں ہے بہت قیمتی ہے۔"

(اشرف السوانح ج ۲ ص ۵۹)

اب بتائیے کون بدبخت مرید ہے جو اپنے پیر کو خوش قسمت دیکھنا نہیں چاہتا۔ اس جواب میں اتنی غیب دانی کا اعتقاد رکھنے والوں کے لیے خاموش حوصلہ افزائی کا جو جذبہ کارفرما ہے وہ اتنا نمایاں ہے کہ اس پر کوئی پردہ نہیں ڈالا جاسکتا۔ تھانوی صاحب کے بارے میں غیب دانی کا عقیدہ اگر شرک تھا تو یہاں فتوے کی زبان کیوں نہیں استعمال

marfat.com

کی گئی ؛

اور سب سے سنگین الزام تو یہ ہے کہ تھانوی صاحب کے انکار کو تو تواضع پر محمول کر لیا گیا اور انہوں نے دبی زبان میں خود اس کی توثیق بھی فرما دی لیکن یہ کیسا اندھیر ہے کہ بعض چیزوں کے علم و خبر کے متعلق رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے انکار کو ہزار فہمائش کے باوجود تواضع پر محمول نہیں کیا جاتا بلکہ نصف صدی سے یہی اصرار کیا جا رہا ہے کہ معاذ اللہ حقیقۃً وہ مخفیات کے علم و خبر سے عاری تھے۔

اب اس مقدمے کا فیصلہ بھی آپ ہی کے جذبۂ انصاف پر چھوڑتا ہوں۔

(۵)

ایک اور ایمان شکن کہانی

اشرف السوانح کے مصنف تھانوی صاحب کے متعلق قبل ولادت کی ایک پیشین گوئی نقل کی ہے عبارت کا یہ ٹکڑا پڑھنے کے قابل ہے :

"نام نامی اشرف علی ہے۔ یہ نام حضرت حافظ غلام مرتضیٰ صاحب پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ جو اس زمانہ کے مقبول عام اور مشہور انام اہل خدمت مجذوب تھے قبل ولادت حضرت والا بلکہ استقرار حمل ہی بطور پیشین گوئی تجویز فرما دیا تھا۔"

(اشرف السوانح ص ۷)

تھانوی صاحب نے مقدمہ 'حسام عبرت' کے نام سے خود بھی اپنا ایک 'میلاد نامہ' مرتب کیا ہے جس میں انہوں نے اپنی ولادت سے قبل کے تفصیلی حالات لکھے ہیں۔ اپنی نانی کے متعلق انہوں نے ایک نہایت دلچسپ روایت بیان کی ہے جو پڑھنے کے قابل ہے لکھتے ہیں :

"انہوں نے حضرت حافظ غلام مرتضیٰ مجذوب پانی پتی سے شکایت کی کہ حضرت میری اس لڑکی کے لڑکے زندہ نہیں رہتے۔ حافظ صاحب نے بطریق معمّا فرمایا کہ عمر و علی کی کشاکش میں مر جاتے ہیں۔ اب کی بار علی کے سپرد کر دینا زندہ رہے گا۔ (چند سطروں بعد) پھر فرمایا : اس کے دو لڑکے

marfat.com

ہوں گے اور زندہ رہیں گے۔ ایک کا نام اشرف علی خاں رکھنا اور دوسرے کا نام اکبر علی خاں، نام لیتے وقت خاں اپنی طرف سے جوش میں آکر بڑھا دیا تھا۔ کسی نے پوچھا کہ حضرت کیا وہ پٹھان ہوں گے؟ فرمایا نہیں۔ اشرف علی اور اکبر علی رکھنا۔

یہ بھی فرمایا کہ ایک میرا ہوگا وہ مولوی ہوگا اور حافظ ہوگا اور دوسرا دنیادار ہوگا۔ چنانچہ یہ سب پیشین گوئیاں حرف بہ حرف راست نکلیں۔

(اس کے بعد صاحبِ کتاب لکھتے ہیں کہ)

حضرت والا فرمایا کرتے ہیں کہ یہ جو میں کبھی اکھڑی اکھڑی باتیں کرنے لگتا ہوں ان ہی مجذوب کی روحانی توجہ کا اثر ہے جن کی دُعا سے میں پیدا ہوا۔"

(اشرف السوانح ج ۱ ص ۱۷)

ماں کے پیٹ میں کیا ہے؟ وہ غیبی علم ہے جس کا دیوبندی حضرات کے تئیں غیر خدا کے لیے ماننا شرک ہے لیکن غضب دیکھئے کہ اپنے متعلق حمل ہی نہیں استقرارِ حمل سے بھی پہلے کا علم تسلیم کر لیا گیا اور صرف اپنا ہی نہیں ساتھ ساتھ بھائی کا بھی، اور وہ بھی اتنا واضح کہ نام تک تجویز فرما دیا۔ اور اوصاف و احوال کی بھی نشان دہی کر دی۔

دیوبندی مذہب میں اسی قوت کا نام خدائی اختیار ہے لیکن عظمت شان کے اظہار کے لیے یہ خدائی قوت بھی غیر خدا میں بے چون وچرا تسلیم کر لی گئی اور عقیدۂ توحید پر ذرا آنچ تک نہ آئی۔

(۶)

دیوبندی جماعت کے ایک شیخ مولوی عبدالرحیم شاہ رائے پوری کے متعلق کتاب ارواح ثلثہ میں تھانوی صاحب کا یہ منہ بولا بیان نقل کیا گیا ہے:

"فرمایا کہ مولانا شاہ عبدالرحیم صاحب رائے پوری کا قلب بڑا ہی نورانی تھا میں ان کے پاس بیٹھنے سے ڈرتا تھا کہ کہیں میرے عیوب منکشف نہ ہو جائیں۔" (ارواح ثلثہ ص ۱۰۴)

marfat.com

دین و دیانت کا خون اس سے بڑھ کر اور کیا ہوگا کہ ایک اُمتی کا قلب تو اتنا نورانی ہو جائے کہ اعمال و جوارح کی معنوی کیفیات تک اس سے مخفی نہ رہ سکیں اور وُہ چھپ کر کیے جانے والے عیوب تک سے باخبر ہو جائے۔

سچ پُوچھئے تو دیوبندی حضرات کے ساتھ مذہبی اختلافات کی پوری سرگزشت میں سارا ماتم دل کی اس حرماں نصیبی کا ہے کہ اپنے بزرگوں کے حق میں یہ لوگ جتنا کشادہ دل واقع ہُوئے ہیں اس کے ننانوے حصّے کے برابر بھی اگر مدنی سرکار کے حق میں ان کے دل کا کوئی گوشہ نرم ہو جاتا تو مصالحت کی بہت سی راہیں نکل سکتی تھیں۔

اپنی جماعت کے دوسرے بزرگ کے حق میں اسی غیب دانی سے متعلق تھانوی صاحب کا ایک اور اعتراف ملاحظہ فرمائیے۔ ان کے ملفوظات کا مرتب لکھتا ہے کہ،

"ایک دن تھانوی صاحب نے) مولانا محمد یعقوب صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی بابت فرمایا کہ انہوں نے خبر دے دی تھی اس وبا کی جس میں ان کے اعزہ نے وفات پائی تھی۔

پھر فرمایا کہ مولانا تھے بڑے صاحبِ کشف۔ رمضان ہی میں خبر دے دی تھی کہ ایک بلائے عظیم رمضان کے بعد آوے گی۔ ابھی آجاتی لیکن رمضان کی برکت سے رُکی ہُوئی ہے۔

اگر یہ لوگ بچنا چاہیں تو ہر چیز میں صدقات دے دیں"۔

(حسن العزیز ج ۱ ص ۲۹۳)

کل کیا ہوگا اس کا تعلق بھی علم غیب سے ہے لیکن آپ دیکھ رہے ہیں کہ بات یہاں کل سے بھی آگے نکل گئی ہے اور علم بھی ہے تو صرف اتنا ہی نہیں کہ ایک بلا آنیوالی ہے بلکہ یہ بھی معلوم ہے کہ وُہ ابھی آجاتی مگر رمضان کی برکت سے رُکی ہُوئی ہے اور لوگ صدقہ دے دیں تو واپس بھی لوٹ جائے گی۔

اب ہماری مظلومی کے ساتھ انصاف کیجئے کہ یہی عقیدہ اگر ہم کسی نبی یا ولی کے حق میں جائز تصور کر لیں تو ہمارا ایمان و اسلام خطرے میں پڑ جاتا ہے اور یہ اپنے سارے فیصلے

marfat.com

کے حق میں ڈنکا پیٹ رہے ہیں تو یہاں سب خیریت ہے۔

(۷)

چھوٹے میاں کا قصہ

اب تک قبیلے کے شیوخ کا تذکرہ تھا۔ اب چھوٹے میاں کا قصہ سنیے اشرف السوانح کے مصنف نے تھانوی صاحب کے خلیفہ مجاز حافظ عمر علی گڑھی کے غیبی انکشاف کے متعلق ایک نہایت حیرت انگیز واقعہ بیان کیا ہے۔ لکھتے ہیں کہ:

"ایک بار حافظ صاحب رات کی ریل سے تھانہ بھون جانہ ہوئے تو جب ریل (تھانوی صاحب کی) خانقاہ کے محاذ سے گزری تو انہوں نے بیداری میں دیکھا کہ مسجد خانقاہ کے گنبد سے آسمان تک نور کا ایک تار لگا ہوا ہے۔"

(اشرف السوانح ج ۲ ص ۲)

ایک تیر میں دو نشانہ اس کو کہتے ہیں۔ ایک طرف اپنی غیبی قوتِ انکشاف کا دعویٰ بھی ہے کہ نور کے اس سلسلے کا تعلق عالم غیب ہی سے تھا اور دوسری طرف یہ بھی ظاہر کرنا مقصود ہے کہ روئے زمین پر خانہ کعبہ اور گنبد خضریٰ کی طرح تھانوی صاحب کی مسجد و خانقاہ کا گنبد بھی غیبی انوار و تجلیات کے نزول اجلال کا مرکز ہے۔

اور جب خلیفۂ مجاز کی غیبی قوتِ ادراک کا یہ حال ہے کہ ماتھے کی آنکھ سے عالم غیب کا مشاہدہ کر رہے ہیں تو اسی سے حساب لگا لیجئے کہ شیخ کی قوتِ انکشاف کا کیا عالم ہوگا۔

marfat.com

چوتھا باب

شیخ دیوبند جناب مولوی حسین احمد صاحب (مدنی) کے بیان میں

اس باب میں شیخ دیوبند جناب مولوی حسین احمد صاحب کے متعلق دیوبندی لٹریچر سے وہ واقعات و حالات جمع کیے گئے ہیں جن میں عقیدۂ توحید سے تصادم اپنے مذہب سے انحراف اور منہ بولے شرک کو اپنے حق میں اسلام و ایمان بنا لینے کی شرمناک مثالیں ورق ورق پر بکھری ہوئی ہیں۔

چشمِ انصاف کھول کر پڑھیے اور ضمیر کا فیصلہ سننے کے لیے گوش برآواز رہیے۔

سلسلۂ واقعات

غیبی علم اور روحانی تصرف کی ایک حیرت انگیز کہانی

روزنامہ الجمعیۃ دہلی نے شیخ دیوبند مولوی حسین احمد صاحب کے حالاتِ زندگی پر شیخ الاسلام نام سے ایک ضخیم کتاب شائع کی ہے۔ جمعیۃ العلماء کا آرگن ہونے کی حیثیت سے اس اخبار کو اپنی جماعت میں جو حسنِ اعتماد حاصل ہے وہ محتاج بیان نہیں۔

اسی شیخ الاسلام نمبر میں مولوی حسین احمد صاحب کے فرزند مولوی اسعد میاں کی روایت سے ایک واقعہ نقل کیا گیا ہے۔ کرامات و مکاشفات کے عنوان کے ذیل میں

marfat.com

انہوں نے لکھا ہے کہ :

"غزالی صاحب دہلوی نے مدینہ طیبہ میں مجھ سے بیان کیا کہ میں دہلی کے ایک سیاسی جلسہ میں شریک ہُوا۔ حضرت والا بھی اسی میں شریک تھے وہاں میں نے دیکھا کہ عورتیں بھی اسٹیج پر بیٹھی ہُوئی تھیں دل میں خیال گزرا وہ شخص کیا ولی ہو سکتا ہے جو ایسے مجمع عام میں جہاں عورتیں بھی موجود ہوں شرکت کرے یہ خیال آکر حضرت سے اس درجہ نفرت پیدا ہوئی کہ میں جلسہ سے چلا آیا۔

اس ہی شب خواب میں دیکھا کہ حضرت نے مجھے سینے سے لگا لیا ہے چنانچہ اس ہی وقت میرا قلب ذاکر ہو گیا اور وہ نفرت عقیدت سے بدل گئی"

(شیخ الاسلام نمبر ص ۱۶۲)

ذرا اس واقعہ میں عجائبات کی فراوانی ملاحظہ فرمائیے۔

یہ کتنی بڑی غیب دانی ہے کہ مجلس سے رُوٹھ کر چلے جانے والے اجنبی شخص کے دل کا حال معلوم کیا اور صرف معلوم ہی نہیں کیا بلکہ ایک پیکر لطیف میں اپنے آپ کو منتقل کر کے خواب میں تشریف لے آئے اور ایک ہی نشانے میں یہ دُوسرا تصرف ملاحظہ فرمائیے کہ سینے پر ہاتھ رکھتے ہی اچانک نفرت بھی عقیدت سے بدل گئی اور تیسرا تماشا یہ کہ اسی وقت سے سونے والے کے دل کے لطائف بھی جاگ گئے۔

یہ ساری باتیں وُہ ہیں کہ اگر ہم کسی نبی یا ولی کے حق میں اس طرح کا عقیدہ ظاہر کر دیں تو الزامات کے بوجھ سے گردن ٹُوٹ جائے۔

لیکن اپنے شیخ کا مرتبہ دوبالا کرنے کے لیے ایمان کا خون بھی کر دیا جائے تو یہاں سب روا ہے۔

(۲)

اپنی وفات کا علم

مولوی ریاض احمد فیض آبادی صدر جمعیۃ علمائے میوات اسی شیخ الاسلام نمبر میں مولوی حسین احمد صاحب کے ساتھ اپنی

marfat.com

آخری ملاقات کا ذکر کیا ہے دمِ رخصت موصوف کی گفتگو خاص طور پر یاد رکھنے کے قابل ہے :

"میں نے کہا کہ حضرت انشاء اللہ اختتامِ سال پر ضرور حاضر ہوں گا فرمایا کہہ دیا کہ ملاقات نہیں ہو گی اب تو میدانِ آخرت ہی میں انشاء اللہ ملو گے ۔ مجمع میرے قریب جو تھا احقر کی معیت میں آبدیدہ ہو گیا ۔ حضرت نے فرمایا کہ رونے کی کیا بات ہے ؟ کیا مجھے موت نہ آئے گی ۔ اس پر احقر نے الحاج کے ساتھ کچھ علم غیب اور زیادتی عمر پر بات کرنی چاہی مگر فرطِ غم کے باعث بول نہ سکا ۔" (شیخ الاسلام نمبر ص ۱۵۶)

اس گفتگو کا حاصل سوائے اس کے اور کیا ہو سکتا ہے کہ مولوی حسین احمد صاحب کو کئی ماہ پیشتر اپنی موت کا علم ہو گیا تھا اور کہہ دیا کہ ملاقات نہیں ہو گی" ۔ یہ لب و لہجہ شک اور تذبذب کا نہیں یقین و اذعان کا ہے " مجمع آبدیدہ ہو گیا" یہ جملہ بھی ظاہر کرتا ہے کہ لوگوں کو سچ مچ اس خبر کا یقین ہو گیا ۔

اس واقعہ میں جو چیز خاص طور پر محسوس کرنے کے قابل ہے وہ یہ ہے کہ موت کا علم یقینی ، امورِ غیب ہی سے تعلق رکھتا ہے لیکن قرآن کی کوئی آیت اور حدیث کی کوئی روایت نہ مولوی حسین احمد صاحب کو علم کے خاموش ادعا سے روک سکتی ہے اور نہ ہی اس خبر پر ایمان لانے والوں کی راہ میں وہ حائل ہوئی اور اب اس کی اسی طرح تشہیر کی جا رہی ہے جیسے یہ دنیا کوئی مسلّمہ حقیقت بن گئی ہو ۔

(۳)

اس علم کا ایک قصّہ کہ بارش کب ہو گی

مولوی جمیل الرحمٰن سیوہاروی مفتی دارالعلوم دیوبند نے اسی شیخ الاسلام نمبر میں سہسپور ضلع بجنور کے ایک جلسے کا ذکر کیا ہے جو کانگریس کی طرف سے منعقد کیا گیا تھا اور جس میں مولوی حسین احمد صاحب بھی شریک تھے ۔

انہوں نے لکھا ہے عینِ وقتِ جلسہ سے کچھ پہلے اچانک آسمان ابر آلود ہو گیا ،

marfat.com

موسم کا رنگ دیکھ کر منتظمینِ جلسہ سراسیمہ ہو گئے۔ اب اس کے بعد کا قصہ خود واقعہ نگار کی زبانی سنیے، لکھا ہے کہ:

"اس دوران میں جامع الروایات غفرلہٗ (یعنی واقعہ نگار) کو جلسہ گاہ میں ایک برہنہ سر مجذوبانہ ہیئت کے غیر متعارف شخص نے علیحدہ لے جا کر ان الفاظ میں ہدایت کی کہ "مولوی حسین احمد سے کہدو کہ اس علاقے کا صاحبِ خدمت میں ہوں اگر وہ بارش ہٹوانا چاہتے ہیں تو یہ کام میرے توسط سے ہوگا۔"

راقم الحروف اسی وقت خیمے میں پہنچا جس پر حضرت والا نے آہٹ پاکر وجہ معلوم فرمائی اور اس پیغام کو سُن کر ایک عجیب پُرجلال انداز میں بسترِ استراحت ہی پر سے ارشاد فرمایا "جائیے کہہ دیجئے، بارش نہیں ہوگی۔"

(تسخ الاسلام نمبر ص ۱۴۷)

بسترِ استراحت ہی پر سے ارشاد فرمایا یہ جملہ بتا رہا ہے کہ انہوں نے "بارش نہیں ہوگی" کا حکم آسمان کا رنگ دیکھ کر نہیں دیا تھا بلکہ اس حکم کے پیچھے اس غیبی علم و ادراک کا ادعا تھا جس کا تعلق امورِ غیب سے ہے یعنی علمِ غیب کے ذریعہ انہوں نے آئندہ کا حال معلوم کر لیا تھا اور جزم و یقین کے ساتھ کہہ دیا کہ بارش نہیں ہوگی۔

یا پھر اس واقعہ میں اس امر کا اظہار مقصود ہے کہ عالم کے تکوینی اختیارات اس مجذوب کے ہاتھ میں نہیں بلکہ میرے ہاتھ میں ہیں میں بارش روکنا چاہتا ہوں تو بلا شرکت غیرے خود بھی اس کی قدرت رکھتا ہوں۔

بہرحال دونوں میں سے کوئی بات بھی ہو مذہبی معتقدات سے انحراف کی بدترین مثال ہے جیسا کہ دیوبندی مذہب کی بنیادی کتاب تقویۃ الایمان میں ہے:

"اسی طرح مینہ برسنے کے وقت کی خبر کسی کو نہیں حالانکہ اس کا موسم بھی بندھا ہوا ہے اور اکثر ان موسموں پر برستا بھی ہے اور سارے نبی اور ولی اور بادشاہ اور حکیم اس کی خواہش بھی رکھتے ہیں سو اگر اس کا وقت

marfat.com

معلوم کرنے کی کوئی راہ ہوتی تو کوئی البتہ پالیتا۔" (تقویۃ الایمان ص ۲۲)

اس مقام پر پھر آپ کے ایمان کی وہ رگ چھیڑنا چاہتا ہوں جہاں سے غیرت عشق کو زندگی ملتی ہے کہ حق کے ساتھ انصاف کرنے میں کسی کی پاسداری نہ کیجیے گا۔

ایک طرف کاروبارِ عالم میں شیخ دیوبند کا کائنات گیر اقتدار دیکھیے اور دوسری طرف عالمین کے آقا محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان محبوبیت پر ان حضرات کے تیشۂ قلم کی ضرب ملاحظہ فرمائیے:

"سارا کاروبار جہاں کا اللہ ہی کے چاہنے سے ہوتا ہے۔ رسول کے چاہنے سے کچھ نہیں ہوتا۔" (تقویۃ الایمان ص ۵۸)

(۴)

مقدرت الٰہی میں اثر و رسوخ کا ایک عجیب واقعہ

اسی شیخ الاسلام نمبر میں مولوی اسعد میاں نے اپنے بزرگوار کے متعلق سابرمتی جیل کا ایک واقعہ نقل کیا ہے۔

یہ اس زمانے کی بات ہے جبکہ مولوی حسین احمد صاحب بھی اسی جیل میں نظربند تھے انہوں نے لکھا ہے کہ اسی دوران جیل کے ایک قیدی کو پھانسی کی سزا ہو گئی۔ یہ حکم سُن کر اس کا خون سُوکھ گیا۔ منشی محمد حسین نامی کسی قیدی کے ذریعہ اس نے مولوی حسین احمد صاحب سے دُعا کی درخواست کرائی اب آگے کا قصہ واقعہ نگار کی زبانی سنیے، لکھا ہے کہ:

"منشی محمد حسین حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے بہت سر ہوئے۔ فرمایا اچھا جاکر اس سے کہہ دو کہ وُہ رہا ہو گیا۔ منشی محمد حسین صاحب نے اس قیدی سے جاکر کہہ دیا کہ باپو نے کہہ دیا ہے کہ تو رہا ہو گیا۔ دو ایک روز گزرنے کے بعد اس قیدی نے پھر بے چینی کا اظہار کیا کہ اب تک کوئی حکم نہیں آیا اور میری پھانسی میں چند ہی روز رہ گئے ہیں۔ منشی محمد حسین نے پھر آکر عرض کیا تو فرمایا کہ میں نے تو کہہ دیا کہ وہ رہا ہو گیا۔ اس کے بعد دو ایک یوم پھانسی کو رہ گئے تھے کہ اس کی رہائی کا حکم آ گیا۔"

(شیخ الاسلام نمبر صفحہ ۱۶۲)

marfat.com

(۵)

ایک اور حیرت انگیز تماشا

نگاہ پر بار نہ ہو تو ایک حیرت انگیز تماشا اور ملاحظہ فرمائیے۔ مولوی احمد حسین لاہرپوری نام کے ایک شخص نے اس شیخ الاسلام نمبر میں اپنی ایک عجیب وغریب سرگزشت لکھی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ ابتدائی ایام میں میری اکثر نمازیں فوت ہو جایا کرتی تھیں خاص طور پر فجر اور ظہر کی نماز۔

لکھتے ہیں کہ پریشان ہو کر میں نے یہ شکایت حضرت شیخ کو لکھ کر بھیجی اس پر انہوں نے تنبیہ فرمائی۔ اس کے بعد کا واقعہ خود موصوف کی زبانی سنیئے۔ بیان کرتے ہیں کہ:

"اس کے بعد سے میری یہ کیفیت ہو گئی کہ بلا ناغہ فجر و ظہر کی نماز کے وقت خواب میں حضرت کو غصے کی حالت میں دیکھا کرتا تھا فرماتے تھے کہ کیوں نماز پڑھنے کا ارادہ نہیں کیا۔

میں گھبرا کر اٹھ بیٹھتا تھا یہ کیفیت تقریباً ایک یا ڈیڑھ ماہ رہی۔

جب اچھی طرح نماز کا پابند ہو گیا تو یہ کیفیت ختم ہو گئی"۔

(شیخ الاسلام نمبر ص ۳۹)

سینکڑوں میل کی مسافت سے بالالتزام فجر اور ظہر کے وقت ہر روز کسی کو آکر اٹھا دینا جہاں باطنی تصرف کا بہت بڑا کمال ہے وہاں اس عظیم قوتِ انکشاف کا بھی حامل ہے کہ سینکڑوں میل کے فاصلے سے وہ ہر روز یہ بھی معلوم کر لیا کرتے تھے کہ فلاں شخص سو رہا ہے۔ اس نے اب تک نماز نہیں پڑھی اور پھر جب وہ نماز کا پابند ہو گیا تو انہیں اس کی بھی خبر ہو گئی اور انہوں نے خواب میں آنا چھوڑ دیا۔

یہ واقعہ پڑھتے ہوئے ایک خالی الذہن آدمی بالکل ایسا محسوس کرتا ہے جیسے گھر کے اندر ایک کمرے سے دوسرے کمرے میں کسی سونے والے آدمی کو وہ نماز کے وقت آکر اٹھا دیا کرتے تھے۔

marfat.com

(۶)

دل کے خطرے پر مطلع ہونے کا ایک عجیب قصّہ

دہلی کے مولوی اخلاق حسین قاسمی اسی شیخ الاسلام نمبر میں بیان کرتے ہیں کہ حاجی محمد حسین گزک والے دہلی کی پنجابی برادری کے رئیس تھے وہ حافظ قرآن بھی تھے لیکن انہیں قرآن اچھا یاد نہیں تھا۔ ایک بار کسی موقع پر مولوی حسین احمد صاحب نے انہیں حافظ صاحب کہہ کر پکارا اب اس کے بعد کا واقعہ خود حاجی صاحب کی زبانی سنیے، بیان کرتے ہیں کہ:

"حضرت کی زبان مبارک سے حافظ کا لفظ سُن کر میں سنّاٹے میں آگیا۔ دل میں شرمندہ ہوا اور خیال آیا مجھے قرآن کریم کچھ اچھا یاد نہیں ہے، یہ حضرت نے کیا فرمایا۔ یہ خیال لے کر اندر جا کر بیٹھ گیا۔ بیٹھتے ہی حضرت نے فرمایا حافظ صاحب میرا ذہن بھی خراب ہے، بھورے رنگ کی ایک خاص چڑیا ہوتی ہے وہ کھایا کیجئے، ذہن اچھا ہو جائے گا۔"

(شیخ الاسلام نمبر ص ۱۶۳)

اس واقعے کا سب سے عبرت ناک حصہ مولوی اخلاق حسین قاسمی کا وہ تاثر ہے جو انہوں نے اس واقعہ کی بابت ظاہر کیا ہے موصوف لکھتے ہیں:

"راقم کہتا ہے حاجی صاحب کے دل میں جو خیال گزرا حضرت مدنی کی قوتِ ایمانی نے محسوس کر لیا اسے اصطلاح میں 'کشف قلوب' کہتے ہیں۔" (ص ۱۶۳)

یہ سوال دہرانے کے لیے ہمیں اس سے زیادہ اور کوئی موزوں جگہ نہیں مل سکتی کہ دل کے چھپے ہوئے خطرے کو محسوس کرنے والی قوتِ ایمانی ان حضرات کے تئیں خود پیغمبر اعظم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اندر موجود تھی یا نہیں؟ اگر موجود تھی تو عقیدے کی یہ زبان کس کے حق میں استعمال کی گئی ہے۔

"اس بات میں بھی اُن کو کچھ بڑائی نہیں کہ اللہ صاحب نے غیب دانی

marfat.com

ان کے اختیار میں دے دی ہو کہ جس کے دل کے احوال جب چاہیں
معلوم کرلیں۔" (تقویۃ الایمان ص ۳)

اب ایمان و دیانت کے اس خون کا انصاف میں آپ ہی کے ضمیر پر چھوڑتا ہوں کہ دیوبندی مذہب کے مطابق جو قوتِ ایمانی خدا نے اپنے پیغمبر کو نہیں بخشی وہ دیوبند کے شیخ الاسلام کو کیونکر حاصل ہوگئی؟

(۷)

غیبی قوتِ ادراک اور باطنی تصرّف کا ایک ایمان شکن واقعہ

اب غیبی قوت کا ایک نہایت سنسنی خیز واقعہ سنیے۔

مولوی حسین احمد صاحب، کے ایک مرید ڈاکٹر حافظ محمد زکریا نے اسی شیخ الاسلام نمبر میں اپنی ایک آپ بیتی نقل کی ہے۔ انہوں نے بتایا ہے کہ ان کے پیر بھائی سخت بیمار ہوئے، حالت نہایت سنگین ہوگئی۔ اب اس کے بعد کا واقعہ خود موصوف ہی کی زبانی سُنیے، کہتے ہیں کہ:

"میں بحیثیت معالج بلایا گیا تو دیکھتا ہوں کہ جسم بالکل بے حس و حرکت ہے، آنکھیں پتھرا گئی ہیں، آثارِ مرگ بظاہر نمایاں ہیں۔ یہ منظر دیکھ کر میں پریشان اور بے چین ہوگیا کہ ناگہاں مریض رفتہ رفتہ اپنا ہاتھ اٹھا کر کسی کو سلام کرتا ہے۔ پھر کہتا ہے کہ حضرت یہاں تشریف رکھیے۔ کچھ ہی دیر بعد اٹھ کر بیٹھ جاتا اور اپنے والد وغیرہ سے کہتا ہے کہ حضرت کہاں تشریف لے گئے جواب میں لوگ کہتے ہیں کہ حضرت تو یہاں تشریف فرما نہیں تھے۔ وہ حیرت سے کہتا ہے کہ حضرت تو تشریف لائے تھے اور میرے چہرے اور بدن پر ہاتھ پھیر کر فرمایا تھا کہ اچھے ہوجاؤ گے گھبراؤ نہیں (ڈاکٹر صاحب موصوف فرماتے ہیں) کہ ابھی میں بیٹھا ہی تھا کہ دیکھتا ہوں کہ بخار ایک دم غائب ہے اور وہ بالکل تندرست اچھا ہے۔" (شیخ الاسلام نمبر ص ۱۶۳)

marfat.com

اب اس کے بعد واقعات کے مرتب مولوی سلیمان اشرفی فاضل دیوبند کا یہ بیان خاص توجہ سے پڑھنے کے قابل ہے ؛

" جامع کہتا ہے کہ حضرت شیخ کی ادنیٰ کرامت ہے اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ حضرت کو اپنے خاص (مریدین) سے کیسا گہرا تعلق ہوتا تھا۔"

(صفحہ ۱۶۳)

کیا سمجھے آپ ! دراصل حضرت شیخ کی ادنیٰ کرامت ہے اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ " حضرت شیخ " کی تشریف آوری کا یہ واقعہ اس مریض کے واہمہ کا کوئی تصرف نہیں تھا بلکہ حقیقتاً ' حضرت شیخ ' اس کے پاس تشریف لائے تھے اور چشم زدن میں شفایاب کر کے چلے گئے۔

ایک لمحے کے لیے ذرا خالی الذہن ہو کر سوچیے کہ اس واقعہ کے ضمن میں کتنے سوالات سر اٹھا رہے ہیں ؛

پہلا سوال تو یہی ہے کہ اگر مولوی حسین احمد صاحب کو علم غیب نہیں تھا تو انہوں نے سینکڑوں میل کی مسافت سے یہ کیونکر معلوم کر لیا کہ ہمارا فلاں مرید علالت کے سنگین مرحلے سے گزر رہا ہے فوراً چل کر اس کی مدد کی جائے۔ اور

دوسرا سوال یہ ہے کہ اس مریض کے پاس وہ خواب میں نہیں بلکہ عین بیداری کی حالت میں تشریف لائے اور وہ بھی ایک لطیف پیکر میں کہ اس مریض کے سوا آس پاس کے تمام لوگوں کی نگاہوں سے اوجھل رہے۔ آخر جیتے جی یہ رُوح کی طرح ایک لطیف پیکر انہیں کہاں سے مل گیا ؟

اور پھر شفا بخشی ذرا یہ قوتِ کرشمہ ساز بھی دیکھئے کہ ادھر مسیحا نے ہاتھ پھیرا اور بیمار نیم جاں نے آنکھیں کھول دیں۔

دیوبندی مذہب میں اگر ان چیزوں کا خدائی تصرف نہیں ہے تو صاحب تقویۃ الایمان نے سیاہ لکیروں کے ذریعہ خدائی اختیارات کی جو تصویر کھینچی ہے وہ تصویر کس کی ہے ؟

پھر انصاف و دیانت کی یہ کتنی دردناک پامالی ہے کہ غیبی قوتِ انکشاف اور تصرف

marfat.com

اختیار کا جو عقیدہ دیوبندی حضرات کے نزدیک رسول کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حق ثابت شدہ نہیں ہے وہی ان کے شیخ کی ادنیٰ کرامت ہے۔

آواز دو غیرتِ حق کو! وہ کہاں مر گئی؟

(۸)

ایک اور تہلکہ خیز کہانی

غیبی قوتِ ادراک اور باطنی تصرفات کی اس سے بھی زیادہ ایک تہلکہ خیز کہانی ملاحظہ فرمائیے۔

دیوبندی رہنما مفتی عزیز الرحمٰن بجنوری نے "انفاس قدسیہ" کے نام سے ایک کتاب لکھی جو مدینہ بک ڈپو بجنور سے شائع ہوئی ہے۔ وہ کتاب مولوی حسین احمد صاحب کے حالاتِ زندگی پر مشتمل ہے۔ موصوف نے اس کتاب میں مولوی حسین احمد صاحب کے کسی مُرید کا ایک واقعہ نقل کیا ہے جو اسے آسام کے ایک پہاڑی علاقے میں پیش آیا تھا۔

اب پوری کہانی انہی کے الفاظ میں سنیئے:

"بالی زندی مولوی بازار کے ایک صاحب آزادی سے قبل ڈھاکہ سے شیلانگ بذریعہ موٹر جا رہے تھے۔ صوبہ آسام کا ایک اکثر حصہ پہاڑی ہے اس میں موٹر یا بس چلنے کا جو راستہ ہے وہ بہت تنگ ہے، فقط ایک گاڑی جا سکتی ہے دو کی گنجائش نہیں۔ یہ صاحب حضرت کے مرید تھے جب نصف راستہ طے ہو گیا تو دیکھا کہ سامنے سے ایک گھوڑا بڑے اوروں سے آ رہا ہے۔ اس شخص اور دیگر تمام حضرات کو خطرہ پیدا ہوا کہ اب کیا ہو گا موٹر روک لی لیکن اس کے باوجود بھی بڑی تشویش تھی کیونکہ گھوڑا بلا سوار بڑی تیزی سے دوڑا آ رہا تھا۔

راوی کا کہنا ہے کہ اس شخص نے اپنے دل میں سوچا کہ اگر پیر و مرشد ہوتے دُعا کرتے۔ ابھی اتنا سوچا ہی تھا کہ حضرت شیخ گھوڑے کی لگام پکڑ کر کہیں غائب ہو گئے۔" (انفاس قدسیہ ص ۱۸۶)

کہاں دیوبند اور کہاں آسام کی پہاڑی! درمیان میں سینکڑوں میل کا

marfat.com

فاصلہ! لیکن دل میں خیال گزرتے ہی حضرت وہاں چشم زدن میں پہنچ گئے اور گھوڑے کی لگام تھام کر بجلی کی طرح غائب ہو گئے۔

سینکڑوں میل کے فاصلے سے دل کی زبان کا استغاثہ انہوں نے سُن لیا درس ہی نہیں لیا بلکہ وہیں سے یہ بھی معلوم کر لیا کہ واقعہ کہاں درپیش ہے اور صرف معلوم ہی نہیں کر لیا بلکہ چشم زدن میں وہاں پہنچ بھی گئے اور پہنچ ہی نہیں گئے بلکہ اسپ صبا رفتار کی لگام پکڑ کر غائب بھی ہو گئے۔

اب حق پرستی کا نشان دنیا سے اگر مٹ نہیں ہے تو تصویر کے پہلے رُخ میں دیوبندی مذہب کے جو اقتباسات نقل کیے گئے ہیں انہیں سامنے رکھ فیصلہ کیجئے کہ مولوی حسین صاحب کی غیبی چارہ گری کا یہ قصہ کیا یہ اثر نہیں چھوڑتا کہ ان حضرات کے یہاں شرک کی ساری بحثیں صرف انبیاء و اولیاء کی حرمتوں سے کھیلنے کے لیے ہیں ورنہ خالص عقیدۂ توحید کا جذبہ اس کے پیچھے کارفرما ہوتا تو شرک کے سوال پر اپنے اور بیگانے کی یہ تفریق کیوں کی جاتی؟

غور فرمائیے! یہ سارے واقعات وُہ ہیں جو غیبی ادراک اور تصرف کی وہ قوت چاہتے ہیں جسے دیوبندی حضرات کے نزدیک کسی مخلوق میں تسلیم کرنا شرک ہے لیکن مبارک ہو! کہ 'شیخ' کی محبت میں یہ شرک بھی انہوں نے اپنے حلق کے نیچے اتار لیا۔

وفات کے بعد لحد سے نکل کر دوست کے گھر آنا

یہ قصہ تو حضرت کی حیات ظاہری کا تھا کہ بجلی کی طرح چمکے اور غائب ہو گئے اور لوگوں نے ماتھے کی آنکھوں سے انہیں دیکھ بھی لیا لیکن اب وفات کے بعد اپنی لحد سے نکل کر تشریف لانے کا ایک حیرت انگیز واقعہ سنیے:

"کچھ عرصہ ہوا دارالعلوم کے ترجمان ماہنامہ دارالعلوم میں مولوی ابراہیم صاحب بلیاوی کی موت پر ایک نہایت سنسنی خیز خبر شائع ہو گئی تھی مرض الموت کا عینی شاہد لکھتا ہے کہ جب مولوی ابراہیم صاحب کی موت کا وقت قریب ہُوا تو انہوں نے اپنے بیٹے کو مخاطب کر کے فرمایا:

marfat.com

حضرت والا صاحب کھڑے ہیں تو ادب نہیں کرتا۔ حضرت مدنی کھڑے ہنس رہے ہیں اور بلا رہے ہیں شاہ وصی اللہ صاحب آئے ہیں مجھ کو اُٹھاؤ۔" (دارالعلوم بابت مارچ ۱۹۴۷ء، ص ۳۷)

مولوی حسین احمد صاحب کو دیوبند کی سرزمین میں پیوندِ خاک ہوئے کافی عرصہ گزر گیا اور شاہ وصی اللہ صاحب کا کیا کہنا کہ انہیں تو دفن ہونے کے لیے دو گز زمین بھی میسر نہیں آئی جہاز ہی سے وہ سمندر کی گود میں سُلا دیئے گئے۔

اب سوال یہ ہے کہ ان حضرات کو علم غیب نہیں تھا تو مولوی حسین احمد صاحب کو دیوبند کے گورستان میں شاہ وصی اللہ صاحب کو سمندر کی تہوں میں کیونکر خبر ہوگئی کہ مولوی ابراہیم پا بہ رکاب ہیں انہیں چل کر اپنے ہمراہ لایا جائے اور پھر اتنا ہی نہیں غیبی قوت ادراک کے ساتھ ساتھ ان کے اندر حرکت ارادی کی یہ قدرت بھی تسلیم کر لی گئی کہ وہ عالمِ برزخ سے چل کر سیدھے مرنے والے کے بسترِ مرگ تک جا پہنچے اور اسے اپنے ہمراہ لیے ہوئے شہر خموشاں کی طرف لوٹ گئے۔

اب ہماری مظلومی کے ساتھ انصاف کیجئے کہ علم و ادراک اور قدرت و اختیار کا یہی عقیدہ ہم اپنے آقائے برحق سیّد عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حق میں روا رکھتے ہیں تو دیوبند کے یہ "موحدین" ہمیں ابوجہل کے برابر مشرک سمجھنے لگتے ہیں۔

بھاگل پور سے ایک مرید کا بذریعہ "شیخ" کی، لیکن اب ان کے ایک مراقبہ جنازے میں شریک ہونا

مرید کے غیبی قوتِ ادراک کا کمال ملاحظہ فرمائیے۔ ضلع بھاگل پور کے کسی گاؤں میں حاجی جمال الدین نام کے کوئی مُرید تھے انہوں نے اسی شیخ الاسلام نمبر میں اپنے حضرت کی وفات کے بعد کا ایک حیرت انگیز قصہ بیان کیا ہے، لکھتے ہیں کہ:

"میں حضرت کے وصال کے بعد شب جمعہ کو واضح رہے کہ (حضرت کا انتقال جمعرات کو ہوا تھا) بارہ تسبیح سے فراغت کے بعد

marfat.com

کچھ دیر بعد مراقب ہو کر بیٹھ گیا۔ کیا دیکھتا ہوں کہ حضرت کا وصال ہو گیا ہے اور مجمع کثیر ہے اور حضرت کی نماز جنازہ پڑھی جا رہی ہے میں بھی ان لوگوں کو دیکھ کر نماز جنازہ میں شریک ہو گیا۔ اس کے بعد لوگ حضرت کو قبرستان کی طرف لے چلے۔" (شیخ الاسلام نمبر ص ۱۶۳)

کتنا عجیب و غریب مراقبہ ہے کہ بغیر کسی "نامہ بر" کے حضرت کے وصال کی خبر بھی معلوم ہو گئی۔ گھر بیٹھے بیٹھے آنکھوں سے جنازے کا مجمع بھی دیکھ لیا اور پلک جھپکتے وہاں پہنچ کر جنازے میں شریک بھی ہو گئے۔ واضح رہے کہ مراقبہ کی حالت نہیں ہوتی بلکہ عین بیداری کی حالت ہوتی ہے۔

اب ایک طرف بے حجاب مشاہدات اور خدائی تصرفات کا یہ کھلا ہوا دعویٰ ملاحظہ فرمائیے کہ درمیان کا حجاب اٹھانے کے لیے حضرت جبرئیل امین علیہ الصلاۃ والسلام کی بھی کوئی احتیاج پیش نہیں آئی اور دوسری طرف نبی اعظم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حق میں ان حضرات کے عقیدے کا یہ نوشتہ پڑھیے کہ "معاذ اللہ" سرکار کائنات کو پسِ دیوار کی بھی خبر نہیں ہے اور ان کے علم و ادراک کا ہر گوشہ حضرت جبرئیل امین کا شرمندۂ احسان ہے۔

(۹)

غیب دانی کے چند عجیب واقعات

مفتی عزیز الرحمٰن صاحب بجنوری نے اپنی کتاب "انفاس قدسیہ" میں اپنے "حضرت" کی غیب دانی سے متعلق دو عجیب و غریب واقعے نقل کیے ہیں۔ ذیل میں انہیں پڑھیے اور توحید پرستی کے مقابلے میں "شیخ پرستی" کے جذبے کی فراوانی کا تماشا دیکھئے۔

پہلا واقعہ

لکھتے ہیں کہ:

"رمضان المبارک کے موقع پر بارہا ایسا ہوا ہے کہ جس دن آپ سورۂ "انا انزلنا" وتروں میں تلاوت فرماتے اس دن شب قدر ہوتی تھی اور عید کی چاند رات کے بارے میں بھی بارہا تجربہ کیا

marfat.com

کہ جس دن چاند رات ہوتی تھی حضرت اسی دن صبح سے عید کا انتظام شروع کر دیتے تھے اور ایک دن پیشتر قرآن شریف ختم کر دیتے تھے چاہے ۲۹ تاریخ کیوں نہ ہو۔ حضرت کے اس طریقے کی بنا پر حضرت کا ہر خانقاہی بتا سکتا تھا کہ آج چاند رات ہے۔"

(انفاس قدسیہ ص ۱۸۵)

جس دن آپ سورہ 'انا انزلنا' وتروں میں تلاوت فرماتے اسی دن شبقدر ہوتی تھی، کا یہ مطلب بھی نہ لیا جائے کہ آپ کے تلاوت فرما دینے کی وجہ سے چار و ناچار اس دن کو شب قدر ہونا پڑتا تھا۔ جب بھی مفہوم اپنی جگہ پر قطعی متعین ہے کہ آپ کو شب قدر کا علم ہو جاتا تھا حالانکہ اہل علم اچھی طرح جانتے ہیں کہ شب قدر مخلوق کے درمیان سرِ الٰہی کی طرح مستور رکھی گئی ہے خود رسولِ پاک صاحبِ لولاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بھی صراحت کے ساتھ اس کی تعیین نہیں فرمائی ہے لیکن دیوبند کے یہ "حضرت" اپنی غیبی قوتِ ادراک کے ذریعہ خدا کے حرم میں نقب لگا کر یہ معلوم فرما لیتے تھے کہ آج شبقدر ہے۔ اور صرف اتنا ہی نہیں بلکہ کئی دن پیشتر آپ پر یہ بھی منکشف ہو جاتا تھا کہ کس دن چاند نظر آئے گا اور پھر یہ علم اتنا یقینی ہوتا تھا کہ اپنے اسی علم کی بنیاد پر وہ خود بھی قبل از وقت عید کی تیاری شروع کر دیتے تھے اور ان کی خانقاہ کے درویشوں کو بھی چاند رات معلوم کرنے کے لیے آسمان کی طرف دیکھنے کی ضرورت نہیں پیش آتی تھی۔

اپنے حضرت کے متعلق توحید کے علم برداروں کا ذریعہ یہ ذہن ملاحظہ فرمائیے، کتاب و سنت کی ساری ہدایات یہاں بیکار ہو گئیں، اب صرف "حضرت" کا جذبۂ عقیدت ہے اور وہ ہیں۔

دوسرا واقعہ لکھتے ہیں کہ:

"مولوی اسحاق صاحب حبیب گنجی بیان فرماتے ہیں کہ ہر رمضان المبارک کے موقعہ پر آپ سلہٹ والوں کے اصرار پر سلہٹ تشریف لائے تھے۔ اس سلسلے میں سلہٹ کے ایک دکاندار سے

marfat.com

چندہ لینے کے لیے بات چیت ہوئی تھی اس نے ترش رُوئی سے گیارہ روپے چندہ دیا اور یہ لفظ کہا کہ کیا یہ ٹیکس ہے؟

بہرحال وصول شدہ چندہ کی ایک رقم حضرت کے پاس بھیج دی گئی اور کوپن پر یہ تحریر تھا کہ دُکاندار سے روپیہ لے کر روانہ کرنا مجھے پسند نہیں اس کو یہ روپیہ واپس دے دو۔" (انفاس قدسیہ ص ۱۸۶)

اللہ اکبر! کہاں سلہٹ کہاں دیوبند! لیکن واقعہ کی نوعیت پڑھ کر بالکل ایسا لگتا ہے کہ جیسے اس دکاندار کی ترش رُوئی کا واقعہ بالکل "حضرت" کے سامنے پیش آیا ہو۔

یہ ہے جذبۂ عقیدت کی کارفرمائی کہ جسے مان لیا، مان لیا۔

تیسرا واقعہ دہلی کے مولوی عبدالوحید صدیقی نے "عظیم مدنی نمبر" کے نام سے اپنے اخبار "نئی دنیا" کا ایک نمبر شائع کیا تھا موصوف نے اپنے اس نمبر میں مولوی حسین احمد صاحب کی غیب دانی سے متعلق مراد آباد جیل کے دو واقعے نقل کیے ہیں جو ذیل میں درج کیے جاتے ہیں۔ لکھتے ہیں کہ:

"ایک دن حضرت کے نام پانوں کا پارسل آیا جس کا علم صرف نبرجی صاحب (جیلر) کو ہی تھا اور کسی شخص کو نہ تھا۔ موصوف نے وُہ پارسل بہ نظرِ احتیاط روک لیا۔ تھوڑے عرصہ کے بعد حسبِ معمول بارکوں کے معائنہ کے لیے گئے۔ حضرت مدنی کے ساتھ اس وقت حافظ محمد ابراہیم صاحب اور دیگر حضرات تھے۔ جیسے ہی جناب نبرجی صاحب حضرت کے سامنے آئے حضرت نے فرمایا کیوں صاحب! آپ نے میرا پانوں کا پارسل روک لیا ہے خیر کچھ حرج نہیں۔ آج اس میں سے صرف چھ پان دے دیجئے پرسوں تک دُوسرا پارسل آجائے گا۔

جناب نبرجی صاحب کو بڑا تعجب ہُوا کہ اس واقعہ کا علم حضرت کو کیسے ہُوا؛ موصوف نے چپکے سے پان لاکر حاضر کر دیئے۔ حضرت نے

marfat.com

اس میں صرف چھ عدد پان لے لیے اور بقیہ واپس فرما دیئے اور فرمایا کہ پان پرسوں تک آئے گا اس کو نہ روکئے گا۔

تیسرے دن حسبِ ارشاد پانوں کا پارسل آیا اب موصوف کو خیال ہُوا کہ یہ کوئی معمولی شخص نہیں بلکہ کوئی پہنچے ہُوئے فقیر معلوم ہوتے ہیں"۔

(روزنامہ نئی دنیا دہلی کا عظیم مدنی نمبر ص ۲۰۸)

اسے کہتے ہیں ایک تیر میں دو نشانہ! گزشتہ کا بھی حال بتا دیا کہ میرا پانوں کا پارسل آیا ہوا تھا اسے آپ نے روک لیا، آئندہ کی بھی خبر دے دی کہ پرسوں تک میرا پانوں کا پارسل پھر آئے گا اسے نہ روکئے گا۔

اب اس واقعہ کے ذیل میں سب سے بڑا ماتم اس سنگدلی کا ہے کہ یہاں گزشتہ اور آئندہ کا علم تو خدا تک پہنچے ہُوئے فقیر کی علامت ٹھہرا۔

اس جیل کا دوسرا واقعہ موصوف بیان کرتے ہیں کہ:

چوتھا واقعہ

"انہی دنوں جیل میں مولانا کے نام کہیں سے کوئی خط آیا تھا جس پر محکمۂ سنسر کی مہر لگی ہُوئی تھی، جیلر نے وہ خط مولانا کو دے دیئے۔ انسپکٹر جنرل کی طرف سے باز پرس ہُوئی اور اسی جرم میں جیلر کو معطل کر دیا گیا۔

اس واقعہ کے فوراً بعد صاحبِ موصوف مولانا کی خدمت میں پہنچے، دیکھتے ہی مُسکرا کر مولانا نے فرمایا پان جو دیئے تھے اس سے معطل ہُوئے پان نہ دیتے تو کیا ہوتا ان کو سخت حیرت تھی کہ یہ واقعہ ابھی ابھی دفتر میں ہوا ہے کسی کو خبر تک نہیں انہیں کیونکر علم ہُوا انہوں نے اپنی پریشانی کا اظہار کیا تو فرمایا انشاء اللہ کل تک بحالی کا حکم آجائے گا۔ تم مطمئن رہو ان کی حیرت کی انتہا نہ تھی۔ دُوسرے دن ڈاک میں جو پہلی چیز ہاتھ میں آئی وہ معطلی کے حکم میں منسوخی اور بحالی تھی۔ اس واقعہ سے بنرجی صاحب اور دیگر عہدیدارانِ جیل حضرت کے معتقد ہو گئے۔

(نئی دنیا دہلی عظیم مدنی نمبر ص ۲۰۳)

marfat.com

یہاں بھی ایک تیر میں دو نشانہ ہے، گزشتہ کی بھی خبر دے دی اور آئندہ کا بھی حال بتا دیا۔

یہ سوچ کر آنکھوں سے خون ٹپکنے لگتا ہے کہ جس کمال کو اپنے شیخ کے حق میں کافروں کے معتقد ہونے کا ذریعہ تسلیم کیا گیا۔ اسی کمال کو جب مسلمان اپنے نبی کے حق میں تسلیم کرتے ہیں تو یہ انہیں مشرک سمجھنے لگتے ہیں۔ چوتھا باب جو شیخ دیو بند مولوی حسین احمد صاحب کے حالات و واقعات پر مشتمل تھا یہاں پہنچ کر تمام ہو گیا۔

اب آپ کو یہ فیصلہ کرنا ہے کہ تصویر کے پہلے رُخ میں جن اعتقادات کو ان حضرات نے انبیاء و اولیاء کے حق میں مشرک قرار دیا تھا اپنے اور اپنے بزرگوں کے حق میں ہی اعتقادات عین اسلام کیونکر بن گئے۔

تصویر کے پہلے رُخ میں اپنے جن معتقدات کا اظہار کیا گیا ہے یا تو وُہ باطل ہیں یا پھر تصویر کے دُوسرے رُخ میں جو واقعات نقل کیے گئے ہیں وُہ غلط ہیں۔ ان دو باتوں میں سے جو بات بھی قبول کی جائے مذہبی دیانت، دینی اعتماد اور علمی ثقاہت کا خُون ضروری ہے۔

غیرت حق کا جلال اگر نقطۂ اعتدال کی طرف لوٹ آیا ہو تو ورق اُلٹئے اور پانچویں باب کا مطالعہ کیجئے۔

---

marfat.com

پانچواں باب

اکابر دیوبند کے مرشد معظم حضرت مولانا امداد اللہ صاحب تھانوی کے بیان میں

اس باب میں حضرت شاہ حاجی امداد اللہ صاحب کے متعلق مولوی محمد قاسم صاحب نانوتوی، مولوی اشرف علی تھانوی اور مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی وغیرہم کی روایات سے وہ واقعات و حالات جمع کیے گئے ہیں جو عقیدۂ توحید کے تقاضوں سے تصادم، مذہب سے انحراف اور منہ بولے شرک کو اپنے بزرگوں کے حق میں اسلام و ایمان بنا لینے کی شہادتوں سے بوجھل ہیں۔

چشمِ انصاف کھول کر پڑھیے اور ضمیر کی آواز سننے کے لیے گوش برآواز رہیے۔

سلسلۂ واقعات

خبر رسانی کا ایک نیا ذریعہ

حضرت شاہ امداد اللہ صاحب کے متعلق ذیل کے اکثر واقعات "کرامات امدادیہ" نامی کتاب سے اخذ کیے گئے ہیں جو مولوی محمد قاسم نانوتوی، مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی اور مولوی اشرف علی صاحب وغیرہم کی روایات پر مشتمل ہے۔ یہ کتاب کتب خانہ ہادی دیوبند سے شائع ہوئی ہے اس کتاب میں حضرت شاہ صاحب کے ایک مرید مولانا محمد حسین صاحب اپنا ایک واقعہ بیان کرتے ہیں کہ:

marfat.com

"ایک ظہر کے بعد میں اور مولوی منور علی اور ملا محب الدین صاحب کوئی ضروری بات عرض کرنے حضرت کی خدمت میں حاضر ہوئے، حضرت حسبِ معمول اُوپر جا چکے تھے کوئی آدمی تھا نہیں کہ اطلاع کرائی جاتی، آواز دینا ادب کے خلاف تھا آپس میں مشورہ یہ کیا کہ حضرت کے قلب کی طرف متوجہ ہو کر بیٹھ جائیں بات کا جواب مل جائے گا یا خود حضرت تشریف لائیں گے۔ تھوڑی دیر نہ گزری تھی کہ حضرت اوپر سے تشریف نیچے لائے ہم لوگوں نے معذرت کی اس وقت حضرت لیٹے ہوئے تھے ناحق تکلیف ہوئی۔ ارشاد فرمایا کہ تم لوگوں نے لیٹنے بھی نہ دیا کیونکر لیٹتا۔" (کرامات امدادیہ ص ۱۳)

دیکھ رہے ہیں آپ! مراقبہ ان حضرات کا، یہاں خبر رسانی کا کتنا عام ذریعہ ہے جب چاہا جہاں سے چاہا گردن جھکائی اور گفتگو کر لی یا حال معلوم کر لیا نہ ادھر کوئی زحمت نہ ادھر کوئی سوال کہ دل کے مخفی ارادوں پر کیونکر اطلاع ہوئی وائرلیس کی طرح ایک طرف سگنل دیا اور دوسری طرف وصول کر لیا۔

لیکن کتنی شرمناک دین میں پاسداری کہ اپنے اور اپنے "شیخ" کے سوال پر شرک کے سارے ضابطے ٹوٹ گئے اور جو بات نبی ولی کے حق میں کفر تھی وہی اپنے شیخ کے حق میں اسلام بن گئی۔

(۲)

ایک مذہب شکن واقعہ

اب ایک دلچسپ قصہ سنیے! مولوی مظفر حسین صاحب کاندھلوی دیوبندی جماعت کے مانے ہوئے بزرگوں میں ہیں تھانوی صاحب ان کی روایت سے اپنے پیر و مرشد حضرت شاہ صاحب کا ایک عجیب و غریب واقعہ نقل کرتے ہیں کہ:

"حضرت مولانا مظفر حسین صاحب مرحوم مکہ معظمہ میں بیمار ہوئے اور اشتیاق تھا کہ مدینہ منورہ میں وفات ہو حاجی صاحب سے استفسار کیا کہ میری وفات مدینہ منورہ ہوگی یا نہیں؟ حاجی صاحب نے فرمایا کہ میں

marfat.com

کیا جانوں ؟ حضرت کیا حضرت ! یہ عذر تو رہنے دیجئے جواب مرحمت فرمائیے
حضرت حاجی صاحب نے مراقب ہو کر فرمایا کہ آپ مدینہ منورہ میں وفات
پائیں گے ۔" (قصص الاکابر ص ۱۳۶ مصنفہ مولوی اشرف علی تھانوی)

بتائیے ! یہ آنکھوں سے لہو ٹپکنے کی بات ہے یا نہیں ؟ نصف صدی سے یہ لوگ چیخ رہے ہیں کہ سوائے خدا کے کسی کو علم نہیں کہ کون کہاں مرے گا ۔ یہاں تک کہ پیغمبر اعظم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علم غیب کے انکار میں وماتدری نفسٍ بایّ ارضٍ تموت والی آیت ان حضرات کی نوک زبان و قلم سے ہر وقت لگی رہتی ہے حالانکہ وُہ آیت اب بھی قرآن کریم میں موجود ہے لیکن اپنے شیخ کے بارے میں ان حضرات کی خوش عقیدگی ملاحظہ فرمائیے کہ انہوں نے مراقبہ کرتے ہی ایک ایسی بات معلوم کر لی جو صرف خدا کا حق ہے اور اپنی مخلوق میں سے کسی کو بھی خدا نے یہ علم نہیں عطا فرمایا ۔

جیسا کہ فتح بریلی کا دلکش نظارہ نامی کتاب میں دیوبندی جماعت کے معتمد وکیل مولوی منظور نعمانی تحریر فرماتے ہیں :

"وہ پانچ غیب جن میں مرنے کی جگہ کا علم بھی شامل ہے ان کو حق تعالیٰ علم الغیب نے اپنے لیے خاص کر لیا ہے ان کی اطلاع نہ کسی مقرب فرشتے کو دی نہ کسی نبی و رسول کو ۔" (ص ۸۵)

پھر مراقبہ اور قلبی توجہ کی یہ قوت جس نے چشم زدن میں پردۂ غیب کا ایک سربستہ راز معلوم کر لیا ۔ نبی عربی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حق میں یہ حضرات تسلیم نہیں کرتے جیسا کہ یہی تھانوی صاحب جو اپنے پیر و مرشد کے حق میں اس عظیم قوتِ انکشاف کے خود قائل ہیں ۔ اپنی کتاب حفظ الایمان میں سید کائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی غیبی قوتِ ادراک پر بحث کرتے ہُوئے لکھتے ہیں :

"بہت سے امور میں آپ کا خاص اہتمام سے توجہ فرمانا بلکہ فکر و پریشانی میں واقع ہونا ثابت ہے ۔ قصۂ افک میں آپ کی تفتیش و استکشاف بابلغ وجوہ صحاح میں مذکور ہے مگر صرف توجہ سے انکشاف

marfat.com

نہیں ہوا بعد ایک ماہ کے وحی کے ذریعہ اطمینان ہوا۔" (ص ۷)

تھانوی صاحب کا یہ بیان اگر صحیح ہے تو بظاہر اس کی دو ہی وجہ سمجھ آتی ہیں یا تو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نبیی قوتِ ادراک معاذ اللہ اتنی کمزور تھی کہ مخفی حقائق کی تہ تک پہنچنے سے قاصر رہ گئی یا پھر معاذ اللہ بارگاہِ خداوندی میں انہیں تقرب کا وہ درجہ حاصل نہیں تھا کہ توجہ کرتے ہی انکشاف ہو جاتا اور ایک ماہ تک فکر و پریشانی میں مبتلا رہنے کی نوبت آتی اور پھر اس قسم کا حادثہ ایک بار نہیں پیش آیا کہ اسے اتفاق پر محمول کر لیا جائے بلکہ تھانوی صاحب کے کہنے کے مطابق بہت سے امور میں اس طرح کے حالات سے حضور کو گزرنا پڑا۔

اب آپ ہی فیصلہ کیجئے کہ اپنے رسول کے حق میں ذہن کی بیگانگی اور قلم کی بے وفائی کا کیا اس سے بھی بڑھ کر اور کوئی ثبوت چاہیے کہ اپنے شیخ کے علم کی تحسین اور رسول کے علم کی تنقیص دونوں کا مصنف ایک ہی شخص ہے اور پھر اس واقعہ میں حسنِ اعتقاد کا سب سے دلچسپ تماشا تو یہ ہے کہ جب شاہ صاحب نے قرآن کریم کی آیت کے بموجب اپنی لاعلمی کا اظہار کیا تو اس پر وہ خاموش نہیں ہو گئے بلکہ یہ کہہ کر یہ "عذر تو رہنے دیجئے" ان کی غیب دانی کے متعلق اپنے دل کے یقین کا بالکل نقاب اُلٹ دیا۔

اب اس کا فیصلہ آپ ہی کیجئے کہ بالکل ایک ہی طرح کے مقدمہ میں ان حضرات کے یہاں سوچنے کا انداز اپنے اور بیگانے کی طرح کیوں ہے؟

(۳)

روئے زمین کے علم محیط کا ایک عجیب واقعہ

اب ایک بہت ہی پُر لطف اور حیرت افزا قصہ سنیے۔ شاہ صاحب کے خاص مریدوں میں مولوی محمد اسمٰعیل نامی ایک صاحب گزرے ہیں کرامات امدادیہ میں وہ اپنے بھائی کی زبانی یہ عجیب و غریب واقعہ نقل کرتے ہیں کہ:

"میں نے اپنے برادر معظم حاجی عبدالحمید صاحب سے سنا ہے کہ ایک دفعہ مولوی محی الدین صاحب فرماتے تھے کہ چونکہ حضرت حاجی صاحب

marfat.com

عرصۂ دراز بوجہ ضعفِ بدن حج کرنے سے معذور تھے ہم نے اپنے ایک دوست سے کہا کہ آج خاص یومِ عرفات (یعنی یومِ حج) ہے، دیکھنا چاہیے کہ حضرت کہاں ہیں؟ انہوں نے مراقب ہوکر دیکھا کہ حضرت جبل عرفات کے نیچے تشریف رکھتے ہیں۔

ہم لوگوں نے بعد عرض کیا کہ آپ یومِ عرفات میں کہاں تھے حضرت نے فرمایا کہ کہیں بھی نہیں مکان پر تھا ہم لوگوں نے عرض کیا کہ حضرت آپ تو فلاں جگہ تشریف رکھتے تھے حضرت نے فرمایا کہ یا اللہ لوگ کہیں بھی چھپا نہیں رہنے دیتے۔" (کرامات امدادیہ ص ۲۰)

یہ تو نہیں کہا جا سکتا کہ شاہ صاحب نے غلط طور پر کہہ دیا کہ وُہ مکان پر تھے اس لیے شاہ صاحب کو غلط بیانی کے الزام سے بچانے کے لیے یہ ماننا پڑے گا کہ اس دن وُہ مکان پر بھی تھے اور جبل عرفات کے نیچے بھی۔

لیکن اپنے شیخ کے حق میں دل کی وارفتگی کا یہ تصرف یاد رکھنے کے قابل ہے کہ ایک وجوہ کو متعدد مقامات میں موجود تصور کرتے ہُوئے نہ انہیں عقل کا کوئی استحالہ نظر آیا اور نہ قانونِ شریعت کی کوئی خلاف ورزی محسوس ہُوئی اور پھر داد دیجئے ان تلاش کرنیوالوں کو جو گھر بیٹھے سارا جہاں چھان آئے اور بالآخر جبل عرفات کے نیچے اپنے شیخ کو پا لیا اسے کہتے ہیں علم وادراک کی غیبی توانائی جو خانقاہ امدادیہ کے درویشوں کو تو حاصل ہے، لیکن دیوبندی مذہب میں سیّدالانبیاء کو حاصل نہیں ہے۔

اور شاہ صاحب کا یہ جواب کہ "یا اللہ" لوگ کہیں بھی چھپا رہنے نہیں دیتے مریدین ومتوسلین کی غیب دانی کے ثبوت کے لیے ایک الہامی دستاویز سے کم نہیں۔

ایمان کی بوجھل شہادتوں کو گواہ بنا کر کہئے کہ حق وباطل کی راہوں کا امتیاز محسوس کرنے کے لیے کیا اب بھی کسی مزید نشانی کی ضرورت باقی ہے؟

marfat.com

(۴)

عقیدۂ توحید سے ایک خونریز تصادم

نگاہ پر بوجھ نہ ہو تو اخیر میں عقیدۂ توحید کے ساتھ خونریز تصادم کا ایک واقعہ پڑھیے۔ اسی کرامات امدادیہ میں بیان کیا گیا ہے کہ انہی شاہ صاحب کے ایک مرید کسی بحری جہاز سے سفر کر رہے تھے کہ ایک تلاطم خیز طوفان سے جہاز ٹکرا گیا قریب تھا کہ موجوں کے ہولناک تصادم سے اس کے تختے پاش پاش ہو جائیں۔

اب اس کے بعد کا واقعہ خود راوی کی زبانی سنیے، لکھا ہے کہ:

"انہوں نے جب دیکھا کہ اب مرنے کے سوا چارہ نہیں ہے اسی یاسانہ حالت میں گھبرا کر اپنے پیر روشن ضمیر کی طرف خیال کیا۔ اس وقت سے زیادہ اور کون سا وقت امداد کا ہوگا۔ اللہ تعالیٰ سمیع و بصیر اور کارساز مطلق ہے، اسی وقت آگبوٹ غرق سے نکل گیا اور تمام لوگوں کو نجات ملی۔

ادھر تو یہ قصہ پیش آیا ادھر اگلے روز مخدوم جہاں اپنے خادم سے بولے ذرا میری کمر دباؤ نہایت درد کرتی ہے خادم نے دباتے دباتے پیراہن مبارک جو اٹھایا تو دیکھا کہ کمر چھلی ہوئی ہے اور اکثر جگہ سے کھال اتر گئی ہے۔ پوچھا حضرت یہ کیا بات ہے۔ کمر کیوں کر چھلی؟ فرمایا کچھ نہیں پھر پوچھا۔ آپ خاموش رہے۔ تیسری مرتبہ پھر دریافت کیا حضرت یہ تو کہیں رگڑ لگی ہے اور آپ تو کہیں تشریف بھی نہیں لے گئے۔ فرمایا ایک آگبوٹ ڈوبا جاتا تھا۔ اس میں ایک تمہارا دینی اور سلسلے کا بھائی تھا۔ اس کی گریہ زاری نے مجھے بے چین کر دیا اور آگبوٹ کو کمر کا سہارا دے کر اوپر کو اٹھایا جب آگے چلا اور بندگانِ خدا کو نجات ملی۔ اسی سے چھل گئی ہوگی اور اسی وجہ سے درد ہے مگر اس کا ذکر نہ کرنا۔" (کرامات امدادیہ ص ۱۸)

قبیلے کے شیخ کی غیبی قوتِ ادراک اور خدائی اختیارات کا یہ حال بیان کیا جاتا ہے کہ انہوں نے ہزاروں میل کی مسافت سے دل کی زبان کا خاموش استغاثہ سن لیا اور

marfat.com

سن ہی نہیں لیا بلکہ فوراً ہی یہ بھی معلوم کر لیا کہ سمندر کی ناپیدا کنار وسعتوں میں حادثہ کہاں پیش آیا ہے اور معلوم ہی نہیں کر لیا بلکہ چشم زدن میں وہاں پہنچ بھی گئے اور جہاز کو طوفان سے نکال کر واپس لوٹ آئے لیکن وائے رے دل حرماں نصیب کی شرارت! کہ رسول کونینؐ کے حق میں ان حضرات کے عقیدے کی زبان ہے:

"یہ جو بعضے لوگ اگلے بزرگوں کو دُور دُور سے پکارتے ہیں اور اتنا ہی کہتے ہیں کہ یا حضرت! تم اللہ کی جناب میں دُعا کرو کہ وہ اپنی قدرت سے ہماری حاجت روا کرے اور پھر یوں سمجھتے ہیں کہ ہم نے کچھ شرک نہیں کیا اس واسطے کہ ان سے حاجت نہیں مانگی بلکہ دُعا کرائیں۔ یہ بات غلط ہے اس واسطے کہ گو مانگنے کی راہ سے شرک نہیں ثابت ہوا لیکن پکارنے کی راہ سے ثابت ہو جاتا ہے"

(تقویۃ الایمان ص ۲۳)

لیکن یہاں تو مانگنا بھی ہوا اور پکارنا بھی، دو دو شرک جمع ہو جانے کے باوجود توحید پر ان حضرات کی اجارہ داری اب تک قائم ہے اور ہم صرف اس لیے مشرک ہیں کہ جن اعتقادات کو وہ اپنے گھر کے بزرگوں کے حق میں روا رکھتے ہیں ہم نے انہی کو رسولِ کونین، شہید کربلا، غوثِ جیلانی اور خواجۂ خواجگان چشت کے حق میں اپنے جذبۂ عقیدت کا معمول بنا لیا ہے۔

اس کا نام اگر شرک ہے تو شرک کا مفہوم بدل دیجئے لیکن ہم اپنی راہ ہرگز نہیں بدلیں گے

یہ پانچواں باب جو حضرت شاہ امداد اللہ صاحب تھانوی کے حالات و واقعات پر مشتمل تھا یہاں پہنچ کر تمام ہو گیا۔

تصویر کے دونوں رُخوں کا منصفانہ جائزہ لینے کے بعد آپ واضح طور پر محسوس کریں گے کہ ان حضرات کے یہاں دو طرح کی شریعتیں متوازی طور پر چل رہی ہیں۔

ایک تو انبیاء و اولیاء کے حق میں ہے اور دوسری اپنے گھر کے بزرگوں کے حق میں۔

ایک ہی عقیدہ جو پہلی شریعت میں کفر ہے، شرک ہے اور ناممکن ہے وہی دُوسری شریعت میں اسلام ہے، ایمان ہے اور امر واقعہ ہے۔

marfat.com

ضمیر کا یہ چیختا ہوا مطالبہ اب کسی مصلحت کے اشارے پر دبایا نہیں جا سکتا کہ دو شریعتوں کا اسلام ہرگز وہ اسلام نہیں ہو سکتا جو خدا کے آخری پیغمبر کے ذریعہ ہم تک پہنچا ہے۔

غیریت حق کا جلال اگر نقطۂ اعتدال کی طرف لوٹ آیا ہو تو ورق اُلٹیے اور اس طلسم فریب کے عجائبات کا باقی حصہ بھی دیکھ لیجئے۔

علامہ اقبال سے معذرت کے ساتھ

زمن بر ملائے دیوبند
کہ احکامِ شرک گفتند مارا
ولے تاویلِ شاں در حیرت انداخت
خدا و جبرئیل و مصطفیٰ را

---

marfat.com

چھٹا باب

متفرقات کے بیان میں

اس باب میں دیوبندی جماعت کے مختلف مشاہیر واکابر کے حالات وواقعات انہی حضرات کے لٹریچر سے جمع کیے گئے ہیں اور ان کے تاریخی نوشتے اور مستند ارشادات سامنے آئیں گی جن میں عقیدۂ توحید سے تصادم، اپنے مذہب سے انحراف اور مشرب شرک کو اپنے حق میں اسلام وایمان بنا لینے کی سازشوں کے ایسے ایسے نمونے آپ کو ملیں گے کہ آپ حیران وششدر رہ جائیں گے۔

سلسلۂ واقعات

مولوی محمد یعقوب صاحب صدر مدرس مدرسۂ دیوبند کا قصہ

کشف وغیب دانی کی ایک طویل داستان

روزنامہ "الجمعیۃ" دہلی خواجہ غریب نواز نمبر کے نام سے ایک نمبر شائع کیا ہے اس میں قاری طیب صاحب مہتمم دارالعلوم دیوبند کا ایک مضمون شائع ہوا ہے مولوی محمد یعقوب صاحب کا تذکرہ کرتے ہوئے قاری صاحب موصوف لکھتے ہیں:

"حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب رحمۃ اللہ علیہ دارالعلوم دیوبند کے اولین صدر مدرس تھے۔ نہ صرف عالم ربانی بلکہ عارف باللہ اور صاحب کشف وکرامت اکابر میں سے تھے۔ ان کے بہت سے مکتوبات اکابر

marfat.com

مرحومین کی زبانی سُننے میں آئے۔

حضرت مولانا پر جذب کی کیفیت تھی اور بعض دفعہ مجذوبانہ انداز سے جو کلمات زبان سے نکل جاتے تھے وہ من وعن واقعات کی صورت میں سامنے آجاتے تھے۔ دارالعلوم دیوبند کی درس گاہِ کلاں موسوم بہ نودرہ کے وسطی ہال میں حضرت مرحوم کی مسندگاہ حدیث تھی نودرہ کی وسطی در کے سامنے والی ایک جگہ کے بارے میں فرمایا کہ جس کی نمازِ جنازہ اس جگہ ہوتی ہے وہ ..... ہوتا ہے (یعنی بخش دیا جاتا ہے)۔" (خواجہ عزیب نواز نمبر ص ۵)

ایک دیوانے کی بات تھی لیکن اب دانشوروں کے ایمان ویقین کا عالم ملاحظہ فرمائیے لکھتے ہیں کہ:

"عموماً اس وقت دارالعلوم میں جتنے جنازے متعلقین دارالعلوم یا شہر کے حضرات کے آتے ہیں اسی جگہ لاکر رکھے جانے کا معمول ہے احقر نے سیمنٹ سے اس جگہ کو مشخص (ممتاز) کرا دیا ہے۔" (ص ۵)

بزرگانِ دین کے ایصالِ ثواب کے لیے کسی وقت کی تخصیص یا ذکر وبیان کے لیے کسی دن کے تعین پر تو یہ حضرات بدعت وحرام کا شور مچاتے ہیں لیکن یہاں اُن سے اب کوئی نہیں پُوچھتا کہ جنازے کی نماز دارالعلوم کے سامنے احاطوں میں ہو سکتی ہے لیکن ایک خاص جگہ کی تخصیص اور اس پر عمل درآمد یہ اہتمام کیا بدعت نہیں ہے؟

بہرحال ضمنی طور پر درمیان میں یہ بات نکل آئی اب پھر اسی سلسلۂ بیان کی طرف متوجہ ہو جائیے۔ فرماتے ہیں کہ:

"اس مجذوبیت کے سلسلے سے مولانا کے ذہن میں یہ بات بیٹھ گئی تھی کہ میں ناقص رہ گیا ہوں حضرت پیر ومرشد حاجی امداد اللہ صاحب قدس سرہٗ تو مکہ میں ہیں وہاں جانا مشکل ہے لیکن میری تکمیل دونوں بزرگ حضرت نانوتوی اور حضرت گنگوہی کر سکتے ہیں اس لیے بار بار ان سے فرماتے بھائی میری تکمیل کراؤ۔ یہ حضرات جواب دیتے کہ اب آپ میں کوئی کمی نہیں ہے اور

marfat.com

جتنی کچھ ہے بھی سو وہ بھی مدرسہ دیوبند میں حدیث پڑھانے ہی سے پوری ہو جائے گی۔ اس لیے آپ درس حدیث میں مشغول رہیں یہی درس آپ کی تکمیل کا ضامن ہے۔ اس پر خفا ہوئے کہ یہ دونوں بخل کرتے ہیں سب کچھ لیے بیٹھے ہیں اور میرے حق میں بخل کر رہے ہیں۔" (ص ۵)

اس کے بعد لکھا ہے کہ ادھر سے مایوس ہو جانے کے بعد انہوں نے اجمیر شریف حاضری کا ارادہ کر لیا تاکہ خواجہ غریب نواز کے حضور میں اپنی تکمیل کر سکیں۔ چنانچہ ایک دن وہ اسی جذبہ شوق میں اٹھے اور اجمیر کے لیے روانہ ہو گئے۔ وہاں پہنچ کر انہوں نے روضۂ خواجہ کے قریب ایک پہاڑی پر اپنی کٹیا بنائی اور وہیں قیام پذیر ہو گئے۔ لکھا ہے کہ اکثر مزار شریف پر حاضر ہو کر دیر دیر تک مراقب رہتے۔ ایک دن مراقبے میں حضرت خواجہ کی طرف سے ارشاد ہوا۔

"آپ کی تکمیل مدرسہ دیوبند میں حدیث پڑھانے ہی سے ہو گی۔ آپ وہیں جائیں اور ساتھ حضرت خواجہ کا یہ مقولہ بھی منکشف ہوا کہ آپ کی عمر کے دس سال رہ گئے ہیں اس میں یہ تکمیل ہو جائے گی۔" (ص ۶)

لکھا ہے کہ اس واقعہ کے دوسرے ہی دن وہ اجمیر سے واپس ہوئے اور سیدھے اپنے وطن مالوف نانوتہ پہنچے وہاں سے گنگوہ کا قصد کیا۔ حضرت گنگوہی حسب معمول اپنی خانقاہ میں تشریف فرما تھے کسی نے خبر دی کہ مولانا محمد یعقوب صاحب آ رہے ہیں۔ حضرت نام سنتے ہی چارپائی سے کھڑے ہو گئے۔ اب اس کے بعد کا واقعہ خود قاری صاحب موصوف کی زبانی سنیے، لکھا ہے کہ:

"جب مولانا محمد یعقوب صاحب قریب آ گئے تو بلا گفتگو کے سلام علیک کے بعد حضرت گنگوہی نے فرمایا، ہم پہ کچھ احسان نہیں ہے ہم پہ کچھ احسان نہیں ہے۔ خدام بھی وہی بات کر رہے تھے جو حضرت خواجہ نے فرمائی ہے مگر چھوٹوں کی کون سنتا ہے؟ جب اوپر سے بھی وہی کہا گیا جو خدام عرض کیا کرتے تھے تب آپ نے قبول فرمایا۔"

(خواجہ غریب نواز نمبر ص ۶)

marfat.com

مذہبی مزاج کے خلاف ہونے کے باوجود یہ واقعہ صرف اس لیے برپا کیا ہے کہ اس سے مدرسۂ دیوبند کی فضیلت ثابت ہوتی ہے ورنہ جہاں تک خواجۂ غریب نواز کے رُوحانی اقتدار اور غیبی تصرف پر یقین واعتماد کا تعلق ہے تو یہ حضرات نہ صرف یہ کہ اس کے منکر ہیں بلکہ اس کے خلاف جہاد کرنا اپنے دین کا اوّلین فریضہ سمجھتے ہیں جیسا کہ گزشتہ اوراق میں اس طرح کے کئی حوالے آپ کی نظر سے گزر چکے ہیں۔

بہرحال کسی بھی جذبے کے زیرِ اثر یہ واقعہ صفحۂ قرطاس پر آیا ہو ہم قاری صاحب موصوف سے چند سوالات پر اپنے دل کا اطمینان ضرور چاہیں گے۔

پہلی بات تو یہی ہے کہ خواجۂ غریب نواز رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اگر علمِ غیب نہیں تھا تو انہیں کیونکر معلوم ہو گیا کہ دیوبند میں ایک مدرسہ ہے جہاں حدیث کا درس دیا جاتا ہے اور مولوی محمد یعقوب وہاں سے درسِ حدیث چھوڑ کر ہمارے یہاں آئے ہیں۔

دوسری بات یہ ہے کہ انہیں یہ خبر کیونکر ہوئی کہ آنے والا منزل سلوک کی تکمیل کے لیے آیا ہے اور اس کی تکمیل یہاں نہیں ہو گی مدرسہ دیوبند میں ہو گی۔

اور تیسری بات تو نہایت تعجب خیز ہے کہ انہیں یہ بھی معلوم ہو گیا کہ ان کی عمر کے دس سال باقی رہ گئے ہیں اور اس مدت میں تکمیل ہو جائے گی۔

اور چوتھی بات تو سب سے زیادہ حیرت انگیز ہے کہ مراقبہ میں جو باب خواجہ غریب نواز نے مولوی یعقوب صاحب سے فرمائی تھی بغیر کسی اطلاع کے مولوی رشید احمد صاحب کا گنگوہی کو اس کی خبر کیونکر ہو گئی؟

لیکن سب سے بڑا ماتم تو اس ستم ظریفی کا ہے کہ اتنے شرکیات کے مصالحت کرنے کے باوجود یہ حضرات توحید کے تنہا اجارہ دار ہیں اور ہمارے لیے مشرک، قبر پرست اور بدعتی کے القاب تراشے گئے ہیں لیکن آستینوں سے لہو ٹپکنے کے بعد قتل کا چھپانا بہت مشکل ہے۔

marfat.com

(۲)

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کے قصّے

شکمِ مادر سے غیبی ادراک

مولوی حافظ رحیم بخش صاحب دہلوی نے شاہ ولی کے نام سے حضرت شاہ صاحب قبلہ کی سوانح حیات لکھی ہے اس میں ان کی ولادت سے قبل کا ایک نہایت حیرت انگیز واقعہ نقل کیا ہے، لکھتے ہیں کہ:

"ابھی مولانا شاہ ولی اللہ صاحب والدہ صاحبہ کے بطن مبارک ہی میں تشریف رکھتے تھے کہ ایک دن (ان کے والد بزرگوار) جناب شیخ عبدالرحیم صاحب کی موجودگی میں ایک سائلہ آئی آپ نے روٹی کے دو حصّے کر کے ایک اسے دیا اور ایک رکھ لیا۔

لیکن جونہی سائلہ دروازہ تک پہنچی شیخ صاحب نے دوبارہ بلایا اور بقیہ حصّہ بھی عنایت کر دیا اور جب وُہ چلنے لگی پھر آواز دی اور جس قدر روٹی گھر میں موجود تھی سب دے دی۔ اس کے بعد گھر والوں کو مخاطب کر کے فرمایا کہ پیٹ والا بچّہ بار بار کہہ رہا ہے کہ جتنی روٹی گھر میں ہے سب اس محتاج کو راہِ خدا دے دو۔" (حیات ولی ص ۲۹۰)

گویا شاہ صاحب بطنِ مادر ہی سے دیکھ رہے تھے کہ روٹی کا ایک حصّہ بچا کر گھر میں رکھ لیا گیا ہے اور جب ان کے کہنے پر باقی حصّہ بھی ان کے والد نے دے دیا تو اسے بھی انہوں نے دیکھ لیا اور ساتھ ہی یہ بھی معلوم کر لیا کہ گھر میں ابھی اور روٹیاں رکھی ہُوئی ہیں۔ جب ان کے کہنے پر سب دے ڈالا تب خاموش ہُوئے۔

رسولِ عربی کے علم و مشاہدہ پر تو سینکڑوں سوالات اٹھائے جاتے ہیں لیکن یہاں کوئی نہیں پُوچھتا کہ ایک جنین بچّے کے سر میں وُہ کون سی آنکھ تھی جس نے پردۂ شکم سے دیواروں اور گھر کے برتنوں میں شگاف ڈال سارا چھپا ہُوا حال دیکھ لیا۔ نہ عقیدۂ

marfat.com

توحید سے کوئی تصادم لازم آیا اور نہ اسلام و شریعت کی کوئی دیوار منہدم ہوئی۔

(۳)

حضرت شاہ عبدالرحیم صاحب کا قصّہ

زمین کی وسعتیں احاطۂ نظر میں

خود شاہ صاحب کی زبانی 'حیات ولی' کا مصنّف ان کے والد ماجد کی غیبی قوتِ ادراک کا ایک عجیب و غریب قصّہ نقل کرتا ہے۔ لکھا ہے کہ:

"ایک دفعہ محمد علی، اورنگ زیب کے لشکر میں کسی سمت روانہ ہوا تھا چونکہ زمانۂ دراز تک اس کی کوئی خبر عزیز و اقرباء کو نہیں ملی اس لیے اس کی مفقود الخبری نے بالخصوص اس کے برادر محمد سلطان کو سخت بے چین کر دیا اور جب وہ بہت ہی بے تاب ہوا تو شیخ کی خدمت میں حاضر ہو کر التجا کی کہ اس گم شدہ کی خبر دیں۔

شیخ فرماتے ہیں کہ میں نے توجہ کی اور ہر چند کہ اسے لشکر کے ایک ایک خیمے میں ڈھونڈا لیکن کہیں سراغ نہ ملا۔

اموات کے زمرے میں تلاش کیا وہاں بھی پتہ نہ لگا۔ ازاں بعد میں نے لشکر کے اردگرد غور میں ڈوبی ہوئی نظروں سے دیکھا معلوم ہوا کہ غسلِ صحت پاکر شتری (بھورے) رنگ کے لباس زیبِ بدن کیے ہوئے ایک کرسی پر جلوہ آرا ہے اور وطن مالوف میں آنے کا تہیہ کر رہا ہے چنانچہ میں نے اس کے بھائی سے بیان کیا کہ محمد قلی زندہ ہے اور تین مہینے میں آیا چاہتا ہے چنانچہ جب وہ آیا تو بجنسہٖ یہی قصّہ بیان کیا۔"

(حیات ولی ص ۲۷۲)

اب آپ ہی ایمان و انصاف سے فیصلہ کیجئے کہ یہ واقعہ پڑھنے کے بعد کیا کسی رُخ سے بھی یہ عیاں ہوتا ہے کہ زمین کی وسعتوں میں یہ جادہ پیمائی ڈھیر کی چھان بین، پھر

marfat.com

اردگرد کے میدانوں میں جستجو ، یہ ساری مہم انہوں نے وہاں جا کر نہیں بلکہ دہلی میں بیٹھے بیٹھے غیبی قوتِ ادراک کی مدد سے انجام دی تھی لیکن سر پیٹ لینے کو جی چاہتا ہے کہ غیبی قوتِ ادراک اور روحانی تصرف کا جو کمال یہ حضرات ایک ادنیٰ اُمتی کے لیے بے چون وچرا تسلیم کر لیتے ہیں اسی کو رسول عربی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حق میں شرک کہتے ہوئے انہیں کوئی تامل نہ ہوتا۔

(۴)

حضرت شاہ عبدالقادر صاحب دہلوی کا قصّہ

کشف وغیب دانی کا ایک نہایت حیرت انگیز واقعہ

دیوبندی کا معتمد راوی شاہ امیر خاں نے شاہ عبدالقادر صاحب دہلوی کے کشف و غیب دانی کے متعلق اپنی کتاب ارواح ثلاثہ میں ایک نہایت حیرت انگیز واقعہ نقل کیا ہے۔ بیان کرتے ہیں کہ:

"اگر عید کا چاند تیس کا ہونے والا ہوتا تو اوّل تراویح میں ایک سپارہ پڑھتے اور اگر انتیس کا چاند ہونے والا ہوتا تو اوّل روز دو سپارے پڑھتے۔

چونکہ اس کا تجربہ ہو چکا تھا اس لیے شاہ عبدالعزیز صاحب اوّل روز آدمی کو بھیجتے تھے کہ دیکھ آؤ میاں عبدالقادر نے آج کے سپارے پڑھے ہیں۔ اگر آدمی آکر کہتا کہ آج دو پڑھے ہیں تو شاہ صاحب فرماتے کہ عید کا چاند تو انتیس ہی کا ہوگا۔

یہ بات دوسری ہے کہ دیر وغیرہ کی وجہ سے دکھائی نہ دے اور حجتِ شرعی نہ ہونے کی وجہ سے رویت کا حکم نہ لگا سکیں۔

اس میں مولوی محمود حسن صاحب (دیوبندی) یہ اضافہ فرماتے تھے کہ یہ بات دہلی میں اس قدر مشہور ہو گئی تھی کہ بازار اور اہل پیشہ کے

marfat.com

کاروبار اس پر مبنی ہو گئے۔" (ارواحِ ثلاثہ ص ۴۹)

حکایت واقعہ کی عبارت چیخ رہی ہے کہ یہ صورتِ حال کسی ایک رمضان کے ساتھ خاص نہیں تھی بلکہ بالالتزام ہر رمضان المبارک میں انہیں ایک ماہ قبل ہی معلوم ہو جاتا تھا کہ چاند ۲۹ کا ہوگا یا ۳۰ کا۔

اور مولوی محمود حسن صاحب دیوبندی کا یہ کہنا ہے کہ اہل بازار اور اہل پیشہ کے کاروبار اس پر مبنی ہو گئے۔

اس امر کو بالکل واضح کر دیتا ہے کہ اُن کا کشف بھی غلط نہیں ہوتا تھا۔ اب آپ ہی انصاف سے کہیے! یہ آنکھوں سے لہو ٹپکنے کی بات ہے یا نہیں! گھر کے بزرگوں کا تو یہ حال بیان کیا جاتا ہے کہ سال بالالتزام وہ ایک ماہ قبل ہی چھپی ہوئی بات معلوم کر لیتے تھے لیکن رسولِ انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے متعلق ان کے عقیدے کی یہ صراحت گزر چکی کہ ایک ماہ کی طویل مدت میں بھی وہ معاذ اللہ چھپی ہوئی بات معلوم کر سکے۔

(۵)

غیبی قوتِ ادراک کی ایک اور حیرت انگیز کہانی

انہی خاں صاحب نے ارواحِ ثلاثہ میں شاہ عبدالقادر صاحب کی غیب دانی کا ایک اور واقعہ نقل کیا ہے۔ لکھا ہے کہ:

"اکبری مسجد میں شاہ عبدالقادر صاحب رہتے تھے اس کے دونوں طرف بازار تھا اور اس مسجد میں دونوں طرف حجرے اور سہ دریاں تھیں۔ ان میں ایک سہ دری میں شاہ عبدالقادر صاحب رہتے تھے اور اپنے حجرے سے باہر سہ دری میں ایک پتھر لے کر لگا کر بیٹھا کرتے تھے۔ بازار آنے جانے والے آپ کو سلام کیا کرتے تھے سو اگر سنی سلام کرتا تو آپ سیدھے ہاتھ سے جواب دیتے اور شیعہ سلام کرتا تو اُلٹے ہاتھ سے جواب دیتے تھے۔ یہ بیان کر کے مولوی عبدالقیوم صاحب نے فرمایا: میں کیا کہہ دوں (المومن ینظر بنور اللہ) یعنی مومن اللہ کے

marfat.com

نور سے دیکھتا ہے۔" (ارواحِ ثلاثہ ص ۵۵)

المومن بنظر بنور اللہ کا فقرہ بتا رہا ہے کہ شیعہ اور سُنّی کے درمیان یہ امتیاز کسی ظاہری علامت کی بنیاد پر نہیں تھا بلکہ اسی غیبی قوتِ ادراک کے ذریعے تھا جس کی تعبیر مولوی عبدالقیوم صاحب نے "نورِ الٰہی" سے کی ہے۔

حکایت واقعہ کی عبارت سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ ان کے ہر روز کا معمول تھا اور جب تک سہ دری میں بیٹھے رہتے تھے کشف احوال کا یہ سلسلہ برابر جاری رہتا تھا۔

اب سوچنے کی بات یہ ہے کہ شاہ عبدالقادر صاحب کے حق میں تو کشفِ احوال کی ایک دائمی اور ہمہ وقتی قوت تسلیم کر لی گئی ہے جو قوتِ بینائی کی طرح انہیں ہر وقت حاصل رہا کرتی تھی لیکن شرم سے مُنہ چھپا لیجئے کہ نبی مرسل صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حق میں کشفِ احوال یہی دائمی اور ہمہ وقتی قوت تسلیم کرتے ہُوئے ان حضرات کا عقیدۂ توحید مجروح ہوجاتا ہے اور شرک کے غم میں یہ شب و روز سُلگتے رہتے ہیں۔

کشف ہی کشف

انہی شاہ عبدالقادر صاحب کی غیب دانی سے متعلق تھانوی صاحب کی کتاب اشرف التنبیہ کے حوالہ سے ایک واقعہ نقل کیا گیا ہے، لکھا ہے کہ:

"مولوی فضل حق صاحب شاہ عبدالقادر صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے حدیث پڑھتے تھے۔ شاہ صاحب کشف تھے اور اس خاندان میں آپ کا کشف سب سے بڑھا ہُوا تھا۔ جس روز مولوی فضل حق صاحب کسی ملازم پر کتابیں رکھوا کر لے جاتے تو پہنچنے سے پہلے خود لے لیتے، شاہ صاحب کو کشف سے معلوم ہوجاتا تھا۔ اس روز مولوی صاحب کو سبق نہیں پڑھاتے تھے اور جب خود لے جاتے تو حضرت کو کشف ہوجاتا اور اس روز سبق پڑھاتے تھے جامع کہتا ہے کہ:

پیش اہل دل نگہدار بدل
تا نباشد از گمان بد محل

marfat.com

اب ذرا اسی کے ساتھ اسی خاندان شاہ اسمٰعیل دہلوی کی یہ عبارت بھی پڑھ لیجئے عقیدہ عمل کا تصادم واضح طور پر محسوس ہو جائے گا۔

"یہ سب جو غیب دانی کا دعویٰ کرتے ہیں کوئی کشف کا دعویٰ رکھتا ہے کوئی استخارہ کے عمل سکھاتا ہے۔

یہ سب جھوٹے ہیں اور دغاباز۔" (تقویۃ الایمان ص ۲۳)

علمائے دیوبند کے معتمد شاہ عبدالقادر صاحب بھی ہیں اور شاہ اسمٰعیل دہلوی بھی! اب اس امر کا فیصلہ انہی کے ذمے ہے کہ ان دونوں میں کون جھوٹا ہے اور کون سچا ہے؟

ہمیں تو یہاں صرف اتنا ہی کہنا ہے کہ بات ایک دن کی نہیں تھی بلکہ ہر روز انہیں کشف ہوتا تھا اور کتنی ہی دیواروں کے حجابات کے اوٹ سے وہ ہر روز دیکھ لیا کرتے تھے کہ کتاب کون لے آ رہا ہے اور کس نے کہاں سے اپنے ہاتھ میں لی ہے لیکن یہاں ہمیں اتنی بات کہنے کی اجازت دی جائے کہ اپنے نبی کے حق میں علمائے دیوبند کے دلوں کی کدورت یہیں سے صاف ظاہر ہوتی ہے کہ اپنے گھر کے بزرگوں کی نگاہوں پر تو دیواروں کا کوئی حجاب وہ حائل نہیں مانتے لیکن رسول انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حق میں آج تک وہ اصرار کر رہے ہیں کہ انہیں دیوار کے پیچھے کا علم نہیں تھا جیسا کہ گزشتہ اوراق میں اس کا حوالہ آپ کی نظر سے گزر چکا ہے۔

(۶)

حافظ محمد ضامن صاحب تھانوی کا قصہ

قبر میں دل لگی بازی کا ایک واقعہ

یہی مولوی اشرف علی صاحب تھانوی اپنی جماعت کے ایک بزرگ حافظ محمد ضامن صاحب کی قبر کے متعلق ایک نہایت دلچسپ قصہ بیان کرتے ہیں، لکھا ہے کہ:

marfat.com

"ایک صاحبِ کشف حضرت حافظ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے مزار پر فاتحہ پڑھنے گئے۔ بعد فاتحہ کہنے لگے بھائی یہ کون بزرگ ہیں؟ بڑے دل لگی باز ہیں جب میں فاتحہ پڑھنے لگا تو مجھ سے فرمانے لگے کہ جاؤ کسی مُردہ پر پڑھیو، یہاں زندوں پر پڑھنے آئے ہو؟" (ارواحِ ثلاثہ ص ۲۰۳)

(۷)

سیّد احمد صاحب بریلوی کا قصّہ

سیّد احمد بریلوی کو نیند سے جگانا

تبلیغی جماعت کے سربراہ مولوی ابوالحسن علی صاحب ندوی نے سید احمد صاحب بریلوی کے متعلق اپنی کتاب "سیرت سیّد احمد شہید" میں ان کا ایک عجیب قصہ نقل کیا ہے۔ لکھا ہے کہ:

"ستائیسویں شب کو آپ نے چاہا کہ ساری رات جاگوں اور عبادت کروں مگر عشا کی نماز کے بعد کچھ ایسا نیند کا غلبہ ہُوا کہ آپ سو گئے تہائی رات کے قریب دو شخصوں نے آپ کا ہاتھ پکڑ کر جگایا۔ آپ نے دیکھا کہ آپ کی داہنی طرف رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور بائیں طرف حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیٹھے ہیں اور آپ فرما رہے ہیں کہ سیّد احمد جلد اُٹھ اور غُسل کر۔

سیّد صاحب ان دونوں حضرات کو دیکھ کر دوڑ کر مسجد کے حوض کی طرف گئے اور باوجودیکہ سردی سے حوض کا پانی یخ ہو رہا تھا آپ نے اس سے غسل کیا اور فارغ ہو کر خدمت میں حاضر ہُوئے حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ فرزند آج شب قدر ہے یادِ الٰہی میں مشغول ہو اور دعا و مناجات کرو۔ اس کے بعد دونوں حضرات تشریف لے گئے۔"

(سیرت سیّد احمد شہید ص ۸۴)

marfat.com

حد ہو گئی اکابر پرستی کی کہ مولوی ابوالحسن علی ندوی جیسا ترقی پسند مصنف، جس نے ساری زندگی قدامت پسند مسلمانوں کے عقائد و روایات کا مذاق اڑایا ہے اسے بھی اپنے مورث اعلیٰ کی فضیلت و برتری ثابت کرنے کے لیے مشرکانہ عقیدوں کا سہارا لینا پڑا۔

صحت واقعہ کی تقدیر پر اُن سے کوئی بھی یہ سوال کر سکتا ہے کہ عالم بیداری میں حضور پر نور کی تشریف آوری کا عقیدہ، کیا غیب دانی اور اختیار و تصرف کی اس قوت کو ثابت نہیں کرتا جسے کسی مخلوق میں تسلیم کرنا، مولوی اسمٰعیل صاحب دہلوی نے مشرک قرار دیا ہے۔

پس حضور کو اگر علمِ غیب نہیں تھا تو انہیں کیونکر معلوم ہوا کہ سید احمد بریلوی میرا فرزند ہے اور وہ فلاں مقام پر سو رہا ہے۔ پھر حضور انور میں اگر تصرف کی قدرت نہیں تھی تو اپنے حریم اقدس سے فرزندوں کی طرح کیونکر باہر تشریف لائے اور اس پیکر میں ظہور فرمایا کہ دیکھنے والے نے ماتھے کی آنکھوں سے انہیں دیکھا اور پہچان لیا اور یہ سارا واقعہ چشم زدن میں نہیں ختم ہو گیا کہ اسے واہمہ کا تصرف قرار دیا جا سکے بلکہ اتنی دیر تک تشریف فرما رہے کہ سید صاحب غسل سے فارغ ہو گئے۔

یہ سارے اختیارات و تصرفات وُہ ہیں کہ بعطائے الٰہی بھی حضور کی جانب ان کی نسبت کی جائے جب بھی دیوبندی مذہب میں یہ شرک صریح ہے لیکن یہ سارا شرک صرف اس جذبے میں گوارا کر لیا گیا ہے کہ قبیلے کے "شیخ" کی برائی کسی طرح ثابت ہو جائے بہ نفسِ نفیس خود حضورِ انور جس کا ہاتھ پکڑ کر نیند سے اُٹھائیں اندازہ لگا لیجئے کہ اس کے منصب کی برتری کا کیا عالم ہوگا؟

(۸)

ایک نہایت لرزہ خیز کہانی

مولوی اسمٰعیل نے انہی سید احمد بریلوی کی عظمت و برتری ثابت کرنے کے لیے اپنی کتاب "صراط مستقیم" میں ایک نہایت لرزہ خیز قصہ بیان کیا ہے، جس کا اُردو میں

marfat.com

ترجمہ یہ ہے:

"حضرت غوث الثقلین اور خواجہ بہاء الدین نقشبند کی روحوں کے درمیان ایک مہینے تک اس بات پر جھگڑا چلتا رہا کہ دونوں میں کون سید احمد بریلوی کو روحانی تربیت کے لیے اپنی کفالت میں لے دونوں بزرگوں کی رُوحوں میں سے رُوح کا اصرار تھا کہ وُہ تنہا میری نگرانی میں عرفان وسلوک کی منزل طے کریں۔

بالآخر ایک مہینے کی آویزش کے بعد دونوں میں مصالحت ہوئی کہ مشترک طور پر یہ خدمت انجام دیں۔ چنانچہ ایک دن دونوں حضرات کی رُوحیں ان پر جلوہ گر ہوئیں اور پوری قوت کے ساتھ تھوڑی دیر تک ان پر عرفانِ توجہ کا عکس ڈالا یہاں تک کہ اتنے ہی وقفے میں انہیں دونوں سلسلوں کی نسبتیں حاصل ہوگئیں۔" (صراطِ مستقیم فارسی ص ۱۶۶)

دیوبندی مذہب کے پیشِ نظر اس قصے کی صحت تسلیم کر لینے کی صورت میں کئی سوالات ذہن کی سطح پر اُبھرتے ہیں۔ سو اوّلاً یہ کہ مولوی اسمٰعیل دہلوی کی تصریح کے مطابق جب خدا کے بعطائے الٰہی بھی کسی میں غیب دانی کی قدرت نہیں ہے تو حضرت غوث الثقلین اور حضرت خواجہ نقشبند کی ارواح طیبات کو کیونکر خبر ہوگئی کہ ہندوستان میں سید احمد بریلوی نامی ایک شخص خدا کا بندہ ہے جس کی روحانی تربیت کا اعزاز اس قابل ہے کہ اس کی طرف سبقت کی جائے۔

ثانیاً یہ کہ واقعہ ہذا عالم شہادت کا نہیں بلکہ سرتاسر عالم غیب کا ہے اس لیے مولوی اسمٰعیل دہلوی جو اس واقعہ کے خود راوی ہیں انہیں کیونکر علم ہُوا کہ سیّد احمد بریلوی کی کفالت وتربیت کے لیے ان دونوں بزرگوں کی رُوحیں ایک مہینے تک آپس میں جھگڑتی رہیں اور بالآخر اس بات پر مصالحت ہوئی کہ دونوں مشترک طور پر اپنی کفالت پر رہیں۔

ثالثاً یہ کہ مولوی اسمٰعیل صاحب دہلوی کی تقویۃ الایمان کے مطابق جب

marfat.com

خدا کے سوا سارے انبیاء و اولیاء بھی عاجز بلا اختیار بندے ہیں تو وفات کے بعد حضرت غوث الثقلین اور خواجہ نقشبند کا یہ عظیم تصرف کیوں کر سمجھ میں آ سکتا ہے وُہ دونوں بزرگ بغداد سے سیدھے ہندوستان کے اس قصبے میں تشریف لائے جہاں سید احمد صاحب بریلوی مقیم تھے اور ان کے حجرے میں پہنچ کر چشم زدن میں انہی باطنی و عرفانی دولت سے مالا مال کر دیا۔

نیز واقعہ کے اندازِ بیان سے پتہ چلتا ہے کہ یہ باتیں خواب کی نہیں بلکہ عالم بیداری کی ہیں۔ اس لیے اب واقعہ کی تصدیق اس وقت تک ممکن نہیں ہے جب تک کہ تقویۃ الایمان کے موقف سے ہٹ کر اولیائے کرام کے حق میں غیبی ادراک اور قدرت و اختیار کے عقیدے کی صحت نہ تسلیم کر لی جائے۔

دیوبندی علماء کی مذہبی فریب کاریوں کا یہ تماشا اب پس پردہ نہیں ہے کہ انکار کی گنجائش ہو اب تو ان کا یہ ایمان سوز کردار وقت کا اشتہار بن چکا ہے کہ ایک جگہ وُہ انبیاء و اولیاء کے قرار واقعی فضائل و کمالات کا یہ کہہ کر انکار کر دیتے ہیں کہ انہیں تسلیم کر لینے سے عقیدۂ توحید کی سلامتی پر ضرب پڑتی ہے اور دوسری جگہ اس ضرب کو وہ اپنے گھر کے بزرگوں کی برتری ثابت کرنے کے لیے پوری بشاشتِ قلب کے ساتھ گوارا کر لیتے۔

(۹)

مولوی اسمٰعیل دہلوی کا قصہ

غیب دانی اور شفا بخشی کا دعویٰ

مصنف تقویۃ الایمان مولوی اسمٰعیل دہلوی کے کشف اور باطنی تصرفات سے متعلق ارواحِ ثلاثہ میں امیر شاہ خاں نے ایک نہایت دلچسپ قصہ نقل کیا ہے، لکھتے ہیں کہ:

"میرے استاد میاں جی محمدی صاحب کے صاحبزادے

marfat.com

حافظ عبدالعزیز ایک مرتبہ اپنے بچپن میں نہایت سخت بیمار ہُوئے اور اطبا نے جواب دے دیا۔

ان کے والدین کو اس وجہ سے تشویش تھی اتفاق سے میاں جی صاحب نے خواب میں دیکھا کہ مولوی اسمٰعیل صاحب مسجد کے بیچ کے در میں وعظ فرما رہے ہیں اور میں مسجد کے اندر ہوں اور میرے پاس عبدالعزیز بیٹھا ہے اتفاق سے اسے پیشاب کی ضرورت ہُوئی اور میں اسے پیشاب کرانے لے چلا۔

آدمیوں کی کثرت کی وجہ سے بے تکلفی تھی اس لیے میں اسے مولوی اسمٰعیل کی طرف لے کر گیا۔ جب عبدالعزیز مولوی اسماعیل صاحب کے سامنے پہنچا تو انہوں نے تین مرتبہ یا شافی پڑھ کر اس پر دم کر دیا۔ اس خواب کے بعد آنکھ کھُلی تو انہوں نے اپنی بی بی کو جگایا اور کہا کہ عبدالعزیز اچھا ہو گیا ہے میں نے اس وقت ایسا ایسا خواب دیکھا ہے صبح ہُوئی تو میاں عبدالعزیز بالکل تندرست تھے۔" (ارواحِ ثلاثہ ص ۸۸)

اب اسے نیرنگیِ وقت ہی کہیے کہ جو شخص ساری زندگی انبیاء کے علمِ غیب کے خلاف جنگ کرتا رہا اسی کو مرنے کے بعد غیب داں بنا دیا گیا کیونکہ ان حضرات کے تئیں انھیں اگر علمِ غیب نہیں تھا تو انہیں خواب میں کیونکر معلوم ہُوا کہ عبدالعزیز بیمار ہے اسے دم کیا جائے۔

اور خواب دیکھنے والے کا جذبۂ عقیدت بھی کتنا بالیقین ہے کہ آنکھ کھلتے ہی بی بی کو جگا کر یہ خوشخبری بھی سُنا دی کہ بیٹا اچھا ہو گیا اور سچ مُچ صبح تک بیٹا اچھا بھی ہو گیا۔

اسے کہتے ہیں غیب دانی اور شفا بخشی کا عقیدہ جو ان حضرات کے یہاں انبیاء و اولیاء کے حق میں تو شرک ہے لیکن مولوی اسمٰعیل صاحب دہلوی کے حق میں عین اسلام بن گیا۔

marfat.com

(۱۰)

مولوی محمود الحسن صاحب کا قصّہ

مذہب سے انحراف کی ایک شرمناک کہانی

دیوبندی جماعت کے شیخ الحدیث مولوی اصغر حسین صاحب نے اپنی کتاب 'حیات شیخ الہند' میں مولوی محمود الحسن صاحب کے متعلق ایک نہایت عجیب وغریب واقعہ نقل کیا ہے کہ:

"۱۳۳۲ھ کے اخیر میں دیوبند میں شدید طاعون ہوا۔ چند طلبہ بھی مبتلا ہوئے۔ ایک فارغ التحصیل طالب علم محمد صالح ولایتی جو صبح وشام میں سندِ فراغت لے کر وطن رخصت ہونے والے تھے اس مرض میں مبتلا ہوئے اور حالت آخری ہوگئی۔

وفات سے کسی قدر پہلے انہوں نے ایسی گفتگو شروع کی کہ گویا شیطان سے مناظرہ کر رہے ہیں اس کے دلائل کو توڑتے اپنے استدلال پیش کرتے اور ایسا معلوم ہوتا تھا کہ انہوں نے مناظرہ میں شیطان کو بخوبی شکست دے دی۔ پھر کہنے لگے افسوس اس جگہ کوئی ایسا خدا کا بندہ نہیں ہے جو مجھ سے اس خبیث کو دفع کرے۔ یہ کہتے کہتے دفعتہً بول اُٹھے کہ واہ واہ سبحان اللہ دیکھو میرے استاد حضرت مولانا محمود حسن صاحب تشریف لائے۔ دیکھو وہ شیطان بھاگا۔ ارے خبیث کہاں جاتا ہے؟ ایک ساعت کے بعد طالب علم کا انتقال ہوگیا۔

حضرت مولانا اس واقعہ کے وقت وہاں موجود نہ تھے مگر روحانی تصرف سے امداد فرمائی۔" (حیات شیخ الہند ص ۱۹۷)

اخیر میں اتنا اضافہ کرکے کہ "حضرت مولانا اس واقعہ کے وقت وہاں موجود نہ تھے مگر روحانی تصرف سے امداد فرمائی" بالکل واضح کر دیا ہے کہ اس طالب علم کو جو واقعہ

marfat.com

پیش آیا وہ اس کے واہمہ کا نتیجہ نہیں تھا بلکہ فی الواقع مولوی محمود الحسن صاحب اس کی امداد کے لیے غیبی طور پر وہاں پہنچ گئے تھے۔

مگر حیرت یہ ہے کہ دیوبند کی عقل فتنہ پرداز یہاں کوئی سوال نہیں اٹھاتی کہ جب وہ وہاں موجود نہیں تھے تو انہیں کیونکر خبر ہو گئی کہ ایک طالب علم سکرات کے عالم میں شیطان سے مناظرہ کر رہا ہے اور خبر ہوئی تو بجلی کی طرح انہیں قوتِ پرواز کہاں سے مل گئی چشم زدن میں وہ آ موجود ہوئے۔

دراصل کلیجہ پھٹنے کی بات یہی ہے کہ یہاں غیب دانی بھی ہے اور قدرت و اختیار بھی! لیکن چونکہ "اپنے مولا کی بات ہے اس لیے نہ یہاں عقیدۂ توحید مجروح ہوا اور نہ کتاب وسنت سے کوئی تصادم لازم آیا۔

لیکن اسی طرح کا عقیدہ اگر ہم سرکار غوث الوریٰ یا خواجہ غریب نواز کسی نبی یا ولی کے حق میں روا رکھ لیں تو دیوبند کے یہ موحدین ہماری جان و ایمان کے درپے ہو جاتے ہیں۔

(۱۱)

جناب مولوی عبدالرشید صاحب رانی ساگری کے واقعات

جناب مولوی عبدالرشید صاحب رانی ساگری دیوبندی جماعت کے ایک علاقائی پیر ہیں۔ امارت شرعیہ پھلواری شریف جس کے امیر مولوی شاہ نعمت اللہ صاحب رحمانی رکن مجلس شوریٰ دارالعلوم دیوبند ہیں۔ اس کے ترجمان اخبار نقیب نے "مصلح امت نمبر" کے نام سے مولوی عبدالرشید صاحب رانی ساگری کے حالات میں ایک ضخیم نمبر شائع کیا ہے۔ ذیل کے جملہ واقعات اسی نمبر سے ماخوذ ہیں۔

اپنے مذہبی معتقدات کا ایک دردناک قتل

مولوی شمس تبریز خاں صاحب قاسمی کے حوالے سے مولوی عبدالرشید صاحب رانی ساگری کی عام غیب دانی کے متعلق یہ روایت نقل کی گئی ہے کہ:

marfat.com

"مجلس میں اکثر ایسا ہوتا کہ کوئی شخص مولانا سے کچھ سوالات کرنیوالا ہوتا مگر آپ سوال سے پہلے ہی جواب دے دیتے۔ ایک بار ایک نوجوان سے صبح کے وقت ملے اور بلا کچھ معلوم کیے ہوئے سلسلۂ گفتگو یہ انہیں نصیحت کی کہ نماز صبح ہرگز قضا نہ ہونی چاہیے وہ سمجھ گئے کہ آج نماز قضا ہوئی۔ یہ ارشاد کشفی اسی کی طرف ہے۔

اسی طرح کلٹی (بردوان) کی مجلس میں بیان فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ عورتیں آئیں گی، پردہ کرائیے۔ چنانچہ دوسرے ہی لمحہ عورتوں کی دستک سنائی دی۔" (نقیب کا مصلح امت نمبر ص ۵)

دل کے خطرات پر مطلع ہونے کا معمول تو تھا ہی گزشتہ اور آئندہ کا علم بھی انہیں حاصل تھا جبھی تو ایک طرف فوت شدہ نمازِ صبح کی خبر دی تو دوسری طرف آنے والی عورتوں کا بھی حال بتا دیا۔

غیب دانی کے متعلق نیاز مندوں کی خوش عقیدگی کا ایک عبرت انگیز قصہ

اب انہی رانی ساگری صاحب کی غیب دانی سے متعلق نیاز مندوں کی خوش عقیدگی کا ایک اور قصہ ملاحظہ فرمائیے۔

مدرسہ رشید العلوم چترا ضلع ہزاری باغ کے صدر مدرس مولوی وصی الدین صاحب بیان کرتے ہیں کہ ایک دن میں نماز جمعہ کے بعد حضرت کے حجرے میں داخل ہوا تو دیکھا کہ وہ اپنی چارپائی پر بہت خاموش اور مغموم بیٹھے ہیں بیان کرتے ہیں کہ میں نے عرض کیا کہ حضرت آج میں آپ کو بہت مغموم پا رہا ہوں کیا کوئی بات ہوئی ہے؟ اب اس کے بعد کا قصہ خود واقعہ نگار کی زبانی سنیے۔ لکھتے ہیں کہ:

"حضرت قدس اللہ سرہٗ نے فرمایا کہ پاکستان میں دو بہت بڑے حادثے ہو گئے ہیں۔ علامہ شبیر احمد عثمانی رحمۃ اللہ علیہ کا انتقال ہو گیا ہے اور ایک ہوائی جہاز گر کر تباہ ہو گیا ہے جس میں پاکستان کے کئی ذمہ دار

marfat.com

حضرات انتقال فرما گئے۔

مولانا وصی الدین صاحب کہتے ہیں کہ مجھے اس پر حیرت و استعجاب ہوا کہ آپ کو اخباری دنیا سے بے تعلقی ہے آخر اطلاع کیسے ہوئی ان سے رہا نہ گیا بالآخر پوچھ ہی لیا کہ حضور آپ کو کس طرح اطلاع پہنچی ؟

اس پر آپ نے فرمایا کہ یہاں اخبار میں خبر ہے دیکھو تو اخبار آیا ہوگا میں نے اس پر کہا کہ اخبار تو ابھی آیا بھی نہیں ہے اور حضرت ابھی تو ڈاک کا وقت بھی نہیں ہوا ہے۔

بہر حال مولانا وصی الدین باہر نکلتے ہیں کہ ڈاکیہ آرہا ہے۔ اس واقعہ میں حضرت کے دو انکشاف ظاہر ہوئے پہلا کشف علامہ شبیر احمد عثمانی رحمۃ اللہ علیہ کا وصال اور ہوائی جہاز کا حادثہ اور دوسرا تازہ کشف ڈاکیہ کے اخبار لے کر آنے کا۔ چنانچہ جب دیکھا گیا تو یہ دونوں حادثات جلی سرخیوں سے چھپے ہوئے تھے اس سے پہلے کسی اخبار میں نہ یہ تذکرہ آیا تھا اور نہ اس وقت ریڈیو کا عام رواج چترا میں تھا جس کے ذریعہ خبر ملتی۔"

(نقیب کا مصلح امت نمبر صفحہ ۱۸)

اس واقعہ میں زاویۂ نگاہ کی ایک خاص چیز ملاحظہ فرمائیے۔ واقعہ نگار نے جگہ جگہ اس طرح کے فقرے بڑھا کر کہ "آپ کو اخباری دنیا سے بے تعلقی ہے آخر اطلاع کیسے ہوئی ؟ اخبار تو ابھی آیا بھی نہیں ہے"۔ حضرت ابھی تو ڈاک کا وقت بھی نہیں ہوا۔ اس سے پہلے نہ کسی اخبار میں یہ تذکرہ آیا تھا اور نہ اس وقت ریڈیو کا عام رواج چترا میں تھا۔ سارا زورِ قلم اس بات پر صرف کیا ہے کہ کسی طرح ثابت ہو جائے کہ آپ کو علمِ غیب تھا۔ لیکن یہی دیوبندی علماء جب رسولِ انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علمِ غیب سے متعلق کسی واقعہ پر بحث کرتے ہیں تو ایک ایک سطر اس کوشش کی آئینہ دار ہوتی ہے کہ جس طرح بھی ممکن ہو یہ ثابت کیا جائے کہ حضور کو غیب کا علم نہیں تھا حضرت جبریل امین خبر دے گئے۔

marfat.com

(۱۲)

اپنی نوعیت کا پہلا واقعہ

انہی رانی ساگری صاحب کا ایک دلچسپ لطیفہ اور سُنیئے۔ موصوف کے ایک اور مرید مولوی شہاب الدین رشیدی نقیب کے اسی مصلح امت نمبر میں ایک عجیب وغریب واقعہ کے راوی ہیں بیان کرتے ہیں کہ:

"مجھ سے میرے محترم دوست اور حضرت کے خویش مولانا الحاج اشرف علی صاحب نے بیان فرمایا کہ حضرت نے ارشاد فرمایا ایک امیرزادہ نوجوان شخص تھے ان کی زندگی بہت ہی لاابالی پن میں گزری۔ ان کا جب انتقال ہوگیا تو میں ایک دن قبرستان گیا تو اس شخص کو دیکھا کہ قبرستان میں ننگے بیٹھا ہے اور بہت ہی حسرت ویاس کے عالم میں ہے میں جب قریب پہنچا تو اس نے ہمیں دیکھ کر اپنی ستر دونوں ہاتھوں سے چھپالی۔ میں نے اس سے کہا اسی لیے نہ میں تجھے کہتا تھا لیکن تُو نے اپنی زندگی لاپرواہی میں گزار دی اور میری باتوں کی طرف دھیان نہیں دیا۔

(نقیب پھلواری کا مصلح امت نمبر صفحہ ۱۹)

اس واقعہ کو پڑھنے کے بعد بالکل ایسا محسوس ہوتا ہے کہ یہ واقعہ انہیں کسی مُردہ کے ساتھ نہیں بلکہ زندہ کے ساتھ پیش آیا تھا اور عالم برزخ میں نہیں بلکہ عالم دنیا کا ہے اور واقعہ عالم برزخ ہی کا ہے تو ماننا پڑے گا کہ عالم غیب کے ساتھ ان حضرات کا تعلق بالکل گھر اور آنگن کا ہے۔

علم غیب کا کوئی پردہ اُن کی نگاہوں پر حائل نہیں ہے جدھر نگاہ اٹھی غیب کی چیزیں خود بخود بے نقاب ہوگئیں۔

انصاف کیجیے! ایک طرف تو اپنے بزرگوں کی قوتِ انکشاف کا حال بیان کیا جاتا ہے اور دوسری طرف سیدالانبیاء کے حق میں آج تک اصرار کر رہے ہیں کہ انہیں دیوار کے پیچھے کا بھی علم نہیں ہے۔

marfat.com

(۱۳)

کارو بار عالم میں تصرف کا واقعہ

کارو بار عالم میں ان حضرات کے اقتدار اور خود مختار تصرف کا تماشا دیکھنا چاہتے ہوں تو اس کتاب کا یہ آخری قصہ پڑھیے۔

انہی رانی ساگری صاحب کی صاحبزادی ثامنہ خاتون کی یادداشت سے نقیب کے اسی مصلح امت نمبر میں یہ واقعہ نقل کیا گیا ہے۔ موصوفہ بیان کرتی ہیں کہ:

"جب ہمارا گھر بننے لگا تو والد صاحب قبلہ کی ہدایت کے مطابق سب سے پہلے پائخانہ میں ہاتھ لگا وہ زمانہ برسات کا تھا لیکن بارش نہیں ہو رہی تھی دھان کی روپنی ہو چکی تھی، کسان سخت پریشان تھے۔ میں نے والد صاحب سے درخواست کی کہ بارش کے لیے دعا فرما دیجئے۔ فرمایا: بارش کیسے ہوگی، اپنا پائخانہ جو بن رہا ہے خراب ہو جائے گا۔

میں نے پوچھا کب تک پائخانہ بن جائے گا؟ بولے دیوار مکمل ہو گئی ہے رات کو چھت کی ڈھلائی ہو جائے گی۔ میں خاموش ہو گئی۔ دو دن بعد خوب زوردار بارش شروع ہو گئی۔ والد صاحب گھر پر ہی تھے میں نے پوچھا بارش ہونے لگی اب تو پائخانے میں نقصان ہوگا۔ فرمانے لگے: نہیں بیٹا! اب فائدہ ہوگا۔ میں نے پھر پوچھا تو کیا پائخانے ہی کے لیے بارش رکی ہوئی تھی؟ والد صاحب نے کوئی جواب نہیں دیا صرف مسکراتے رہے۔ اس وقت والد صاحب تندرست تھے۔" (نقیب کا مصلح امت نمبر ص ۴)

اس واقعہ کے بیان سے عقیدے کا اظہار مقصود ہے وہ یا تو یہ ہے کہ انہیں اس بات کا علم تھا کہ بارش ابھی نہیں ہوگی اور وہ یہ بھی جانتے تھے کہ بارش کیوں رکی ہوئی ہے؟ یا پھر یہ ظاہر کرنا مقصود ہے کہ کارو بار ہستی میں ان کی ذاتی خواہش اتنی دخیل اور بااثر تھی کہ اگرچہ زمین کا سینہ تپتا رہا، فصل جلتی رہی اور کاشت کار کی آہیں باب رحمت پر سر پٹکتی رہیں لیکن جب تک ان کا پائخانہ تیار نہیں ہو گیا بارش کو چار و ناچار رکنا پڑا" بارش

marfat.com

کیسے ہوگی؟" کا فقرہ بھی واضح طور پر اس رُخ کو متعین کرتا ہے کہ انہوں نے جب تک نہیں چاہا بارش نہیں ہوئی۔

اب آپ کی غیرت ایمانی اخلاص و وفا کی منزل سے بخیر و عافیت گزر سکتی ہو تو آپ ہی فیصلہ کیجئے کہ کاروبارِ عالم میں گھر کے بزرگوں کے اثر و رسوخ کا تو یہ حال بیان کیا جاتا ہے لیکن خدا کے پیغمبر اعظم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی جناب میں ان حضرات کے عقیدے کی زبان یہ ہے:

"سارا کاروبار جہاں کا اللہ ہی کے چاہنے سے ہوتا ہے۔
رسول کے چاہنے سے کچھ نہیں ہوتا۔" (تقویۃ الایمان)

عقیدے کا طغیان تو اپنی جگہ پر ہے الفاظ و بیان کی جارحیت ذرا ملاحظہ فرمائیے کہ "سارا کاروبار جہاں کا اللہ ہی کے چاہنے سے ہوتا ہے، اتنا فقرہ بھی عقیدۂ توحید کا مفاد پورا کرنے کے لیے کافی تھا لیکن رسول کے چاہنے سے کچھ نہیں ہوتا"۔ اس فقرے کا اضافہ صرف اس جذبۂ تحقیر کے اظہار کے لیے ہے جو ان حضرات کے دلوں میں رسولِ خدا کی طرف سے جاگزیں ہو چکا ہے۔

marfat.com

دیوبندی جماعت کے تین نئے بزرگوں کے

واقعات کا اضافہ

قاری فخرالدین صاحب گیادی جو مولانا حسین احمد صاحب شیخ دیوبند کے مُرید اور خلیفہ مجاز ہیں اور جو صوبہ بہار میں دیوبندی مذہب کے بہت بڑے مبلّغ و پیشوا سمجھے جاتے ہیں۔ انھوں نے "درسِ حیات" کے نام سے ایک کتاب لکھی ہے جو مدنی کتب خانہ مدرسہ قاسمیہ گیا سے شائع ہُوئی ہے۔

اس کتاب میں موصوف نے اپنی جماعت کے تین "بزرگوں" کے حالاتِ زندگی قلمبند کیے ہیں۔ اُن میں سے ایک تو اُن کے نانا مولوی عبدالغفار سرحدی ہیں، دُوسرے اُن کے والد مولوی خیرالدین شاگرد مولوی محمود الحسن صاحب دیوبندی ہیں، تیسرے اُن کے استاد اور والد کے دوست مولوی بشارت کریم صاحب ہیں۔ یہ تینوں حضرات اپنے زمانے میں دیوبندی مذہب کے علاقائی رہنما اور سرگرم مبلّغ تھے۔

اب آنے والے صفحات میں ترتیب وار تینوں کے وُہ واقعات پڑھیے جنھیں صحیح مان لینے کی صورت میں دیوبندی مکتبۂ فکر کی بنیاد متزلزل ہو جاتی ہے اور ایک انصاف پسند آدمی یہ سوچنے پر مجبور ہو جاتا ہے کہ یہ کتاب شاید اسی لیے لکھی گئی ہے کہ دیوبندی مذہب کا جھُوٹ فاش کیا جائے۔

---

marfat.com

مولوی عبدالغفار صاحب سرحدی کے واقعات

(۱)

ایک غیب داں جنّ کا قصّہ

"درس حیات" کے مصنف نے اپنے نانا مولوی عبدالغفار صاحب کے متعلق یہ دعویٰ کیا ہے کہ انسانوں کے علاوہ جنّات بھی اُن سے تعلیم حاصل کرتے تھے اور بہت سے اجنّہ ان کے حلقۂ بگوشوں میں بھی شامل تھے۔

چنانچہ ایک جنّ طالب علم کا قصہ بیان کرتے ہوئے انھوں نے لکھا ہے کہ اس کے ساتھیوں میں سے ایک لڑکے کو اس کے متعلق کسی طرح سے معلوم ہوگیا کہ وہ جنّ ہے دوستانہ تعلقات تو پہلے ہی سے تھے۔ یہ معلوم ہونے کے بعد اب وہ اس کے پیچھے پڑ گیا اور کہنے لگا کہ میں ایک غریب آدمی ہوں تم میری مالی امداد کرکے دیرینہ دوستی کا حق ادا کرو۔ یہ کام تمہارے لیے کچھ مشکل نہیں ہے۔ اس نے معذرت چاہتے ہوئے جواب دیا کہ ایسا صرف اسی صورت میں ممکن ہے کہ میں تمہارے لیے چوری کروں اور مولوی ہوکر میں بھی یہ کام نہیں کروں گا۔

لکھا ہے کہ اس جنّ کا وہ آخری سال تھا۔ بخاری شریف ختم کرکے جب وہ گھر جانے لگا تو اس کے ساتھی نے اس سے تنہائی میں ملاقات کی اور آبدیدہ ہوکر کہا اب تو تم جا ہی رہے ہو لیکن دمِ رخصت کم از کم اتنا تو بتا دو کہ تم سے اب ملاقات کی صورت کیا ہوگی؟ جواب دیا میں تمہیں چند مخصوص کلمات بتا دیتا ہوں جب بھی ملاقات کو جی چاہے پڑھ لیا کرنا، میں حاضر ہوجایا کروں گا۔ چنانچہ اس کے چلے جانے کے بعد جب بھی ملاقات کی خواہش ہوتی وہ مذکورہ کلمات پڑھ لیا کرتے اور وہ حاضر ہوجایا کرتا۔

اب اس کے بعد کا واقعہ خود مصنف کی زبانی سُنیئے۔ لکھا ہے کہ:

"ایک مرتبہ وہ بہت مالی پریشانی میں مبتلا ہوگئے۔ لڑکی کی شادی کرنی تھی اور پیسے پاس نہ تھے۔ اس موقعہ پر وہ جنّ دوست یاد آ گئے۔ اُن چند کلمات

marfat.com

کا ورد کرتا تھا کہ جن صاحب تشریف لے آئے انہوں نے اپنی پریشانی کا ذکر ان سے کیا۔

انہوں نے کہا اچھا میں آپ کے لیے چوری تو کروں گا نہیں۔ یہ حرام طریقہ میں اختیار نہیں کر سکتا ہوں مگر جائز ذرائع سے کچھ رقم آپ کے لیے مہیا کر کے آپ کی ضرور مدد کروں گا۔ آپ گھبرائیں نہیں۔ دوسرے دن وہ جن صاحب آکر اُن پریشان حال دوست کو معقول رقم دے گئے مگر تاکید کر گئے کہ اس کا ذکر کسی سے نہ کریں۔" (درس حیات ج ۱ ص ۶۲)

اس رقم سے انہوں نے نہایت تزک و احتشام اور دھوم دھام سے اپنی بچی کی شادی کی۔ امیرانہ ٹھاٹ باٹ دیکھ کر لوگوں کو سخت حیرت ہوئی اور لوگ سوچنے لگے کہ اچانک انہیں اتنی کثیر رقم کہاں سے مل گئی۔ دوسروں کو تو پوچھنے کی ہمت نہیں ہوئی لیکن بیوی ان کے سر ہو گئی ہر اڑانا چاہا لیکن بیوی کا اصرار بڑھتا گیا یہاں تک کہ مجبور ہو کر انہیں سارا بھید ظاہر کرنا پڑا۔ اب اس کے بعد کا واقعہ فرطِ حیرت کے ساتھ سُنیئے، لکھا ہے کہ:

"اس کا اثر یہ ہوا کہ اب انھوں نے جب بھی وہ کلمات اس امید پر پڑھے کہ وہ جن صاحب تشریف لائیں گے اور اُن سے ملاقات کریں گے لیکن کبھی ان کی یہ امید پوری نہ ہو سکی اور اُن سے جن نے ملاقات کا سلسلہ ختم کر دیا۔" (ص ۶۳)

اب ایک طرف یہ واقعہ نظر میں رکھئے اور دوسری طرف دیوبندی مذہب کی بنیادی کتاب تقویۃ الایمان کا یہ فرمان پڑھئے:

"اللہ صاحب نے پیغمبر صلعم کو فرمایا کہ لوگوں سے یُوں کہہ دیں کہ غیب کی بات سوا اللہ کے کوئی نہیں جانتا نہ فرشتہ نہ آدمی نہ جن۔" (تقویۃ الایمان ص ۲۲)

یہ مذہب ہے اور وہ واقعہ! اور دونوں ایک دوسرے کو جھٹلا رہے ہیں۔

اب آپ ہی منصفی سے کہیے کہ وہ جن اگر غیب داں نہیں تھا تو گھر کے اندر بیوی کے ساتھ کی جانے والی گفتگو کی اطلاع اُسے کیونکر ہو گئی؟ اور اگر نہیں ہوئی تو اس نے ملاقات کا سلسلہ کیوں ختم کر دیا اور توہین علم و دیانت کی نہ مٹنے والی سُرخی تو یہ ہے کہ اطلاع و

marfat.com

آگہی کا یہ واقعہ کچھ ایک بار کا نہیں تھا کہ اُسے حُسن اتفاق کا نتیجہ کہہ کر گزر جائیے بلکہ کتاب کی صراحت کے مطابق سینکڑوں میل کی مسافت سے اُن کلمات کا ورد کرتے ہی اسے ہمیشہ خبر ہو جایا کرتی تھی کہ فلاں مقام پر فلاں شخص مجھے یاد کر رہا ہے۔

اب اس کا مطلب سوا اس کے اور کیا ہو سکتا ہے کہ اُسے ہمہ وقتی غیب دانی کا منصب حاصل تھا۔ بالکل وائرلیس کی طرح ادھر سگنل دیا اور ادھر وصول کر لیا۔

قتال و جدال کے معرکوں میں دو لشکروں کا تصادم تو اکثر پیش آیا ہے لیکن اپنے ہی مذہب کے ساتھ ایسا خونریز تصادم شاید ہی تاریخ میں پیش آیا ہو۔

فیا للعجب! کہ اسی دین و دیانت پر علمائے دیوبند کو غرّہ ہے کہ وُہ رُوئے زمین پر عقیدۂ توحید کے سب سے بڑے علمبردار ہیں۔

(۲)

جماعتی مسلک کا ایک اور خُون

اپنی اسی کتاب میں مصنف نے آگے چل کر اپنے نانا کے حق میں خدائی منصب کا ایک صاف و صریح دعویٰ کیا ہے قوسین کے تشریحی اضافے کے ساتھ دعوے کی یہ سُرخی ملاحظہ فرمائیے:

علوم تکوینیات (انتظاماتِ عالم) سے مولانا کا تعلق۔

اب دریائے حیرت میں ڈوب کر دعوے کے یہ الفاظ پڑھئے:

"علوم تکوینیہ انتظامیہ سے بھی مولانا کا تعلق تھا اور عالم تکوینیات کے کارکنوں کا مولانا سے ملنا اور مشورہ کرنا اور ان سے گہرے روابط اور تعلقات بھی وقتاً فوقتاً ظاہر ہوتے رہتے تھے۔" (درس حیات ص ۵۸)

کیا سمجھے آپ؟ کہنا یہ چاہتے ہیں کہ نانا میاں اس محکمے کے "آفیسر انچارج" تھے اور ماتحت کارندے آپ کے مشورے کے مطابق عالم کے انتظامات کا کام سنبھالتے تھے اور یہ کچھ میں اپنی طرف سے نہیں کہہ رہا ہُوں بلکہ خود مصنف نے اپنی کتاب میں اس کا دعویٰ کیا ہے ارشاد فرماتے ہیں:

marfat.com

"اللہ تعالیٰ کی طرف سے عالم کے تمام انتظامات تکوینیہ کے لیے کارندے مقرر ہیں وہی سب کچھ کرتے ہیں۔ وہ اس علم کی اصطلاح میں" اصحابِ خدمت کہلاتے ہیں۔" (درس حیات ص ۸۹)

یہ سوال جو عام طور پر کیا جاتا ہے کہ کیا خدا تمہاری مدد نہیں کر سکتا جو تم انبیاء و اولیاء کے آگے ہاتھ پھیلاتے ہو، اگر صحیح ہے تو ہمیں بھی یہ سوال کرنے کی اجازت دی جائے کہ " وہی سب کچھ کرتے ہیں" تو پھر خدا کیا کرتا ہے؟ کیا وہ اکیلا عالم کا انتظام نہیں کر سکتا جو اس نے انسانوں میں سے جگہ جگہ اپنے کارندے تقرر فرمائے ہیں۔

ضمناً یہ بات نکل آئی۔ ورنہ کہنا یہ ہے کہ ایک طرف " نانا میاں" کا یہ تکوینی اور انتظامی اختیار ملاحظہ فرمائیے اور دوسری طرف تقویۃ الایمان کا یہ فرمان پڑھیے، توحید پرستی اور خدا پرستی کا سارا بھرم کھل جائے گا:

"اللہ صاحب کو دنیا کے بادشاہوں کی طرح نہ سمجھئے کہ بڑے بڑے کام تو آپ کرتے ہیں اور چھوٹے چھوٹے کام اور نوکروں چاکروں کے حوالے کر دیتے ہیں۔ سو لوگوں کو چھوٹے چھوٹے کاموں میں ان کی التجا کرنی ضرور پڑتی ہے۔ سو اللہ کے یہاں کا کارخانہ یوں نہیں ہے۔" (ص ۳۶)

یہ ہے عقیدہ وہ ہے عمل! اور دونوں کے درمیان جو مشرق و مغرب کا تضاد ہے وہ محتاجِ بیان نہیں ہے۔ یہ تضاد کیونکر اٹھے گا؟ اسے تو اصحابِ معاملہ جانیں، ہمیں تو اس وقت انہی کارندوں میں سے ایک کارندے کا قصہ سنانا ہے جسے مصنف نے یہ ظاہر کرنے کے لیے بیان کیا ہے کہ اس طبقے کے ساتھ " نانا میاں" کا تعلق کتنا گہرا اور رازدارانہ تھا۔ قصے کا آغاز کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"مولانا عبدالرافع صاحب مرحوم (مصنف کے خالو) کا بیان ہے کہ مولانا (یعنی نانا میاں) کے گھر کا سودا میں ہی لایا کرتا تھا۔ سبزی ترکاری منگوانی ہوتی تو مولانا ایک خاص کنجڑے کا پتہ بتلاتے کہ وہیں سے لینا۔ اس کے یہاں اچھی ہو یا بری اسی کے یہاں سے لینا۔" (درسِ حیات ص ۸۶)

marfat.com

اب پڑھنے کی چیز یہی ہے کہ وہ کنجڑا کون تھا اور اس میں کیا خصوصیت تھی۔ لکھا ہے کہ:

"مولانا عبدالرافع صاحب کا بیان ہے کہ میں نے عرض کیا کہ گیا کے انتظامی امور تو آجکل بہت خراب ہیں۔ آج کل یہاں کا صاحبِ خدمت کون ہے۔ مولانا خفا ہوئے کہ اس کو یہ بیماری ہے کہ بے فائدہ باتیں پوچھا کرتا ہے۔ مگر میں بہت چڑھا تھا، بار بار اصرار کرتا ہی رہا کہ بتلا دیجئے۔ آخر مجبور ہو کر فرمایا کہ وہی کنجڑا ہے جس کے یہاں سے ترکاری لانے کے لیے تم کو تاکید کرتا رہتا ہوں اور تم ہمیشہ مجھ سے اس کے بارے میں حجت کرتے رہتے ہو۔

میں یہ سن کر حیران رہ گیا کہ اللہ غنی! وہ کنجڑا اتنے درجہ والا ہے!"

(درس حیات ص۸۹)

مجھے اس واقعہ کے ضمن میں اس سے زیادہ اور کچھ نہیں کہنا ہے کہ عالم کے انتظامات اور تکوینی اختیارات جب خدا ہی نے بنی نوع انسان میں سے اپنے چند کارندوں کے سپرد کر دیئے ہیں تو اب انہیں کارساز و حاجت روا سمجھنے پر شرک کا الزام کیوں عائد کیا جاتا ہے یہ بغاوت نہیں، بلکہ عین وفاداری ہے کہ مالک کی طرف سے مقرر کیے ہوئے کارندوں کو ان کی منصبی حیثیت کے ساتھ عقدۃً اور عملاً دونوں طرح تسلیم کیا جائے، کیونکہ جس کے ہاتھ میں امور کا انتظام و انصرام ہوتا ہے اپنی کار برآری اور عقدہ کشائی کے لیے اس کی طرف رجوع کرنا دین و دیانت کا بھی تقاضا ہے اور عقل و فطرت کا بھی!

اس واقعے میں اپنے مسلک سے انحراف اپنی جگہ پر ہے لیکن سب سے بڑا ماتم تو دل کی اس شقاوت کا ہے کہ اپنے "نانا کا تقرب" اور اقتدار ثابت کرنے کے لیے تو ایک کنجڑے تک کو کاروبارِ عالم میں دخیل مان لیا گیا لیکن "حسین کے نانا" کے حق میں عقیدے کی جو زبان استعمال کی جاتی ہے وہ یہ ہے:

"جس کا نام محمد یا علی ہے وہ کسی چیز کا مختار نہیں۔" (تقویۃ الایمان ص ۴۲)

"سارا کاروبارِ جہان کا اللہ ہی کے چاہنے سے ہوتا ہے، رسول کے چاہنے سے کچھ نہیں ہوتا۔" (تقویۃ الایمان ص ۵۸)

marfat.com

مولوی خیر الدین صاحب کے واقعات

(۱)

اولاد کی لالچ میں عقیدۂ شرک سے مصالحت

'درس حیات' کے مصنف اپنے والد کے متعلق ایک واقعہ نقل کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ:

"ابتداء میں (والد کی) کوئی اولاد زندہ نہیں رہتی تھی کئی اولاد ہوئی، مگر اللہ کو پیاری ہوگئی۔ خوبیِ قسمت سے ایک گھر سے ملاقاتی عالم پنجابی جو بہت بڑے عامل بھی تھے، گیا تشریف لائے۔ مولانا نے اولاد زندہ نہ رہنے کا حال اُن سے کہا۔ اُنھوں نے کہا ایک عمل ہے اس کو کیجئے انشاء اللہ اولاد نرینہ ہوگی اور زندہ رہے گی۔ جب حمل کو چوتھا مہینہ ہو تو حاملہ کے پیٹ پر اپنی انگلی سے بغیر روشنائی کے **محمد** لکھ دیجئے اور پکار کر کہئے" میں نے تیرا نام **محمد** رکھا" اور جب بچہ پیدا ہو تو اس کا نام **محمد** رکھئے چنانچہ اس عمل کے بعد سب سے پہلی اولاد جو پیدا ہو کر زندہ رہی، وہ میں (قاری فخر الدین مصنف کتاب) ہوں۔" (درس حیات ص ۱۹۶)

غائب از نظر کو خطاب اور ندا دیوبندی مذہب میں شرک ہے لیکن اولاد کی لالچ میں یہاں کوئی اُلجھن نہیں پیش آئی کہ "میں نے تیرا نام محمد رکھا" میں غائب کو خطاب کیوں کر درست ہے۔

اور سب سے بڑا ظلم تو اس احسان فراموشی کا ہے کہ جس اعتقاد کی بدولت زندگی جیسی عظیم نعمت میسر آئی اسی کو غلط اور شرک ثابت کرتے ہوئے ذرا کفرانِ نعمت کا خیال ان حضرات کو نہیں آتا اور واقعہ سر سے گزر جانے کے باوجود انھیں یہ محسوس نہیں ہوتا کہ جب "اسم" کا تصرف یہ ہے کہ وہ حیات بخش ثابت ہوا تو "مسمّٰی" کے تصرفات کا کون اندازہ لگا سکتا ہے؟

marfat.com

(۲)

تصرف وغیب دانی کا بے مثال واقعہ

'درس حیات' کے مصنف نے تحصیل علم کے سلسلے میں اپنے والد کا ایک سفرنامہ نقل کیا ہے۔ واقعات کے راوی خود مصنف کے والد ہیں۔ وہ بیان کرتے ہیں کہ ہم اپنے چند رفقاء کے ساتھ تحصیل علم کے لیے اپنے گھر سے نکلے اور کئی دن تک شبانہ روز چلتے رہے۔

"یہاں تک کہ ہم دوپہر کو ایک شہر میں داخل ہوئے۔ معلوم ہوا کہ یہ کرنال ہے میں نے دریافت کیا کہ سب سے پہلے ظہر کی نماز کس مسجد میں ہوتی ہے، اس مسجد میں جا کر نمازِ ظہر باجماعت ادا کی۔ نماز کے بعد مسجد سے نکلا کہ جلدی شہر سے نکلوں تاکہ راستہ کھوٹا نہ ہو۔

مسجد سے لگے ہوئے برآمدہ میں ایک نابینا حافظ صاحب بیٹھے تھے میں جب اُن کے قریب سے گزرا تو انھوں نے کہا: خیرالدین؟ السلام علیکم! میرے پاس آؤ۔

میں نے یہ خیال کر کے کہ فضول باتوں میں یہ میرا وقت ضائع کرینگے ان کی اس بات کی طرف کوئی توجہ نہ دی اور سرسری جواب دیتے ہوئے تیزی سے نکل گیا۔ انھوں نے اپنے چند شاگردوں کو میرے پیچھے دوڑایا کہ پکڑ لے آؤ مگر وہ مجھ کو پکڑ نہ سکے۔ میں سب سے قوی تھا سب کو جھٹک کر دُور پھینک دیا اور آگے بڑھتا رہا۔" (درس حیات ص ۱۵۵)

یہاں تک کہ میں شہر پناہ کے پھاٹک سے جیسے ہی باہر نکلا اچانک زمین نے میرے قدم تھام لیے۔ بہت کوشش کی لیکن قدم ذرا بھی آگے نہیں بڑھ سکا۔ میرے ساتھیوں نے بھی مل کر بہت زور لگایا لیکن وہ بھی میرے قدموں کو زمین کی گرفت سے آزاد نہیں کرا سکے۔ یہاں تک کہ مجبور ہو کر میں شہر کی طرف واپس لوٹ آیا اور وہیں سے اپنے ساتھیوں کو رخصت کر دیا۔

marfat.com

"شہر میں آنے کے بعد مجھ کو خیال ہوا کہ وہ نابینا حافظ جی کون تھے جنہوں نے باوجود ناواقف، اجنبی اور نابینا ہونے کے مجھ کو میرا نام لے کر پکارا، چلوں اُن سے تحقیق حال کروں۔ میں جب اُن کے پاس پہنچا تو وہ زور سے ہنسے اور کہا آخر آ گئے! بہت جان چھڑا کر بھاگے تھے۔ میں نے اُن سے کہا اِن باتوں کو چھوڑیئے۔ آپ یہ بتلایئے کہ آپ نے مجھ کو کیسے پہچانا اور میرا نام آپ کو کیسے معلوم ہُوا؟ انہوں نے فرمایا کہ تمہارا نام؟ مجھ کو تو تمہارا حال معلوم ہے کہ کس غرض سے نکلے ہو۔ کیا تم سمجھتے ہو کہ جس طرح تم ادھر رو کے گئے ہو اُدھر نہیں روکے جاؤ گے؟ تمہارے علم کا ایک حصہ اُس شہر میں مقدر ہے جب تک تم اُس کو حاصل نہیں کرو گے اس شہر سے نکل نہیں سکتے۔" (ص ۱۵۶)

اُس کہانی میں نابینا حافظ کا کردار نہایت واضح طور پر دیوبندی مذہب کو جھٹلا رہا ہے کیونکہ کسی نابینا شخص کا صرف قدموں کی آہٹ پا کر ایک بالکل اجنبی آدمی کو پہچان لینا اور اس کا نام لے کر پکارنا اور یہ دعویٰ کرنا کہ نام ہی نہیں مجھے تو تمہارا حال اور مقصد سفر تک معلوم ہے پھر تقدیر کا یہ نوشتہ بتانا کہ اس شہر میں تمہارے لیے علم کا ایک حصہ مقدر ہے اور اُس شہر سے اس وقت تک تم نہیں نکل سکتے جب تک کہ اسے حاصل نہ کر لو۔ یہ سارے امور وُہ ہیں جنھیں دیوبندی مذہب میں صرف خدا کا حق تسلیم کیا گیا ہے اور بڑے سے بڑے بندے کے حق میں اس طرح کی باتوں کے اعتقاد کو شرک جلی سے تعبیر کیا گیا ہے۔

ٹھیک ہی کہا ہے کسی نے کہ دنیا میں قاتلوں کی کمی نہیں ہے لیکن علمائے دیوبند پر اپنے مذہبی اصولوں کے قتل کا الزام، تاریخ کا بدترین الزام ہے۔

(۳)

تصرف وغیب دانی کا ایک اور حیرت انگیز واقعہ

مصنف نے اپنی کتاب میں اپنے والد کے ایک سفر کا حال بیان کرتے ہُوئے لکھا ہے کہ ایک بار اپنے پیر و مرشد سے ملاقات کے لیے وُہ سوات

marfat.com

جارہے تھے جو سندھ کے اطراف میں واقعہ ہے۔ درمیان میں پہاڑوں اور صحراؤں کا ایک طویل سلسلہ طے کرنا پڑتا تھا۔ چلتے چلتے جب وُہ ایک پہاڑ کی گھاٹی میں پہنچے تو وہاں کا راستہ اتنا تنگ اور دشوار گزار تھا کہ گدھے کی سواری کے بغیر اسے عبور کرنا ناممکن تھا۔

اب اس کے بعد کا واقعہ خود مسافر کی زبانی سُنیے، لکھا ہے کہ:

"میں گدھے پر سوار تھوڑا ہی آگے بڑھا ہُوں گا کہ ایک درہ میں سے ڈاکوؤں کا ایک گروہ نکلا اور اس نے مجھ کو بہت تنگ کیا۔ میرے پاس جو کچھ تھا سب رکھوا لیا اور اس کے بعد جان کی باری تھی۔ رحم کا کوئی شائبہ ان کے اندر نہ تھا۔ میں نے پریشانی کے عالم میں سر جھکا لیا اور عمل برزخ "تصور شیخ" کا عمل کیا۔ اب کیا دیکھتا ہُوں کہ وُہی ظالم ڈاکو سراپا رحم و کرم بنے ہُوئے تھر تھر کانپ رہے ہیں۔ کوئی قدم چُومتا ہے کوئی ہاتھ چُومتا ہے۔"

(درسِ حیات ص ۱۷۲)

اس کے بعد لکھا ہے کہ انہی لوگوں میں ڈاکوؤں کا سردار بھی تھا۔ وہ مجھے اپنے گھر لے گیا اور میری بڑی خاطر مدارات کی۔ وہ لوگ بار بار مجھ سے معافی مانگتے تھے اور اقرار لیتے تھے کہ میں نے انہیں معاف کر دیا۔ میں نے حیرانی کے عالم میں ان سے دریافت کیا کہ پہلے تو تم لوگوں نے میرے ساتھ وہ معاملہ کیا اور اب اچانک کیا بات ہو گئی کہ تم لوگ میرے حال پر اس قدر مہربان ہو گئے ان لوگوں نے جواب دیا کہ:

"حضرت! ہم نے آپ کو پہچانا نہ تھا۔ جب آپ آنکھ بند کر کے سر جھکائے بیٹھے تھے اس وقت ہم نے آپ کو غور سے دیکھا تو پہچانا کہ آپ تو حضرت میاں صاحب ہیں۔" (درسِ حیات ص ۱۷۳)

اب اس کے بعد بیان کرتے ہیں، بیان نہیں کرتے دیوبندی مکتبۂ فکر کے لٹریچر میں آگ لگاتے ہیں:

"اب میری سمجھ میں آیا کہ تصور شیخ کی برکت سے حضرت کی توجہ خصوصی مبذول ہو کر میری صورت حضرت پیر و مرشد کی صورت سے تبدیل ہو گئی جس کی مجھ کو

marfat.com

بھی خبر نہ تھی اور اُن ڈاکوؤں کے کہنے سے یہ عُقدہ کھلا۔" (ص ۱۷۳)

یہاں تک تو راستے کا حال بیان ہوا اب پیر صاحب کے دربار کا قصہ سُنیے اور غیبی قوت ادراک کی ایک اور شان دیکھئے، لکھا ہے کہ:

"حضرت نے مجھ کو دیکھ کر فرمایا کہ بندۂ خدا! آنا ہی تھا تو مجھ کو اطلاع کر دیتے میں ڈاکوؤں کے سردار کو خبر کر دیتا تو پھر کوئی خطرہ پیش نہ آتا۔ یہ راستہ بہت خطرناک ہے اللہ کا فضل ہوا کہ بچ کر چلے آئے۔" (ص ۱۷۴)

اب اپنے حضرت کی غیب دانی کا ایک اور اعتراف ملاحظہ فرمائیے۔ بیان کرتے ہیں کہ:

"(حضرت) دیر سے منتظر بیٹھے تھے اور میرے لیے کھچڑی پکوا کر رکھی تھی، چونکہ اس وقت میرے معدہ میں کچھ گڑبڑی تھی حالانکہ میں نے اس کی کوئی اطلاع نہیں کی تھی۔ بڑی شفقت سے مجھ کو کھچڑی کھلائی۔" (ص ۱۷۴)

غور فرمائیے! اس ایک واقعہ میں اپنے حضرت کے متعلق غیب دانی اور قوت تصرف کے کتنے دعوے کیے گئے ہیں۔

پہلا دعویٰ تو یہی ہے کہ پہاڑ کی گھاٹی میں میلوں کی مسافت سے تصور کی خاموش زبان کا استغاثہ انھوں نے سُن لیا اور وہیں سے بیٹھے بیٹھے اپنی صورت بھی مرید کی صورت پر چسپاں کر دی اور یہ اس وقت تک چسپاں رہی جب تک کہ مرید اپنے پیر کے گھر تک نہیں پہنچ گیا۔

دوسرا دعویٰ یہ ہے کہ پہاڑ کی گھاٹی میں مرید کو جو حادثہ پیش آیا غیبی طور پر اس کی جملہ تفصیلات پیر صاحب کو معلوم ہو گئیں جبھی تو پہنچتے ہی انھوں نے فرمایا: "بندۂ خدا! آنا ہی تھا تو مجھ کو اطلاع کر دیتے میں ڈاکوؤں کے سردار کو خبر کر دیتا تو پھر کوئی خطرہ پیش نہ آتا۔"

تیسرا دعویٰ یہ ہے کہ اپنے غیبی علم کے ذریعہ پیر صاحب کو اس بات کی بھی خبر ہو گئی کہ آنے والے مرید کا معدہ خراب ہو گیا ہے اس لیے پہلے ہی سے کھچڑی پکوا کر تیار کر رکھی تھی۔

---

marfat.com

سوچتا ہوں تو آنکھوں میں خُون تیرنے لگتا ہے کہ یہ حضرات اپنے گھر کے بزرگوں کے متعلق جو کچھ بیان کرتے ہیں اگر یہی امر واقعہ ہے اور یہی ایمانی حقیقتوں کی صحیح تعبیر ہے تو پھر سَو برس سے انبیاء و اولیاء کے بارے میں عقائد کی جو جنگ لڑی جارہی ہے آخر اس کا پس منظر کیا ہے؟

کتنا سنگین مذاق ہے یہ اہل اسلام کے ساتھ کہ صرف جی بہلانے کے لیے اُن کے جذبات سے کھیلا جارہا ہے۔

دیوبندی مکتبہ فکر کا وہ لٹریچر جو کفر و شرک کی تعزیرات پر مشتمل ہے خانقاہوں میں تو پہلے ہی سے ناپسندیدہ تھا اب جب کہ اپنے گھر میں بھی وہ قابلِ عمل نہیں رہا تو اسے باقی رکھنے کی معقول وجہ کیا ہے؟

میرا یہ سوال دیوبندی جماعت کے سارے اصاغر و اکابر سے ہے کوئی صاحب بھی معقول جواب دے کر میری تشفی کر دیں۔ میں ساری زندگی ان کا شکر گزار رہوں گا۔

(۴)

باپ کی غیب دانی کا قصّہ

اب تک تو دوسروں کی بات چل رہی تھی اب خود مصنف کے "والد بزرگوار" کی غیب دانی کا قصہ سُنیے۔ تحریر فرماتے ہیں کہ:

"میرے چھوٹے بھائی قاری شرف الدین کا بیان ہے کہ مولانا وضو کر کے مصلّی پر دونوں ہاتھ کانوں تک اٹھا چکے تھے کہ میں نماز کی تیاری کی بجائے یہ سمجھ کر اُن کے پیچھے کھیل میں مشغول ہو گیا کہ اب وہ تحریمہ باندھ کر نماز میں دیر تک مشغول رہیں گے اور ان کو میرے کھیل کی خبر نہ ہوگی۔ لیکن اُن کو فوراً کشف ہو گیا اور اچانک ہاتھ کانوں سے ہٹا کر پیچھے مڑ کر دیکھا اور مجھ کو زور سے ڈانٹا۔" (درسِ حیات ص ۲۲۶)

اس واقعہ کے بیان میں ذرا جذبۂ عقیدت کا یہ تصرف ملاحظہ فرمائیے کہ تحریمہ باندھتے وقت پیچھے پلٹ کر دیکھنا اتفاقاً بھی ہو سکتا ہے اور اس غرض سے بھی ہو سکتا ہے کہ صفیں

marfat.com

سیدھی ہوگئیں یا نہیں، لیکن مصنف کا اصرار ہے کہ میرے والد نے صرف اس لیے پیچھے پلٹ کر دیکھا کہ انھیں اپنی غیبی قوت ادراک کے ذریعہ یہ معلوم ہوگیا تھا کہ پیچھے کی صف میں بھائی کھیل رہا ہے۔

مجھے کہنے دیجئے کہ باپ کو غیب داں ثابت کرنے کے لیے جو جذبۂ عقیدت یہاں کارفرما ہے اگر اس کا ہزارواں حصہ بھی رسولِ عربی صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے دل کے کسی گوشے میں موجود ہوتا تو عقائد کا یہ اختلاف جس نے امت کو دو حصوں میں منقسم کر دیا ہے، ہرگز وجود میں نہ آتا۔

ہزار تاویلات کے باوجود دیوبندی لٹریچر کے ذریعہ یہ حقیقت اب اتنی واضح ہوگئی ہے کہ ملت کا انصاف پسند طبقہ حالات کا یہ کرب محسوس کیے بغیر نہیں رہ سکتا۔

ایک بات کی وضاحت

اس کتاب میں دیوبندی لٹریچر کے حوالہ سے کشف کا ذکر بار بار آیا ہے اس لیے میں اسے واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ دیوبندی مذہب میں کشف کا دعویٰ کہاں تک درست ہے؟

لہٰذا اس کے لیے دیوبندی مذہب کی الہامی کتاب تقویۃ الایمان کا یہ فرمان ملاحظہ فرمائیے:

"اس آیت سے معلوم ہوا کہ یہ سب جو غیب دانی کا دعویٰ کرتے ہیں کوئی کشف کا دعویٰ کرتا ہے کوئی استخارہ کا عمل سکھاتا ہے .... یہ سب جھوٹے ہیں اور دغاباز، ان کے جال میں ہرگز نہ پھنسنا چاہئے۔" (ص ۲۳)

تقویۃ الایمان کی اس نشان دہی کے بعد دیوبندی گروہ کا کوئی شخص اپنے یا اپنے کسی بزرگ کے لیے کشف کا دعویٰ کرتا ہے تو اب اس کے متعلق اور کیا کہا جا سکتا ہے کہ وہ جھوٹا ہے دغاباز ہے اس کے جال میں ہرگز نہ پھنسنا چاہیے۔

---

marfat.com

مولانا بشارت کریم صاحب کے واقعات

(۱)

کبریائی اختیارات کی کہانی

موصوف گڑھول نام کی ایک بستی کے رہنے والے ہیں جو ضلع مظفر پور بہار میں واقع ہے۔ 'درس حیات' کے مصنف نے اپنے ایک استاد اور ایک مخدوم بزرگ کی حیثیت سے ان کا تذکرہ نہایت عقیدت کے ساتھ کیا ہے۔

ان کے دربار کے ایک حاضر باش پنڈت کے بارے میں انہوں نے ایک عجیب واقعہ لکھا ہے جو پڑھنے سے تعلق رکھتا ہے۔ لکھا ہے کہ پنڈت جی کسی مرشد کامل کی تلاش میں ادھر ادھر مارے مارے پھر رہے تھے کہ اچانک کسی مجذوب عورت سے ان کی ملاقات ہوگئی۔ اس نے گڑھول کا پتہ بتایا کہ وہاں جا، وہاں تیرے درد کا درماں ہے۔ اب وہ گڑھول کا راستہ معلوم کر کے وہاں کے لیے روانہ ہوئے۔ اس کے بعد کا واقعہ خود مصنف کی زبانی سُنیئے، لکھا ہے کہ:

"دوپہر کا وقت تھا اور گرمی کا زمانہ تھا جو گیارہ اسٹیشن سے پیدل گڑھول جا رہے تھے۔ گرمی کے دنوں میں دوپہر کے وقت لوگ عموماً گھروں کے اندر پناہ گزیں ہوتے ہیں۔ باہر راستے میں چلتے ہوئے لوگ نہیں ملتے۔ یہ کئی جگہ راستہ بھولے اور ہر جگہ ایک ہی صورت کے ایک ہی شخص نے ظاہر ہو کر راستہ بتلا دیا۔" (درس حیات ص ۲۹۹)

اب اُس کے بعد کا قصہ سُنیئے۔ بیان کے اس حصے میں مرشد کامل کی قوتِ تصرف اور غیب دانی کا منصب کبریائی خاص طور پر محسوس کرنے کے قابل ہے۔ ارشاد فرماتے ہیں:

"جب گڑھول پہنچے اور حضرت کے جمال جہاں آرا پر نظر پڑی تو دیکھا کہ یہ تو وہی ہیں جنھوں نے راستے میں کئی جگہ ظاہر ہو کر رہنمائی فرمائی تھی۔ عقیدت جوش میں آئی۔ بے اختیار عرض کیا بادشاہ! میرے حال پر رحم کیجئے اور

marfat.com

مجھ کو راستہ بتلایئے"۔ (ص ۳۰۰)

گفتگو کا یہ حصّہ نیاز مند اور دماغی ذہن کا فرق اچھی طرح واضح کر دیتا ہے۔ فطرت انسانی کا یہ نکتہ اگر سمجھ میں آگیا تو نظر کے بہت سارے حجابات خود بخود اُٹھ جائیں گے۔

"حضرت نے پُوچھا کیا بات ہے؟ کیا چاہتے ہو؟ عرض کیا کہ گڑھول آتے ہوئے جہاں کہیں راستہ بھُولا تو بادشاہ آپ نے ظاہر ہو کر راستہ بتلایا۔ اب آپ پُوچھتے ہیں کہ میں کیا چاہتا ہوں؟ آپ کو سب معلوم ہے کہ میں کیا چاہتا ہوں"۔

(ص ۳۰۰)

یہ واقعہ پڑھ کر ہر غیر جانبدار ذہن کو جن سوالات کا سامنا کرنا پڑے گا وہ یہ ہیں:

پہلا سوال تو یہ ہے کہ "حضرت" غیب داں نہیں تھے تو گھر بیٹھے انھیں کیونکر معلوم ہو گیا کہ ایک جوگی میرے دربار میں آتے ہُوئے راستہ بھُول گیا ہے چل کر اس کی رہنمائی کی جائے۔

دوسرا سوال یہ ہے کہ راستہ بھُولنے کا واقعہ کئی بار پیش آیا اور ہر بار یہ اُس مقام پر پہنچ گئے جہاں راستہ گم ہو گیا تھا۔ اس کا کھُلا ہُوا مطلب یہ ہے کہ وُہ اپنی خانقاہ میں بیٹھے ہُوئے جوگی کی ایک ایک نقل و حرکت دیکھ رہے تھے اور جہاں ضرورت سمجھتے تھے فوراً رہنمائی کے لیے پہنچ جاتے تھے۔

تیسرا سوال یہ ہے کہ راستہ بتانے کے لیے جوگی کے سامنے ایک ہی شکل و صورت کا جو شخص بار بار نمودار ہوا وُہ کون تھا؟ آیا وُہ خود "حضرت" تھے یا کوئی اور تھا۔ اگر وُہ خود حضرت تھے تو بجلی کی طرح یہ سُرعت رفتار انھیں کیونکر میسّر آئی کہ مسافر ابھی راستے ہی میں تھا اور یہ کئی بار آئے بھی اور گئے بھی۔ اور اگر وُہ "حضرت" نہیں تھے بلکہ کوئی اور تھا تو بالکل "حضرت" کی طرح یہ "دُوسرا" وجود" کس کے تصوّف کا نتیجہ تھا؟

چوتھا سوال یہ ہے کہ جوگی نے جب یہ کہا کہ بادشاہ! گڑھول آتے ہوئے جہاں کہیں ہم بھُولے آپ نے ظاہر ہو کر راستہ بتایا اس کے بعد بھی آپ پُوچھتے ہیں کہ میں کیا چاہتا ہوں؟ آپ کو سب معلوم ہے کہ میں کیا چاہتا ہُوں؟ تو انھوں نے رسماً بھی یہ نہیں کہا

marfat.com

کہ اسلام میں کسی مخلوق کے لیے اس طرح کا عقیدہ رکھنا شرک ہے۔ یہ صرف خدا کا حق ہے۔ جب ہم اپنے پیغمبر کے بارے میں اس طرح کا اعتقاد خلافِ حق سمجھتے ہیں تو میرے متعلق یہ اعتقاد کیونکر درست ہوگا۔

ان سوالات کے جواب کے لیے میں آپ سے آپ ہی کے ضمیر کا انصاف چاہتا ہوں۔

(۲)

باطنی مشاہدات کا ایک حیرت انگیز واقعہ

اپنے حضرت کی غیبی قوتِ ادراک کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے ایک کتاب کے مصنف اپنے والد سے ایک روایت نقل کرتے ہیں:

"والد صاحب مرحوم نے ایک مرتبہ فرمایا کہ حضرت مولانا بشارت کریم صاحب فرماتے تھے کہ میں نے بارہا آپ کے قلب پر نظر کی تو اس کو آپ کے شیخ کی توجہات سے معمور و مربوط پایا۔ آپ کے شیخ کا پورا قبضہ آپ کے قلب پر ہے اور آپ کے قلب کا پورا رابطہ شیخ کے ساتھ ہے۔

سبحان اللہ! کشف قلوب کی کتنی عجیب مثال ہے یہ واقعہ۔"

(درس حیات ص ۳۳۲)

داد دیجئے اس منظر کو جو ایک طرف سینہ چاک کرتی ہوئی مُرید کے قلب تک جا پہنچی اور قلب میں شگاف ڈال کر اندر کا سارا حال دیکھ لیا اور دُوسری طرف باطنی توجہ کا وہ طویل سلسلہ بھی دیکھ آئی جو سینکڑوں میل کی مسافت پر شیخ کے قلب کے ساتھ منسلک تھا اور پھر طُرفہ تماشا یہ ہے کہ نگاہ کا یہ عمل کچھ ایک ہی بار نہیں پیش آیا کہ اُسے حُسنِ اتفاق کا نتیجہ کہہ کر بات رفع دفع کر دیجئے بلکہ بیان کی صراحت کے مطابق بارہا ایسا ہُوا اور جب بھی چاہا ہوتا رہا۔

معاذ اللہ! جذبۂ عقیدت کا تصرف بھی کتنا پُر آشوب ہوتا ہے۔ ایک ادنیٰ اُمتی کے لیے تو زبان و قلم کا یہ اعتراف ہے اور رسولِ انور صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں سارا قبیلہ متفق ہے کہ اُن کی نظر پسِ دیوار بھی نہیں دیکھ سکتی تھی۔

marfat.com

(۳)

ایک مجذوب کا قصّۂ عجیب

'درسِ حیات' کے مصنّف نے اپنے ایک رفیقِ تعلیم کے حوالے سے ایک مجذوب کا قصّہ بیان کیا ہے لکھا ہے کہ جنگ پور روڈ ضلع مظفر پور میں جہاں اُن کے رفیقِ تعلیم کا گھر تھا۔ ایک مجذوب رہا کرتا تھا اس سے ان کی اچھی خاصی شناسائی تھی۔ ایک دِن رات کے وقت استنجے کے لیے باہر نکلے، دیکھا کہ وُہ مجذوب ان کے سامنے سے گزر رہا ہے وہ بھی اس کے پیچھے لگ گئے۔ بستی سے باہر نکل کر کچھ دُور چلے جانے کے بعد مجذوب رُک گیا اور گڑھول (جہاں مولانا بشارت کریم صاحب کا گھر تھا) کی طرف رُخ کر کے اُن سے کہنا شروع کیا:

"ارے دیکھ! اُدھر دیکھ! وُہ دیکھ گڑھول میں مولانا بشارت کریم صاحب ذکر کر رہے ہیں اور اُن کے مکان سے عرش تک نور ہی نور ہے۔

ارے اندھے دیکھ! تجھ کو نظر نہیں آتا وُہ دیکھ!" (درسِ حیات ۳۴۲)

اسے مجذوب کی بڑ کہہ کر آپ گزر بھی جانا چاہیں تو "دانشوران دیوبند" کے اس اعتراف کو کیا کہئے گا جس کے لفظ لفظ سے یقین کا تیور جھلک رہا ہے:

"اللہ اللہ! یہ ہے ذکر اور یہ ہیں ذاکر، جن کے انوار کا کوئی آنکھ والا ہی مشاہدہ کر سکتا ہے۔ نہ صرف قریب سے بلکہ آٹھ نو میل کی دُوری سے اس طرح مشاہدہ کر سکتا ہے کہ جیسے کسی محسوس چیز کو بہت قریب سے کوئی دیکھ رہا ہو۔" (ص ۳۴۲)

جی چاہتا ہے کہ اس مقام پر پھر میں آپ کے جذبۂ انصاف کو آواز دوں کہ سردارِ کونین صلی اللہ علیہ وسلّم کے حق میں تو علم پسِ دیوار کا عقیدہ دانشورانِ دیوبند کے حلق کے نیچے اب تک نہیں اُتر سکا لیکن ایک مجذوب کے حق میں دل کا یہ یقین ملاحظہ فرمائیے کہ نو میل کے فاصلے سے اندھیری رات میں فرش سے عرش تک غیبی انوار و تجلّیات کا وُہ اس طرح مشاہدہ کر رہا ہے جیسے کسی محسوس چیز کو بہت قریب سے کوئی دیکھتا ہے، نہ درمیان کے حجابات اس کی نظر پر حائل ہوتے ہیں اور نہ رات کی تاریکی مانع ہوتی ہے۔

marfat.com

حیرت ہوتی ہے دیوبندی ذہن کی اس بوالعجبی پر کہ غیبی علم و ادراک کی جو قوت وُہ ایک ادنیٰ اُمتی کے حق میں تسلیم کر لیتے ہیں اُسے اپنے رسولؐ کے حق میں تسلیم کرتے ہوئے انہیں شرک کا آزار کیوں ستانے لگتا ہے؟

علمائے دیوبند کا یہی وُہ زاویۂ فکر ہے جہاں سے واضح طور پر ہمیں یہ محسوس کرنے کا موقع ملتا ہے کہ اپنے اور بیگانے کے درمیان جوہری فرق کیا ہوتا ہے اور حالات و واقعات پر اس کا اثر کیا پڑتا ہے۔

(۴)

شہیدوں کا خُون

مولوی عبدالشکور نام کے کوئی صاحب مدرسہ شمس الہدیٰ پٹنہ میں مدرس تھے۔ موصوف مولانا بشارت کریم صاحب کے خاص مریدوں میں تھے۔ اُن کے متعلق "درسِ حیات" کے مصنف نے لکھا ہے کہ وہ ایک بار اپنے شیخ کی بارگاہ میں یہ خیال لے کر روانہ ہوئے کہ حضرت سے دریافت کروں گا کہ بعض بزرگوں کے متعلق جو یہ سُنا گیا ہے کہ وُہ ایک ہی وقت میں کئی کئی جگہ موجود ہو جاتے تھے تو اس کی حقیقت کیا ہے؟ اب اس کے بعد کا قصہ خود مُرید کی زبانی سُنیے۔ بیان کرتے ہیں کہ:

"جب (وہاں) پہنچا تو نماز کا وقت تھا۔ اُس زمانے میں خود حضرت نماز پڑھایا کرتے تھے۔ میں بھی جماعت میں شریک ہُوا۔ نماز شروع ہوتے ہی مجھ پر ایک کیفیت طاری ہُوئی اور میں نے دیکھا کہ ایک بہت بڑا میدان ہے اور اس وسیع میدان میں جا بجا متعدد جماعتیں صف بستہ نماز میں مشغول ہیں اور ہر جماعت کے امام حضرت ہیں اور سارے کے سارے مقتدی ہر جماعت میں وہی ہیں جو اس جماعت میں تھے جس میں شامل ہو کر میں حضرت کے پیچھے نماز پڑھ رہا تھا۔

یہ دیکھ کر آنکھوں کے سامنے سے پردہ ہٹ گیا۔ میرے سوال کا جواب مجھ کو مل گیا، سارے شبہات کا ازالہ ہو گیا۔ حضرت کے روحانی تصرف نے

marfat.com

ایسا مشاہدہ کرا دیا کہ پھر حضرت سے پُوچھنے اور سمجھنے کی ضرورت باقی نہیں رہی"۔

(درسِ حیات ص ۳۵۴)

"مجھ پر ایک کیفیت طاری ہُوئی" سے مراد نیند نہیں ہے کہ اس واقعہ کو آپ خواب کی بات کہہ کر گزر جائیں بلکہ عین حالتِ بیداری میں انہوں نے غیبی تصرفات کا یہ تماشا دیکھا۔

اس واقعہ میں ایک طرف حضرت کی غیبی قوتِ ادراک کا یہ کرشمہ دیکھئے کہ عین نماز کی حالت میں انہوں نے اپنے مرید کا وُہ خیال تک معلوم کر لیا جسے وُہ اپنے دل میں چھپا کر لائے تھے اور معاً یہ بھی دریافت کر لیا کہ عقدہ کشائی کا طلبگار صف میں میرے پیچھے کھڑا ہے اور دوسری طرف کمالِ تصرف ملاحظہ فرمائیے کہ نماز شروع ہوتے ہی طلسم ہوشربا کی طرح انھوں نے اپنے مرید کو ایک ہی وقت میں متعدد جگہ کیونکر موجود ہو سکتا ہے۔

یہ واقعہ اگر صحیح ہے تو مجھے کہنے دیجئے کہ دیوبندی مذہب کا جھُوٹ فاش کرنے کیلئے اب کسی نئی تصنیف کی حاجت نہیں ہے خود دیوبند کے اہلِ قلم اس خدمت کے لیے بہت کافی ہیں۔

(۵)

ایک اور حشر بپا کہانی

درسِ حیات کے مصنف نے ایک "معتبر راوی" کے حوالے سے اسی مذکور الصدر پنڈت کا ایک اور حیرت انگیز قصہ بیان کیا ہے۔ اس معتبر راوی کا بیان ہے کہ "حضرت" کے حجرۂ خاص میں میرے اور پنڈت جی کے سوا کسی کو بھی باریاب ہونے کی اجازت نہیں تھی۔

راوی کہتا ہے کہ ایک دن بعد مغرب اپنے حجرۂ خاص میں حضرت تلاوت فرما رہے تھے ایک گوشے میں پنڈت جی مراقب تھے اور دُوسرے گوشے میں مَیں بیٹھا ہوا تھا کہ اچانک پنڈت جی چیخے، پھر تڑپے، پھر بے ہوش ہو گئے۔ حضرت تلاوت روک کر ان کی طرف متوجہ ہُوئے۔ جب انھیں ہوش آیا تو دریافت فرمایا کیا بات ہے؟ کیا دیکھا؟ اب "کیا دیکھا" کی تفصیل خود راوی کی زبانی سُنیے:

"پنڈت جی نے عرض کیا کہ پادشاہ! میں نے دیکھا کہ قیامت قائم ہے،

marfat.com

میدانِ حشر میں حق تعالیٰ عرش پر جلوہ گر ہے، حساب و کتاب ہو رہا ہے، مخلوق کا بے پناہ ہجوم ہے۔ آپ بھی ہیں، مَیں بھی ہُوں، آپ مجھ کو پکڑے ہوئے عرشِ الٰہی کی طرف بڑھ رہے ہیں۔ جب قریب پہنچ گئے تو آپ نے مجھ کو دونوں ہاتھوں سے اُٹھایا اور عرشِ الٰہی کی طرف بڑھایا۔ میں حق تعالیٰ کے جلالِ ہیبت و عظمت سے چیخ اُٹھا۔" (درسِ حیات ۳۰۴)

یہ تو رہا پنڈت جی کا مشاہدہ! لیکن "حضرت" نے جن الفاظ میں اس کی توثیق فرمائی ہے وہ بھی پڑھنے کی چیز ہے۔ راوی کا بیان ہے کہ:

"حضرت نے یہ سُن کر حسبِ عادت تھوڑا سا سکوت فرمایا اور پھر ٹھنڈی سانس لے کر فرمایا مبارک ہو نور اللہ! (پنڈت جی کا نیا نام) اس سے بڑھ کر اور کیا چاہتے ہو؟" (ص ۳۰۴)

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہ! نومسلم پنڈت کا مقامِ عرفان تو اپنی جگہ پر ہے لیکن سچ پُوچھئے تو اس واقعہ کا سارا کریڈٹ "حضرت" کو ملنا چاہیے جن کے فیضانِ صحبت نے ایک نومسلم پنڈت کو عالمِ غیب کا محرم بنا دیا یہاں تک کہ وہ غیب الغیب ذات بھی اس کی نظر سے نہیں چھُپ سکی جیسے گیتی پر حالتِ بیداری میں آج تک کسی نے نہیں دیکھا ہے۔

اب آپ ہی ہماری مظلومی کے ساتھ انصاف کیجئے کہ اتنا کھُلا ہُوا شرک دیوبند کے ان پارساؤں نے اپنے حلق کے نیچے اُتار لیا پھر بھی اُن سے کوئی باز پُرس کرنے والا نہیں ہے اور ہم ایمان کا مظاہرہ کرتے ہیں تو ہمارے لیے قتل کی تجویز ہے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن۔

(۶)

حضرت کی قبر کے عجائب و غرائب

اب تک تو حضرت کی حیات ظاہری کے قصّے آپ سُن رہے تھے اب ان کی وفات کے بعد کے دو قصّے اور سُنیے۔

"درسِ حیات" کے مصنف ان کی قبر کے تصرفات کا حال بیان کرتے ہُوئے لکھتے ہیں:

marfat.com

"وصال کے بعد ایک مدت تک مزار شریف پر لوگوں کا ہجوم رہنے لگا اور پانی، تیل، نمک وغیرہ قبر شریف کے پاس لیجا کر رکھ دیتے اور کچھ دیر کے بعد اٹھا لیتے۔ اس سے بکثرت لوگوں کو فوائد حاصل ہوئے۔" (ص ۳۵۷)

یہ تو رہا صاحبِ قبر کا تصرف، اب قبر کی مٹی کا تصرف ملاحظہ فرمائیے۔ لکھتے ہیں کہ:

"وصال کے بعد سے لوگوں کا ہجوم جو مزار کے پاس آتا وہ پانی وغیرہ رکھنے یا یوں سمجھئے کہ دم کرانے کے بعد تھوڑی تھوڑی مٹی بھی ہر ایک اٹھا کر لیجانے لگا چنانچہ چند روز میں ضرورت پڑ جاتی کہ دوسری مٹی مزار شریف پر ڈالی جائے۔ چنانچہ مولانا ایوب صاحب مرحوم (حضرت کے صاحبزادے) کچھ عرصہ تک جب مٹی کم ہو جاتی نئی نئی مٹی ڈال دیا کرتے۔" (ص ۳۵۸)

لکھا ہے کہ مٹی ڈالتے ڈالتے جب صاحبزادے تنگ آ گئے اور روز روز کی یہ "فری ڈیوٹی" وبالِ جان ہو گئی تو ایک دن آزردہ خاطر ہو کر مزار شریف پر حاضر ہوئے اور نہایت ادب سے عرض کیا:

"حضرت! زندگی میں تو بہت سخت تھے مگر اب مزار شریف پر یہ کیا ہونے لگا ہے۔ اب میں آخری مرتبہ مٹی ڈال رہا ہوں، اس کے بعد اگر گڑھا بھی پڑ جائے گا تو اب میں مٹی نہیں ڈالوں گا۔ اس سلسلے کو بند کروائیے۔" (۳۵۸)

"لختِ جگر" نے مچل کر کہا تھا آخر ناز اٹھانا ہی پڑا۔ اُمیدوں کے بے شمار آبگینے ٹوٹ گئے لیکن "نورِ نظر" کا دل نہیں توڑا جا سکا۔ لکھا ہے کہ:

"اس کے بعد پھر کسی نے مٹی نہیں اٹھائی۔ قطعاً وہ سلسلہ بند ہو گیا اور اب کبھی مٹی ڈالنے کی نوبت نہیں آئی اور پانی، تیل، نمک وغیرہ مزار شریف پر رکھ کر دم کرانے کا خیال بھی اب کسی کو نہ پیدا ہوا اور وہ سلسلہ بھی موقوف ہو گیا۔" (ص ۳۵۸)

صاحبزادے نے جو کچھ کہا تھا وہ صاحبِ مزار سے کہا تھا، آنے والوں کو کس نے روکا کہ وہ یکلخت رُک گئے۔ اس لیے کہنا پڑے گا کہ یہ صاحبِ مزار کا تصرف تھا کہ جب تک چاہا

marfat.com

میلہ لگا اور جب نہیں چاہا اُجڑ گیا۔ گویا اہلِ حاجت کے قلوب ان کے اپنے سینوں میں نہیں بلکہ صاحبِ مزار کی مٹھی میں تھے ، بند کی تو جمع ہو گئے ، کھول دی تو بکھر گئے۔

اب اس واقعہ کے چند اہم نکتوں پر میں آپ سے آپ ہی کے ضمیر کا انصاف چاہتا ہوں:

پہلا نکتہ تو یہ ہے کہ لحد کی آغوش میں اگر کوئی متحرک ، با اختیار اور فیض بخش زندگی نہیں تھی تو صاحبزادے نے خطاب کس کو کیا تھا ؛ درخواست کس سے کی تھی اور کس کے تصرف سے اہل حاجت کا سلسلہ اچانک بند ہوا ؟

دُوسرا نکتہ یہ ہے کہ مزار کے اردگرد صاحبِ مزار کی نسبت کا اثر اگر کارفرما نہیں تھا تو قبر کی مٹی اور اس کے قریب رکھے جانے والے تیل اور پانی سے بہ کثرت لوگوں کو فائدہ کیوں پہنچ رہا تھا ؟

تیسرا نکتہ یہ ہے کہ صاحبِ مزار نے اپنی قوتِ تصرف سے جو سلسلہ بند کیا اس کے متعلق دریافت کرنا ہے کہ شریعت کی طرف سے بھی اس کے بند کرنے کا مطالبہ تھا یا نہیں ؛ اگر تھا تو اس الزام کا کیا جواب ہے کہ شریعت کے کہنے پر تو نہیں بند کیا جب بیٹے نے کہا تو بند کر دیا۔

چوتھا نکتہ یہ ہے کہ اپنی زندگی میں جب صاحبِ مزار کو یہ امور ناپسندیدہ تھے تو مرنے کے بعد کیونکر پسندیدہ ہو گئے۔ آخر وہاں پہنچ کر حقیقت کا کون سا نیا عرفان حاصل ہُوا جس نے عقیدے کا مزاج بدل دیا۔ اور جس مشرب کے خلاف ساری زندگی لڑتے رہے مرنے کے بعد اس کے ساتھ صُلح کرنا پڑی۔

پانچواں نکتہ یہ ہے کہ صاحبزادگان و متعلقین کو اگر یہ بات پہلے ہی سے معلوم تھی کہ خلاف شرع ہونے کے باعث اہل حاجت کا یہ میلہ صاحبِ مزار کو پسند نہیں ہے تو انھوں نے دینی جذبے کے زیرِ اثر پہلے ہی دن اُسے کیوں نہیں روکا جب مٹی ڈالتے ڈالتے تنگ آ گئے تب روکنے کا خیال پیدا ہوا اور وُہ بھی خود نہیں بلکہ صاحبِ مزار سے درخواست کی

marfat.com

کہ آپ روک دیجئے۔

چھٹا نکتہ یہ ہے کہ بیٹے کی ضد پر جس قوتِ تصرف کے ذریعہ صاحبِ مزار نے یہ سلسلہ بند کیا، وہ قوت دُوسرے اصحابِ مزار کو بھی حاصل ہے یا نہیں؟ اگر حاصل ہے تو روکنے کی طاقت رکھتے ہُوئے بھی جب وُہ نہیں روکتے تو کیا اس سے یہ نتیجہ اخذ نہیں کیا جا سکتا کہ وہ لوگ ان تمام امور کو پسندیدہ نظروں سے دیکھتے ہیں اور جب صالحین کے سارے گروہ اسے پسند کرتے ہیں تو کوئی وجہ نہیں کہ اللہ و رسول کے نزدیک بھی وہ پسندیدہ نہ ہو۔

(۷)

مرنے کے بعد غیبی قوتِ ادراک کا ایک اور قصّہ

درسِ حیات کے مصنف نے "حضرت" کی وفات کے بعد کا ایک قصّہ اور بیان کیا ہے۔ لکھا ہے کہ ایک صاحب جو "حضرت" کے متوسلین میں ہیں ایک سخت مرض میں مبتلا ہُوئے۔

"جب ہر طرف سے علاج کر کے تھک گئے تو ایک روز حضرت کو خواب میں دیکھا فرما رہے ہیں سلمان (حضرت کے صاحبزادے) سے کہو ہومیوپیتھک کی فلاں دوا فلاں نمبر کی دے دے۔

یہ صبح اُٹھ کر سلمان بابُو کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اپنے مرض کا حال بیان کیا۔ وُہ یونانی کے ساتھ ہومیوپیتھک علاج بھی کرتے تھے۔ حالانکہ انھوں نے خواب کا واقعہ ابھی ذکر نہیں کیا تھا وہ اُٹھے اور الماری میں سے وہی دوا اسی نمبر کی نکال کر ان کو دی جو حضرت نے فرمائی تھی۔"

(ص ۳۶۲)

بعد مرگ بھی اگر غیبی علم و ادراک کی قوت حضرت کو حاصل نہیں تھی تو انھوں نے قبر میں لیٹے لیٹے کیسے معلوم کر لیا کہ میرا فلاں مرید سخت مرض میں مبتلا ہو گیا ہے اور یہ بھی معلوم کر لیا کہ اُسے فلاں مرض ہے اور وُہ علاج سے مایوس بھی ہو گیا ہے اور یہ بھی دریافت کر لیا کہ ہومیوپیتھک میں اس کی دوا یہ ہے اور اتنے نمبر کی ہے، حالانکہ وُہ ہومیوپیتھک

marfat.com

ڈاکٹر بھی نہیں تھے۔

ساتھ ہی تصرّف کی یہ قوت بھی ملاحظہ فرمائیے کہ وُہ اپنے مرید کے پاس خواب میں تشریف بھی لائے اور ہدایت کر گئے کہ سلمان بابُو سے فلاں دوا فلاں نمبر کی حاصل کرلو۔

دُنیا سے اگر انصاف رخصت نہیں ہوگیا ہے تو اہل انصاف اس کا ضرور فیصلہ کریں گے کہ جب اپنے وفات یافتہ بزرگوں کے بارے میں اہلِ دیوبند کا عقیدہ ہے کہ وُہ زندہ ہیں، صاحبِ اختیار ہیں اور ہر طرح کے تصرف کی قدرت رکھتے ہیں تو انبیاء و اولیاؑ کے بارے میں اسی عقیدے کے سوال پر تنو برس سے وُہ ہمارے ساتھ کیوں برسرپیکار ہیں، کیوں ان کا پریس زہر اُگلتا ہے، کیوں اُن کے خطیب ہم پر آگ برساتے ہیں، کیوں ہمیں وہ گور پرست، قبر پُجو اور شرک کے الزام سے مطعون کرتے ہیں۔

مجھے یقین ہے کہ آج نہیں تو کل ان کے نمائشی اسلام اور مصنوعی توحید پرستی کا طلسم ٹوٹ کر رہے گا۔ باخبر دُنیا کو زیادہ دنوں تک وُہ دھوکے میں نہیں رکھ سکتے۔

---

marfat.com

ضمیر کا فیصلہ

کتاب کے خاتمے پر اب میں آپ کے ضمیر کا ایک کھلا ہوا فیصلہ چاہتا ہوں جو کسی خارجی جذبے کے زیر اثر ہونے کی بجائے صرف انصاف و حقیقت پر مبنی ہو۔

پچھلے اوراق میں علمائے دیوبند کے بزرگوں کے جو واقعات و حالات آپ نے پڑھے ہیں چونکہ اس کے راوی بھی خود علمائے دیوبند ہی ہیں، اس لیے اب یہ الزام ناقابلِ تردید ہو گیا ہے کہ جن اعتقادات کو یہ حضرات انبیاء و اولیاء کے حق میں شرک قرار دیتے ہیں انہی کو اپنے گھر کے بزرگوں کے حق میں کیونکر جائز ٹھہرا لیا ہے؟

اور وہ بھی صرف کسی ایک آدھ کے بارے میں اس طرح کی روایت ہمیں ملتی تو ہم اسے سوءِ اتفاق یا لغزشِ قلم پر محمول کر لیتے لیکن حضرت شاہ امداد اللہ صاحب سے لے کر مولوی سید احمد بریلوی، شاہ اسمٰعیل دہلوی، شاہ عبدالقادر دہلوی، مولوی محمد یعقوب صاحب نانوتوی، مولوی رفیع الدین صاحب دیوبندی، مولوی محمد قاسم صاحب نانوتوی، مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی، مولوی محمود الحسن صاحب دیوبندی، مولوی اشرف علی صاحب تھانوی اور مولوی حسین احمد صاحب مدنی تک اتنے سارے دیوبندی اکابر کے متعلق ایک ہی طرح کے واقعات کا تسلسل کیا ہمیں یہ سوچنے پر مجبور نہیں کرتا کہ جس طرح انبیاء کے حق میں انکار و نفی کے سوال پر سب متفق تھے بالکل اسی طرح گھر کے بزرگوں کے حق میں اقرار و اثبات کے سوال پر بھی سب متحد ہیں، نہ وہاں قلم کا کوئی نسیان تھا نہ یہاں قلم سے کوئی سہو واقع ہوا ہے۔

اب یہ ایک الگ سوال ہے کہ ایک ہی طرح کے معتقدات کو انبیاء کے حق میں انہوں نے شرک قرار دیا اور اُن سے نفی کی اور اُنہی کو گھر کے بزرگوں کے حق میں جائز ٹھہرایا اور ان کا اثبات کیا۔

اگر واقعی وہ صفات و کمالات خدا کے ساتھ مخصوص نہیں تھے اور کسی مخلوق میں انھیں تسلیم کرنا موجبِ شرک نہیں تھا تو پھر انبیاء و اولیاء کے حق میں شرک کا حکم کیوں صادر کیا؟

marfat.com

اور اگر وہ صفات و کمالات خدا کے ساتھ مخصوص تھے اور کسی مخلوق میں انھیں تسلیم کرنا قطعاً موجبِ شرک تھا تو اپنے گھر کے بزرگوں کے حق میں کیوں انھیں جائز ٹھہرالیا گیا؟

ان سوالوں کے جوابات کے لیے میں آپ سے آپ ہی کے ضمیر کا فیصلہ چاہتا ہوں۔ اس کے علاوہ بھی اگر کوئی جواب ہو سکتا ہے تو بتایئے کہ جسے اپنا سمجھا گیا اس کے فضل و کمال کے اعتراف کے لیے کوئی جگہ نہیں بھی تھی تو بنا لی گئی اور جو اپنے تئیں بیگانہ تھا اس کے قرار واقعی مجد و شرف کے اظہار میں بھی دل کا بخل چھپایا نہ جا سکا۔

کتاب کی آخری سطر لکھتے ہوئے میں خوشی محسوس کرتا ہوں کہ میں اپنے علم و اطلاع اور ایمان و عقیدت کے اخلاقی فرض سے آج سبکدوش ہو گیا۔

میں نے شواہد و دلائل کے ساتھ اپنا استغاثہ آپ کی عدالت میں پیش کر دیا ہے فیصلہ دیتے وقت اس بات کا لحاظ رکھئے گا کہ قبر سے لے کر حشر تک کسی عدالت میں بھی آپ کا فیصلہ ٹوٹنے نہ پائے۔ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَحِزْبِہٖ اَجْمَعِیْن۔

تمّت بالخیر

marfat.com

زلزلہ پر مولانا عامر عثمانی مدیر "تجلّی" دیوبند کا

تبصرہ

اس کتاب کے فاضل مصنف بریلوی مکتبۂ فکر سے تعلق رکھتے ہیں۔ ہمیں یہ کہتے ہوئے خوشی محسوس ہوتی ہے کہ ان کا اندازِ تحریر عام بریلوی اربابِ قلم کی معروف خامیوں سے خاصی حد تک پاک ہے اور ان کے علم کلام میں معقولیت کا عنصر بڑی مقدار میں پایا جاتا ہے۔ یہ الگ بات ہے کہ ابھی ان میں پوری پختگی نہ آئی ہو۔

کتاب کا نام کچھ مناسب نہیں معلوم ہوا، اس افسانوی نوع کے نام نے کتاب کی علمی ثقاہت کو مجروح کیا ہے۔ کاش! کوئی ایسا نام رکھا جاتا جس میں ثقاہت کے علاوہ نفس موضوع کی طرف اشارہ ہوتا۔

اس کتاب میں صاحبِ کتاب نے علمائے دیوبند کی تحریروں سے یہ واضح کیا ہے کہ یہ حضرات عقائد کے معاملے میں سخت تضادات کا شکار ہیں اور جن امور کو یہ بریلویوں کے تعلق سے بدعت، شرک اور کفر وغیرہ لکھتے ہیں انھیں وہ اپنے بزرگوں کے لیے عین ایمان قرار دیتے ہیں۔

بات اگر اس اوندھے علم کلام کی ہوتی جس کا مظاہرہ بریلوی مکتب فکر کی طرف سے بالعموم پمفلٹوں اور پوسٹروں وغیرہ میں کیا جاتا رہتا ہے تو ہم نوٹس ہی نہ لیتے مگر یہ کتاب دستاویزی حقائق اور ناقابلِ تردید شواہد پر مشتمل ہے اور فاضل مصنف اکثر و بیشتر سنجیدگی کا دامن تھامے رہے ہیں لہٰذا کوئی وجہ نہیں کہ ہم بے لاگ تبصرے کا فرض ادا نہ کریں۔

کتاب کی ترتیب یوں ہے کہ مصنف ایک طرف تو حضرت اسمٰعیل شہید کی تقویۃ الایمان اور بعض اور علمائے دیوبند کی کتابوں سے یہ دکھلاتے جاتے ہیں کہ انبیاء و اولیاء کے حق میں

marfat.com

علم غیب اور تصرف وغیرہ کے عقیدے کو علمائے دیوبند نے شرک و بدعت اور خلافِ توحید کہا ہے اور دوسری طرف یہ دکھلاتے ہیں کہ خود اپنے بزرگوں کے حق میں یہ سارے عقائد علمائے دیوبند کے یہاں موجود ہیں۔

بات یقیناً تشویشناک ہے۔ مصنف نے ایسا ہرگز نہیں کیا ہے کہ ادھر ادھر سے چھوٹے موٹے فقرے لے کر ان سے مطالب پیدا کیے ہوں بلکہ پوری پوری عبارتیں نقل کی ہیں اور اپنی طرف سے ہرگز کوئی معنی پیدا نہیں کیے ہیں ہم اگرچہ حلقۂ دیوبند ہی سے تعلق رکھتے ہیں لیکن ہمیں اس اعتراف میں کوئی تامل نہیں کہ اپنے ہی بزرگوں کے بارے میں ہماری معلومات میں اس کتاب نے اضافہ کیا اور ہم حیرت زدہ رہ گئے کہ دفاع کریں تو کیسے؟ دفاع کا سوال نہیں پیدا ہوتا۔ کوئی بڑے سے بڑا منطقی اور علامۃ الدہر بھی ان اعتراضات کو دفع نہیں کر سکتا جو اس کتاب کے مشتملات متعدد بزرگان دیوبند پر عائد کرتے ہیں۔ ہم اگر عام روش کے مطابق اندھے مقلد اور فرقہ پرست ہوتے تو بس اتنا ہی کر سکتے تھے کہ اس کتاب کا ذکر ہی نہ کریں لیکن خدا بچائے اشخاص پرستی اور گروہ بندی کی باطل ذہنیت سے، ہم اپنا دیانتدارانہ فرض سمجھتے ہیں کہ حق کو حق کہیں اور حق یہی ہے کہ متعدد علمائے دیوبند پر تضاد پسندی کا جو الزام اس کتاب میں دلیل و شہادت کے ساتھ عائد کیا گیا ہے وہ اٹل ہے۔

یہ دیوبندیوں کے لٹریچر کی خاصی مشہور کتابیں ——— ارواح ثلٰثہ، "تذکرۃ الرشید، سوانح قاسمی، اشرف السوانح، الجمعیۃ کا شیخ الاسلام نمبر، انفاس قدسیہ وغیرہ۔ ان کی صورتیں دیکھنے اور کہیں کہیں سے پڑھنے کا شاید ہمیں بھی اتفاق ہوا ہو لیکن یہ "زلزلہ" ہی سے منکشف ہوا کہ ان میں کیسے کیسے عجوبے اور کیسی کیسی اَن کہنیاں محفوظ ہیں۔ استغفر اللہ، ثم استغفر اللہ۔ واقعہ یہ ہے کہ فحش ناول بھی اپنے قارئین کو اتنا نقصان نہیں پہنچا سکتے جتنا ان کتابوں نے پہنچایا ہوگا ان کے باقی اوراق پر چاہے حقائق و معارف کے ڈھیر لگے ہوئے ہوں لیکن جو اقتباسات "زلزلہ" میں نقل کیے گئے ہیں وہ بجائے خود اس کے لیے کافی ہیں کہ سادہ لوح قارئین کی دھجیاں اڑا دیں اور خدا پرستی کی جگہ انہیں "بزرگ پرستی" کا ایسا سبق دیں جس کے زہر کا کوئی تریاق نہ ہو۔

marfat.com

مصنف بار بار پوچھتے ہیں کہ علمائے دیوبند کے اس تضاد کا جواب کیا ہے۔ انصاف تو یہ ہے کہ اس سوال کا جواب مولانا منظور نعمانی یا مولانا محمد طیب صاحب کو دینا چاہئے، مگر وہ کبھی نہ دیں گے کیونکہ جو اعتراض ایک ناقابل تردید صداقت کی حیثیت رکھتا ہو۔ اس کا جواب دیا بھی جا سکتا ہے مگر ہمیں چونکہ علمائے دیوبند کی اندھی وکالت نہیں کرنی ہے اس لئے موٹا سا جواب ہم دیتے ہیں کہ مرحوم علمائے دیوبند صرف عالم ہی نہیں تھے بلکہ صوفی اور شیخ بھی تھے تصوف کتنا ہی محتاط ہو وہ اپنے ساتھ کشف و کرامات اور تحیرات و تصرفات کے طلسم خانے ضرور لاتا ہے پھر یہ طلسم خانے مریدانِ باصفا کی اندھی عقیدت مندیوں اور خوش فہمیوں کی آمیزش سے تہ در تہ ہوتے چلے جاتے ہیں یہاں تک کہ شریعت کے محکم اصول و عقائد کے لیے ان کی حیثیت چیلنج کی ہو جاتی ہے اور قرآن و سنت کو معیار بنانے والے ناقدین کی زبانیں یہ کہنے پر مجبور ہو جاتی ہیں کہ تصوف نشہ ہے، سفسطہ ہے، شریعت کا دشمن ہے۔

ہمارا خیال ہے کہ تذکرۃ الرشید اور سوانح قاسمی اور اشرف السوانح جیسی کتابوں سے کچھ یہ توقع رکھنی ہی نہیں چاہیے کہ وہ افسانہ تراشیوں اور مغالطوں کی آمیزش سے پاک ہوں گی۔ ارادت مند حضرات جب اپنے ممدوحوں کے تذکرے لکھتے ہیں تو ناممکن ہو جاتا ہے کہ وہ فن روایت کے اس اعلیٰ اور احوط معیار کا لحاظ رکھ سکیں جس کے ذریعہ احادیث کو جانچا پرکھا جاتا ہے اس لیے رونا صرف ان مریدانِ باصفا کا نہیں جو غیر عالم ہیں بلکہ اس وادی میں تو اچھے اچھے علامہ اور "روشن فکر" حضرات بھی ایک ہی رنگ میں رنگے نظر آتے ہیں۔ یہ سوانح قاسمی کے فاضل مرتب مولانا مناظر احسن گیلانی نور اللہ مرقدہٗ کیا معمولی درجے کے عالم تھے؟ یہ تذکرۃ الرشید کے عالی قدر مرتب مولانا عاشق الٰہی میرٹھی رحمۃ اللہ علیہ کیا جہلاء کی صف میں تھے؟ یہ انفاس قدسیہ کے محترم مدون مفتی عزیز الرحمٰن صاحب بجنوری کیا بے پڑھے لکھے آدمی ہیں؟ یہ الجمعیۃ کا شیخ الاسلام نمبر اور خواجہ غریب نواز نمبر شائع کرنے والے کیا غیر عالم ہیں؟ اور یہ ارواحِ ثلثہ کے مصنف امیر شاہ خاں کیا کباڑی بازار کی جنس تھے؟ نہیں، یہ سب ماشاء اللہ لائق فائق علمائے شریعت ہیں اور دوسروں کے افکار و عقاید پر اعتراضات کی بوچھار کرنے میں ان کی اہلیت مشین گن سے کم نہیں ہے مگر یہی مکرم حضرات جب اپنے ممدوحوں اور

marfat.com

بزرگوں کے احوال بیان کر بیٹھے ہیں تو نقد و نظر کی ساری صلاحیتوں کو بالائے طاق رکھ دیتے ہیں اور یہ تک بھول جاتے ہیں کہ ہم نے کب کیا فتویٰ اور فیصلہ دیا تھا خود ہم نے اور ہمارے معتمد بزرگوں نے کس قدر شد و مد سے توحید و شرک اور سُنّت و بدعت کے کیا کیا عقدے کھولے ہیں۔

بات تلخ ہے مگر سَو فیصدی درست کہ دیو بندی مکتب فکر کے خمیر میں بھی اندھی تقلید اور مسلکی تعصبات کی اچھی خاصی مقدار گندھی ہُوئی ہے۔ اس مکتب کا کم و بیش ہر عالم پہلے دن سے اس خوش فہمی میں مبتلا ہے کہ ہر کسی نے قرآن کو پُوری طرح سمجھا ہے تو وہ ہمارے فلاں شیخ التفسیر ہیں۔ اگر علم الحدیث کی تہ تک کوئی پہنچا ہے تو وہ ہمارے فلاں شیخ الحدیث پہنچے ہیں۔ اگر ولایت و نبوّت اور طریقت و تصوّف کے اسرار و معارف پر کسی نے عبور حاصل کیا ہے تو ہمارے فلاں فلاں شیوخ ہیں۔ اس خوش فہمی کے ساتھ یہ عقیدہ بھی دلوں میں جاگزیں کر لیا گیا ہے کہ وہ محفوظ عن الخطاء بھی ہیں۔ معصوم تو اس لیے نہیں کہہ سکتے کہ ایک عامی بھی عصمت کو انبیاء کا مخصوص وصف سمجھتا ہے مگر محفوظ کی اصطلاح کا سہارا لے کر وہ عملاً انھیں معصوم ہی تصوّر کیے ہُوئے ہیں۔ ان کا پختہ خیال ہے کہ ان کا ہر بزرگ زہد و تقویٰ کے علاوہ عقل و دانش میں بقراط و ارسطو سے کسی طرح کم ہرگز نہیں۔

شاید یہی وجہ ہے کہ مولانا حسین احمد رحمۃ اللہ علیہ نے ردِّ مودودیت کی بسم اللہ کی تو اب سارے متوسلین اور اربابِ حلقہ اور اہلِ تعلق پر واجب ہو گیا کہ یہی راگ مسلسل الاپے جائیں اور ایک ایک اعتراض و الزام کا جواب خواہ کتنی ہی قوت اور معقولیت کے ساتھ دے دیا گیا ہو مگر ضد اور اندھی تقلید کے محاذ سے بے تکان وہی گھڑے گھڑائے نعرے اور ڈھلی ڈھلائی چرب زبانیاں نشر کیے جائیں۔

خیر مولانا مودودی کا اور ان صلحاء کا فیصلہ تو انشاء اللہ اب یومِ حشر میں ہو گا مگر یہ کتاب "زلزلہ" جو نقد جواب طلب کر رہی ہے اس سے عہدہ برآ ہونے کی صورت آخر کیا ہو گی۔ اپنی کسی غلطی کو تسلیم کرنا تو ہمارے آج کے بزرگانِ دیو بند نے سیکھا ہی نہیں۔ انھوں نے صرف یہ سیکھا ہے کہ اپنی کہے جاؤ اور کسی کی مت سُنو۔ انشاء اللہ اس کتاب کے

marfat.com

ساتھ بھی ان کا سلوک اس سے مختلف نہیں ہوگا۔

اس کتاب نے ہمیں ہمارے بزرگوں کی جن محیر العقول کرامتوں سے آگاہ کیا ہے ان کو تو خیر کیا کہئے ایک نادر اقتباس یہاں ہم ضرور نقل کریں گے جس نے ہمیں ورطۂ حیرت میں ڈال دیا ہے۔

سید اسمٰعیل شہید کے بارے میں ہم یقین رکھتے تھے کہ انھوں نے اعلائے کلمۃ الحق کی راہ میں جان دی اور آج بھی یقین رکھتے ہیں۔ مگر یہ ہمارے مرحوم و مغفور اُستاد مولانا مدنی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب "نقشِ حیات" میں فرماتے ہیں:

"سید صاحب کا اصل مقصد چونکہ ہندوستان سے انگریزی تسلط اور اقتدار کا قلع قمع کرنا تھا جس کے باعث ہندو اور مسلمان دونوں ہی پریشان تھے۔ اس بناء پر آپ نے اپنے ساتھ ہندوؤں کو بھی شرکت کی دعوت دی اور صاف صاف انھیں بتا دیا کہ آپ کا واحد مقصد ملک سے بدیسی لوگوں کا اقتدار ختم کرنا ہے اس کے بعد حکومت کس کی ہوگی؟ اس سے آپ کو غرض نہیں ہے جو لوگ حکومت کے اہل ہوں گے ہندو یا مسلمان یا دونوں، وہ حکومت کریں گے۔" (نقش حیات ج ۲، ص ۱۳)

اس پر زلزلہ کے مرتب نے جو ریمارک دیا ہے وہ یہ ہے:

"آپ ہی انصاف سے بتائیے کہ مذکورہ حوالہ کی روشنی میں سید صاحب کے اس لشکر کے متعلق سوا اس کے اور کیا رائے قائم کی جا سکتی ہے کہ وہ ٹھیک انڈین نیشنل کانگریس کے رضاکاروں کا ایک دستہ تھا جو ہندوستان میں سیکولر اسٹیٹ (لادینی حکومت) قائم کرنے کے لیے اٹھا تھا۔" (ص ۱۴۲)

ہم کتنی ہی جانبداری سے کام لیں زیادہ سے زیادہ یہ کہہ سکتے ہیں کہ اس ریمارک میں لفظاً تلخی آ گئی ہے لیکن معنوی اور منطقی اعتبار سے بھی اس میں کوئی نقص ہے، کوئی افتراء ہے، کوئی زیادتی ہے؟

کوئی شک نہیں اگر اُستاد محترم حضرت مدنی کے ارشاد گرامی کو درست مان لیا جائے

marfat.com

توحضرت اسمٰعیل کی شہادت محض افسانہ بن جاتی ہے۔ مادی پریشانیوں کو رفع کرنے کیلئے غیر ملکی حکومت کے خاتمے کی کوشش کرنا ذرا بھی مقدس نصب العین نہیں اس نصب العین میں کافر و مومن سب یکساں ہیں اس طرح کی کوشش کے دوران مارا جانا اس شہادت سے بھلا کیا تعلق رکھے گا جو اسلام کی ایک معزز ترین اور مخصوص اصطلاح ہے اور اس طرح کی کوششوں کے نتیجہ میں قید و بند کی مصیبتیں اٹھانا اجر آخرت کا موجب کیوں ہوگا؟

مولانا مودودی نے تصوف کو "چنیا بیگم" لکھ دیا تھا۔ تشبیہ یقیناً خاردار تھی اِدھر سے اُدھر تک زلزلہ آگیا۔ آج تک سارے مشائخ نے انھیں معاف کیا ہے لیکن نشہ کے علاوہ اس کی توجیہ آخر کیا کریں گے کہ حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی یا حضرت مولانا اشرف علی جیسے بزرگ جب فتوے کی زبان میں بات کرتے ہیں تو ان احوال و عقائد کو برملا شرک، کفر اور بدعت و گمراہی قرار دیتے ہیں جن کا تعلق غیب کے علم اور روحانی تصرف اور تصور شیخ اور استمداد بالارواح جیسے امور سے ہے لیکن جب طریقت و تصوف کی زبان میں کلام کرتے ہیں تو یہی سب چیزیں عین امر واقعہ، عین کمال ولایت اور علامت بزرگی بن جاتی ہیں۔

اگر ہم فرض کرلیں کہ ان بزرگوں کی طرف دیگر مصنفین نے جو کچھ منسوب کر دیا ہے، وہ مبالغہ آمیز ہے، غلط ہے۔ حقیقت سے بعید ہے تو بیشک ان بزرگوں کی حد تک ہمیں اعتراض سے خلاصی مل جائے گی۔ لیکن یہ دیگر مصنفین بھی تو "علمائے دیوبند" ہی ہیں ان کی یہ کتابیں بھی تو حلقۂ دیوبند ہی میں بڑے ذوق و شوق سے تلاوت فرمائی جاتی ہیں اور کسی اللہ کے بندے کی زبان پر یہ اعلان جاری نہیں ہوتا کہ ان خرافات سے ہم برأت ظاہر کرتے ہیں۔ برأت کیا معنی ہمارے موجودہ بزرگ پورا یقین رکھتے ہیں کہ ان کتابوں میں علم غیب اور فریاد رسی اور تصرفات روحانی اور کشف و الہام کے جو کمالات ہمارے مرشدین کی طرف منسوب ہیں، وہ بالکل حق ہیں سچے ہیں۔ پھر آخر ازالۂ اعتراض کی صورت کیا ہو؟

ہمارے نزدیک جان چھڑانے کی ایک ہی راہ ہے یہ کہ یا تو تقویۃ الایمان اور فتاویٰ رشیدیہ اور فتاویٰ امدادیہ اور بہشتی زیور اور حفظ الایمان جیسی کتابوں کو چوراہے پر رکھ کر آگ

marfat.com

دے دی جائے اور صاف اعلان کر دیا جائے کہ ان کے مندرجات قرآن و سنّت کے خلاف ہیں اور ہم دیوبندیوں کے صحیح عقائد ارواحِ ثلثہ اور سوانح قاسمی اور اشرف السوانح جیسی کتابوں سے معلوم کرنے چاہئیں۔ یا پھر ان موخر الذکر کتابوں کے بارے میں اعلان فرمایا جائے کہ یہ تو محض قصّے کہانیوں کی کتابیں ہیں جو رطب و یابس سے بھری ہوئی ہیں اور ہمارے صحیح عقائد وہی ہیں جو اوّل الذکر کتابوں میں مندرج ہیں۔

'زلزلہ' کے مصنف نے ناچیز تبصرہ نگار کا بھی ایک اقتباس "تجلّی" سے دیا ہے:

" ان لوگوں کو اپنے دماغ کی مرمّت کرانی چاہیے جو یہ لغو ترین اور احمقانہ دعویٰ کرتے ہیں کہ رسول اللہ کو علمِ غیب تھا۔"

الحمدُ للہ! ہمیں اس اقتباس پر کوئی پچھتاوا نہیں، نہ ہمیں دفاع کی ضرورت ہے دفاع کی ضرورت تو اس وقت ہوتی جب ہم نے بھی دیوبندی بزرگ کے ایسے قول یا حال کی توثیق ہوتی جس سے ہمارے اس عقیدے پر حرف آتا مگر الحمدُ للہ! ہمارا دامن اس سے پاک ہے۔ ہم ہرگز ان لوگوں میں نہیں ہیں جو شخصیت پرستی میں مبتلا ہوں۔ ہم ارواح ثلثہ اور سوانح قاسمی جیسی کتابوں کو ذرا بھی مقدس نہیں سمجھتے۔

البتہ یہ وضاحت ہم کر دیں کہ اس اقتباس میں ہم نے کیا کہنا چاہا ہے۔

ہر پڑھا لکھا آدمی جانتا ہے کہ "علم غیب" ایک اصطلاح ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ جو چیزیں حواس خمسہ کے دائرہ عمل سے باہر ہوں انہیں بغیر کسی وسیلے اور ذریعہ کے جاننا۔ علم بحث کا خلاصہ یہ ہے کہ کچھ لوگ اس بات کے مدعی ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلّم کو تمام ماکان ومایکون کا علم تھا یعنی ازل سے لے کر ابد تک ہر شئے کا علم کچھ لوگ آنا تو تسلیم نہیں برتتے مگر ان کا خیال ہے کہ حضور ان تمام مغیبات کے عالم ضرور تھے جن کا تعلق ان کی ذات یا اُمت کے احوال سے ہے۔

ہمارے نزدیک پہلا گروہ تو جہالت و سفاہت کی آخری منزل میں ہے اور ہمارے مذکورہ اقتباس کا ہدف فی الحقیقت یہی گروہ ہے۔ "علم غیب" کے حدود کی تصریح اگرچہ

marfat.com

اس اقتباس میں نہیں لیکن "تجلّی" میں مختلف اوقات میں جو بحثیں اس موضوع پر ہوتی رہیں ان کے سیاق و سباق میں ہر طالب حق دیکھ سکتا ہے کہ ہم لغو ترین اور احمقانہ عقیدہ علم غیب کلّی ہی کو قرار دیتے ہیں۔

رہا دُوسرے گروہ کا عقیدہ تو یہ بھی ہمارے نزدیک پُورے طور پر درست نہیں۔ ہم مانتے ہیں اور کون مسلمان ہوگا جو اسے نہ مانے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم فداہ ابی وامّی کو بے شمار ان مغیبات کا علم تھا جن کا علم کسی بھی اُمتی کی دسترس سے باہر ہے۔ آپ دُنیا کے سب سے اعلم یعنی باخبر اور جاننے والے انسان تھے۔ علوم غیبیہ کے معاملے میں آپ کے علم کو تمام اُمّت کے مجموعی علم سے کم و بیش ایسی ہی نسبت ہے جیسے سمندر کو قطرے سے۔ لیکن اسی کے ساتھ ہمارا یہ عقیدہ اور دعویٰ بھی ہے کہ اس کثرت علم و خبر کے باوجود آپ پر "علم غیب" کی اصطلاح کو منطبق نہیں کیا جا سکتا۔ یہ اصطلاح اللہ کیلئے خاص ہے اور خاص اس لیے ہے کہ کسی بھی شے کے علم میں اللہ تعالیٰ وسائل و ذرائع کا محتاج نہیں بلکہ ہر شے ازل سے ابد تک کُلّاً اور جزوًا اس کے سامنے موجود ہے اس کے برخلاف حضور کو جو علم ملا وہ وسائل و ذرائع کے توسط سے ملا۔ مثلاً آپ نے بے شمار اشیائے غیب کو آنکھوں سے دیکھا تو یہ شہود علم غیب کے دائرے کی چیز نہیں، بلکہ کُھلے طور پر یہ ذرائع سے مربُوط ہے۔ اللہ نے جو کچھ دکھانا مناسب سمجھا اس کے لیے ذرائع استعمال فرمائے۔ ذرائع میں ملائکہ میں شامل ہیں اور ایسی خاص الخاص قوتیں بھی جن کا کوئی نام ہم نہیں رکھ سکتے۔ آج ایتھر اور ریڈیائی لہریں دریافت کر لی گئی ہیں جو منٹوں میں کروڑوں میل کی خبر لاتی ہیں پھر کیوں نہ اسی طرح کی بلکہ ان سے زیادہ تیز رو اور قوی اشیاء اس کائنات میں موجود ہوں گی جن کے ذریعہ اللہ نے منٹوں میں اپنے رسُول کو آسمانوں کی سیر کرا دی۔ اس سیر میں حضور کی اپنی قوت یا ارادے کا کوئی دخل نہیں تھا۔

عام زندگی میں بے شمار واقعات ہیں جن سے حضور کی غیب دانی کا پتہ چلتا ہے۔ لیکن ان میں ایک بھی ایسا ثابت نہیں کیا جا سکتا جو کسی نہ کسی واسطے سے مربُوط رہا ہو۔ ملائکہ یا وحی مخفی یا کشف کی کوئی اور روحانی تکنیک حتیٰ کہ اگر بعض علماء کی اس رائے کو

marfat.com

قبول کر لیا جائے اور ہمارے نزدیک اسے قبول کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں کہ انبیاء علیہم السلام کو حواس خمسہ کے علاوہ بھی کوئی شئے ایسی بخشی گئی تھی جس سے وُہ مغیبات کا ادراک کر لیتے تھے اسے باطن کی آنکھ کہیے یا کوئی اور نام دیجیے۔ بہر حال یہ بھی ایک وسیلے ہی کی حیثیت رکھتی ہے اور بلا ریب ثابت ہے کہ یہ آنکھ لامحدود نہیں تھی بلکہ اس کا دائرہ کار محدود تھا اور اسی تحدید کی وجہ سے انبیاء کی زندگی میں بے شمار واقعات ایسے ملتے ہیں جن سے پتہ چلتا ہے کہ کچھ چیزیں کچھ واقعات کچھ حوادث کُلاً یا جزواً کچھ مدت کے لیے یا زیادہ مُدت کے لیے ان سے مخفی بھی رہے ہیں ایسا نہیں تھا کہ اللہ جل شانہٗ کی طرح ہر شئے ہر وقت اُن کے دائرۂ علم میں ہو ان کی مخفی آنکھ ان تمام اشیاء کو تو لازماً دیکھ لیتی تھی جن کا دیکھنا دعوتِ دین کے مصالح کے لیے ضرور تھا یہ خاصیت اللہ ہی نے اس میں رکھی تھی تاکہ فرائض نبوت کی ادائیگی میں رکاوٹ واقع نہ ہو لیکن جن امور کا تعلق ان مصالح سے نہیں تھا انھیں دیکھتے رہنے کی زحمت اس آنکھ کو نہیں دی گئی۔

خلاصۂ کلام یہ کہ اللہ کے سوا جس نے بھی جو کچھ جانا وسائط و وسائل کے توسل سے جانا۔ یہ وسائط خواہ کتنے ہی لطیف اور مخفی اور حیران کن رہے ہوں۔ یہ بہر حال انسانی علم کو اللہ کے اس غیب سے جدا کرنے والے ہیں جو ہر وقت ہر شئے کو بلا واسطہ محیط ہے۔

اس سے ظاہر ہوا کہ ہم نہ تو انبیاء علیہم السلام کی لغوی غیب دانی کے انکاری ہیں نہ اولیاء اللہ کے کشف و کرامات کو خالص انسانہ تصور کرتے ہیں بلاشبہ اولیاء اللہ کو صفائ قلب کے نتیجہ میں بے شمار مغیبات کا ایسا علم ہوتا ہے جسے شہود کہا جائے تو غلط نہیں اور ان کی روحانی قوتیں کسی نہ کسی حد تک تصرف کی استعداد بھی رکھتی ہیں روحوں سے امداد قلبی یا مراقبے کے ذریعہ تصرف یا کشف و الہام کی جتنی بھی صورتیں ہیں سب کے ردّ و قبول کا پیمانہ ہم قرآن و سنت کو قرار دیتے ہیں نہ کہ فرمودات مشائخ کو۔ ہمارے نزدیک کسی بڑے سے بڑے بزرگ کا حال یا قال درخور اعتنا نہیں ہے اگر وُہ قرآن و سنت کے عطا فرمودہ عقائد و نظریات سے متصادم ہو ہم کسی امیر شاہ خاں یا مولانا مناظر احسن گیلانی یا فلاں فلاں روایتوں کو محض اس بناء پر مثل وحی تصور نہیں کر لیں گے کہ یہ حضرات

marfat.com

ہمارے بزرگوں میں داخل ہیں۔ ہم ان کے ارشاد کی حتی الوسع تاویل حسن کریں گے اور جب گنجائش نہ ہوگی تو صاف کہہ دیں گے کہ ان لوگوں کو دھوکہ لگا۔ انھوں نے غلط راویوں کا اعتبار کیا یا یہ خود از راہِ غلط فہمی خلاف واقعہ کہانیوں کو سچ سمجھ بیٹھے یا عقیدت کے غلو نے ان کی بصیرت پر وقتی طور پر پردہ ڈال دیا۔

"زلزلہ" کا سب سے بڑا اثر ـــــ جو فی الحقیقت گمراہ کن ہے ـــــ عام راوی پر یہ پڑے گا کہ یہ بریلوی مکتب فکر جس قبوری شریعت کا حامل ہے وہی اصلاً حق ہے اور علمائے دیوبند بھی دراصل اسی کے قائل ہیں۔ اس تاثر سے خدا کی پناہ۔ انصاف کی بات یہ ہے کہ تصوف و طریقت کے دروازے سے جو بے شمار غلط خیالات و تصورات بریلوی مکتب فکر میں داخل ہوئے ہیں اسی قسم کے بہتیرے افکار و عقائد اس حلقے میں بھی در آئے ہیں جسے دیوبندی حلقہ کہا جاتا ہے۔ عبادات و ریاضت کی کثرت، اوراد و تسبیحات کی فراوانی، کشف و کرامات کی ریل پیل، وضع قطع کا زاہدانہ اسٹائل اور بے شمار اخلاقی فضائل کا وجود اس بات کا ضامن نہیں کہ تمام عقائد و مزعومات لازماً برحق ہوں۔ خوارج اور معتزلہ جیسے بدنام فرقوں میں بھی تاریخ بتاتی ہے کہ بڑے بڑے عابد، مرتاض اور متقی حضرات گزرے ہیں مگر ان کے بعض عقائد کی بناء پر علمائے سلف نے انہیں اہل سنت والجماعت میں شمار نہیں کیا اور بہت سے تشدد پسند اور تیز خو بزرگوں نے تو انہیں کافر ہی قرار دے ڈالا۔ اس سے ظاہر ہے کہ بریلوی یا دیوبندی بزرگ چاہے بظاہر کتنا ہی عابد و زاہد اور ولی صفت اور صاحبِ کشف و کرامت ہو لیکن اسے علم یا عمل کسی بھی دائرے میں معصومیت کا وصف حاصل نہیں ہو سکتا اسی لیے ہم بلا تکلف کہہ سکتے ہیں کہ مولانا اشرف علی یا مولانا رشید احمد گنگوہی یا مولانا قاسم نانوتوی رحمۃ اللہ علیہم کی طرف جو بعض اقوال یا احوال منسوب کئے گئے ہیں جن سے شریعت ابا کرتی ہے تو یا تو منسوب کرنے والوں نے خطا کھائی ہے یا پھر یہی کہیں ان حدود جائزہ سے باہر نکل گئے ہیں جنہیں خود انہی کے فتووں اور تقریروں نے معین فرمایا ہے واللہ اعلم بالصواب۔

---

marfat.com

"زلزلہ" کے مصنف کے قلم سے کہیں کہیں بڑی خوب صورت عبارتیں نکلی ہیں۔ مثلاً:

"یا پھر یہ ظاہر کرنا مقصود ہے کہ کاروبارِ ہستی میں ان کی ذاتی خواہش اتنی دخیل اور با اثر تھی کہ اگرچہ زمین کا سینہ تپتا رہا، فصل جلتی رہی اور کاشتکاروں کی آہیں بابِ رحمت پر سر پٹکتی رہیں لیکن جب تک ان کا پاخانہ تیار نہیں ہو گیا بارش کو چار و ناچار رُکنا پڑا۔" (ص ۱۵۴)

اگر با اثر کی جگہ موثر کا لفظ ہوتا تو ان سطروں کو اُردوئے معلّٰی کا بے عیب نمونہ کہہ سکتے تھے کہیں کہیں قلم نے زبان کے رُخ سے ٹھوکر بھی کھائی ہے۔ مثلاً:

"ان حضرات کے تئیں فقہائے حنفیہ کفر کا اطلاق جس غیب دانی پر کرتے ہیں وہ اقراری کفر اپنے تھانوی صاحب کے حق میں کتنی بشاشت کے ساتھ قبول کر لی گئی ہے۔" (۹۴)

تئیں کا لفظ تقریباً متروکات میں شامل ہے علاوہ اس کے "قبول کر لی گئی ہے" کے بجائے "کر لیا گیا ہے" کا موقع تھا کیونکہ مفعول "کفر" ہے جو مذکر ہے نہ کہ "غیب دانی"۔

کہیں کہیں اسلوبِ تحریر گھٹیا ہو گیا ہے مثلاً:

"اے سبحان اللہ! ذرا غلبۂ حق کی شان تو دیکھو۔"

"اے" نے فقرے کو زنانہ بنا دیا۔ (۲۷)

اس طویل تبصرے کے بعد ہم فاضل مصنف سے بڑے دوستانہ پیرائے میں یہ گزارش کریں گے کہ اگر ممکن ہو تو وہ کسی وقت دیوبندیت اور بریلویت وغیرہ کے سارے تخیلات کو ایک طرف رکھ کر خالص طلبِ حق کے جذبے سے دین و شریعت پر غور کریں۔ یہ سمجھنا کہ فلاں مکتب سرتاسر باطل ہے اور ہمارا مکتبِ فکر الف سے یا تک برحق ہے آدمی کو بے میل حقائق تک نہیں پہنچاتا۔ ایمان و اسلام کے سرچشمے قرآن و سنّت ہیں نہ کہ کسی شیخ طریقت کے اقوال و اعمال اس سے قبل کہ ہم شاہ عبدالقادر جیلانی یا خواجہ اجمیری یا فلاں فلاں اولیاء و اقطاب کے حال و قال پر وجد کریں اور عقائد کے لیے اُن سے دلائل و قرائن نکالیں ہمیں خالی الذہن ہو کر اللہ اور رسول کے ارشاداتِ عالیہ کو مرکزِ فکر بنانا چاہیے اور دیانت دارانہ غور و فکر کے

marfat.com

بعد جو اصول و قواعد وہاں سے دستیاب ہوں انھیں حرفِ آخر قرار دے کر یہ سمجھ لینا چاہیے کہ یہی اصل کسوٹی ہے جس پر گھس کر کھرے اور کھوٹے کا فیصلہ کیا جا سکتا ہے۔ اس کسوٹی پر کھوٹا ثابت ہونے والا مال خواہ جنید و شبلی یا عطار و رومی کا ہو وہ بہر حال کھوٹا ہے اور اس کسوٹی پر کھرا ثابت ہونے والا سکہ خواہ خوارج معتزلہ کے بازار کا ہو وہ بہر حال کھرا ہے یہی اعتصام بالکتاب والسنۃ، یہی ہے وُہ ذہن جس کی تربیت قرآن نے یہ کہہ کر دی ہے کہ جب معاملہ میں نزاع ہو تو اللہ اور رسول کی طرف رجوع کرو۔ یہی ہے وہ اصول محکم جسے ان لفظوں میں ادا کیا جاتا ہے کہ اللہ اور رسول ہی معیارِ حق ہیں اور کوئی فرد دنیا کے پردے پر ایسا نہیں جو شریعت حقہ کے لیے کسوٹی اور دھرم کانٹے کی حیثیت رکھنے والا ہو۔

"زلزلہ" تصنیف کر کے اگر وُہ یقین کر بیٹھے ہیں کہ بریلوی عقائد کی سند دیوبندی علماء سے مل جانے کے بعد بریلوی عقائد کی صحت قطعی ہو گئی تو یہ ایک مغالطہ ہو گا جس میں ان جیسے معقولیت پسند کو ہرگز نہ پھنسنا چاہیے۔ غلوئے عقائد بفرق مراتب دونوں گروہوں میں ہے اور قرآن و سنت کے نصوص اس غلو پر خطِ تنسیخ کھینچتے ہیں۔ آخرت میں کم استعداد کے بے عقل لوگ تو ممکن ہے تقلید جامد کے عذر پر معاف کر دیئے جائیں گے مگر موصوف جیسے فہیم اور ذی استعداد بندوں کو اس کی توقع نہیں رکھنی چاہیے۔ ایسی توقع اللہ کی عطا کردہ فہم سلیم اور علم و خبر کی ناشکری ہو گی۔

---

marfat.com

مراسلہ بنام مولانا عامر عثمانی مدیر "تجلی" دیوبند

جوابِ تبصرہ

وسیع الالقاب جناب مولانا عامر عثمانی ، مدیر تجلی زید کرمہ

بعد ماہو المسنون ۔ امید ہے آپ کے مزاج بخیر ہوں گے ۔ سفر حج و زیارت سے واپسی کے بعد " زلزلہ " پر آپ کا طویل تبصرہ پڑھا ۔ اس درمیان میں کئی بار ارادہ کیا کہ آپ کو خط لکھ کر شکریہ ادا کروں ۔ لیکن ہر بار کوئی اہم مصروفیت حائل ہو گئی ۔ آج طے کر کے بیٹھا ہوں کہ خواہ کچھ بھی ہو جائے اپنے اخلاقی فرض سے سبکدوش ہو کر ہی اُٹھوں گا ۔

بہر حال تبصرہ کے بعض حصوں سے اختلاف کے باوجود یہ کہے بغیر نہیں رہ سکتا کہ جس فراخدلی کے ساتھ آپ نے میری کتاب کے ساتھ اعتنا فرمایا ہے اس کے لیے میری طرف سے پُرخلوص شکریہ قبول فرمائیے ۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ اپنی جماعت کے "محفوظ مفادات" کے خلاف قلم اٹھا کر آپ نے انتہائی جرأت مندانہ کردار کا مظاہرہ کیا ہے ۔ کہیں کہیں تو جذبات کے تلاطم میں آپ کے قلم کا تیور اتنا غضبناک ہو گیا ہے کہ بس یہ آرزو مچل اٹھی ہے کہ کاش ! تحریر کو آواز مل جاتی ۔

بار خاطر نہ ہو تو ذیل کی معروضات ملاحظہ فرمائیں جو آپ کے تبصرہ کے مطالعہ کا ایک تنقیدی جائزہ ہے ۔ یقین کیجئے کہ اس کے پیچھے کسی قلمی پیکار کے آغاز کا قطعاً کوئی جذبہ نہیں ہے بلکہ نیک نیتی کے ساتھ میں اپنے ذاتی واردات سے صرف اس لیے آپ کو مطلع کر رہا ہوں تاکہ آپ اپنے تبصرہ کے بعض حصوں سے متعلق میرے ردِ عمل کا اندازہ لگا سکیں ۔

آپ نے اپنی جماعت کے اکابر پر میرے عائد کردہ الزامات کی صفائی میں تصوّف کو

marfat.com

موردِ الزام ٹھہراتے ہوئے ارشاد فرمایا ہے :

"مرحوم علمائے دیوبند صرف عالم ہی نہیں تھے بلکہ صوفی اور شیخ بھی تھے۔ تصوّف کتنا محتاط کیوں نہ ہو وہ اپنے ساتھ کشف وکرامت اور تحیّرات وتصرفات کے طلسم خانے ضرور لاتا ہے۔" (تجلّی ڈاک نمبر بابت ماہ مئی ۱۹۷۳ء دیوبند ص ۹۳)

اور تصوّف کی مذمت کا یہ سلسلہ اس حقے پر آکر تمام ہوا ہے :

"اور قرآن وسُنّت کو معیار بنانے والے ناقدین کی زبانیں یہ کہنے پر مجبور ہو جاتی ہیں کہ تصوف نشہ ہے، سفسطہ ہے، شریعت کا دشمن ہے۔" (ص ۹۳)

آپ کے ارشاد کے مطابق تصوّف شریعت کا اس لیے دشمن ہے کہ وہ کشف وکرامات اور تحیّرات وتصرفات کے طلسم خانے اپنے ساتھ ضرور لاتا ہے۔ لیکن اسی مضمون میں دو ہی تین صفحے کے بعد آپ کے قلم سے جو یہ عبارت صفحۂ قرطاس پر ثبت ہوئی ہے اس میں بھی تو یہ طلسم خانہ اپنے پورے ساز وسامان کے ساتھ موجود ہے، ملاحظہ فرمائیں :

"ہم نہ تو انبیاء علیہم السلام کی لغوی غیب دانی کے انکاری ہیں نہ اولیاء اللہ کے کشف وکرامت کو خالص افسانہ تصوّر کرتے ہیں بلاشبہ اولیاء اللہ کو صفائے قلب کے نتیجے میں بے شمار مغیبات کا ایسا علم ہوتا ہے جسے شہود کہا جائے تو غلط نہیں اور ان کی رُوحانی قوتیں کسی نہ کسی حد تک تصرف کی استعداد بھی رکھتی ہیں۔" (تجلّی ص ۹۰)

آپ کی اس تحریر کے بموجب، جب اولیاء اللہ کا کشف وکرامت افسانہ نہیں بلکہ امر واقعہ ہے اور صفائے قلب کے نتیجے میں بے شمار مغیبات کا علم بھی ان کی مدرکۂ قدسیہ کا ایک جانا پہچانا معمول ہے اور روحانی قوتوں کے ذیل میں تصرفات کی استعداد بھی ان کا ایک قرار واقعی وصف ہے تو پھر بتایا جائے کہ غریب تصوّف پر اب شریعت دشمنی کا الزام کیونکر درست ہے البتہ شریعت کا دشمن ہی کسی کو قرار دینا ہے تو اسے کیوں نہ قرار دیجئے جو اولیاء اللہ کی ذات میں یہ "طلسم خانہ" بطور امر واقعہ کے تسلیم کرتا ہے اور تصوّف کو موقعہ دیتا ہے کہ وہ اس کا اشتہار کرے۔

marfat.com

قرآن وسُنّت کو معیار بنانے والوں میں آپ کی جو ممتاز حیثیت ہے وہ محتاجِ بیان نہیں ہے اس لیے آپ کے متعلق یہ شبہ بھی نہیں کیا جا سکتا کہ آپ نے اولیاء اللہ کے حق میں کشف و کرامت اور تصرف و غیب دانی سے متعلق اپنے جس مثبت عقیدے کا اظہار فرمایا ہے وُہ تصوّف کے زیرِ اثر ہوگا بلکہ کہنا پڑے گا کہ اس میں خصوص میں جو کچھ آپ نے ارشاد فرمایا ہے وہ قرآن و سنت کے عین مطابق اور شریعت اسلامی کا عین مطلوب ہے۔

میری جسارت معاف فرمائیں تو عرض کروں گا کہ یہاں پہنچ کر بات اُلٹ گئی۔ اب شریعت کا دشمن تصوف نہیں رہا کیونکہ وُہ جو کچھ بھی اپنے ہمراہ لاتا ہے وہ تو شریعت کا عین مطلوب ہے جب صورت حال یہ ہے تو اب آپ ہی بتائیے کہ جو اسے شریعت کا دشمن کہتا ہے اسے کیا کہا جائے۔

یہاں تو آپ نے انبیاء کے حق میں لغوی غیب دانی کا اعتراف کیا ہے۔ لغوی غیب دانی سے آپ کی کیا مراد ہے اُسے تو آپ ہی بتائیں گے لیکن عام مخلوق کے لیے "بے قید علم غیب" کے اعتراف میں آپ کے قلم سے نکلی ہوئی ایک اس سے بھی زیادہ واضح عبارت میرے پیشِ نظر ہے، ملاحظہ فرمائیے:

"انبیاء کو اگر بعض غیب کی باتیں معلوم ہوئیں تو ان کا ذریعہ وحی یا الہام یا اتقاء تھا اور ہم لوگوں کا ذریعہ علم الحساب، قیاس، منطق اور علم ہیئت وغیرہ ہے۔ یہ فرق ذرائع کا فرق ہے۔ اصل واقعہ دونوں جگہ موجود ہے یعنی غیب کا علم۔ جو واقعہ ابھی پیش نہیں آیا کل پرسوں پیش آئے گا وُہ فی الحال غیب ہی ہے لہٰذا جزوی معنیٰ میں ہم سب بفرق مراتب عالم الغیب ہیں۔" (تجلی باب الاستفسار بابت ستمبر ۱۹۶۶ء)

اس عبارت پر فکر و اعتقاد کے مختلف گوشوں سے جو اعتراضات وارد ہوتے ہیں اُن سے قطع نظر کرتے ہوئے صرف اتنا کہنا چاہتا ہوں کہ جو لوگ انبیاء و اولیاء کے حق میں علم غیب کا عقیدہ رکھتے ہیں وُہ بھی لفظ عالم الغیب کے اطلاق کو خدا کے ساتھ مخصوص سمجھتے ہیں اور غیر خدا پر

marfat.com

اس لفظ کا اطلاق حرام قرار دیتے ہیں۔

لیکن آپ نے مذکورہ بالا عبارت میں نہ صرف یہ کہ بے قید علم غیب کا عقیدہ جملہ مخلوقات کے حق میں تسلیم کر لیا ہے بلکہ لفظ "عالم الغیب" کے اطلاق کی خصوصیت بھی خدا کے ساتھ باقی نہیں رہنے دی۔

یہی بات اگر تصوّف کی زبان سے ادا ہوتی تو نہیں کہہ سکتا کہ اُس غریب کی پُشت پر کتنے تازیانے برستے، لیکن وہی بات آپ فرما رہے ہیں تو کون کہہ سکتا ہے کہ آپ کتاب و سُنّت کے معیار سے ہٹ گئے۔

تصوف کو علی الاطلاق شریعت کا دشمن کہتے ہُوئے آپ کو یہ ضرور محسوس کرنا چاہیے تھا کہ اس حملے کی ضرب کہاں پڑے گی۔ میں یقین کرتا ہُوں کہ آپ یہ دعویٰ کبھی نہیں ثابت کر سکیں گے کہ امام الطائفہ حضرت خواجہ حسن بصری رضی اللہ عنہ سے لے کر حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ تک جن جن بزرگوں نے تصوّف کی آبیاری کی ہے، وُہ قرآن و سنّت کو معیار بنانے والوں میں نہیں تھے اور انہوں نے یکے بعد دیگرے صدیوں تک شریعت کے ایک دشمن کو اپنے اپنے سینے سے لگائے رکھا تھا۔

واضح رہے کہ چند جاہل اور مکّار صوفیوں کے غلط صوفیوں کے غلط کردار کی بنیاد پر تصوف کو شریعت کا دشمن کہنا بالکل ایسا ہی ہے جیسے چند عیار و بداطوار علماء کے غلط کردار کی بنیاد پر کوئی علمِ دین ہی کو شریعت کا دشمن کہنے لگے۔

تصوّف کی مذمت پر اپنے دل کی بے چینیوں کے اظہار کے بعد اب ایک دلچسپ مقدمہ آپ کی عدالت میں پیش کر رہا ہُوں اور آپ سے آپ ہی کے خلاف انصاف چاہتا ہوں۔ میرا اپنا گمان ہے کہ آپ کے لیے تاریخ صحافت میں شاید یہ پہلا موقع ہوگا جب آپ خود اپنے خلاف قلم اُٹھانے کی ضرورت محسوس کریں گے۔

بات کسی جاہل و بے دین صوفی کی نہیں جو قبوری شریعت پر یقین رکھتا ہے بلکہ آپ

marfat.com

جیسے تصوف دشمن اور توحید پرست عالم کی ہے جو کتاب وسنّت ہی کو معیارِ حق سمجھتا ہے۔ اور بات بھی کشف وکرامت، غیب دانی اور تصرف کی نہیں جسے غیر اللہ کے حق میں آپ بھی تسلیم کر چکے ہیں بلکہ بات اس سجدۂ نیاز کی ہے جس کا غیر اللہ کے حق میں حرام ہونا ہمارا اور آپ دونوں کا متفقہ عقیدہ ہے۔

بات کئی سال پیشتر کی ہے۔ شاید آپ کے حافظے میں موجود ہو، اور نہ ہو تو تجلی بابت ماہ فروری ۱۹۶۳ء کا فائل نکالیے اور اس کے صفحہ ۵۴ پر نظر ڈالیے۔ آپ کے ایک مضمون کی بابت شاید کسی نے آپ کو لکھا تھا کہ آپ نے مولانا مودودی پر چوٹ کی ہے۔ اس کے جواب میں آپ کے قلم نے آپ کے مجروح جذبۂ عقیدت کی جو تصویر اتاری تھی وہ یہ ہے:

"وہ شخص مولانا مودودی پر کیا چوٹ کرے گا جس نے مولانا موصوف کی خداداد عظمت وعبقریت کے آستانے پر دن کی روشنی میں سجود نیاز لٹائے ہوں۔"

(تجلی فروری ۶۳ء ص ۵۴)

یقین کیجئے! بات کسی صوفی اور شیخ کی ہوتی تو ہم اپنے دل آزردہ کو سمجھا لیتے کہ تصوف چونکہ نشہ ہے، سفسطہ ہے، شریعت کا دشمن ہے۔ اس لیے صوفی اگر خدا کا آستانہ چھوڑ کر اپنے کسی ممدوح کے آستانے پر سجود نیاز لٹاتا ہے تو اس میں چنداں تعجب کی بات نہیں کیونکہ نشے میں بہک جانا تو انسان کی سرشت ہے اور جب سود وزیاں کا شعور ہی سلب ہو گیا ہو تو کسی گناہ کے ارتکاب کے لیے رات کی تاریکی اور دن کا اُجالا دونوں برابر ہیں۔

لیکن اس حادثے کا سب سے بڑا ماتم تو یہ ہے کہ مولانا مودودی کے آستانے پر سجدہ ریز پیشانی کسی بدمست صوفی کی نہیں، کسی قبر پرست مجاور کی نہیں بلکہ نظامِ شریعت کے ایک عظیم محتسب کی ہے اور کتاب وسنّت کو معیار بنانے والے وقت کے سب سے بڑے نقاد مولانا عامر عثمانی کی ہے۔

وہاں تو "مرحوم علمائے دیوبند" صوفی اور شیخ تھے اس لیے سارا الزام تصوف کے سر ڈال کر بات رفع دفع کر دی گئی لیکن یہاں غیرت اسلامی پوچھتی ہے کہ عقیدۂ توحید کے اس تازہ خون کا الزام کس کے سر ڈالا جائے؟

marfat.com

اور پھر غیر اللہ کے آستانے پر سجدۂ نیاز کا یہ واقعہ ایک ہی بار کا نہیں ہے کہ اسے اتفاقی حادثہ کہہ کر بات رفع دفع کر دیجئے بلکہ کچھ ہی عرصے کے بعد پھر مولانا عامر عثمانی کی پیشانی ہر دُوسرے آستانے پر سجدہ ریز دیکھتے ہیں۔ بہت ممکن ہے یہ واقعہ بھی آپ کے حافظے سے نکل گیا ہو اس لیے یاد دلائے دیتا ہُوں۔ تجلّی کا حاصل مطالعہ نمبر اگر آپ کے فائل میں ہو تو اُسے کھولیے اور مولانا وحید الدین خاں صاحب کی کتاب "علم جدید کا چیلنج" پر آپ اپنا یہ تبصرہ پڑھیے:

"اور آج جب کہ اُن کی تازہ کتاب کو خدمتِ حق کا ایک انمول نمونہ تصور کرتے ہُوئے ہم اپنے قلم کی جبین نیاز ان کی بارگاہ میں جھکا رہے ہیں تو یہ سجدۂ بے اختیار ان کی ذات کو نہیں، اس حق کو ہے جس کے آگے پُوری کائنات خواہی نخواہی سجدہ ریز ہے۔" (ص ۱۰)

اپنے کسی ممدوح کی بارگاہ میں سجدۂ بے اختیار کے جواز کے لیے یہ دلیل اگر قابل قبول ہو تو مزار کی چوکھٹ کا بوسہ لیتے ہُوئے بدمست صوفی بھی تو یہی کہتا ہے کہ میری جبینِ عقیدت کا یہ خراج صاحبِ مزار کی ذات کو نہیں بلکہ اس جلوۂ حق کو ہے جس کے آگے خواہی نخواہی ساری کائنات سجدہ ریز ہے۔

پھر انصاف کا خون ہی تو یہ کہلائے گا کہ ایک ہی دلیل آپ کے حق میں صرف اس لئے قبول کر لی جائے کہ آپ تصوف کے دشمن ہیں اور صُوفی کو اس لیے دار پر چڑھا دیا جائے کہ وُہ غریب تصوّف کا حامی ہے۔

تبصرے کے خاتمے پر آپ نے دوستانہ پیرائے میں مجھے مخاطب کرتے ہُوئے تحریر فرمایا ہے:

"یہ سمجھنا کہ فلاں مکتبِ فکر سرتاسر باطل ہے اور ہمارا اپنا مکتبِ فکر الف سے یا تک برحق ہے، آدمی کو بے میل حقائق تک نہیں پہنچاتا۔" (تجلّی ڈاک نمبر)

معلوم نہیں کس عالم میں آپ نے یہ عجیب و غریب نکتہ سپردِ قلم فرمایا ہے بات بالکل اسٹیٹ لائن

marfat.com

لی ہے کہ کسی بھی مکتبۂ فکر کو کوئی عاقل وخداترس آدمی یہی سمجھ کر قبول کرتا ہے کہ وہ کُل کا کُل برحق ہے۔ اگر اس کے علم واعتقاد میں کُل کا کُل برحق نہ ہو بلکہ کچھ برحق ہو اور کچھ باطل ہو تو ظاہر ہے کہ ایسے مکتبۂ فکر سے وُہ منسلک ہی کیوں ہوگا اور اگر اس علم وشعور کے بعد بھی وہ منسلک ہے تو بلاشبہ وہ اپنے دین میں مخلص نہیں بلکہ فاسد اغراض کا شکار ہے۔

میرا اپنے مکتبۂ فکر کے بارے میں تو یہی اعتقاد ہے البتہ آپ جس جس مکتبۂ فکر سے وابستہ ہیں ارشاد فرمائیے کہ وُہ آپ کی نظر میں کیا ہے؟ کُل کا کُل برحق ہے یا بعض برحق ہے اور بعض باطل؟ یہ تو آپ کہہ نہیں سکتے کہ کُل کا کُل برحق ہے کیونکہ یہ اپنی تکذیب آپ ہوگی۔ اس لیے کہنا پڑے گا کہ بعض باطل ہے اور بعض برحق ہے۔ اب اس الزام کا جواب آپ ہی کے ذمہ ہے کہ دیدہ دانستہ آپ ایک ایسے مکتبۂ فکر سے کیوں منسلک ہیں جس میں حق کے ساتھ باطل کی آمیزش ہے۔

باقی رہ گیا یہ سوال کہ کسی دُوسرے مکتبۂ فکر کو ہم سرتاسر باطل نہ سمجھیں جب بھی یہ حقیقت اپنی جگہ پر ہے کہ وُہ باطل ہے، ناقابل قبول ہے، واجب الرد ہے کیونکہ باطل اور حق کا مجموعہ کبھی حق نہیں ہوسکتا۔

یہ نکتہ ارشاد فرمانے کے بعد آپ نے اپنے طور پر ایک نہایت دل آویز اور حکیمانہ نصیحت مجھے تحریر فرمائی ہے:

"ایمان واسلام کے سرچشمے قرآن وسنّت ہیں نہ کہ کسی شیخ طریقت کے اقوال و اعمال۔ اس سے قبل کہ ہم شاہ عبدالقادر جیلانی یا خواجہ اجمیری یا فلاں فلاں اولیاء واقطاب کے حال وقال پر وجد کریں اور عقائد کے لیے اُن سے دلائل وقرائن نکالیں۔ ہمیں خالی الذہن ہوکر اللہ ورسول کے ارشاداتِ عالیہ کو مرکزِ فکر بنانا چاہیے"۔ (ص ۹۹)

یاد آتا ہے کہ مولانا مودودی نے بھی کہیں اسی طرح کے خیال کا اظہار ان لفظوں میں فرمایا ہے: "میں نے دین کو حال یا ماضی کے اشخاص سے سمجھنے کے بجائے ہمیشہ قرآن وسنّت ہی سے سمجھنے کی کوشش کی ہے۔

marfat.com

بُرا نہ مانیے تو عرض کروں کہ سنتِ رسول سے منحرف کرنے کے لیے جس اسپرٹ میں منکرینِ حدیث گفتگو کیا کرتے ہیں اور ائمہ مجتہدین کے ساتھ ہماری ذہنی وابستگی کے خلاف اہل حدیث حضرات نے جو شیوہ اختیار کر رکھا ہے کم و بیش وہی طریقہ اکابر اُمت سے ہمیں بے تعلق کرنے کے لیے آپ حضرات استعمال فرما رہے ہیں۔

جہاں تک قرآن و سُنّت اور اللہ و رسُول کے ارشاداتِ عالیہ کو مرکزِ فکر بنانے کا سوال ہے اس حقیقت کبریٰ سے کسے انکار ہو سکتا ہے؟ لیکن دراصل بحث قرآن و سُنّت کے الفاظ و عبارت میں نہیں اُن کے مدلولات و مفاہیم میں ہے۔ غیر منصوص مسائل میں دلائل کے استخراج اور نصوص کے معانی و مطالب کی تعیین کا مرحلہ بغیر اشخاص و رجال کی رہنمائی کے کیونکر طے پا سکتا ہے۔ خود مولانا مودودی نے بھی تو تفہیم القرآن اور تفہیم الحدیث تصنیف کر کے یہی خدمت انجام دی ہے اور آپ بھی تجلی کے باب الاستفسار میں ہر ماہ یہی فریضہ انجام دیا کرتے ہیں۔

پھر یہ کتنے قلق کی بات ہے کہ ایک طرف تو آپ حضرات ماضی کے اشخاص کے لیے یہ حق تسلیم نہیں کرتے کہ اُن سے کوئی دین سمجھے اور دُوسری طرف کتابیں تصنیف فرما کر خود اپنی بابت ہم سے یہ حق تسلیم کرانا چاہتے ہیں کہ دین سمجھنے کے لیے ہم آپ کی طرف رجوع کریں۔ ظاہر ہے کہ کتابوں کی تصنیف یا مسائل کے جواب میں ورق کے ورق سیاہ کرنے کا مدّعا سوا اس کے اور کیا ہو سکتا ہے کہ دین سمجھنے کے لیے لوگ آپ کے ارشادات پر عمل کریں۔

پھر سوچنے کی بات یہ ہے کہ قرآن و سُنّت کی تفہیم اور دین کی تشریح کے سلسلے میں مولانا مودودی کی فکر و صوابدید پر اعتماد کر کے یا مسائل کے جواب میں آپ کے رشحاتِ قلم پر بھروسہ کر کے اگر ہم قرآن و سُنّت کے تارک قرار نہیں دیئے جا سکتے تو یہ بات سمجھ میں نہیں آتی کہ چند صدی پیچھے ہٹ کر قرآن و سنّت کی تفہیم اور اسلام کی تشریح کے سلسلے میں اگر ہم ماضی کے اشخاص کی اصابت رائے پر اعتماد کر لیں تو ہم پر قرآن و سنّت سے انحراف کا الزام کیونکر عائد ہو جائے گا۔ آخر تجلی کے اسی ڈاک نمبر میں آپ ہی کے قریب تو یہ تحریر ثبت ہوئی ہے:

marfat.com

"تمام دوسرے مسلمانوں کی طرح احناف بھی قرآن وسُنّت ہی کو معیار مانتے ہیں۔ ان کا ایمان یہ ہے کہ سوائے خدا و رسُول کے کسی کا اتباع واجب نہیں اور فقہاء کی تقلید خدا و رسُول ہی کے احکام تک پہنچنے کا ذریعہ ہے۔" (ص ۲۶)

کتنی عجیب بات ہے کہ جس طنز کا جواب آپ نے اپنی اس تحریر کے ذریعہ دے کر ایک قابلِ تحسین خدمت انجام دی ہے وہی طنز ہم پر دُہراتے ہُوئے آپ کو ذرا بھی زحمت نہیں پیش آئی۔

میں تو یہ نہیں کہہ سکتا کہ خدانخواستہ حضرت غوث اعظم جیلانی اور حضرت خواجہ بزرگ اجمیری اور دیگر اولیاء و اقطاب رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی طرف سے آپ کے دل میں تکدر کا کوئی جذبہ موجود ہے۔ لیکن اتنی بات کہنے کی اجازت ضرور چاہوں گا کہ قرآن و سنّت کی تفہیم اور دین کی تشریح کے سلسلے میں آپ کے نزدیک ان بزرگوں کی اتنی بھی حیثیت نہیں ہے جتنی تفہیم القرآن اور تفہیم الحدیث کے مصنف کی یا تجلّی کے باب الاستفسار کے مجیب کی۔

ویسے اس شکایت کے باوجود آپ کے قلم کا یہ حق اپنی جگہ پر ہے کہ دین کی تفہیم و تشریح کے سلسلے میں ان بزرگوں کے متعلق قرآن وسُنّت سے انحراف کی کوئی روایت آپ تک پہنچتی ہو تو برملا اس کی نشان دہی فرمائیے یا ہم نے قرآن وسُنّت کے خلاف ان کے کسی قول کو اپنا مرکزِ فکر بنا لیا ہو تو اُسے بھی متعین طور پر واضح کیجئے۔

قرآن وسُنّت کو کسوٹی کی حیثیت میں پیش کرتے ہُوئے آپ نے تحریر فرمایا ہے:

"اس کسوٹی پر کھوٹا ہونے والا مال خواہ جنید و شبلی یا عطار و رومی کا ہو وہ بہرحال کھوٹا ہے اور اس کسوٹی پر کھرا ثابت ہونے والا سکہ خواہ خوارج و معتزلہ کے بازار کا ہو وہ بہرحال کھرا ہے۔"

اس عبارت میں بیان کا پس منظر چاہے کتنا ہی درست کیوں نہ ہو لیکن اندازِ بیان نہایت دلخراش اور پُر شوخ جسارت کا حامل ہے۔ ہر چند کہ تمثیل کے لیے مفروضات کا میدان

marfat.com

بہت وسیع ہے لیکن اس تمثیلی تقابل میں اظہار مقصود سے زیادہ ازالۂ حیثیت عرفی کا جذبہ نمایاں ہوگیا ہے۔

کاش آپ کا قلم حقائق کی تعبیر میں شیوۂ آداب کا بھی لحاظ رکھتا تو یقین کیجئے کہ آپ کے قلم ان کے بجائے مومنین کے قلوب میں اس کے لیے جگہ ہوتی۔

آپ نے اپنے تبصرے کے آخری پیرے میں مجھے نصیحت کرتے ہوئے تحریر فرمایا ہے،

"زلزلہ" تصنیف کر کے اگر وہ (یعنی مصنف) یہ یقین کر بیٹھے ہیں کہ بریلوی عقائد کی صحت قطعی ہوگئی تو یہ ایک مغالطہ ہوگا جس میں ان جیسے معقولیت پسند کو ہرگز نہ پھنسنا چاہیے۔ غلوئے عقاید بفرق مراتب دونوں گروہوں میں ہیں۔"

خدا شاہد ہے کہ 'زلزلہ' تصنیف کرتے وقت یہ بات میرے حاشیۂ خیال میں بھی نہیں تھی کہ میں دیوبندی علما سے اپنے عقائد کی سند حاصل کرنے جا رہا ہوں بلکہ اس کتاب کی تصنیف سے میرا مدعا صرف اتنا تھا اور ہے کہ دیوبندی علماء جو توحید و سنت کے تنہا اجارہ دار بن کر دوسروں کو مشرک سمجھتے ہیں، انھیں دنیا کے سامنے اچھی طرح بے نقاب کر دیا جائے کہ اپنے کردار کے آئینے میں وہ خود کتنے بڑے مشرک ہیں جیسا کہ اپنی کتاب کے صفحہ ۳۱ پر میں نے اس خیال کا اظہار بھی کیا ہے۔ میرے الفاظ یہ ہیں:

"سچ پوچھئے تو اسی طرح کی خود فریبیوں کا جادو توڑنے کے لیے میرے ذہن میں زیر نظر کتاب کی ترتیب کا خیال پیدا ہوا کہ اصحابِ عقل و انصاف واضح طور پر یہ محسوس کر لیں کہ جو لوگ دوسروں پر شرک کا الزام عائد کرتے ہیں وہ اپنے نامۂ اعمال کے آئینے میں خود کتنے بڑے مشرک ہیں؟"

اور خدا کا شکر ہے کہ کتاب کے مطالعہ سے لاکھوں افراد نے اپنے خیالات کی اصلاح کی ہے اور بے شمار اصحاب نے دیوبندی مکتبۂ فکر کے متعلق اپنے حسنِ ظن کا بھرپور جائزہ لیا ہے۔ کتاب کی اشاعت کو ایک سال سے زائد کا عرصہ ہوگیا لیکن ملک کے طول و عرض سے ایک تحریر بھی مجھے ایسی نہیں موصول ہوئی جس میں یہ چیلنج کیا گیا ہو کہ فلاں کتاب کے حوالے

marfat.com

غلط دیئے گیے ہیں یا اُن حوالوں میں سے جو میں نے نتائج اخذ کیے ہیں وُہ صحیح نہیں ہیں آپ نے بھی تذکیر و تانیث وغیرہ کی غلطی کے علاوہ جو دراصل کتاب کی غلطی ہے۔ حوالہ جات اور کتاب کے مرکزی فکر کے متعلق اپنے کسی اختلاف کا اظہار نہیں فرمایا ہے۔

اب باقی رہ گیا اپنے عقائد کی صحت کے لیے سند تلاش کرنے کا مرحلہ، تو اس کی احتیاج اُنہی لوگوں کو پیش آسکتی ہے جو بے سند ہوں اور یہاں تو خدا کا شکر ہے کہ ائمۂ دین وملت کے توسط سے کتاب وسنّت کی سند بہت پہلے سے ہمارے پاس موجود ہے۔ —— اس کے ہوتے ہُوئے اب ہمیں مزید کسی سند کی ضرورت ہی کیا ہے؟ اور وُہ بھی معاذ اللہ علمائے دیوبند کی سند جو خود الزامات کی زد میں ہیں۔

جذبات کی رو میں خط بہت طویل ہو گیا جس کے لیے معذرت چاہتا ہوں۔ زندگی نے وفا کی تو پھر ملاقات ہو گی۔

آپ کا مخلص

ارشد القادری

مکتبۂ جام نور۔ جمشید پور

۱۵ رجب المرجب ۱۳۹۳ھ

marfat.com

نقل مراسلہ حکومت امریکہ بابت "زلزلہ"

یونائیٹڈ اسٹیٹ لائبریری آف کانگرس

مسٹر ارشد القادری!

مصنف "زلزلہ" مکتبہ جام نور، جمشید پور

عالی جناب!

لائبریری آف کانگرس دیگر انیس[19] تحقیقاتی لائبریریوں کے لیے جو ریاست ہائے متحدہ امریکہ میں کام کر رہی ہیں، یہ ادارہ قائم کیا گیا ہے۔ اس ادارہ میں تمام امریکی دارالمطالعے شرکت کر رہے ہیں۔ اس پروگرام میں شامل ہونے والے تمام امریکی دارالمطالعے واشنگٹن کی لائبریری آف کانگرس میں ایک مرکزی فہرست مرتب کرنے کا منصوبہ رکھتے ہیں۔ متحدہ کوشش سے یہ ممکن ہے کہ تمام شامل ہونے والے دارالمطالعے اپنے قارئین کے لیے ہندوستانی کتابیں منظر عام پر لاسکیں۔

ہم نے "زلزلہ" نام کی ایک کتاب حاصل کی ہے جس کے مصنف آپ ہیں۔ اس کتاب کو فہرست میں ترتیب دینے کے لیے ہمیں چند معلومات کی ضرورت ہے جو ہم رشتہ "ان لینڈ" پر فراہم کی جائیں گی۔ یہ معلومات آپ کے نام کو امریکی دارالمطالعہ کی

marfat.com

فہرست میں دوسرے ناموں سے ممتاز کرنے کے لیے استعمال کی جائیں گی۔ چونکہ ہم بذاتِ خود آپ کی تصنیف کے متعلق کوئی صحیح معلومات ترتیب نہیں دے سکتے۔ اس لیے ساتھ والے فارم کو اگر آپ اپنی اوّلین فرصت میں پُر کر کے ارسال کر دیں تو عین نوازش ہوگی۔

مسز ای۔ ایس۔ گپتا
اسسٹنٹ فیلڈ ڈائرکٹر لائبریری آف کانگرس
(پی۔ ایل ۴۸۰ پروگریس ساؤتھ ایشیا)

---

marfat.com

سات ہزار پانچ سو صحابہ کرام کا بے مثال تذکرہ

اُسد الغابۃ

فی

معرفۃ الصحابۃ

علامہ امام ابی الحسن علی الجزری ابن اثیر رحمۃ اللہ

ترجمہ

مولانا محمد عبد الشکور فاروقی ندوی

مکتبہ نبویہ ○ گنج بخش روڈ لاہور

marfat.com

تفسیرِ نبوی

مولفہ

فاضلِ اجل عارفِ کامل حضرت مولانا محمد نبی بخش حلوائی نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ

ترجمہ

علامہ پیرزادہ اقبال احمد صاحب فاروقی

مکتبہ نبویہ ○ گنج بخش روڈ لاہور

marfat.com